معجون برائے صرع جو صرع کے لئے مجرب اور مفید ہے۔ محمد ذکریا رازی کا قول ہے کہ جس ہفتہ میں نوبت صرع کی ہو اگر اس میں ہر روز بمقدار جائفل کے مریض کو دی جائے تو انشاء اللہ تعالیٰ اس ہفتہ میں دورہ سے محفوظ رہے اور ہمیشہ استعمال میں رہنے سے صرع دفع ہو جائیگا اور فالج و لقوہ کو بھی مفید ہے۔

اقیتمون اسطوخودوس عاقرقرحا بسفائج فستقی پیپلر سکنجبین عنصلی یا مویز منقی میں ملاکر معجون بنائیں۔

معجون برائے صرع جو صرع کے لئے مجرب ہے۔ پوست ہلیلہ کابلی تربد سفید زنجبیل مصطگی رومی عود صلیب اسطوخودوس ہلیلہ سیاہ آملہ منقی دارچینی۔ کوٹ چھان کر روغن بادام سے چکنا کر کے قند سفید عسل خالص دونوں کو عرق بادیان میں حل کر کے قوام بناکر دوائیں پسی چھنی ملاکر چینی کے برتن میں رکھ کر جو میں دفن کردیں بعد چالیس روز کے نکال کر ایک تولہ عرق بادیان کے ہمراہ استعمال کریں۔

معجون سیسالیوس جو صرع بلغمی کے لئے مفید و مجرب ہے اور کوئی دوا صرع کے واسطے اسکے مثل نہیں ہے۔

سیسالیوس اسطوخودوس عاقرقرحا غاریقون فرد ماناہینگ زراوند گرد عود بلسان حب بلسان کوٹ چھان کر شہد میں ملاکر رکھ لیں اگر سکنجبین عنصلی بجائے شہد کے ملائیں تو بہتر ہے۔ خوراک ۵ ماشہ

معجون فلاسفہ اکثر سرد امراض مثل لقوہ و فالج و درد پشت و عرق النساء وغیرہ میں مفید ہے اور سرد مزاجوں کی باہ کو قوت دیتی ہے۔ زنجبیل فلفل سیاہ دار فلفل دارچینی قلمی آملہ منقی پوست ہلیلہ شیطرج ہندی زراوند گرد ثعلب مصری مغز چلغوزہ بیخ بابونہ گل بابونہ مغز نارجیل مویز منقی کوٹ چھان کر شہد

اور قند سفید کا قوام کرکے دوائیں ملادیں اور چینی کے برتن میں رکھ کر جو میں دفن کر دیں۔ اور بعد ۲۱ یوم کے نکال کر استعمال کریں۔

معجون فلاسفہ اختراعی

جو اکثر امراض باردہ دماغی میں تنقیہ کے بعد مفید ہے۔ کوزہ ابریشم اسطوخودوس عود صلیب بادرنجبویہ برگ گاؤزبان بسفائج فستقی تخم بالنگو قنطوریون دقیق ایک رات دن عرق اذخر و عرق بادیان عرق بہار میں بھگو کر جوش دیں کہ نصف حصہ رہجائے ملکر صاف کرکے نبات سفید عسل خالص داخل کرکے قوام کرلیں۔ بعدہٗ عود غرقی دارچینی قلمی سنبل الطیب اشنہ سعد کوفی زنجبیل دارفلفل شیطرج ہندی زراوند مدحرج بہمن سفید بہمن سرخ شقاقل مغز نارجیل مغز چلغوزہ ثعلب مصری پوست ہلیلہ زرد ہلیلہ سیاہ۔ پوست ہلیلہ آملہ منقی۔ کوٹ چھان کر ہلیلہ جات کو روغن بادام سے چرب کرکے مشک عنبر اشہب اضافہ کرکے بدستور معجون بنائیں خوراک ۹ سے ۱۲ ماشہ تک

معجون سیر

جو صرع اور فالج و لقوہ و رعشہ کے لئے معمول ہے۔ لہسن چھیل کر شیر گاؤ میں پکائیں کہ گل جائے پھر روغن گاؤ میں بھونیں کہ سرخ ہو جائے بعدہٗ عسل خالص میں ملاکر ادویہ مندرجہ ذیل کوٹ چھان کر ملادیں قرنفل بسباسہ جوزبوا فلفل سیاہ مصطگی رومی قاقلہ صغار قاقلہ کبار ہلیلہ کابلی دارچینی قلمی زنجبیل عود خام زعفران خوراک سات ۷ ماشہ سے ایک تولہ تک۔

معجون برائے رعشہ رعشہ کے لئے مفید اور مجرب ہے۔ اسطوخودوس ۱۰ تولہ
قرنفل بلیلہ کابلی صعتر فارسی دارچینی قلمی تربد موصوف غاریقون
ہینگ جند بید ستر زعفران عقرقرحا کوٹ چھان کر شہد میں
ملا کر ۹ ماشہ ماء العسل کے ساتھ کھلائیں۔

معجون نجاح جو مالیخولیا اور صرع اور تمام دماغی امراض کے لئے جو مادہ سودا سے ہوں مفید ہے اور خون کو سودا سے پاک
کرتا اور اسہال کے ذریعہ سے خارج کرتا اور اختناق الرحم میں بالخاصہ
مفید ہے۔ پوست بلیلہ پوست ہلیلہ کابلی ہلیلہ سیاہ آملہ خشک
بسفائج فستقی افتیمون ولایتی اسطوخودوس تربد سفید خراشیدہ کوٹ
چھان کر روغن بادام سے چرب کر کے عسل خالص میں ملا کر چالیس روز
کے بعد استعمال کریں خوراک ڈیڑھ تولہ ہمراہ آب گرم۔

معجون اذراقی جو فالج لقوہ استرخاء وجع مفاصل وعرق النساء وغیرہ امراض باردہ کے لئے مجرب ہے۔ کچلہ کو شیر گاؤ
میں ایک شبانہ روز بھگو رکھیں، اور دوسرے دن دودھ کو علیحدہ کر کے
تازہ دودھ اس میں ڈالیں۔ علیٰ ہذالقیاس سات مرتبہ دودھ کو تبدیل
کریں پس تازہ دودھ لیکر دیگ میں ڈالیں اور کچلہ کو پوٹلی میں باندھ کر
دیگ میں معلق لٹکا دیں اور آگ میں پکائیں تا کہ دودھ خشک ہو جائے
پھر اسکو نکال کر دھوئیں اور اُس کا پوست چھیل کر سوہان سے باریک برادہ
کریں اور اس برادہ سے ۲۰ تولہ لیویں پس فلفل سیاہ زعفران فلفل سفید

دارچینی قلمی جوزبوا بسباسہ مصطگی رومی عود بلسان زنجبیل عود ہندی
سعد کوفی قرنفل آملہ منقی سنبل الطیب قاقلہ کلونجی صندل سفید
دارفلفل بادیان نانخواہ عسل خالص میں ملاکر بطریق مقرر معجون بنائیں
سوا دو ماشہ سے ساڑھے چار ماشہ تک۔

معجون مفرح القلوب

جو حافظہ و باصرہ و ہاضمہ و باہ کو قوت دیتی ہے اور ذہنی کو زیادہ کرتی ہے ورنگ روئے کو سرخ کرتی اور تمام بدن کے درد و درد سر و شقیقہ و نسیان و فالج و لقوہ و تمدد و تشنج و خدر و رعشہ و صرع بلغمی و سوداوی و استسقاء کے لئے فائدہ مند ہے اور معدہ و جگر و دل و دماغ کو قوی کرتی اور حیض کو جاری کرتی اور وجع مفاصل و عرق النساء و نقرس و بواسیر و جنون و عسر بول و خنازیر اس کے ہمیشہ استعمال سے دور ہو جاتے ہیں اور نزلہ و زکام کو دور کرتی ہے ۱ ماشہ کھانے سے زہر اثر نہیں کرتا۔

سعد کوفی قسط سفید پوست آملہ کندر بہمن سفید بہمن سرخ فلفل سیاہ
الائچی سفید فلفل دراز مقل ازرق نارجیل دریائی درج ترکی
اشنہ سفید عمود قماری مرکی فادزہر حیوانی سادج ہندی
سنبل الطیب پوست ہلیلہ زرد زعفران جند بیدستر بادیان
پودینہ خشک فلفلمویہ قرنفل مومیائی کانی بوزیدان کباب چینی
زنجبیل شقاقل مصری مغز چلغوزہ مخلصہ جدوار گل بابونہ ابریشم مقرض
جنطیانائے رومی زراوند اسارون انیسون دارچینی قلمی عاقرقرحا

ریوند چینی ثعلب مصری قند سفید مویز منقی عسل خالص ورق طلا
بدستور مقرر معجون بنائیں۔ خوراک ۶ ماشہ سے ۱ تولہ تک۔

نفوخ برائے درد سر جو معمول و مجرب اور درد سر و شقیقہ کو مفید ہے اور دیگر امراض باردہ اور کہنہ کو مفید ہے۔

گندم سفید کو اس قدر آگ کے دودھ میں بھگو دیں کہ دودھ دو دو انگل اوپر گیہوں کے ہو جائے پھر سایہ میں خشک کرکے اور پیس کر تھوڑا ناک میں پھونکیں۔

نفوخ برائے درد سر جو درد سر اور شقیقہ کو مفید ہے۔ تمباکو جوزبوا زعفران سونٹھ دارچینی قلمی صندل سفید نمک لاہوری فلفل دکھنی الائچی خورد قرنفل پیس چھان کر مثل سرمہ تیار کرکے نصف دوائیں گلاب میں ملا کر پھر سب دوائیں یکجا کرکے چینی کے برتن میں رکھ چھوڑیں صبح و شام بقدر یکماشہ استعمال کریں۔

نفوخ برائے صرع جو صرع کے لئے مفید اور مجرب ہے۔ جند بیدستر عود صلیب جنگلی کوے کے پتہ کے پانی میں بھگو کر خشک کرکے رکھیں اور پیس کر ناک میں پھونکیں۔

نسخہ برائے امراض بلغمی (عطیہ منشی روڑا مل) جو جملہ امراض بلغمی اور سردی اور درد پسلی اور درد اعضا و گٹھیا و ورم بلغمی و فالج و لقوہ وغیرہ کو فائدہ مند ہے۔ شنگرف بچھناگ مدبر بنفلوچن عقرقرحا کاکڑا سنگی ناگیسر جائفل جاوتری عرق برگ درخت حماض

عرق ادرک سبز اول تدبارہ تھوہڑ لبقدر آٹھ انگل لاکر ایک طرف سے نصف گودا اُس کا نکال کر شنگرف کی ڈلی کو اُس میں رکھہ کر وہی گودا اسمیں لگاکر ایک کپڑا اُس پر لپیٹ کر گلحکمت کرکے دو سیر پا چلد شتی کی آگ میں رکھدیں جب وہ پختہ ہو جاے مگر بہت جلنے نہ پاوے تو نکال لیں اور شنگرف بہت آگ سے سیاہ نہ ہو جاے جب سرد ہو جاے اُسکو توڑکر شنگرف نکال کر جملہ ادویہ مذکورہ بالا مع بچھناگ کے کوٹ چھان کر اُس میں ملاکر ایک اور جمال گوٹہ کے پتے کے رس میں دوسرے روز ادرک کے عرق میں گھوٹ کر چنے کے برابر گولی باندہیں جس مرض میں بدرقہ کے ساتھ دی جائیگی مفید ہوگی کسی جگہہ ادرک کے عرق میں کسی جگہہ تلسی کے عرق میں کسی جگہہ پان میں کھکر اور اکثر جگہہ اونٹی میں دی جاتی ہے اور اونٹی یہ ہے۔ سونٹھ ۱ تولہ باے بڑنگ ۱ تولہ ناگکیسر ۱ تولہ کاکڑا سنگی ۱ تولہ عقر قرحا ۱ تولہ شہد خالص ۲ تولہ۔ ان ادویہ میں گولی ماترہ کا کام دیتی ہے۔

نسخہ حقنہ لینہ براے سرسام جو سرسام وحمیات میں سودمند ہے۔ عناب ۱۰ دانہ سپستاں ۲۰ دانہ گل بنفشہ ۲ تولہ خطمی ۲ تولہ اکلیل الملک ۲ تولہ بنفشہ ۲ تولہ سبوس گندم ۲ تولہ انجیر زرد ۵ عدد ڈیڑھ سیر پانی میں جوش دیں کہ آدھ سیر رہے ملکر چھان کر شکر سرخ ۱ اثار روغن بادام روغن بنفشہ روغن کنجد اضافہ کرکے حقنہ کریں دوبار اگر قوی کریں تو مغز فلوس خیارشنبر ۲۵ ۵ تولہ وبرگ سناءمکی ۱ تولہ داخل کریں۔

دیگر نسخہ براے سرسام جو سرسام گرم وصفراوی میں نہایت مفید

اور مستعمل ہے۔ آب آردجو لعاب اسپغول روغن بادام شیریں روغن کدو شیریں سب کو آپس میں ملاکر خوب حل کرلیں اور بطریق معروف حقنہ کریں

مرگی کا علاج جو مولوی علی کریم صاحب عظیم آبادی و پھلواری شریف کے مجربات سے ہے۔ سونے کی بالی اگر مستعمل ہو تو بہتر ہے۔ ورنہ نئی تیار کراکے اول گیارہ مرتبہ باوضو درود شریف پڑھ کر پھر گیارہ مرتبہ الحمد للہ شریف پڑھ کر پھر دوبارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر بالی مذکور پر دم کریں اور آگ پر خوب سرخ کرکے پنڈلی کے بیچ میں جو رگ ہوتی ہے اُس پر تین روز تک تین تین انگشت کے فاصلہ سے داغ دیں اگر داغ پک جائیں تو چمیلی کا تیل لگائیں۔

امراض چشم

باسلیقون کبیر تاریکی چشم و ابتداء نزول الماء و دمعہ وجرب و سبل وظفرہ وغیرہ کو نافع ہے۔ کفدریا اقلیمیائے نقرہ صبر سقوطری عصارہ مامیثا مس سوختہ پوست ہلیلہ زرد مامیران مر نوشادر زرد چوب نمک اندرانی سازج ہندی سفیدہ کاشغری فلفل سیاہ دارفلفل سنبل الطیب سرمہ اصفہانی نمک سندی قرنفل سرمہ کی طرح باریک پیسکر سلائی سے آنکھوں میں لگائیں۔

برود۔ برائے امراض چشم کھیرہ کلاں مجوف کرکے توتیا کو اس میں بھردیں

اور گل حکمت کر کے تنور میں رکھیں کہ پختہ ہو جائے، اُس کے بعد توتیا کو نکالکر باریک پیسکر استعمال کریں اور اگر توتیا کو کدوئے تازہ کے پانی میں پیسیں تو بہتر ہے اور اگر توتیا کو بغیر پختہ کئے ہوئے آب کدوئے سبز میں خوب پیسکر استعمال کریں تب بھی نفع کرتا ہے۔

برود کافوری جو سرخی و گرمی چشم کو مفید ہے۔ توتیا کرمانی یعنی سنگ بصری کھٹے انگور کے پانی میں تین روز بھگو کر کافور ملاکر خوب پیسکر چھان کر صبح شام سرمہ کی طرح آنکھوں میں لگائیں

برود دمعہ جو ڈھلکہ کو مفید ہے۔ استخوان ہلیلہ کابلی سوختہ نمک اندرانی مازو سبز باریک پیسکر استعمال کریں

برود دمعہ جو ڈھلکہ و جالہ و خارش و سبل و ناخنہ کے لئے مفید ہے۔ توتیائے کرمانی مغسول پوست ہلیلہ زرد زنجبیل زردچوب دار فلفل مامیران چینی نمک ہندی کوٹ چھان کر بیس روز کھٹے انگور کے پانی میں بھگو کر سایہ میں خشک کریں اور دوبارہ باریک پیس چھان کر استعمال کریں۔

برود برائے امراض چشم جو ڈھلکہ و تاریکی چشم و بیاض و خیالات و ابتداء نزول کو نافع ہے اور آنکھوں کی بینائی اور رطوبات کو نافع ہے۔ سادج ہندی استخوان خرما سوختہ نشاستہ سرمہ اصفہانی سب کو مثل غبار کے باریک پیسکر استعمال کریں۔

برود برائے تقویت بصر جو تقویت بصارت و نزول کو مفید ہے۔

منقول از علاج الامراض۔ آب بادیان عسل مصفا خالص زہرہ کبک یعنی چکو کا پتہ سب کو یکجا کر کے ایک شیشہ میں ڈال کر دھوپ میں رکھیں کہ گاڑھا ہو جائے پھر استعمال کریں

برود مقوی بصر جو تقویت بصر و حفظ صحت چشم کو مفید ہے۔ پوست بیضہ مرغ مدبر رسوت زعفران کافور کوٹ چھان کر خوب گھونٹ کر استعمال کریں۔

برود پارس جو قوت باصرہ بڑھاتا ہے اور محافظت چشم کے لئے مفید ہے توتیا مرقشیشا اقلیمیائے نقرہ مرداسنگ بدنا سفتہ سنبل الطیب ساذج ہندی زعفران کافور مشک خالص خوب کھرل کر کے استعمال کریں۔

برود برائے امراض چشم جو ظلمت بصر و دمعہ و بیاض و خیالات و ابتداء نزول الماء کو نافع ہے اور تقویت بصر و نشف رطوبت چشم کے لیے بے حد نافع ہے۔ سرمہ طور نشاستہ ساذج ہندی بورہ ارمنی سب کو مثل سرمہ و غبار گھونٹ کر سلائی سے آنکھ میں لگائیں۔

پوٹلی برائے رمد جو رمد و درد پیچ کو مجرب ہے۔ لودھ پٹھانی پھٹکری فرار بریاں ہلدی زیرہ سفید افیون مرچ سیاہ نیلا تھوتھہ سب کو باریک پیسکر پوٹلی باندھ کر آب خالص یا آب گشنیز میں بھگو کر آنکھوں پر پھیریں اور آنکھ کے اندر بھی ٹپکائیں۔ منقول از مجربات اکبری

پوٹلی برائے رمد جو رمد اطفال وغیر اطفال کو مفید اور معمول مطب ہے۔

لودھ پٹھانی زیرہ سفید پوست ہلیلہ زرد شکر تری لعاب گھیکوار میں ملاکر پوٹلی باندھ کر آب گل کنار میں تر کرکے ہر لحظہ آنکھ پر پھیریں کہ دوا کا اثر اندر آنکھ کے جاوے اگر زرد چوب اضافہ کریں تو زیادہ مفید ہے۔ اگر بجائے شکر تری کے پھٹکری اضافہ کریں تب بھی مفید ہے۔

پوٹلی برائے رمد جو رمد کے لئے مفید ہے اور درد گوش کو تسکین دیتی ہے

لودھ پٹھانی زرد چوب پوست ہلیلہ زرد پھٹکری زیرہ سفید افیون نیم کوب کرکے تین پوٹلی بنائیں اور پانی میں بھگو کر ہر لحظہ آنکھوں پر پھیریں۔

پوٹلی برائے رمد وغیرہ جو رمد مزمن وجالہ و پھولہ کو مفید ہے۔ شب یمانی بریاں

توتیا بریاں زرد چوب لودھ پٹھانی پوست ہلیلہ زرد فلفل سیاہ افیون نیم کوب کرکے تین پوٹلی بنائیں اور آب بادیان میں تر کرکے ہر لحظہ آنکھوں پر پھیریں۔

پوٹلی برائے رمد جو آشوب چشم کو مفید اور درد کو تسکین دیتی ہے

زیرہ سفید پھٹکری بریاں لودھ پٹھانی کوٹ کر لعاب گھیکوار یعنی گوار پاٹھے میں ملاکر دو پوٹلی باندھ کر جوشاندہ پوست خشخاش کے پانی میں تر کرکے بار بار آنکھوں پر پھیریں۔ اگر اسمیں تخم شبت بھی اضافہ کریں تو زیادہ مفید ہے

پوٹلی برائے سرخی چشم جو سرخی چشم کیلئے مفید و مجرب ہے۔ برگ ببول سبز برگ چمیلی سبز

برگ تمر ہندی سبز برگ انار سبز برگ نیم سبز برگ بکائن سبز افیون زعفران پھٹکری رسوت زرد چوب پوست خشخاش کوٹ کر کپڑے میں پوٹلیاں باندھ کر آب پوست خشخاش کے پانی میں تر کرکے

استعمال کریں۔

حب سبز جو رمد کہنہ و سبل کو مفید ہے اور مادہ کو تحلیل کرتا ہے۔

شب یمانی افیون زعفران رسوت برگ نیم سبز
سب کو پیس کر کڑاہی آہنی میں تھوڑا آب بادیان داخل کر کے لوہے کے
دستہ سے خوب گھونٹیں بعد اسکے خفیف آگ پر رکھکر خوب حل کریں کہ
پانی سونف کا جذب ہو جائے۔ پھر گولیاں بقدر نخود کلاں باندہیں وقت
ضرورت آب کشنیز سبز میں پیسکر پشت چشم پر لیپ کریں۔

حب سرخ رمد بلغمی کو جو کہنہ ہو بعد تنقیہ کے مفید و معمول ہے۔
گیرو افیون زنجبیل صمغ عربی سب کو کوٹ چھانکر
آب بادیان میں گوندھ کر گولیاں بنائیں وقت ضرورت آب کوکنار
یا آب بادیان یا آب کشنیز سبز میں پیسکر گرد اگرد چشم کے لیپ کریں۔
اگر تحلیل مادہ منظور ہو تو ایلوا بڑہا دیں۔

حب سبز دیگر رمد کے لئے مجرب ہے۔ رسوت زرد افیون زعفران
مازو گجراتی کوٹ چھانکر پانی میں گوندھ کر گولیاں
بنائیں وقت ضرورت آب کشنیز سبز میں پیسکر ضماد کریں۔

حب سرخ جو رمد کیلئے مجرب ہے۔ صندل سرخ گل ارمنی افیون
زعفران پھٹکری پیسکر پانی میں گولیاں بنا کر ایک گولی
کشنیز سبز کے پانی میں گھسکر ضماد کریں۔

حب مرکی آنکھ سے پانی بہنے اور پلکوں کی سرخی اور زخم میں مفید ہے

اگر سکورہ و غسنگل میں گھسکر بطریق سرمہ آنکھہ میں لگائیں اور تھوڑی دیر آنکھہ کو بند رکھیں تو بہت نفع دیتی ہے۔ مرکی توتیا ۱ ہندی پھٹکری سفید مغز چاکسو ۱ دود چراغ یعنی کاجل پانی میں پیسکر گولیاں بنائیں اور اگر کاجل کے عوض سرمہ داخل کریں تب بھی مفید ہے۔

حب برائے اکثر امراض چشم ازحکیم قاسم علیخاں۔ ہلیلہ زنگی رسوت پھٹکری بریاں افیون پھول جست نیلہ تھوتہ بریاں قرنفل برگ نیم عرق گوبھی پھول کے کٹورہ میں نیم کے دستہ سے جسپر تانبہ کا پیسہ نصب ہو گوبھی کے عرق سے خوب کھرل کریں بعد جذب ہونے تمام عرق کے گولیاں بناکر رکھہ چھوڑیں اور جملہ امراض چشم میں استعمال کریں

حب گل چشم ہلیلہ زنگی پلاس پاپڑا نمک سنگ صندل سرخ پانی میں خوب پیس کر گولیاں بناکر استعمال کریں

حب برائے امراض چشم جو دھند و ڈھلکہ و خارش وغیرہ کے لئے مفید ہے۔ سیماب سرب سرمہ سیاہ دارفلفل رسوت سنگ بصری کافور اول سیسہ کو پگھلاکر پارہ ڈالیں تاکہ پارہ منعقد ہو جائے بعدہ بقیہ دوائیں علٰحدہ علٰحدہ پیسکر یکجا کریں اور ہمراہ گلاب کے تین روز کھرل کریں بعدہ گولی باندھ کر رکھیں صبح شام پانی میں گھسکر آنکھہ میں مثل کاجل کے لگائیں۔

حب برائے امراض چشم جو رمد اور درد چشم میں نافع ہے۔ نیز ابتدا اسبل دناخنہ وجرب میں معمول ہے حکیم غلام امام کے

مجربات سے ہے۔ رسوت افیون پھٹکری بریاں سب ادویہ کو لیموں کے پانی میں ایک گھنٹہ تک لوہے کی کڑاہی میں لوہے کے دستہ سے خوب حل کر کے گولیاں بنائیں اور پانی میں پیسکر آنکھ کے گرداگرد ضماد کریں اور تھوڑا سا آنکھ کے اندر ٹپکائیں اور جاڑہ کے موسم میں نیمگرم اور گرمی میں سرد لگائیں اور اگر لیموں دستیاب نہو تو بجائے اُس کے برگ تمرہندی کا پانی صاف شدہ لے لیں۔

حب برائے رمد کہ اس سے بہتر دوا نہیں ہے۔ پھٹکری بریاں زرد چوب افیون سب کو پاؤ بھر آب لیموں کاغذی میں ڈالکر اگ پر لوہے کی کڑاہی میں پکائیں اور حل کریں تاکہ قابل گولی بندھنے کے ہو جائے پھر گولیاں مثل نخود کے بناکر ایک گولی پانی میں گھسکر آنکھوں پر طلا کریں اور تھوڑا آنکھوں کے اندر ڈالیں۔

حب معمول برائے درد چشم لودھ پٹھانی پھٹکری بریاں جوزبوا قرنفل زعفران گیرو افیون سپاری چھالیہ ہلدی باریک پیسکر گولیاں بناکر آب خالص میں پیسکر آنکھوں پر لگائیں۔

حب برائے اسلاق سپاری چھالیہ شیر بز میں پیسکر افیون قرنفل پوست ہلیلہ زرد دانہ الائچی خرد معہ پوست سب دوائیں سیاہ بکری کے دودھ میں پیسکر گولیاں بناکر آنکھوں میں لگائیں اور دودھ میں گھسکر آنکھ کے اوپر طلا کریں۔ دو ہفتہ میں آرام ہو جاتا ہے۔

حب برائے رمد از علاج الامراض۔ پھٹکری بریاں رسوت افیون

نیلہ تھوتھہ عقرقرحا سفیدہ کاشغری پانی میں پیسکر گولیاں بناکر لوہے پر گھسکر لیپ لگائیں۔

حب برائے نزول الماء جو نزول الماء میں مفید ہے۔ مغز ختہ ہلیلہ مغز ختہ آملہ صاف پانی میں پیسکر گولیاں بنائیں لیکن کہرل دو روز تک برابر کرنا چاہئے۔

حب شبکوری یعنے رتوندکو مفید ہے۔ ریم گوش آدمی جوان پوست بہیڑہ پیسکر شیر عورت میں گوندھ کر چنے برابر گولیاں بنائیں ایک گولی شہد میں ملاکر مغرب سے پیشتر آنکھوں میں لگائیں۔

حب برائے امراض چشم جو اکثر امراض چشم کو مفید ہے اور بینائی کو قوت دیتی ہے۔ زردچوب زنجبیل فلفل گرد ہلیلہ سیاہ بائی بڑنگ سنگ بصری اصل السوس نمک سنگ موتیھ مثل سرمہ پیسکر شیرہ برگ نیم شیر بز سیاہ میں خمیر کریں اور ایک رات رہنے دیں اور صبح چنے برابر گولیاں بنائیں اور سایہ میں خشک کر کے استعمال میں لائیں۔ اور پروال کے واسطے آب کانجی میں اور بیاض کہنہ اور گل چشم نوکیو اسطے دودھ عورت میں اور دوسری بیماریوں میں شیر بز سیاہ میں اور دھند کے واسطے آب بادیان میں پیس کر آنکھوں میں لگائیں۔

دوا برائے گل چشم جو آنکھ کی پھولہ کو کاٹتی ہے۔ زنجبیل پھٹکری نمک سنگ جملہ برابر لیکر خوب باریک پیسکر ہرروز دوتین بار آنکھوں میں لگائیں۔

دوا برائے جالہ وغیرہ جو پھولی و ناخنہ دہند و جالہ کو نکالتا ہے۔
نبات سفید مرچ سفید سرمہ دانہ ہیل خرد
سنگبصری مغز تخم سرس شب یمانی برشتہ شیشہ جو آئینہ میں نصب کیا
جاتا ہے کوڑی زرد سرمہ کی طرح خوب باریک کھرل کرکے آنکھوں میں لگائیں

دوا برائے غرب جو ناسور چشم کو مفید ہے۔ پھٹکری انزروت سفید
صبر کندر سوختہ سفیدہ کاشغری کوٹ چھان کر
ناسور چشم پر چھڑکیں۔

دوا برائے دمعہ جو ڈھلکہ کو مفید ہے سنگبصری ہلیلہ زرد صبر زرد
فلفل گرد کوٹ چھانکر آنکھوں میں لگائیں۔

دوا برائے غرب کہنہ جو بہت نافع ہے۔ زرد چوب نانخواہ مرکی
پیس کر چھڑکیں۔

دوا برائے پھولہ و جالہ و ناخنہ وغیرہ سیندور گھونگچی سفید تخم سرس
نبات سفید پوست بیضہ سارس ۵ عدد روغن زرد کہنہ
ناخن فیل سب کو باریک کرکے روغن گاؤ میں ملاکر خوب سحق کرکے استعمال کریں

دوا برائے نزول الماء و ضعف بصر مجرب حکیم محمد علی و حکیم کلو صاحب۔ آب گؤ شاخ
دیخ و تخم پختہ درخت بادیان۔ شہد خالص صاف
زہرہ غلیواز یعنی چیل کا پتہ سب کو شیشہ میں بھر کر تین ہفتہ تک دھوپ میں
رکھیں اور تین سلائی ہر روز آنکھوں میں لگائیں۔

دوا برائے نزول الماء تخم کتم یعنی وسمہ باریک پیسکر عسل خالص میں

ملا کر آنکھوں میں لگائیں اور کندر کا کاجل بھی ابتداء نزول الماء و سیلان رطوبت کے لئے حکیم شریف خاں صاحب کا مجرب ہے۔

دوا۔ برائے نزول الماء شہد مصفی کافور مشک خالص۔ سب کو نیم کے دستہ سے جس میں پیسہ سرخ نصب کیا ہو تانبہ کے برتن بے قلعی میں چار گھنٹہ تک خوب کھرل کر کے ایک ہفتہ آنکھوں میں لگائیں عجیب الاثر ہے۔

دوا۔ دافع نزول الماء جو ابتداء نزول میں زیادہ مفید ہے۔ مغز ہنگوٹ افیون کوٹ چھان کر پانی میں ملا کر شیاف تیار کر کے آنکھوں میں لگائیں۔

دوا۔ برائے ناصور چشم روغن بید انجیر کو تھالی پھول میں ڈال کر سپیاری مسلم سے ۲۵ قطرہ اسقدر گھونٹیں کہ رنگ روغن کا خاکستری اور غلیظ ہو جائے۔ پھر بتی آلودہ کر کے ناصور میں رکھیں۔

دوا۔ برائے ضعف بصر و رمد چشم جو ضعف بصر و رمد و سرخی چشم و دمعہ کو سودمند ہے اور بیاض و ظفرہ کو دور کرنے میں حکیم سید حسین صاحب مرحوم کی مجرب ہے۔ شورہ قلمی قرنفل الائچی جست کشتہ مشک خالص برگ نیم سبز برگ بکائن فضلہ مگس گلاب میں بھگو کر صاف کر کے تمام اجزا کو کوٹ چھان کر تھالی برنجی میں دو رات دن گھونٹیں۔ اور جست کو کشتہ کرنے کی ترکیب یہ ہے کہ لوہے کے برتن میں رکھ کر آگ پر پگھلا لیں اور پوست ہلیلہ زرد کوٹ چھان کر تھوڑا تھوڑا داخل کر کے لوہے کی سیخ سے ہلاتے رہیں تاکہ

کشتہ ہو جاوے۔

دوا۔ برائے پھلی و جالہ و ناخنہ و دھند — نبات سفید کفدریا یا پھٹکری بریاں کھرل میں خوب باریک کرکے آنکھوں میں مثل سرمہ کے لگائیں۔

دوا۔ برائے سرخی چشم — برگ انار سبز گلاب میں پیسکر ٹکیہ بنا کر آنکھ پہ سوتے وقت باندھیں اور صبح دور کردیں۔ ۵ تولہ

دوا۔ برائے سلاق، معمول — گل سوختہ چراغ چند عدد لیکر جست کے برتن میں تھوڑا روغن چراغ ڈال کر سپاری چھالیہ سے گھونٹیں اور پھر آنکھوں میں لگائیں۔

دوا برائے سلاق مجرب۔ — چرم ادھوڑی سوختہ باریک پیسکر تانبہ کے برتن میں رکھ کر نمک لاہوری فلفل سیاہ اضافہ کرکے شیرہ برگ نیم ہندی ملا کر نیم کے دستہ سے خوب گھونٹیں اور دوم تبہ شیرہ مذکور میں تصفیہ دیں۔ پھر ہر روز آنکھ میں لگائیں۔ اسکے استعمال سے پلکوں میں بال پیدا ہو جاتے ہیں اور سرخی و خارش چشم اور سوزش و آماس کو زائل کرتی ہے۔ ۵ تولہ

دوا۔ برائے تسکین درد چشم — کہتے ہیں کہ اس سے بہتر دوا نہیں ہے۔ شب یمانی بریاں افیون ۔ آدھ سیر آب لیموں کاغذی میں ڈال کر آگ پر رکھیں جب غلیظ ہو جائے گولیاں بنا کر رکھ لیں وقت حاجت پانی میں گھسکر آنکھ کے اوپر لیپ کریں اور تھوڑے قدرے آنکھ کے اندر لگائیں۔

دیگر جسکی ایک سلائی لگانے سے درد و سُرخی و جلن فوراً دفع ہو جاتی ہے۔ افیون پھٹکری رسوت نبات سفید پھول کے کٹورہ میں ہمراہ آب خالص کے خوب گھونٹیں کہ شہد کے موافق ہو جاوے وقت حاجت استعمال کریں۔

دوا برائے پھولی جالا و کدورت چشم بیخ کٹائی خرد پانی میں پیکر لگائیں۔

دوا۔ برائے بیاض مجرب از طب فریدی۔ پیخال ابابیل عسل خالص میں ملا کر لگائیں۔

دیگر نبات سفید نمک لاہوری پیس چھان کر آنکھوں میں لگائیں اور علاج الامراض میں لکھا ہے کہ اس سے ایک ہفتہ میں نزول الماء دفع ہو جاتا ہے۔

دوا۔ برائے روزکوری کاغذ سفید ۲ تولہ جلا کر باریک پیکر آنکھ میں لگائیں

دوا۔ برائے شبکوری دار فلفل ۷ اعدد بکری کے کلیجی میں چبھو کر آگ پر بھونیں اور اُس کا پانی نچوڑ کر آنکھوں میں لگائیں۔

دوا برائے درد چشم جو درد چشم کو ایک لحظہ میں بند کرتی ہے۔ لودھ پٹھانی پسی ہوئی میدہ گندم روغن گاؤ سب کو پانی میں خمیر کر کے گوٹیں ½ تولہ چار عدد بنائیں اور مٹی کی ٹھیکری ½ تولہ آگ پر

رکھیں، اور اس پر ایک گوٹ رکھیں جب گرم ہو جائے نرم کرکے آنکھ پر رکھیں۔ جب سرد ہو جائے دوسری تبدیل کر دیں۔ اسیطرح چار بار کریں انشاء اللہ تعالیٰ درد برطرف ہو جائے گا۔

دیگر درد چشم کو جو بعتبرار کرے نافع ہے اور فوراً نفع بخشتی ہے بابونہ اطریفل کشنیزی میں ملاکر کھلائیں۔

ذرور چشم جو رمد اعظم اور درد کو نافع و مجرب ہے۔ چاکسو ۲ تولہ گدھے کی لید میں پکاکر مقشر کرکے مامیران سفید ۲ ر نبات سفید ۳ ر پیسکر پھر کھرل میں خوب باریک پیسکر آنکھ میں لگائیں اور اگر زردیت ۳ ر مربہ ۳ ر پشیر خرا ور سنگبصری ۳ ر اضافہ کریں تو بہتر ہے۔

ذرور وردی ابیض جو ابتداء رمد کو نافع ہے۔ اقلیمیاء نقرہ ۳ ر سفید آب صبر سقوطری افیون کتیرا نشاستہ صمغ عربی گل سفید کوٹ چھان کر آب بادیان میں بھگوکر ۳۵ ر خشک کرکے پیسکر ذرور تیار کریں۔ ۲ تولہ ۳ ماشہ ۲ تولہ ۳ تولہ

دوا۔ برائے امراض چشم جو ضعف بصر و عشا و سبل و جرب ناخنہ و بیاض کہنہ کو مفید ہے۔ منقول از علاج الامراض

فلفل دراز صبر زرد قرنفل سنبل الطیب محرق شاذنج مغسول اقلیمیائے فضہ نمک ہندی بورق ارمنی فلفل سیاہ نانخواہ فلفل سفید زبدالبحر زنجبیل تخم نیل زعفران نوشادر۔ سب کو مثل غبار و سرمہ تیار کرکے استعمال کریں۔

LIBRARY
SCIENCE COLLECTION

153

دوا۔ برائے امراض چشم

جو سلاق و سبل و دیگر امراض چشم کے لئے مفید و مجرب ہے۔ نیلہ تھوتہ جوزبوا دونوں کو ایک درم پختہ یعنے ۲۱ ماشہ کچے تاگہ میں شکل گیند کے گرداگرد لپیٹیں (ایک عدد) اور ۲۸۰ تولہ رس غنگاد میں ترکرکے دو گھنٹہ تک رہنے دیں اسکے بعد کانسہ کے برتن میں گیند مذکور جلائیں اور جلے ہوئے تاگہ کو چھری سے جدا کرتے رہیں یہاں تک کہ تمام تاگہ جل جاوے۔ بعد اسکے سب کو سات روز ڈھاک کے دستہ سے جسکے سر پر تانبہ کا پیسہ چپکایا ہو برتن مذکور میں حل کرکے رکھہ لیں اور کاجل کیطرح لگائیں

دوا۔ برائے گل چشم و سبل

صابون گجراتی کہنہ ۱۴ نمک لاہوری ۶ پارچہ سوختہ ۲ سرسوں کے تیل میں دوپہر حل کرکے آنکھوں میں لگائیں

دوا۔ برائے بیاض و نزول الماء

معمول مطب حکیم محمود خاں صاحب۔ صابون نیلہ تھوتہ رال سفید صابون کو چھری سے ریزہ ریزہ کرکے کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھیں اور نیلہ تھوتہ پیکر وزن کرکے صابون میں ڈالیں تاکہ صابون اور نیلہ تھوتہ شکل پانی کے ہوجاوے بعد اسکے رال سفید ڈال کر لوہے کے دستہ سے حل کریں اور نیچے اسکے خوب تیز آگ کریں کہ رنگ دوا کا سیاہ ہوجاوے پھر آگ سے اتار کر رکھیں اور شکل دانہ خشخاش کے استعمال کریں اور تین روز کے بعد دوبارہ استعمال کریں۔

سرمہ۔ برائے دمعہ مجرب

توتیا مغسول ۳ تولہ بسد احمر ۱۴ پوست ہلیلہ زرد ۱۴ صبر زرد ۱۴ فلفل سیاہ دار فلفل ۲ کھرل میں سحق بلیغ کرکے قدرے آنکھہ میں لگائیں۔

سرمہ برائے امراض چشم

جو دمعہ وبیاض وتقویت بصر وآخر رمد میں مفید ہے
صدف مروارید سوختہ ۲ر توتیا مغسول ۲ر نبات سفید ۴ر
کھرل میں گھونٹ کر استعمال کریں۔

دیگر

جو بیاض وضعف بصر وجرب واکثر امراض چشم میں مجرب ہے
مغز تخم کھرنی جسد کشتہ ۲ر گل نیب ۲ر بیخ نلسی ۲ر گل کٹائی خورد ۲ر
سفیدی بیخال کنجشک ۲ر پیکر کانسہ کے برتن میں نیم کے دستہ سے جسپر تانبہ کا
پیسہ نصب ہے ۱۲ر آب حنا سبز میں تسقیہ کریں یہانتک کہ تمام پانی جذب ہو جائے۔

دیگر

جو جالہ وپھولہ اور سفیدی چشم کو مفید اور مجرب ہے۔ شورہ قلمی ۲ر
نشاستہ سرمہ طور کافور کھرل میں آب کشنیز سبز اور آب
مکو سبز کے ساتھ سحق کرکے خشک کریں پھر انہیں پانیوں میں گھونٹ کر کام میں لائیں۔

سرمہ جامع المنافع کثیر الفوائد

جو ضعف بصر دمعہ وبیاض وسلاق وپربال وناخنہ وغیرہ
امراض چشم کو نافع ہے۔ کشتہ جست سنگبصری جس کو
چار مرتبہ گرم کرکے آب لیموں کاغذی میں بجھایا گیا ہو ۳ر نبات سفید ۳ر گندہ با ۱ تولہ پھٹکری سفید ۱ تولہ فلفل گرد ۲ر
کوٹ چھان کر جسد کشتہ میں ملا کر پیالہ چینی میں رکھ کر آب لیموں صاف اسقدر
ڈالیں کہ ایک جو کے برابر دوا سے اوپر ہو جائے اسکو سایہ دار جگہ میں محفوظ
رکھیں اور جب خشک ہو جائے سرمہ بنا کر جست کی سلائی یا انگلی سے آنکھوں میں
لگائیں۔

دیگر

جو شبکوری وجالہ ودمعہ وظلمت بصر ورمد کہنہ وپھلی وناخنہ کو نافع ہے
فلفل سیاہ جسکو بکری کے پتہ میں تر کرکے خشک کر لیا ہو ۳ر سنگبصری ۶ر

جس کو گرم کر کے آب لیموں میں بجھایا ہو مغز تخم کھرنی غنچہ چنبیلی سب کو باریک پیسکر آب بادیان میں کھرل کر کے آنکھ میں لگائیں۔

سرمہ برائے ناخنہ — نوشادر شورہ قلمی نیلہ تھوتھہ خوب باریک پیسکر آنکھ میں لگائیں۔

سرمہ برائے بیاض وسبل — قرنفل شورہ قلمی نمک لاہوری آنبہ ہلدی کھرل کر کے آنکھ میں لگائیں۔

سرمہ برائے اکثر امراض چشم — جو نزول الماء وضعف بصر وجالہ وپھلی وغیرہ اکثر امراض چشم کو مفید ومجرب ہے۔ مروارید ناسفتہ مامیراں چینی سنگ بصری رانج شب یمانی بریاں توتیا ہارونی کف دریا ہلیلہ سیاہ قرنفل نمک لاہوری مغز تخم کھرنی تخم سرس سرمہ طور پارچہ چینی خوب باریک پیسکر ہمراہ عرق بادیان وگلاب وآب ہلیلہ زرد سات گھڑی تک کھرل کر کے چینی کے برتن میں رکھکر استعمال کریں

سرمہ برائے ناخنہ — سرمہ طور سنگ بصری نمک لاہوری نبات سفید پھٹکری بریاں کھرل میں خوب گھونٹ کر صبح شام آنکھ میں لگائیں۔

سرمہ برائے اکثر امراض چشم — جو درد چشم اور لقایا رمد وسبل میں مفید ومجرب معمول ہے۔ انزروت سفید شیر خر میں بھگو کر جھاؤ کی لکڑی چپکا کر نرم آگ پر بریاں کیا ہوا چاکسو مدبر کف دریا سفیدہ کاشغری مغسول رسوت مصفی نبات سفید کھرل میں خوب باریک

پیس کر آنکھوں میں لگائیں۔

سرمہ برائے بیاض چشم — کف دریا ٦ رتی نبات سفید ١ تولہ خوب باریک پیس کر آنکھوں میں لگائیں۔

سرمہ چشم خام — جو بچوں کی آشوب چشم میں مفید ہے۔ چاکسو مدبر سنگبصری ٢ تولہ ٦ رتی شب یمانی ۴ رتی رسوت ٣ رتی سرمہ طور ٩ رتی کھرل میں خوب باریک پیس کر استعمال کریں۔

سرمہ برائے رمد مزمن و بیاض نکدر وغیرہ — چاکسو مدبر مقشر نبات سفید ٣ رتی مامیران چینی ٣ رتی زعفران ١ رتی سرمہ طور ٣ رتی کھرل میں خوب باریک پیس کر آنکھوں میں صبح شام لگائیں۔

سرمہ برائے رمد کہنہ و بیاض وغیرہ — چاکسو مدبر انزروت سفید مدبر بشیر خر سفید آب قلعی ٩ رتی مامیران چینی اقلیمیا ذہبی رسوت مکی کھرل میں خوب باریک پیس کر آنکھ میں لگائیں۔ اگر توتیا کرمانی مغسول اضافہ کریں تو بیاض کے رفع کرنے میں زیادہ قوی ہو جاتا ہے۔

سرمہ برائے نزول الماء و ضعف بصر — جو حکیم محمد اعظم خاں صاحب کا مجرب ہے۔ سرمہ سیاہ ٣ تولہ فلفل سیاہ دارچینی قلمی نانخواہ زرد خوب سب کو باریک کر کے عرق بادیان میں خوب کھرل کر کے رکھ چھوڑیں اور صبح شام استعمال کریں۔

سرمہ مقوی بصر و دافع نزول الماء — رانگ ٦ رتی سیماب ١ تولہ سرمہ قندھاری ۴ تولہ بریاں کردہ ورق طلا ١١ عدد ورق نقرہ ١٥ عدد تخم نیل ٦ رتی پھول جست سب کو اول آب بادیان میں کھرل کریں بعدہ گلاب میں کھرل کر کے سرمہ تیار کریں۔

سرمہ برائے امراض چشم جو بیاض و دمعہ و نزول و خیالات وابتدائ نزول الماء و تقویت چشم کے لئے مجرب ہے۔ سرمہ ۱ تولہ استخوان خرما سوختہ ساذج ہندی نشاستہ خوب کھرل کرکے آنکھوں میں لگائیں۔

سرمہ برائے جالہ و پھلی مجرب گل چمیلی گل کنجد فلفل سیاہ شب یمانی بریاں خوب باریک کھرل کرکے آنکھوں میں لگائیں۔

سرمہ برائے بیاض مجرب حکیم علیم صاحب۔ شب یمانی تخم سرس تخم کھیرنی نبات سفید کھرل کرکے آنکھوں میں لگائیں۔

سرمہ پھول جو خارش و سلاق و سفیدی وغیرہ امراض چشم میں حکم کیمیا کا رکھتا ہے۔ پھول جست سرمہ صفہانی اقلیمیائے فضہ افیون زعفران کھرل میں حل کرکے سرمہ بنائیں۔

سرمہ دھند سرمہ سیاہ نمک لاہوری پیس کر سرمہ بنائیں۔

سرمہ برائے جالہ جسکے استعمال سے ایک مہینہ میں جالہ کٹ جاتا ہے اگرچہ بیمار مایوس العلاج ہوگیا ہو۔ زبد البحر بورہ ارمنی سرگین سوسمار شکر سفید جوشاندہ مامیراں اور وج میں باریک پیس کر ریشمی کپڑے میں چھانکر استعمال کریں۔

سرمہ برائے جالہ و پھلی وغیرہ جو پھلی و جالہ و ماندہ کو مفید ہے اور آنکھ کو صاف کرتا ہے اور بینائی کو جلا دیتا ہے۔ کئی بار تجربہ میں آیا ہے۔ نوشادر شورہ قلمی تخم سرس مرچ سیاہ نیلہ تھوتہ

سب کو خوب کہرل کرکے استعمال کریں۔

سرمہ برائے اکثر امراض چشم مخترع اوستادی۔ صدف مروارید کندر انزروت مدبر شیر خر سنگبصری جسکو تین مرتبہ گرم کرکے تر ہیلہ کے پانی میں سرد کیا ہو۔ مامیران چینی زرد چوب جسکو شیر بز میں بھگو کر پروردہ کیا ہو مغز خستہ ہلیلہ زرد مغز خستہ بلیلہ بازو سنبر کفدریا نبات سفید چاکسو جسکو پیاز میں پکاکر مقشر کر لیا ہو سرمہ سیاہ آب بادیان سبز میں خوب گھونٹ کر سرمہ بنائیں۔

سرمہ بقراطی برائے بیاض جو بیاض کے رفع کرنے میں بے مثل ہے۔ اور تھوڑے عرصہ میں سفیدی کو دور کرتا ہے۔ شیشہ سبز محرق مغسول بورہ ارمنی زبد البحر خوب گھونٹ کر سرمہ تیار کریں

سرمہ برائے بیاض معمول مطب و مجرب۔ جو بیاض چشم و سبل و ناخنہ کو مفید ہے۔ نحاس محرق شادنج مغسول اقلیمیائے فضہ زنگار صبر زرد بورہ ارمنی فلفل گرد فلفل دراز زعفران غبار کی طرح باریک پیسکر آنکھوں میں لگائیں۔

سرمہ برائے بیاض و شبکوری وغیرہ جو بیاض و سبل و شبکوری و دھند جذب رطوبات کے لئے بہت مفید ہے۔ نوشادر شب یمانی بریاں کوٹ چھان کر خوب باریک کرکے آنکھوں میں لگائیں۔ اس کا نام کحل شبکوری ہے۔

سرمہ بادیان برائے نزول الماء درخت بادیان کو کہ جب اس میں شگوفہ

لگی ہو اور پختہ نہ ہوئی ہو جڑ سے اکھاڑ کر صاف کر کے سایہ میں خشک کریں جبکہ خوب خشک ہو جائے سب کو کوٹ کر کھرل سماقی میں گھونٹیں کہ مثل سرمہ کے باریک ہو جائے۔ ہر روز استعمال کریں اور درمیان استعمال سرمہ کو صعتر فارسی کا گلقند بنا کر تناول کرتے رہیں۔

سرمہ برائے نزول الماء جدید و کہنہ جو بینائی کو بھی قوت دیتا ہے۔ معمول مجرب ہے

سنگبصری گل چمیلی تازہ مغز گھونگچی

مامیراں چینی مغز تخم سرس سمندر پھین مروارید ناسفتہ مغز تخم کھرنی فلفل سیاہ قرنفل لیموں کاغذی گلاب اول لیموں کے بیج نکال کر اس میں سنگ بصری و مغز گھونگچی و کھرنی و سرس ڈال کر بند کر کے چولھے کے اوپر لٹکا دیں کہ دھواں اُسپر پہونچے چار پانچ روز میں جب لیموں خشک ہو جائے دوسرے لیموں میں اسیطرح بھر کر لٹکا دیں۔ پھر کوٹ کر اور باریک پیسکر آب لیموں کے ساتھ کانسہ کے برتن میں دستہ چوب نیم سے کہ جست کا پیسہ اُس پر چپکایا ہو اور دوسرے دستہ سے جسپر فلوس مس چپکایا ہو ہر دستہ سے بدفعات خوب کھرل کریں اور مامیراں گل چمیلی اور دوسری دوائیں ڈال کر آب لیموں میں خوب گھونٹیں کہ سو عدد لیموں کا پانی جذب ہو جائے اسوقت مروارید ناسفتہ خوب گھونٹ کر حل کریں اور پھر گلاب میں سب دواؤں کو کھرل کریں پھر خشک کر کے مثل سرمہ کے پیسکر رکھیں وقت صبح یا شام سلائی سے تھوڑا لیکر آنکھوں میں لگائیں بعد چار یا پانچ روز کے دانتوں کا میل آنکھوں میں سوتے وقت لگائیں۔ اور اس روز یہ دوا موقوف کر دیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ آہستہ آہستہ نزول الماء دفع ہو گا۔

سرمہ برائے تقویت بصر وسبل وغیرہ جو تقویت بصر وسبل و بقائے رمد و دمعہ کے لئے مجرب ہے۔ منقول از علاج الامراض - توتیا کرمانی مغسول ۲۰ ر نبات سفید ۶ ر صدف سوختہ ۱۴ ر کوٹ چھان کر سرمہ تیار کریں

سرمہ برائے تقویت بصر وجملہ امراض چشم - سرمہ سیاہ مرواریدنا سفتہ مرجان سنگ بصری ۳ تولہ ۲ تولہ ۱ تولہ ۱ تولہ مامیران ورق طلاء سوا، ورق طلا کے جملہ ادویہ کو باریک کرکے ۱۴ ر آب ہلیلہ میں چار روز کھرل کریں اور چار روز گلاب میں کھرل کریں اور نویں روز ورق طلا بھی داخل کریں اور پھر گلاب کے ساتھ کھرل کریں اور ظرف چینی میں رکھ لیں - اور سلائی سے آنکھ میں لگائیں لیکن کھرل سماق کا ہو یا چقماق کا اور یہ ترکیب ہندی ہے -

سرمہ برائے تقویت بصر وحفظ چشم مامیراں جست قسم اول قرنفل سنگبصری ساگ چولائی ۲۸ ر ۲ ر ۲ ر ۲ ر فلفل گرد برگ نیم سبز برگ گھیگوار قرنفل اور فلفل کو ۵۶ ر الگ الگ پانی میں پیسکر پیالہ میں جدا جدا رکھیں بعد اسکے جست کو لوہے کی کڑاہی میں تیز آنچ پر پگھلائیں اور قرنفل کے پانی میں سات مرتبہ ٹھنڈا کریں اسیطرح سات مرتبہ فلفل کے پانی میں سرد کریں اور پھر پگھلا کر بدستور اول آب گھیگوار میں سات بار سرد کریں اور پھر نہ پگھلائیں بلکہ دستہ آہنی سے اُسی کڑاہی میں حل کریں تاکہ جست مذکور خاکستر ہو جائے بعد اُسکے مامیراں و سنگبصری وغیرہ پیسکر داخل کریں اور صبح شام آنکھ میں لگائیں -

سرمہ برائے تقویت بصر جسکو شاہجہاں بادشاہ استعمال کرتی تھی - کافور ۶ ر سرخ زعفران ۴ ر سانج ہندی ۴ ر مشک خالص ۴ ر مروارید ناسفتہ ۹ ر

اقلیمیائے ذہبی اقلیمیائے فضی مارقشیشائے ذہبی توتیائے کرمانی سرمہ صفہانی جملہ ادویہ الگ الگ کھرل سماقی میں آب باراں کے ساتھ گھونٹیں اور دیگر دوائیں باریک مثل غبار کر کے باہم ملا کر رکھیں۔

سرمہ مبارک جو تقویت بصر کے لئے نافع ہے۔ منسوب بحضرت امیر المومنین علی مرتضی کرم اللہ وجہہ۔ سرمہ صفہانی توتیائے کرمانی بیخ اندرائن ماہیران چینی کافور ترکیب تیاری کی یہ ہے کہ پانچ عدد ہلیلہ زرد کی گٹھلی دور کر کے کوٹیں اور میٹھے پانی میں جوش دیں کہ ایک چھٹانک رہے۔ پس صاف کر کے اسی پانی میں دوا کو خوب پیسیں تاکہ مثل غبار کے ہو جائے کپڑے میں چھان کر استعمال کریں۔

سرمہ زعفرانی تاریکی چشم و خارش پلک و دمعہ کو نافع ہے۔ مازو سبز زعفران سنبل الطیب نوشادر دار فلفل فلفل سفید کوٹ چھان کر سرمہ بنائیں۔

سرمہ برائے دمعہ توتیا مغسول بید پوست ہلیلہ زرد صبر زرد دار فلفل فلفل سیاہ کوٹ چھان کر مثل سرمہ آنکھوں میں لگائیں۔

سرمہ برائے احول دخان سندروس میں قدرے مشک اور عنبر حل کر کے آنکھوں میں لگائیں۔ اور دخان سندروس اس طریقہ سے لیں کہ سندروس کو پیسیں اور کپڑے پر چھڑک کر بتی بنا کر چراغ میں روغن کنجد ڈال کر جلائیں اور اسکے اوپر تانبہ کی رکابی صاف رکھیں

کہ دھواں اُس میں جمع ہو جائے بعد اُسکے چھری یا مرغ کے پر سے کاجل نکال لیں

سرمہ برائے اکثر امراض چشم — از مجربات والد ہدایت اللہ خاں صاحب شاہجہاں پوری - جسبت کو پگھلا کر سفوف گندھک ۲ اسپر چھڑک کر خاکستر کرکے آب برگ نیم سبز ۱ آب برگ انار سبز ۱ آب گل بیل ۱ مغز تخم سرس ۱ شورہ قلمی ۲ پھٹکری بریاں ۲ پیس کر اضافہ کریں اور خوب سحق کرکے کام میں لائیں۔

سرمہ برائے اکثر امراض چشم — سیسہ ۱ پگھلا کر سفوف گندھک ۲ اسپر چھڑک کر خاکستر کریں - بعدہ کباب چینی فلفل سفید ۱ پیسکر ملائیں اور سب کو آب انار شیریں ۱ شیر بز ۱ میں خوب حل کریں تا آنکہ تمام پانی خشک ہو جائے پس سلائی سے آنکھ میں لگائیں اور کبھی بجائے آب انار کے آب لیموں کاغذی ڈالتے ہیں - یہ سرمہ امراض چشم مثل رمد مزمن و سرخی چشم وغیرہ میں سودمند ہے۔

سرمہ برائے ضعف بصر — اخروٹ مسلم سوختہ ۲ عدد ہلیلہ زرد سوختہ ۳۰ عدد فلفل سیاہ ۴ پیسکر سرمہ بنائیں۔

سرمہ برائے اکثر امراض چشم — جو دھند و ڈھلکہ و خارش و باہمنی وغیرہ کو مفید و مجرب ہے - سیماب ۲ تولہ سرب ۲ تولہ سرمہ سیاہ ۲ تولہ دار فلفل رسوت مصفی ۴ تولہ سنگبصری ۴ تولہ کافور ۶ اول سیماب و سرب کو آگ پر پگھلا کر اُس میں پارہ ڈالیں تا کہ بستہ ہو جائے بعدہ سب کو گلاب میں

تین روز کھرل کریں اور گولی بنالیں وقت حاجت گولی کو گھس کر سرمہ کی طرح آنکھ میں لگائیں۔

سرمہ برائے موتیابند واکثر امراض چشم گولی سیسہ ہر ایک کو بندوق میں ۶ عدد آٹھ بار سر کریں پھر سب کو یکجا کرکے گولیاں بناکر بطریق اول آٹھ بار سر کریں۔ پھر گولیوں کو پگھلا کر سات بار روغن کنجد میں سرد کریں۔ پھر فلفلدراز خرد بمقدار نصف وزن سیسہ لیکر دونوں کو خوب پیسکر سلائی سے آنکھ میں لگائیں۔

سرمہ برائے اکثر امراض چشم مجرب ولی شاہ تھانہ دار۔ سیماب ۶ر سیسہ ۶ر جست ۶ر پھول ۶ر توتیا سبز ۶ر رسوت مصفی ۶ر کافور ۶ر سرمہ سیاہ ۶ر فلفلدراز ۶ر برگ نیم ۶ر۔ اولاً سیسہ کو پگھلا کر اس میں پارہ ڈالیں بعدہ جملہ ادویہ کو عرق بادیان میں گھونٹ کر سرمہ تیار کریں۔

سرمہ برائے تقویت بصر و سبل و آخر رمد سرمہ اصفہانی مروارید ناسفتہ سنگ بصری ۶ر بسد ۶ر شادنج مغسول ۲ تولہ ادویہ علیحدہ علیحدہ باریک کر کے گلاب میں ۴ پہر گھونٹ کر سرمہ تیار کریں۔

سرمہ چاکسو برائے دھمہ ورمد مزمن وغیرہ چاکسو مدبر انزروت مدبر ۳ر ماميران چینی ۳ر سنگبصری ۱ تولہ نبات سفید ۳ر۔ سب کو باریک پیس کر سرمہ تیار کریں۔

سرمہ برائے دھند و جالہ و ناخنہ معمول مطب حکیم جان اللہ خاں دہلوی سرمہ سیاہ ۳ تولہ کہربا شمعی ۶ر زردچوب ۶ر رسوت ۶ر

دانہ ہیل خرد ۳ ر قرنفل ۲۱ عدد پوست ہلیلہ زرد گل چمپلی ست کافور ہلیلہ
ہلیلہ سیاہ فلفل دراز زیرہ سفید ۴ ر پھٹکری گھونگچی سفید ۴ عدد مغز کھرنی ۴ ر
شک خالص ۴ ر برگ نیم سبز ۳ ر مرچ سیاہ ۳ ر لودھ پٹھانی ۲ ر عدد سناور ۱۰ دانہ
بیخ رتن جوت ۱ ر ترنج کاغذی ۷ عدد بدستور سرمہ تیار کریں۔

سرمہ برائے جالہ ہلیلہ سیاہ خرد ۶ عدد اخروٹ مسلم ۳ ر فلفل سیاہ
آب گل تازہ نیم ۴ عدد دونوں جزواول کو سکورہ ۱ عدد
گلی میں گلحکمت کرکے آگ پر رکھ کر جلائیں کہ کوئلہ ہوجائیں۔ بعدہ
نکال کر تنہا باریک پیسیں پھر آب گل نیم داخل کریں اور مثل سرمہ
کھرل کریں جب پانی جذب ہوجائے خشک کرکے مرچ سیاہ علیحدہ باریک
مثل سرمہ کرکے ملادیں اور صبح شام تھوڑا سلائی سے آنکھوں میں لگائیں۔

سرمہ برائے جالہ و پھولہ نیلہ تھوتھ نمک لاہوری مسلم بال سیاہ انسان جوان
ایک ہانڈی گلی میں بال بھر کر درمیان میں نیلہ تھوتھ اور
نمک لاہوری مسلم رکھ کر گلحکمت کریں بعد خشک ہونے کے پندرہ سیر
اُپلی جنگلی میں رکھ کر آنچ دیں بعد سرد ہونے کے ہر دو ادویہ مسلم ہی
نکال کر دونوں کو شامل کرکے باریک پیس کر بطور سرمہ صبح شام سلائی
سے آنکھ میں لگاتے رہیں انشاء اللہ چند روز کے استعمال سے جالہ و
پھولی و دھند وغیرہ سب رفع ہوجائیگی

سرمہ برائے جالہ و پھلی و ڈھلکہ زعفران ۱ ر افیون ۱ ر زنگار ۲ ر سرمہ سیاہ ۳ ر
کفدریا ۳ ر قرنفل ۲ ر اقلیمیائے ذہب ۳ ر

اقلیمیا ۳ فضہ کا نج سبز پھول جست تین روز کھرل کر کے سرمہ تیار کریں

سرمہ برائے دمعہ و خارش کہنہ سنگبصری ۹ فلفل سیاہ ۶ عدد جیکر کانسہ کے برتن میں خوب حل کر کے سرمہ کی طرح آنکھ میں لگائیں۔

سرمہ چاکسو جو معمول مطب ہے۔ چاکسو مدبر پھول جست کاجل نبات سفید کونپل نیم دانہ بہیل ۳ گرد سب کو خوب کھرل کر کے آنکھ کے اندر پپوٹہ کو الٹ کر بھر دیں۔

سرمہ مقوی بصر مردار سنگ ناسفتہ مامیران چینی ورق طلاء شاذنج مغسول سنگبصری کافور بھیم سینی سرمہ طور عرق بادیان میں کھرل کر کے سرمہ بنائیں۔

سرمہ برائے اکثر امراض چشم جو خارش چشم اور دھند اور ڈھلکہ اور سلاق و بیاض کو مفید ہے اور بینائی کو قوت دیتا ہے۔
رسوت پھٹکری بریاں مامیران چینی گہریا نقرہ و طلا پوست ہلیلہ زرد نوشادر ساذج ہندی نشاستہ گل نیم سبز زردچوب فلفل سیاہ جٹا ماسی توتیا سبز طباشیر استخوان خرما سوختہ کشتہ رانگا کافور صدف سوختہ زہرہ بز سنگ سرمہ سیاہ جسکو تین مرتبہ گرم کر کے آب بادیان میں سرد کیا ہو سب کو آب بادیان میں آٹھ پہر کھرل کر کے سرمہ تیار کریں۔

سرمہ مامیران جو جالہ و پھلی و دھند وغیرہ کے لئے مفید ہے کفدریا اتولہ

اقلیمیائے فضہ سرمہ سیاہ شادنج مغسول صدف مروارید سہاگہ زنگار نیلا تھوتہ ۱ تولہ پوست بیضہ مرغ ۹ تولہ نوشادر ۱۰ فلفل سیاہ ۱۰ فلفل دراز ۳ قرنفل ۳ سنبل الطیب ۳ مامیراں چینی ۳ نمک طعام ۴ باریک پیسکر سرمہ بنائیں

شیاف نارنج برائے منع نوازل وغیرہ

جو نوازل و سرخی و جرب و حکہ و دمعہ و رمد و امراض پلک و حفظ صحت چشم کے لئے مفید و مجرب ہے۔ توتیا آب نارنج میں پرورده کیا ہوا ۶ سفید آب قلعی کیترا ۱ ہلیلہ زرد مغز ختہ ۱ نشاستہ انزروت گل سرخ ۱ صبر زرد ۲ رسوت ۱ افیون ۱ سب کو پیسکر عرق بادیان میں گوندھ کر شیاف مثل جو کے بنائیں اور سایہ میں خشک کر کے رکھ لیں وقت حاجت گلاب میں پیسکر سلائی کے ذریعہ سے آنکھ میں لگائیں۔ ایک روز بیچ۔ تاکہ حدت نہ کرے۔ یہ شیاف مؤلف کے تجربہ میں آیا ہے۔

شیاف برائے رمد و رمعہ پلک مجرب

رسوت پھٹکری افیون پیس کر آب ہلیلہ میں ملا کر شیاف بقدر جو کے تیار کریں وقت حاجت عرق بادیان میں پیس کر آنکھوں میں لگائیں اور لیپ بھی کریں۔

شیاف اسود برائے امراض چشم

جو اکثر لاد ضماد آستعمل ہے بطور سرمہ استعمال کرنے سے ناخنہ اور جالہ اور رمد مزمن کے مادہ کو قطع کرتا ہے اور آنکھ پر لیپ کرنے سے آنسو بہنا بند ہو جاتا ہے اور اکثر امراض چشم میں مفید ہے۔ شب یمانی زرد چوب ۱۴ رسوت ۹ افیون ۲ سفیدہ کاشغری ۱

توتیا سبز خام پوست عقرقرحا عرق بادیان میں پیس کر شیاف بنائیں
وقت حاجت باسی پانی میں پیسکر استعمال کریں۔

شیاف ابیض جو رمد وغیرہ امراض چشم میں جو گرمی سے ہوں مفید ہے۔ نشاستہ سفیدہ کاشغری صمغ عربی
کتیرا کوٹ کر لعاب اسپغول یا سفیدہ بیضہ مرغ میں ملا کر شیاف بنائیں
وقت ضرورت لڑکی والی عورت کی دودھ میں گھس کر آنکھ میں لگائیں
اگر افیون اضافہ کریں تو اسکو شیاف ابیض افیونی کہتے ہیں اور درد
سخت کو دور کرتی اور مخدر ہے۔ اور اگر انزروت اضافہ کریں تو اسکو
شیاف ابیض انزروتی کہتے ہیں اور آنکھوں کے کیچڑ اور خارش وغیرہ
میں زیادہ مفید ہے اور اگر کندر اضافہ کریں تو اسکو شیاف ابیض
کندری کہتے ہیں اور یہ آنکھوں کے زخموں میں مستعمل ہے۔

شیاف کندر جو قرحہ چشم میں مستعمل ہے۔ انزروت نشاستہ صمغ عربی کندر سفیدہ کاشغری سب کو پیکر
سفیدہ بیضہ مرغ میں ملا کر شیاف بنائیں۔

شیاف غب جو ناصور گوشہ چشم میں مفید ہے اور دوسری جگہ کے ناصور میں بھی مستعمل ہے۔ صبر زرد کندر
انزروت گلنار فارسی دم الاخوین سرمہ شب یمانی زنگار سرخ
گلاب میں پیس کر شیاف بنائیں۔

مجموعہ بقائی میں صبر زرد اور کندر کا وزن ایک ایک درم

اور دیگر ادویہ کا وزن نصف درم اور زنگار کا وزن چوتھائی درم ہے اور استعمال کی ترکیب یہ لکھی ہے کہ اول ناصور کو خوب دبا کر ریم کو نکالدیں بعدہ بیمار کو خلاف جانب ناصور کے لٹائیں اور شیاف کو پانی میں حل کر کے تین چار قطرے ناصور میں ٹپکائیں اور بیمار کو تین گھنٹہ تک اُسی سمت میں لیٹے رہنے کی ہدایت کر دیں اس ترکیب سے روزانہ عمل کرتے رہیں۔

شیاف برائے دھند وغیرہ نبات سفید ۱ تولہ شورہ قلمی ۱ تولہ پیاز کے پانی میں پیس کر شیاف بنائیں۔

شیاف برائے درد چشم و سرخی وغیرہ مجرب۔ جست ۳ تولہ پوست ہلیلہ زرد ۱ تولہ مغز ہلیلہ زرد سوختہ ۳ تولہ اصل السوس مقشر کتیرا ۱ تولہ اسفیدہ کاشغری ۱ تولہ شادنج ۲ تولہ عدسی ۱ تولہ صمغ عربی ۱ تولہ نشاستہ گندم ۱ تولہ اشق ۱ تولہ بیضہ مرغ آب لیموں کاغذی ۱ تولہ ادویہ کوٹ چھان کر آب مذکور میں کھرل کریں اور بیضہ مرغ ۲ عدد کو مع سفیدی و زردی کے ملا کر خوب حل کر لیں اور شیاف مثل چلغوزہ کے تیار کریں وقت ضرورت ایک شیاف آب سرد میں پیسکر آنکھ میں لگائیں اور آشوب چشم میں اس شیاف کو پانی میں گھس کر اوپر پلک کے ضماد کریں، اور آنکھ کے اندر بھی لگائیں۔

شیاف برائے رمد سوداوی جو سوداوی رمد کو مفید ہے۔ سفیدہ کاشغری ۳۵ ر اقلیمیا ۳۵ ر کتیرا ۵ ر افیون ۰۳ ر نشاستہ ۰۳ ر بدستور مقرر شیاف بنا کر استعمال کریں۔

شیاف سماق صغیر جو رمد اور حرارت چشم اور بےتابی و خارش و دمعہ و جرب و سبل وغیرہ کے لئے نافع اور مجرب ہے۔ سماق بیدانہ ۱۰ر سفیدہ کاشغری ۱ر کتیرا ۴ سرخ کافور ۲ سرخ بدستور مقررہ شیاف بنائیں۔

شیاف علائی جو حکہ و جرب و سلاق و ظلمۃ بصر و دمعہ و سبل و ظفرہ و خشونت چشم کو نافع ہے۔
توتیائے مغسول ۱۰ر مامیران چینی ۱۲ر شیاف مامیثا ۱۷ر دارفلفل ۱۰ر زنجبیل ۱۰ر کف دریا ۱۰ر رسوت زرد ۱۰ر پوست ہلیلہ زرد ۷ر ساذج ہندی ۹ر زعفران ۹ر کتیرا ۹ر صمغ عربی ۹ر آب انگور میں حل کرکے شیاف بنائیں۔

شیاف اصغر جرب و سبل و دمعہ و کل چشم کو فائدہ مند ہے۔
منقول از علاج الامراض۔ زنگار صاف اقلیمیائے فضہ اشق صمغ عربی سفیدہ کاشغری باریک کرکے آب سداب میں گوندہ کر شیاف بنائیں۔

شیاف احمر حاد سبل و ظفرہ و سلاق و بیاض کو نافع ہے۔
شادنج عدسی مغسول صمغ عربی زنگار مس سوختہ زاج سوختہ افیون ۷ر صبر زرد ۷ر زعفران ۹ سرخ مرمکی ۹ سرخ کوٹ چھان کر شیاف بنائیں۔

شیاف احمر لین سلاق و غلظ اجفان و آخر رمد کو مفید ہے۔
شادنج عدسی مغسول ۳۵ر مس سوختہ ۲۸ر بسد ۱۴ر مروارید ناسفتہ ۱۴ر

ساذج ہندی صمغ عربی کتیرا مرصاف دم الاخوین زعفران خوب گھونٹ کر شیاف بنائیں۔

شیاف برائے ابیاض چشم جو مجرب ہے منقول از علاج الامراض۔ ناخن فیل دندان خنزیر شب یمانی نیم خام نیم بریاں۔ رسوت زرد سرمۂ اصفہانی مغز تخم کہرنی مساوی لیکر کوٹ چھان کر شیاف بنا کر رکھ لیں۔

شیاف برائے ابیاض غلیظ ومقوی بصر زنگار اشق زرد چوب زبد البحر نمک لاہوری سب کو کوٹ چھان کر باہم ملا کر آب بادیان میں خمیر بنا کر شیاف بنائیں اور سایہ میں خشک کر کے رکھ لیں وقت حاجت پانی میں پیس کر سلائی سے آنکھ کے اندر لگائیں۔

شیاف نفاحی جو مورسرج کو مفید و معمول ہے۔ سفیدآب قلعی مغسول اقلیمیائے محرق مصفی شیر مادہ خر زعفران کتیرا سب کو پیس کر شیاف بنائیں اور سفیدہ بیضہ مرغ میں ملا کر استعمال کریں۔

شیاف ابار جو قرحہ و مورسرج کو نافع ہے اور حرارت کو بٹھاتی ہے اور پلکوں کے امراض میں مفید ہے۔ افیون اقلیمیائے ذہب سفیدہ کاشغری مس سوختہ سرمہ اصفہانی صمغ عربی کتیرا اسرب سوختہ کوٹ چھان کر آب باراں میں گوندہ کر شیاف تیار کریں۔

شیاف برائے اکثر امراض چشم — مجرب حکیم معشوق علیخاں۔ نیلہ تھوتھہ بریاں پھٹکری بریاں ۱ تولہ کفدریا پوست ہلیلہ زرد ۱ تولہ ۱ تولہ
رسوت ۱ تولہ افیون ۱ تولہ کتہ سفید ۱ تولہ۔ باریک پیس کر شیاف بنائیں۔

ضماد برائے درد و رمد چشم مجرب — افیون پھٹکری بریاں تا بہ آہنی پر پیس کر آب لیموں کاغذی ۱ر میں حل کر کے ضماد کریں

ضماد برائے رمد حار معمول — گل ارمنی بیدہ لکڑی زرد چوب مصطگی رومی ۲ر آب گشنیز سبز ۲ر میں پیس کر ضماد کریں۔

درد کے شدت کے وقت افیون زعفران اضافہ کریں۔ اور سرخی دور کرنے کو شب یمانی اور تحلیل مادہ کے لئے صبر زرد بڑھائیں۔

ضماد برائے رمد حار مفید و معمول — گل ارمنی ۲ر رسوت صندل سرخ پھٹکری بریاں افیون ۲ر زعفران ۱ سرخ آب گشنیز سبز میں پیس کر لیپ کریں اور تحلیل مادہ کے لیے صبر زرد اضافہ کریں۔

طلا مسکن برائے درد چشم — شب یمانی خام ۲ر پیس کر سفیدہ بیضہ مرغ ۳ اعداد میں ملا کر پلک پر لیپ کریں۔

طلا برائے رمد و درد و اطفال مجرب — افیون ۶ر کتہ ۶ر رسوت پھٹکری بریاں آب لیموں کاغذی ۲ تولہ کے ہمراہ لوہے کے برتن میں لوہے کے دستہ سے آہستہ آہستہ خوب ۲ تولہ گھونٹیں کہ ایک ذات ہو جائے۔

طلا برائے سلاق مجرب — برگ ببول ۵ بار پانی میں جوش دیں حب

چوتھائی حصہ پانی باقی رہے صاف کرکے رکھیں دو تین بار دن میں پلک پر طلا کرلیا کریں۔

طلا برائے درد و سرخی چشم لودپٹھانی آملہ منقی روغن گاو میں بریاں کرکے آب سرد میں پیسکر آنکھوں پر لیپ کریں لیکن احتیاط رکھیں کہ آنکھ کے اندر نہ جاوے۔

طلا برائے آشوب چشم جو معمول مطب ہے اور ہر قسم کے آشوب چشم کو نافع ہے۔ ہڑ ۲ ر ہلدی ۲ ر افیون ۱ ر پھٹکری ۱ ر لودپٹھانی ۲ ر کوٹ چھان کر پانی میں حل کرکے آنکھوں پر لیپ کریں۔

طلا برائے درد و سرخی چشم جو ضربہ کے سبب سے پیدا ہوئی ہو مفید ہے۔ آرد مونگ ۱ ر زردچوب ۳ ر رسوت زرد ۳ ر ماہیراں چینی ۳ ر پانی میں پیس کر گرد چشم کے طلا کریں۔

عصارہ آملہ آنکھ سے آب جاری ہونے اور تقویت بصر و ابتدار نزول و سوزش و خارش چشم اور آخر رمد میں مفید ہے لیکن ابتدا رمد میں اس کا استعمال نہ چاہیئے۔ آملہ تازہ ہاون دستہ میں کوٹ کر کپڑے سے چھان کر مٹی کے برتن میں نرم آگ پر رکھیں اور نیم کے دستہ سے حرکت دیتے رہیں کہ گاڑھا ہو جائے بعد اسکے چینی کے برتن میں رکھ لیں وقت ضرورت تھوڑے پانی میں حل کرکے پلکوں پر لگائیں۔

کاجل برائے اکثر امراض چشم جو بیاض و سبل و تقویت بصر و دیگر امراض

چشم کو مفید ہے۔ مامیراں چینی قرنفل پاؤ بھر دودھ میں جوش دیکر سایہ میں خشک کریں۔ سنگ بصری سرمہ سفید دودھی زردچوب بیخ گلاب مغز تخم کھرنی کونپل انار کونپل بکائن سب کو باریک پیسکر روغن گاؤ میں ملا کر تین روز خمیر کریں پھر سرخ کپڑے کی بتی بنا کر چراغ روشن کر کے کاجل نکال لیں اور ایک روز کے بعد آنکھ میں لگائیں۔

کاجل برائے اکثر امراض چشم

جو ورد آشوب چشم و گوہجنی دبغل گند و دھند کیلئے مفید ہے۔ لودپٹھانی قرنفل دونوں کو روغن زرد میں جلائیں کہ سیاہ ہو جائیں پھر دونوں کو روغن سے نکال کر کھرل میں باریک کر کے پیتل کے برتن میں ڈال کر دانہ الائچی خرد پھٹکری بریاں افیون کیٹ حقہ سب کو پیس کر ادویہ کی اد ویہ مذکور ملا کر پیتل کی تھالی میں رکھ کر پیتل کی لوٹہ کے پشت سے ایک دو روز خوب حل کریں کہ باریک ہو جائے۔ وقت حاجت بقدر مونگ یا نخود لیکر انگلی یا سلائی سے آنکھ میں لگائیں اور گوہجنی پر لیپ کریں ایک شخص تجربہ کار سے یہ نسخہ ملا ہے۔

کاجل برائے ضعف بصر و فساد نزلہ و شورش چشم و اکثر امراض چشم۔

آب برگ نیم سبز آب برگ بکائن سبز میں روئی بھگو لیں بعدہ گل نیم گل بکائن چاکسو شب یمانی رسوت ہلیلہ سیاہ پوست ہلیلہ زرد پیسکر روئی مذکور میں رکھکر فتیلہ بنائیں اور روغن کنجد میں بھگو کر روشن کریں اور وہ ہوان اس کا کورہ پیالہ گلی میں لیکر مرداریدنا سفتہ اقلیمیا ذہب مامیراں چینی برادہ حسبت

قلیمیا ۵ نصف آب برگ بادیان میں کھرل کرکے پھول کے کٹورہ میں نیم کے ڈنڈھ سے خوب حل کرکے روغن گاؤ میں ملاکر کاجل تیار کریں۔

کاجل برائے امراض چشم جو ایک گشتائین کا مجرب ہے۔ تقویت بصر اور رمد و جرب و خارش چشم کو نہایت مفید ہے۔ کہتے ہیں کہ کل امراض چشم کو یہ کاجل دفع کرتا ہے۔ سنگ بصری قسم اعلی۔ سرمہ کابلی زردچوب مرچ سیاہ پیپل مغز تخم ہلیلہ زرد مغز تخم بلیلہ مغز تخم ہلیلہ کلاں نمک سیاہ موئے سر آدمی جوان سوختہ پارچہ بافتہ سوختہ توتیا سبز آملہ کائپھل سوہن مکھی مروارید ناسفتہ سیماب۔ ادویہ کو خوب کھرل کرکر تھوڑا کاجل ڈال کر دوبارہ سحق کریں بعدہ سیاہ بھنگرہ کے رس میں تین گھنٹہ کھرل کریں اور سایہ میں خشک کریں بعدہ شہد مصفی تازہ میں حل کرکے شیشہ میں رکھ چھوڑیں وقت شب انگلی یا سلائی سے آنکھ میں لگائیں۔ دھند وغیرہ کیلئے حکم اکسیر کا رکھتا ہے۔

گھرہ برائے رمد مجرب دوجھانی نمک لاہوری علیحدہ علیحدہ تھوڑے گھی میں جلالیں بعدہ پھٹکری بریاں باریک پیس لیں اور موم کو گھی میں پگھلا کر تینوں دوائیں اسمیں ملاکر کپڑے میں چھان کر کاجل کی طرح آنکھ کے اندر اور اوپر لگائیں۔

گھرہ برائے امراض چشم سرمہ سیاہ کاجل پھول جست دانہ ہیل خرد کافور کو تیل نیم سب کو گھی میں خوب گھونٹ کر گھرہ بنائیں۔

گھرہ برائے رمد و دھند وغیرہ پھٹکری کو گھی میں بریاں کریں بعدہ بتاسہ داخل کرکے خوب گھونٹ کر گھرہ بنائیں۔

میل برائے دھند و جالہ و ناخنہ آئینہ حلبی ۱ تولہ فلفل سیاہ ۱ تولہ نبات سفید ۱ تولہ

نبات سفید خرمہرہ زرد مدبر بشیر گاؤ سب کو پیس چھان کر پانی میں
حل کر کے سلائی بنا کر استعمال کریں

میل برائے روہہ پلک
نیلہ تھوتھہ خام چاکسو مدبر سرگین خر کافور کانچ چوڑی سبز افیون انزروت مدبر
کندر صمغ عربی کوٹ چھان کر سرمہ کی طرح پیسکر آب برگ نیم سبز میں سحق بلیغ کر کے سلائی بنائیں اور پلک کو اٹھا کر سلائی اوپر ملیں لیکن سلائی سہ گوشہ اور دبیز بنائیں تا کہ ملنے سے شکستہ نہ ہو جاوے اور بعد ملنے کے نئی روئی کو بکری کے دودھ میں تر کر کے آنکھ کے اوپر رکھدیں۔

امراض گوش

انکباب برائے نقصان سمع
جو بعد تنقیہ دماغ کے مفید ہے۔
سداب صعتر فارسی فتنین دمی سرکہ اور زیت اور پانی میں پکا کر بخارات اس کے کان کے اندر پہونچائیں

انکباب برائے درد گوش حار
گل بنفشہ گل نیلوفر برگ بید گل خطمی گل سرخ عنب الثعلب کوکنار پانی میں جوش دیکر بخارات اس کے کان میں پہونچائیں۔

اگر تحلیل مطلوب ہو تو گل بابونہ اکلیل الملک اضافہ کریں اور اگر تسکین درد اور تبرید منظور ہو تو تخم کاہو ۲ تولہ بزر البنج ۲ تولہ داخل کریں۔

انکباب برائے درد گوش | گل بنفشہ ۲ تولہ تخم خطمی ۲ تولہ گل خطمی مرزنجوش ۶ ر گل بابونہ ۶ ر پوست خشخاش ۱ تولہ پانی میں جوش دیکر کان میں بہپارہ دیں۔

انکباب برائے درد گوش مجرب | مرزنجوش پوست خشخاش گل بنفشہ گشنیز خشک ۹ ر چوب چینی ۹ ر پانی میں جوش دیکر کان میں بہپارہ دیں۔

انکباب معمول و مفید | گل بابونہ افسنتین رومی اکلیل الملک شیر گاؤ میں جوش دیکر انکباب کریں۔

دیگر | جو درد و ورم وغیرہ کے لئے مفید ہے۔ برگ نیم سبز پشک بز پانی میں جوش دیکر بہپارہ دیں۔

دیگر | تخم کتان تخم حلبہ برگ نیم گل بابونہ تخم ترب ۱ تولہ پانی میں جوش دیکر بہپارہ دیں۔

تکمید برائے درد گوش بارد مجرب | نمک طعام پیس کر دو پوٹلی باندھ کر دن میں تین چار بار سینک کریں۔

دوا برائے درد گوش مجرب | کافور ۱ سرخ افیون ۴ سرخ روغن گل ۶ ر یا روغن سیدین ۶ ر حل کر کے کان میں ٹپکائیں۔

دیگر برائے درد گوش

شیر بز یا روغن گل یا آب پیاز سفید یا آب برگ سکھدرشن یا آب برگ گیندہ سبز حملہ یا ایک اُن میں سے نیم گرم کان میں ٹپکانا درد گوش کو ساکن کرتا ہے۔

اسیطرح سفیدہ بیضہ مرغ کان میں ٹپکانا مفید ہے۔

دوا برائے درد گوش مجرب

آب سرگین خر آب پیاز زعفران سب کو کھرل کرکے نیم گرم کان میں ٹپکائیں بعد تھوڑی دیر کے روئی سے کان کو پاک کرکے پھر چند قطرے کان میں ڈال دیں اسیطرح تین چار بار عمل کریں انشاء اللہ تعالیٰ ازالہ درد گوش ہوگا

روغن برائے کری گوش

مغز بادام تلخ مغز تخم کدو تلخ بسلیخہ ادرک پانی میں جوش دیکر صاف کرکے روغن کنجد حل کرکے پھر جوشندیں کہ پانی جل کر روغن باقی رہ جائے صاف کرکے دو تین قطرہ کان میں ٹپکائیں۔

روغن برائے ثقل گوش معمول

جو تنقیہ کے بعد مفید ہے۔ افسنتین رومی گل بابونہ تخم ترب قسط وج خراسانی سب کو کوٹ کر رات کو پانی میں بھگو کر صبح کو جوش دیں کہ نصف پانی رہ جائے بعدہٗ ملکر صاف کرکے روغن بادام تلخ یا روغن سرسوں داخل کرکے جوش دیں کہ پانی جذب ہوکر تیل رہ جائے۔ سرد کرکے جند بیدستر مرکی پیسکر ملادیں۔ وقت خواب ایک دو قطرہ کان میں ٹپکائیں۔

روغن اعظم جو تسکین درد اور گرانی سامعہ و طنین و دوی و قرحہ و قتل کرم کے لئے بے مثل ہے بارہا آزمایا گیا ہے۔ افسنتین رومی زردچوب لہسن مقشر قسط معنر بادام تلخ ۱ تولہ نانخواہ زنجبیل اصل السوس مغز انگوزہ بورہ ارمنی شحم حنظل ۳ ماشہ عقرقرحا ۳ ماشہ پیاز سفید ۱ عدد ادویہ کو نیم کوب کرکے رات کو آب زہرہ گاؤ میں تر کریں صبح آب برگ سداب آب برگ دونا مروا آب برگ کریلہ آب برگ سنبھالو آب بیخ ترب سبز ۴ تولہ روغن کنجد ملا کر جوش دیں کہ سب پانی جل کر تیل رہ جائے پھر اوپر کی دوائیں ڈال کر جلائیں رکھیں وقت حاجت دو تین قطرے نیم گرم کان میں ٹپکائیں اور صاف کر کے

روغن برائے درد و کری گوش مجرب بزرالبنج حرمل جو کوب کرکے رات کو ڈیڑھ پاؤ پانی میں بھگوئیں صبح جوش دیں کہ نصف پانی رہ جائے صاف کرکے روغن کنجد داخل کرکے پھر جوش دیں کہ صرف روغن رہ جائے چند قطرہ کان میں ٹپکائیں۔

روغن ترب درد گوش کو نافع ہے اور ثقل سمع و بادی کو مفید ہے بارہا تجربہ میں آیا ہے۔ روغن کنجد آب ترب سبز باہم ملا کر جوش دیں کہ پانی جذب ہو کر صرف تیل رہ جائے وقت ضرورت چند قطرہ کان میں ٹپکائیں۔

روغن برائے دوی و طنین و ثقل سماعت زہرہ گاؤ روغن گل روغن خستہ شفتالو نرم آگ پر رکھ کر جوش دیں کہ پانی

جذب ہو کر صرف روغن باقی رہے صاف کر کے افیون داخل کر کے حل کریں اور چند قطرہ کانوں میں ڈالیں اور قبل استعمال اس تیل کے یہ بھپارہ دیں افسنتین رومی گل بابونہ ہر یک ۶/ سیر کہ میں جوش دیکر بھپارہ دیں۔

سعوط مسکن درد گوش — چونہ سفید ۲/ نوشادر ہر یک ۲/ پیسکر سونگھیں۔

شیاف برائے گرانی گوش — بورہ ارمنی شحم حنظل عصارہ افسنتین جند بیدستر زراوند نفط ہر یک ۱/ فرفیون ۶ سرخ کوٹ چھان کر آب خالص میں گوندھ کر شیاف بنائیں۔

ضماد برائے ابتداء ورم گوش — آرد جو ۱/ مکو خشک شیاف مامیثا گل ارمنی رسوت زرد صبر زرد صندل سفید صندل سرخ ۱/ اکلیل الملک نوفل پیسکر سفیدہ بیضہ مرغ ملا کر لیپ کریں وقت شدت درد کے افیون ۱/ اضافہ کریں اور آخر میں گل بابونہ آرد باقلا بڑھائیں۔

ضماد برائے ورم گوش — پوست خشخاش اکلیل الملک گل بابونہ بنفشہ تخم خطمی تخم کتاں آرد جو منقشر ۳/ کوٹ چھان کر عورت کے دودھ میں گوندھ کر ضماد کریں۔

عطوس برائے سدہ گوش — جو اخلاط غلیظہ بلغمیہ سے پیدا ہوا ہو نافع ہے کلونجی کندر صبر زرد باریک پیسکر ناک میں سڑکیں۔

فتیلہ برائے درد گوش و سیلان رطوبت و چرک — کاغذ سوختہ ۳/ عسل خالص ۹/

زردہ بیضہ مرغ میں ملا کر ایک فتیلہ تر کر کے صبر زرد دم الاخوین شب یمانی پیس کر اُس پر چھڑک کر کان میں رکھیں۔

قطور درد گوش کو مفید ہے مچھلی تازہ آگ پر رکھیں تاکہ اُس سے تیل نکل آئے۔ اوس تیل کو تین روز کان میں ڈالیں۔ درد کے لئے بہترین دوا ہے۔

قطور برائے سیلان رطوبت وریم گوش خواہ تھوڑے عرصہ سے ہو یا دو تین سال سے مفید مجرب ہے۔ نوشادر کو پانی میں حل کر کے کان کو پیپ سے پاک کر کے نیم گرم دو تین قطرہ ٹپکائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ پہلے ہی روز فائدہ بیّن ظاہر ہوگا۔

قطور برائے درد گوش حار افیون شیاف ابیض سرکہ کہنہ روغنگل باہم ملا کر کان میں ٹپکائیں۔

قطور برائے درد شدید گوش معمول کافور افیون روغن گل و شیر دختران میں حل کر کے کان میں ٹپکائیں۔ قدر حاجت

قطور برائے درد گوش بارد روغن خیری زہرہ گاؤ تازہ باہم ملا کر جوش دیں کہ پتہ کا پانی جذب ہو کر روغن باقی رہ جائے ایک ایک قطرہ کان میں ٹپکائیں۔

قطور برائے کری گوش خربق سفید جند بیدستر نطرون کوٹ چھان کر روغنگل یا سرکہ کہنہ میں ملا کر کان میں ٹپکائیں۔

قطور برائے کری وثقل سامعہ انیسون نیم کوفتہ روغنگل میں جوش دیں ۲ تولہ

جس وقت ڈیڑھ تولہ باقی رہے صاف کرکے قطور کریں

قرص برائے درد گوش جو معمول مطب و مجرب ہے۔ گیرو نوفل زنجبیل آب کشنیز سبز میں پیس کر قرص بنائیں وقت ضرورت آب خالص میں پیس کر کان کے گرد طلا کریں۔

قرص برائے تنقیہ گوش جو کان کا تنقیہ کرتی اور سختی کو دفع کرتی ہے پھٹکری صبر زرد کندر پیس کر پانی میں حل کرکے قرص بنائیں۔ وقت ضرورت سرکہ و روغن گل حسب حاجت ملا کر کان میں ٹپکائیں۔

قطور برائے قروح مزمنہ قطران حسب حاجت لیکر تھوڑے شہد میں ملا کر کان میں ٹپکائیں۔

قطور برائے طرش بیخ تازہ حنظل کوٹ کر شیرہ اس کا کان میں ٹپکائیں

قطور برائے خون بستہ گوش شیرہ برگ کرنب سرکہ ہر دو حسب ضرورت ممزوج کرکے نیم گرم کان میں ٹپکائیں۔

کشتہ سیپیاری برائے طرش جو نہایت مجرب ہے۔ ایک درویش کامل سے پہونچا ہے۔ شکر بنارسی نو تولہ لیکر کوزہ گلی میں بھر دیں اور اوپر چار عدد سپیاری سالم کا گنج رکھ کر نو تولہ شکر بنارسی اس پر ڈالیں اور انگوٹھے سے باہستگی سخت کریں بعدہ منہ کوزہ کا سرپوش گلی سے بند کرکے گلحکمت کریں اور بعد

خشک ہونے کے پانچ سیر پا چلد شتی میں آگ دیں۔ سپیاری گشتہ سفید ہو گا پھر اُس میں سے بقدر ایک رتی لیکر آب لیموں میں ملا کر تین روز تک کان میں ٹپکائیں اور دوا استعمال کرنے کے بعد شہد اور نیم کے پانی سے کان کو دہو دیا کریں۔

نفوخ برائے سیلان یم پوست بیضہ مرغ خرمہرہ زرد دونوں کو جلا کر باریک پیس کر کان میں پہونچیں

دیگر خرمہرہ زرد سوختہ کندر مرکی انزروت دم الاخوین گل ارمنی اقاقیا مازو سبز کف دریا صبر زرد پھٹکری بریاں سہاگہ بریاں باریک پیس کر کان میں پہونچیں۔

امراض انف

یعنی ناک کی بیماریاں

برشعثا جو نزلہ و زکام و سرعت انزال و سرفہ نزلی و امراض باردہ دماغی میں معمول ہے۔ فلفل سیاہ فلفل سفید بزرالبنج سفید افیون زعفران سنبل الطیب عاقرقرحا فرفیون۔ ادویہ جدا جدا کوٹ چھان کر بعدہ وزن کر کے عسل خالص میں ملا کر رکھ لیں اور تیس ماہ تک جو میں دفن کریں اُس کے بعد چند استعمال کریں۔ خوراک نصف ماشہ سے

ایک ماشہ تک۔

تریاق نزلہ

معمول مطب جو نزلہ روکنے اور کھانسی کیلئے مفید اور مجرب ہے۔ اسطوخودوس گل گاؤزبان
حب الاس کشنیز خشک تخم کاہو بزرالبنج کوکنار تخم خشخاش سفید
آب خالص حسب حاجت میں تر کرکے جوش دیں اور صاف کرکے
قند سفید داخل کرکے قوام تیار کریں بعدہ گل سرخ کشنیز خشک رب السوس
نشاستہ صمغ عربی کتیرا مرکی باریک پیسکر اس میں ملادیں۔
خوراک تین ماشہ سے ساڑھے چار ماشہ تک لیکن خوراک کی کمی بیشی
طبیب کی رائے اور مریض کے حال پر موقوف ہے۔

حب افیون

نزلہ وزکام کے لئے مجرب ہے۔ جند بیدستر زعفران رب السوس دارچینی قلمی
افیون صمغ عربی کتیرا نشاستہ کوٹ چھان کر پانی میں گوندھ کر
بقدر فلفل گولیاں بناکر روزانہ دو گولی کھلائیں۔

حب افیون

نزلہ کو مفید ہے۔ بزرالبنج سفید تخم کاہو مقشر رب السوس صمغ عربی کتیرا نشاستہ
مصطگی رومی شکر تیغال آرد باقلا بیخ لفاح مغز بادام شیریں افیون
تخم خشخاش سفید نبات سفید کوٹ چھان کر پانی میں گوندھ کر
گولیاں بقدر نخود بنائیں۔

حب افیون

نزلہ کے لئے مفید و مجرب ہے۔ افیون ۱ تولہ

بزرالبنج زعفران رب السوس کتیرا جدا جدا سب اجزا کوٹ چھان کر بعد اُس کے وزن کر کے باہم ممزوج کریں اور گولیاں بقدر ماش بنا کر سایہ میں خشک کرلیں ایک گولی صبح ایک شام کھلائیں۔

حب نزلہ مجرب مولوی سکندر علی۔ افیون مقطر صاف جوز بوا مغز بادام زعفران ایلوا مغز تخم کدو شیریں مغز تخم تربز اندر جو شیریں سب دوائیں بار یک پیکر افیون مقطر کے قوام میں ملا کر مونگ برابر گولیاں بنائیں۔ ایک گولی صبح ایک شام کو کھلائیں۔

حب نشاط نزلات و سرفہ حار و سل و تقویت ہاضمہ کیلئے مفید ہے اور نشاط لاتی اور باہ کو بڑھاتی ہے اور دستوں کو روکتی ہے۔ مجرب حکیم کفایت اللہ خاں صاحب۔ صمغ عربی کتیرا رب السوس نشاستہ افیون حب محلب مروارید ناسفتہ کہربا شمعی یاقوت کوٹ چھان کر لعاب بہدانہ میں گوندھ کر مونگ برابر گولیاں بنا کر ایک گولی صبح قدر حبت استعمال کریں۔

حب برائے پینس زیرہ سفید زنجبیل فلفل سیاہ کوٹ چھان کر قند سیاہ میں ملا کر گولیاں بنائیں۔ خوراک ۳ ماشہ

خمیرہ خشخاش سادہ جو زکام و نزلہ گرم کے لئے مفید ہے۔ کوکنار کلاں جو کوب کر کے ڈھائی سیر

۱۰۰ عدد

بارش کے پانی میں جوش دیکر صاف کر کے قند سفید داخل کر کے قوام سخت تیار کریں۔ اگر قوام رقیق ہوگا تو شربت خشخاش کے نام سے موسوم ہوگا۔

دوا برائے رعاف مجرب پھٹکری بریاں دم الاخوین گلنار فارسی کندر گرد آسیا شاخ گوزن سوختہ شاخ بز سوختہ گل کھریا گیرو گل ارمنی برادہ آبنوس اقاقیا پوست بیخ انجبار کہربا شمعی سرشیں بسد احمر محرق نشاستہ صمغ عربی کوٹ چھان کر ناک میں پھونکیں اور تھوڑا آب خرفہ تر میں حل کر کے پیشانی پر ضماد کریں۔ قدر حاجت

دوا برائے قروح بینی مازو سبز مرکی زعفران سعد زرنیخ شب یمانی کوٹ چھان کر ناک میں پھونکیں۔

دوا برائے ناصور بینی زنگار نوشادر اشنجار پیسکر یکجا کر کے عسل خالص قدر حاجت میں ملاکر اور فتیلہ آلودہ کر کے ناک کے سوراخ میں رکھیں۔ اور گوشت و شیرینی سے پرہیز کریں

روغن سنبھالو جو بینس و کرم دماغ و بدبوے بینی کو مفید ہے برگ سنبھالو سبز کافور کلونجی روغن گل دوائیں پیسکر ٹکیہ بنا کر تیل میں جلائیں جسوقت سوختہ ہو جادیں روغن صاف کر کے رکھیں اور ناک میں سڑکیں۔

سعوط برائے بینس برگ مرزنجوش نچوڑ کر تھوڑا دہی اور نمک ملاکر ناک میں ٹپکائیں۔

سعوط برائے پینس مغز کرنجوہ خوب باریک پیس کر روغن گاؤ میں ملاکر ناک میں ٹپکائیں۔

سعوط رعاف کو بند کرتی ہے کاغذ سوختہ پوست بیضہ مرغ سوختہ صدف سوختہ اقاقیا مازو سبز سرکہ میں جلا ہوا پوست انار ترش کندر مرکی شادنج مغسول کافور کوٹ چھان کر تھوڑے پانی میں حل کر کے ناک میں سڑکیں۔

سعوط برائے بطلان شم شونیز مرارہ کرکی شحم حنظل خربق سفید جملہ برابر کوٹ چھان کر شتر اعرابی کے پیشاب میں تر کر کے دہوپ میں رکھیں کہ خشک ہو جائے مسور کے برابر گولیاں بنا کر ایک گولی آب مرزنجوش میں حل کر کے سعوط کریں۔

ضماد برائے رعاف جو سر اور پیشانی پر ضماد کرنے سے نکسیر کو بند کرتا ہے کافور افیون گل ارمنی عصارہ لحیۃ التیس گلنار فارسی عدس مقشر کوٹ چھان کر سرکہ انگوری میں ملا کر ضماد کریں

دیگر جو رعاف کثیر کو مفید ہے۔ اول پانی بہت سرد سر پر ڈالیں اسکے بعد یہ ضماد کریں۔ مازو سبز پوست انار گلسرخ خشک عدس رسوت زرد کوٹ چھان کر گلاب میں ملاکر تالو اور پیشانی پر رکھیں اور اگر کپڑا گلاب اور برف میں تر کر کے تالو پر رکھیں تو نکسیر کا خون فوراً بند ہو جاتا ہے۔

طلاء برائے رعاف اقاقیا نشاستہ گل ارمنی گلنار فارسی کوٹ چھانکر

آب بارتنگ میں ملا کر طلا کریں۔

فتیلہ حابس برائے رعاف مازو سبز جلا کر سرکہ میں سرد کر کے پھٹکری کافور ۲ عدد کے ہمراہ پیسکر رکھ لیں اور ایک بتی بنا کر سفیدہ بیضہ مرغ یا آب کشنیز سبز میں تر کر کے ادویہ مسحوقہ اس پر چھڑک کر ناک میں رکھیں۔

فتیلہ برائے حبس رعاف مجرب فتیلہ کو سفیدہ بیضہ مرغ میں آلودہ کر کے گلنار فارسی شب یمانی مازو سبز صمغ عربی پیسکر اس پر چھڑک کر ناک میں رکھیں اگر قوی تر چاہیں تو افیون سوختہ کافور اضافہ کریں

فتیلہ حابس برائے رعاف کندر انزروت دم الاخوین صبر سقوطری غبار آسیا شب یمانی کوٹ چھان کر فتیلہ کو سرکہ میں تر کر کے دوائیں مسحوقہ آلودہ کر کے ناک میں رکھیں۔

فتیلہ برائے رعاف سر شیر ماہی جلا کر کافور ملا کر فتیلہ آلودہ کر کے ناک میں رکھیں۔

فتیلہ بواسیر الانف جوز السرو انجیر کوٹ کر فتیلہ بنا کر ناک میں رکھیں۔

دیگر زاج اخضر سرکہ میں پیس کر فتیلہ آلودہ کر کے صبح شام ناک میں رکھیں۔

قطور برائے رعاف مجرب کافور گدہی کے لید کے پانی میں حل کر کے

ناک میں ٹپکائیں۔ اگر تھوڑی افیون بھی ملا دیں تو قوی ہو جاتا ہے۔

قیروطی برائے خشک ریشہ بینی | جو ناک کے خشک ریشہ اور بثور کے لئے نایاب قاضی صاحب کی مجرب ہے۔ موم سفید ۲ر روغن گل قدر حاجت میں پگھلا کر کتیرا ۱ر صندل سفید ۲ر مغز تخم کدو شیریں ۲ر سنگجراحت ۲ر کافور ۲ر پیسکر ملا کر قیروطی تیار کریں۔

دیگر | جو نہایت مجرب و آزمودہ ہے۔ پہلوہ جو قنوج میں مشہور ہے عطر سازوں کے یہاں بہت ملتا ہے۔ اسکو فتیلہ میں آلودہ کر کے استعمال کریں۔

دیگر | جو ناک کی خشکی اور خشک ریشہ خوں آلود کو مفید و مجرب ہے۔ پہلوہ موم سفید پیہ بط شہری پیہ گوسفند غیر زائیدہ پیہ گردہ بز ا تولہ پیہ خروس ا تولہ نمک اندرانی ۳ر سب کو یکجا کر کے ناک میں لگائیں۔

قہوہ | جو زکام بلغمی میں مفید ہے۔ اور درد سر و تپ سردین نافع ہے۔ زنجبیل ۳ر گل دھاوا ۳ر کوکنار ۳ر ظرف گلی آب نارسیدہ میں پانی کے ہمراہ جوشدیں کہ بقدر آدھ پاؤ کے رہ جائے بلا آمیزش شیرینی نیم گرم نوش کریں۔

لطوخ نزلہ بند | تخم کاہو تخم خشخاش افیون زعفران ۱ر بزرالبنج ۱ر دم الاخوین ۱ر صمغ عربی ۱ر کتیرا ۱ر اگلسرخ ۱ر انزروت ۱ر سب دوائیں کوٹ چھان کر سفیدہ بیضہ مرغ یک میں ملا کر بثور

کاغذ پر طلا کر کے کنپٹے پر چپکائیں اگر ضرورت ہو تو کافور اضافہ کریں۔

مرہم حب السفرجل جو قروح بینی بغیر سندبل کے لئے مجرب ہے۔ گل بنفشہ ۵ ماشہ پانی میں خوب جوش دیں اور

اس قدر ملیں کہ پانی غلیظ ہو جائے پس صاف کر کے لعاب بہدانہ روغن گل موم ۵ ماشہ ممزوج کریں کہ شکل مرہم کے ہو جائے بعدہ استعمال کریں۔

نفوخ بدبوئی بینی برگ نیم نورستہ سایہ میں خشک کر کے نوشادر ۲ ماشہ اسطوخودوس ۵ ماشہ فلفل گرد گل بنفشہ ۵ ماشہ کوٹ چھان کر نفوخ کریں۔

امراض دہان و لب ولسان و دندان

پوٹلی برائے کرم دندان پائے برنگ مقشر کافور ململ کے کپڑے میں رکھ کر پوٹلی باندھ کر درد کی جگہ رکھیں جلد درد رفع ہو جائے گا۔

تریاق الاسنان دانتوں کا درد جو رطوبت کے سبب سے ہو مفید ہے اور حلق پر نزلہ گرنے کو روکتا ہے

اور دانتوں پر ملنے سے درد کو فوراً ساکن کر دیتا ہے۔ جند بیدستر ہینگ فلفل گرد زنجبیل میعہ سائلہ افیون کوٹ چھان کر عسل خالص قدر حاجت میں ملا لیں وقت حاجت ایک چنے برابر کھائیں اور دانت پر ملیں۔

دوا برائے اشقاق و بثور لب و دہن لعاب اسپغول شیرہ مغز تخم کدو شیرین شیرہ مغز تخم تربز روغن بادام باہم ملا کر کتہ سفید پیکر اضافہ کر کے ملیں اور اگر گرمی شدید ہو تو کافور آب گشنیز سبز آب خیار سبز بھی اضافہ کریں۔

دوا برائے ضفدع نوشادر تازہ سبز باریک پیس کر خوب ملیں اور ہمیشہ ملتے رہیں، اگر اس سے فائدہ نہ ہو تو تیز دوائیں جو کہ اکلہ قم ولثہ دامیہ میں مستعمل ہیں کام میں لائیں اور سرکہ و نمک ملا کر منہ میں رکھیں اور اگر خون کا غلبہ ہو تو خون نکالیں اسپر بھی نفع نہ ہو تو قطع کریں مگر احتیاط رکھیں کہ رگ زیر زبان نہ کٹ جائے۔

دوا برائے ضفدع لسان پھٹکری سوختہ سورنجان دونوں کو پیس کر انڈے کی سفیدی میں ملا کر بار بار لگائیں۔

دیگر صعتر فارسی زوفا خشک بورہ ارمنی صدف بحری سب کو پیس کر ضفدع کی جگہ پر ملیں تاکہ منفجر ہو جائے

بعدہ گلنار اور کندر کو سرکہ میں جوش دیکر مضمضہ کریں۔

دوا برائے قلاع تنکار ۲ ر شب یمانی توتیا سبز بریاں پیس کر عسل خالص میں ۴ ر ملاکر زبان پر ملیں۔

دوا برائے قلاع سرخ لعاب مغز فلوس خیار شنبر گلاب میں نکال کر کتھ سفید ۶ ر تنکار ملاکر زبان پر ملیں اور اگر شدت گرمی کے سبب سے آبلہ و پھنسی مونھ میں ہوں تو آب برگ مکو سبز اسمیں بڑھا دیں۔

ذرور برائے قلاع خاکستر یا چکد شتی صاف توتیا سبز سوختہ ۳ ر پیس کر منہ میں چھڑکیں۔

ذرور برائی قلاع مجرب برگ گاوزبان سوختہ کاغذ سوختہ ۲ ر خرمہرہ زرد سوختہ کشنیز خشک سرکہ میں بھگو کر بریاں کیا ہوا گل ارمنی حب الآس گلنار فارسی فوفل عقرقرحا طباشیر ۲ ر دم الاخوین مرجان سرخ اقاقیا بسد احمر پوست ہلیلہ زرد برنج پوست بیضہ مرغ کوٹ چھان کر رکھ لیں اول منہ کو چوب چینی کے پانی سے دھوئیں بعدہ دوا اندر چھڑکیں۔

ذرور برائے جوشش دہن ہر قسم جو معمول مطب ہے۔ خواہ جدید ہو یا کہنہ کتہ سفید طباشیر دانہ ہیل زرد ۲ ر زہرہ سیونی سعد کوفی کباب چینی ہلیلہ سیاہ ثمر کاکنج سوختہ سیاہی تابہ مغز املتاس پیسکر زبان پر چھڑکیں۔

دیگر کتہ سفید دانہ ہیل کشنیز خشک سوختہ پھٹکری بریاں ۲ر ۲ر ۲ر ۲ر پیس کر منہ میں چھڑکیں۔

دیگر تنکار پیسکر منہ میں چھڑکیں یا شہد ملا کر لگائیں۔ ۶ر

ذرور برائے آکلہ دہن جو آکلہ کے لئے معمول و مجرب ہے۔ برگ سدا اشجار آک زرنیخ سب کو پیس کر سرکہ ۲ر ۳ر تند میں بھگو کر کوزہ جدید میں رکھکر گلحکمت کر کے آگ میں رکھیں کہ سرخ ہو جائے اور ادویہ اندرونی جلجائیں پس نکال کر چھ رتی سے بارہ رتی تک آکلہ پر چھڑکیں

دیگر گلنار فارسی سفیدہ کاشغری زرنیخ توتیا آب انگور میں ۳ر ۳ر ۳ر تر کیا ہوا پیس کر چھڑکیں لیکن احتیاط رکھیں کہ حلق کے اندر دوا ذرا سی نہ جاوے۔

ذرور برائے اقلاع سرخ طباشیر جو سوختہ شیر خشت پیسکر چھڑکیں ۳ر ۳ر ۳ر

ذرور برائے اقسام اقلاع حار طباشیر زہر مہرہ زرورد گل نیلوفر خرفہ مقشر ۲ر ۲ر صندل سفید صندل سرخ گل ارمنی سیاہ دانہ توتیا ۲ر ۲ر رسوت عدس مقشر گلنار فارسی مغز کنول گٹہ سفید پیسکر چھڑکیں ۲ر ۲ر ۲ر ۲ر بوقت شدت حرارت کے کافور اضافہ کریں اور اگر تحلیل منظور ہو تو ۲ر ۲ر کبابہ عنب الثعلب خشک اضافہ کریں۔ ۲ر ۳ر

ذرور برائے قلاع شدید جسکو اصطلاح اہل دکن میں اجہر کہتے ہیں۔ نبسلوچن کنہ سفید کباب چینی سنگجراحت ۳ ۳ ۲ ۳ الائچی کلاں شورہ قلمی کوٹ چہان کر چہڑکیں۔ ۳ ۲

ذرور برائے قلاع مجرب جو بہوڈل گشتہ کے نام سے مشہور ہے۔ دانہ الائچی خرد کشنیز خشک سوختہ پہٹکری سوختہ بہول گشتہ ۲ ۲ ۲ ۲ کوٹ چہان کر زبان پر چہڑکیں۔

دیگر جو قلاع سفید قلیل الحرارت کو نافع ہے۔ ہلیلہ زرد اقاقیا گلنار فارسی گزمازج ورق زیتون طباشیر ۲ ۲ ۲ ۲ ۲ ۲ کوٹ چہان کر زباں پر چہڑکیں۔

ذرور برائے دفع قلاع معمول حکیم علی اکبر خاں۔ گاوزبان سوختہ ودع سوختہ کشنیز خشک درسرکہ خیسانیدہ ۱ ۱ بریاں کردہ برنج پانی میں دہوے ہوے۔ گل ارمنی حب الاس ۱ ۱ ۱ طباشیر سفید دم الاخوین مرجان سرخ اقاقیا بسد ہلیلہ کابلی ۱ ۱ ۱ ۱ ۱ گلنار فارسی نوفل عفص قرحا پوست ہلیلہ زرد برگ ریباس ۱ ۱ ۱ ۱ ۱ کوٹ چہان کر ذرور کریں۔ مگر اولا آب چوب چینی سے غرغرہ کر کے یہ ذرور چہڑکنا چاہیے۔

ذرور برائے قلاع لمغمی اطفال مازو سبز زردچوب سماق پوست انار ۱۴ ۲۱ ۲۱ گلنار کشنیز یمانی کوٹ چہان کر ۲۱ ۳۵ اول مونہہ کو ماء العسل سے دہو کر پہر یہ ادویہ چہڑکیں۔

ذرور قابض

مسوڑہ کو قوی کرتا ہے اور خون کو روکتا ہے اور دانتوں کو قوت دیتا ہے اور مونھ کی بدبو کو دفع کرتا ہے اور دانتوں کی حفاظت کرتا ہے اور مواد دانتوں کی جانب گرنے سے روکتا ہے۔ دندان فیل اشنہ ہلیلہ سیاہ طباشیر تخم خرفہ مقشر نشاستہ کتیرا کشنیز خشک سوختہ آرد عدس عاقرقرحا وج گزمازج سعد کوفی نیل گوش سوختہ اگر دستیاب نہو تو بجائے نیل گوش کے اصل السوس قشور زمان مازو سبز قشار کندر گلنار فارسی غنچہ گل سرخ صدف مروارید بسد چینی سفید زبد البحر نمک طبرزد شب یمانی فلفل سفید مصطگی رومی عود بلسان کافور کوٹ چھانکر دانتوں اور مسوڑوں پر چھڑکیں اگر باریک پیسنے میں بیحد کوشش کریں اور بعض وقت سرکہ سے کلیاں بھی کرتے ہیں۔

سنون سپاری

معمول مطب۔ مسوڑوں سے خون جاری ہونے کو مجرب ہے۔ ایک شخص کی دو دو سیر خون مسوڑوں سے جاتا تھا اور اکثر اطبا اُسکے علاج سے مایوس ہو چکے تھے اُس کے واسطے یہ نسخہ تجویز کیا گیا حق تعالی نے شفا بخشی سپاری چھالیہ سوختہ شاخ گوزن سوختہ کاغذ خطائی قلم اول سوختہ بیخ نے سوختہ جو سوختہ گلنار فارسی سماق طباشیر سفید غنچہ گلسرخ گزمازج استخوان ہلیلہ زرد انجبار مازو سبز برگ مسو۔ دم الاخوین کندر سعد کوفی عدس مقشر شب یمانی بریاں کوٹ چھان کر

مسوڑوں پر ملیں۔

دیگر مازو سبز عدس مقشر اقاقیا کندر گلنار شب یمانی بزرالورد کوٹ چھان کر دانتوں پر ملیں اگر دانت کند ہو جائیں تو برگ و شاخ خرفہ کو پانی میں جوش دیکر کلیاں کرلیں اوپر سے ایک دو مغز بادام چبالیں کندی دفع ہو جائیگی۔

دیگر مازو کبود زنگ بے سوراخ پوست بیروں پستہ مساوی کوٹ کر سنون تیار کریں

سنون ہیراکسیس خون جاری ہونے اور تقویت دانتوں کے لئے مفید ہے۔ اور منہ کو خوشبودار کرتا ہے۔ مصطگی مازو سبز توتیا سبز سوختہ شب یمانی برشتہ ہلیلہ کلاں کہربائے شمعی بُسد احمر ہیراکسیس فوفل سوختہ کتھ پاپڑیا سنگجراحت چوب چینی پوست بیخ مولسری شاخ گوزن سوختہ خبث الحدید کوٹ چھان کر سنون بنائیں۔

سنون برائے درد و تقویت لثہ جو خون کو دفع کرتا اور درد کو ساکن کرتا اور مسوڑھے میں گوشت پیدا کرتا ہے اور مواد نہیں گرنے دیتا ہے۔ سعد کوفی طباشیر گل سرخ تخم مورد گلنار فارسی فوفل کات ہندی گزمازج اقاقیا سماق کوٹ چھان کر سنون بنائیں۔

سنون برائے جریان خون و درد دندان

جو جریان خون اور درد دندان کو مفید اور دانتوں کی جڑوں کو مضبوط کرتا ہے۔ اور اکثر امراض دندان میں مفید ہے۔ نیلہ تھوتہ سوختہ پھٹکری سوختہ مازو سبز سوختہ نمک لاہوری کتہ پاپڑیا دانہ الائچی کلاں سب برابر کوٹ چھان کر استعمال کریں اور اگر دندان متحرک ہوں تو ہیراکسیس اضافہ کریں۔

سنون یہی نفع کرتا ہے اور اکثر امراض منہ کو مفید ہے۔ منقول از علاج الامراض۔ پوست بیضہ مرغ اقاقیا مازو سبز رسوت مرکی حب الآس گزمازج دم الاخوین طباشیر سفید بیخ انجبار گل ارمنی برگ ریباس گلنار فارسی کشنیز خشک خرنوب شامی پوست ہلیلہ زرد پوست ہلیلہ کابلی ہلیلہ سیاہ جفت بلوط صمغ عربی گاؤزبان سوختہ کاغذ سوختہ برگ عناب سوختہ زرورد پوست انار شیریں ملوخشک برگ مورد سماق کوٹ چھان کر سنون بنائیں۔

سنون برائے درد و تقویت دندان

سنگجراحت مازو سبز گلنار فارسی پھٹکری بریاں کتہ سفید طباشیر ہیراکسیس سعد کوفی عقرقرحا زرورد فوفل سوختہ کہربا شمعی مستگی باریک پیس کر منجن بنائیں۔

سنون برائے درد و تقویت دندان

نیلہ تھوتہ بریان تخم کشنیز خشک بریاں

زیرہ سفید زنجبیل قسط شیریں فلفل سیاہ کات ہندی نمک ہندی نمک سیاہ کسبیس مصطگی رومی باریک پیس کر منجن بنائیں۔

سنون جو درد و استحکام دندان کے لئے بینظیر ہے۔ اور سوڑوں میں گوشت پیدا کرتا اور دانتوں کو جلا دیتا ہے۔ نمک لاہوری گشنیز خشک کسبیس نیلہ تھوتھ قسط شیریں کتہ سفید قسم اول زیرہ سفید مصطگی رومی بحر دنتی زنجبیل کپور کچری کباب چینی۔ نیلہ تھوتھ کو توے پر رکھکر آگ پر خوب سفید کریں اور زیرہ و گشنیز کو اسقدر بریاں کریں کہ سرخ ہو جائیں بقیہ ادویہ کوٹ چھان کر مثل مسی کے تیار کریں بعد مالش کے تین چار گھڑی تک پانی کا استعمال نہ کریں بلکہ ایک بیڑہ پان کا کھالیں۔

سنون زرد جو درد و استحکام دانتوں کے لئے معمول و مجرب ہے۔ پوست انار گلنار زردچوب سماق مازو سبز شب یمانی بریاں کوٹ چھان کر منجن بنائیں۔

سنون جو یہی فائدہ بخشتا ہے نیلہ تھوتھ بریاں زیرہ سفید بریاں گشنیز خشک بریاں کتہ سفید نمک سفید کوٹ زنجبیل دار فلفل کوٹ چھان کر سنون بنائیں۔

سنون جو درد ورم دانتوں کو مفید ہے اور دانتوں کی جڑوں کو مضبوط کرتا ہے۔ معمول مطب ہے۔ زنجبیل سوہن مکھی بابی رنگ کسبیس کتھہ نیلہ تھوتھ بریاں۔ کوٹ چھان کر منجن بنائیں۔

سنون پوست مغیلاں مسوڑوں کی پیپ اور خون کو بند کرتا اور دانتوں کو

مضبوط کرتا ہے اگرچہ قریب گرنے کے ہوں۔ مفید و آزمودہ ہے۔

پوست بیخ ببول سنگجراحت کتہ پاڑیا سپاری چھالیہ فلفل سیاہ زنجبیل جملہ ادویہ کو علیحدہ علیحدہ باریک مثل سرمہ کے پیس کر وزن کریں۔ اور باہم ملا کر رات کو یا دن کو دانتوں پر ملیں بعد چار پانچ گھڑی کے پانی کا استعمال جائز ہے۔

سنون برائے استحکام دنداں از حضرت فریدالدین شکر گنج قدس سرہ العزیز

پوست ہلیلہ کابلی پوست بلیلہ آملہ منقی زنجبیل دار فلفل توتیا مازو سبز نمک سنگ لقم جدا جدا کوٹ کر چھان کر وزن کر کے ملالیں اور استعمال کریں

سنون جامع النفع جو استحکام دنداں و تقویت لثہ کے لئے نظیر نہیں کہنہ معمول و مجرب ہے۔ پھٹکری سفید کتہ سفید برادہ آہن پوست درخت مولسری نیلہ تھوتھ بریاں کسیس چوب چینی پوست بلیلہ پوست انار کوٹ چھان کر بطور مسی کے دانتوں پر ملیں بعد اسکے روغن گل کو پانی میں ملا کر کلیاں کریں

سنون تمباکو جو استحکام دنداں و دفع رطوبات نزلہ و لثہ جو باعث درد دنداں ہو فائدہ مند ہے۔ تمباکو فلفل سیاہ کوٹ چھان کر ہر روز تین مرتبہ استعمال کریں۔

سنون برائے تقویت دنداں مصطگی رومی مازو سبز مائیں خرد مائیں کلاں ہیرا کسیس پوست ہلیلہ کابلی شب یمانی بریاں

نیلہ تھوتہ بریاں پوست مولسری خشک کوٹ چھان کر سنون بنائیں - رات کو سوتے وقت ملیں اور رال منہ سے ٹپکائیں -

سنون مقوی دندان

نمک سانبھر ہیرا کسیس گل دھاوا سپاری سوختہ نیلہ تھوتہ سوختہ پھٹکری بریاں مجیٹھ سنگ جراحت مازو سوختہ باریک پیس کر مثل مسی کے دنداں پر ملیں

سنون سورنجان

جو تقویت دنداں کے لئے مفید ہے -

سورنجاں مصری نوفل سعد کوفی گزمازج پوست ہلیلہ زرد صندل سفید گل سرخ کوٹ چھاں کر سنون بنائیں

سنون

جو مسوڑہوں کو قوت دیتا اور منہ کو خوشبودار کرتا ہے

نوفل سوختہ مازو بے سوراخ بودار سوختہ سنگجراحت مصطگی رومی الائچی کلاں مازو کو آرد گندم میں لپیٹ کر بریاں کریں اور سب دواؤں کو کوٹ چھان کر سنون بنائیں -

سنون

جو دانتوں کی جڑ میں گوشت اگاتا ہے اور منہ کی بدبو دفع کرتا ہے - دم الاخوین گزمازج انزروت جوز السرو کندر بیخ نے سوختہ طباشیر اقاقیا گل سرخ گلنار جفت بلوط پوست انار ترش چرائتہ کوٹ چھان کر سوتے وقت استعمال کریں

سنون سوتیجان

جو اکلہ دہن ولثہ کے لئے نافع ہے -

پوست انار شیریں پوست انار ترش سماق مازو سبز گلنار فارسی شب یمانی بریاں کاغذ سوختہ

عقرقرحا نمک ہندی نوشادر کوٹ چھان کر سیر کہ میں گوندھ کر گولیاں بنا کر خشک کر لیں اور پھر باریک پیس کر استعمال کریں۔

سنون جو جوشش دہن کیلئے صاحب آتشک کو مفید ہے۔

زرناوند گرد برگ مورد کندر گلنار فارسی بیخ سوسن دم الاخوین مازو سبز سعد کوفی کوٹ چھان کر استعمال کریں۔ اور بعض وقت تخم خرفہ و مرمکی اضافہ کرتے ہیں۔

سنون جو درد دنداں و جریان خون و استحکام اصول دنداں اور اکثر امراض اسنان کے لئے مفید و مجرب ہے۔

مازو سبز سوختہ دانہ ہیل خرد کتہ سفید پھٹکری بریاں نمک لاہوری کوٹ چھان کر سنون بنائیں۔

سنون برائے حبس خون دنداں فوفل سوختہ گلنار فارسی شاخ گوزن سوختہ کاغذ سوختہ سماق منقی جو سوختہ بیخ نے سوختہ طباشیر غنچہ گل بیخ گز مازج کندر دم الاخوین عدس مقشر سعد کوفی کہربا شمعی شب یمانی بریاں باریک پیس کر سنون تیار کریں۔

سنون برائے ناصور بن دندان آرد بیخ سوسن عقرقرحا شب یمانی برشتہ گلنار مازو سبز سماق منقی کوٹ چھان کر سنون بنائیں۔

سنون حابس خون دنداں و مقوی لثہ کہربا شمعی دم الاخوین قاقلہ کبار قاقلہ صغار مازو سبز مصطگی رومی گلنار پوست انار ترش

شب یمانی بریاں کفدریا۔ سب کو باریک کوٹ چھان کر منجن بنائیں

سنون برائے استحکام دنداں و قرحہ لثہ و درد اسنان

جو معمول و مجرب ہے۔ پوست بادام سوختہ ثمر ببول سوختہ پوست ببول فوفل سوختہ مصطگی دم الاخوین طباشیر سنگجراحت شب یمانی برشتہ صدف سوختہ گزمازج شاخ گوزن سوختہ دانہ ہیل خرد سوختہ دانہ ہیل کلاں سعدکوفی زراوند گرد ایرسا کبیس کوٹ چھان کر سنون بنائیں۔ یہ منجن دانتوں سے خون جانے کو بھی مفید ہے۔

سنون برائے آکلہ دہن و لثہ

جو تمام دواؤں سے بہتر ہے۔ برگ سداب سجی چونہ ہرتال سب کو پیس کر تیز سرکہ میں تر کرکے نئے آبخورہ میں رکھ کر گل حکمت کرکے آگ میں رکھیں کہ اوپر سے سرخ ہو جائے اور دوائیں اندر کی پختہ ہو جائیں پس نکال کر ۶ رتی سے ۱۲ رتی تک آکلہ پر چھڑکیں۔ دو بار سے زیادہ حاجت نہیں پڑتی۔

سنون مقوی دندان

جو مسوڑوں کو قوت دیتا اور دانتوں کی جڑوں میں گوشت پیدا کرتا اور منہ کو خوشبودار کرتا اور نزلہ کو دانتوں پر گرنے نہیں دیتا۔ عاقرقرحا وج ترکی گزمازج سعدکوفی پوست انار گلنار کندر مازو سبز برگ گلسرخ کفدریا نمک سنگ شب یمانی بریاں گھونگہ سوختہ فلفل سفید

مصطگی رومی عود بلسان شاخ گوزن سوختہ تخم بلبلہ دندان فیل سوختہ طباشیر تخم خرفہ نشاستہ گیرو کشنیز خشک سوختہ۔ آرد عدس کافور سب کو خوب باریک پیس چھان کر سنون بنائیں۔

سنون برائے ورم لثہ و ناصور لثہ کتہ سفید قسط شیریں زنجبیل توتیا بریاں کوٹ چھان کر سنون بنائیں۔

سنون برائے درد دندان وغیرہ جو درد اور جریان خون اور استحکام اصول دندان اور اکثر امراض دنداں کو مفید اور مجرب ہے۔ مازو سوختہ دانہ ہیل خرد کتہ سفید پھٹکری بریاں نمک لاہوری۔ کوٹ چھان کر منجن بنائیں۔

سنون برائے استحکام و درد دنداں سونٹھ ناگرموتھ مرچ سیاہ عاقرقرحا زیرہ سفید بریاں کشنیز خشک بریاں نمک سیندہ نیلا تھوتھہ بریاں کتہ سفید گیرو بائے بڑنگ گوند ڈھاک الائچی کلاں مصطگی رومی سب کو کوٹ چھان کر سنون بنائیں اور وقت شب استعمال کریں

سنون سرخ جو دانتوں کے درد اور ورم اور مضبوطی کیلئے معمول و مجرب ہے۔ توتیا خام ناگرموتھ گیرو کشنیز خشک زنجبیل تمباکو پھٹکری خام فلفل سیاہ نمک لاہوری کوٹ چھان کر سنون بنائیں اور استعمال کے بعد

پان کھائیں اور لعاب پھینکدیں۔ اور دو گھنٹہ تک پانی کا استعمال نکریں

سنون برائے درد دندان جو مولوی عبداللہ صاحب مرحوم نائب قاضی کا مجرب ہے۔ نیلہ تھوتہ بریاں پھٹکری بریاں پوست انار کفدریا کتہ سفید کباب چینی مازو سبز کسیس سوہن مکھی مجیٹھ صندل سفید بال چھڑ کوٹ چھان کر سنون بنائیں۔

سنون برائے درد دندان پوست درخت سرس۔ سایہ میں خشک کرکے باریک پیس کرلیں یا پانی میں جوش دیکر کلی کریں۔

دیگر جو درد و جنبش دندان کے لئے اثر تمام رکھتا ہے اور بارہا تجربہ کیا گیا ہے۔ کچلہ سوختہ تخم املتاس فلفل سیاہ نمک سیاہ کوٹ چھان کر سنون تیار کریں۔ اور اسکے استعمال کے بعد پان کھائیں۔

سنون عجیب جو درد و ورم دندان اور سیلان خون کے لئے مفید ہے۔ قلعی فلفل سیاہ کوٹ چھانکر منجن بنائیں۔

سنون برائے استحکام دندان جو مفتی فضل باری صاحب مرحوم کا مجرب ہے۔ کتہ سفید پھٹکری بریاں توتیا بریاں کسیس باریک پیس کر سنون بنائیں۔

سنون برائے درد دنداں

شکر تیغال ۱ تولہ پوٹلی میں باندھ کر دانتوں میں ملیں۔ فوراً درد ساکن ہو جائے گا۔

سنون مقوی دنداں

پھلا توتہ سوختہ پھٹکری گلابی بریاں مصطگی رومی نمک لاہوری ۳ تولہ پیسکر ملیں

دیگر

ہلیلہ سیاہ بائے بڑنگ مرچ سیاہ ناگرموتھ کچلہ سوختہ پھٹکری بریاں مصطگی رومی نمک سانبھر کباب چینی کتھ سفید مغز کرنجوہ تازہ و نرم سوختہ تخم تمرہندی بریاں دانہ ہیل خرد زنجبیل مغز نیمبہ دانہ سوختہ پوست بادام سوختہ الائچی خرد گرد تونیا بریاں سپاری سوختہ پھلاداں سوختہ بونڈی برگ ڈھاک درخت کیکر کی سوختہ سب کو پیسکر

سنون

درد و جنبش دنداں کے لئے مفید ہے۔ مازو سبز مرچ سیاہ کائفل برادہ سرب تخم اہلیاس گھونگچی سفید گوند ڈھاک زیرہ سفید بریاں مصطگی رومی سب کو پیس کر سنون بنائیں۔

سنون

برائے درد دنداں مجرب۔ بلادر سوختہ پھٹکری گلابی بریاں نیلا تھوتھہ بریاں مصطگی رومی مرچ سیاہ نمک سیاہ نمک سانبھر پیسکر سنون بنائیں۔

سنون مقناطیس

جو استحکام دنداں کے لئے مفید ہے۔

کندر شب یمانی بریاں مازو سبز کتھ سفید سعد کوفی مصطگی رومی نوفل سوختہ شاخ گوزن سوختہ

سوہن مکھی دم الاخوین برادہ آہن سنگ مقناطیس سیماب سیسہ بطریق متقرر سنون بنائیں۔

سنون جو درد و استحکام دنداں و رفع ورم لثہ کے لیے جو مادہ نزلہ باردسے ہو مفید ہے۔ کچلہ سوختہ افیون سوختہ شاخ گوزن سوختہ لوبان کوڑیلہ قسط تلخ فلفل سیاہ شب یمانی سرخ بریاں کوٹ چھان کر سنون بنائیں۔

سنون برائے جنبش دنداں پوست بیضہ مرغ بچہ نکلا ہوا دار چینی قلمی الائچی مرچ سیاہ - اول پوست کو مثل نخود ٹھیکری میں بریاں کریں کہ سرخ ہو جائے بعدہ باقی اجزا کو کوٹ چھان کر سنون بنائیں اور صبح شام ملیں اور گلوری پان کی کھائیں

سنون برائے درد دنداں جو درد کو فی الفور بند کرتا ہے۔ گندک آملہ سار شورہ قلمی اول ایک سکورہ گہرہ کو رکھ کر انگاروں پر رکھیں جسوقت سکورہ گرم ہو گندک جوکوب کر کے ڈالیں جب پگھل جائے شورہ جوکوب کر کے داخل کریں جب دھواں نکلنا موقوف ہو جائے فوراً پتھر صاف پر ڈال کر پھیلا دیں بعد سرد ہونے کے باریک پیسکر رکھیں اور ایک چٹکی درد کی جگہہ مثل منجن کے ملیں تین روز۔ اور یہ سنون شیشہ سربند میں رکھیں ورنہ سب پانی ہو جائیگا۔

سنون برائے استحکام دنداں قوی الاثر مصطگی رومی سنگجراحت طباشیر کبود دانہ الائچی سفید عقر قرحا بابڑنگ

دم الاخوین کتھ سفید پھٹکری بریاں کباب چینی فلفل گرد قرنفل
مازو سبز بریاں گزمازج مغز تخم کدوئے تلخ زیرہ سفید زنجبیل
گل ارمنی کلیجن تج بل زنگی ہڑ موچرس آملہ مقشر طوطیا بریاں
نمک سنیدہ نمک لاہوری گیورگیری کشنیز خشک بریاں قسط تلخ
ایلوسا دال مسور پوست بادام سوختہ سپاری سوختہ سجلہ سوختہ
پوست درخت ببول سوختہ ثمر ببول سوختہ پوست درخت نیم سوختہ
پوست درخت جامن سوختہ پوست درخت تاڑ سوختہ پوست درخت دال سوختہ
شاخ گوزن سوختہ تمباکو خوردنی فلفلدراز گفدریا گلنار فارسی سعد کوفی
صدف سوختہ پیس کوٹ چھان کر سنون تیار کریں۔

سنون برائے درد دندان
کافور افیون دونوں کو ممزوج کرکے درد ناک دانتوں پر ملیں۔

قرص برائے لثہ داہبہ عفنہ وآکلہ۔ عجیب ومجرب
زرنیخ سرخ زرنیخ زرد چونہ شب یمانی مازو سبز کوٹ چھان کر سرکہ میں ملاکر قرص بنائیں وقت حاجت قدر حاجت سرخ لیکر مسوڑہ پر اچھی طرح ملیں بعد ایک ساعت کے روغن گل سے کلیاں کریں

دیگر
چونہ آب نارسیدہ زرنیخ زرد زرنیخ سرخ سجی اقاقیا کوٹ چھان کر تیز سرکہ میں ملاکر اقراص بنائیں وقت حاجت باریک پیسکر استعمال کریں۔

قطور برائے درد دندان مجرب
برگ پٹاری ہاتھ سے ملکر جانب مخالف کان میں ٹپکائیں

قطور برائے درد دندان — ہینگ ۱ر پانی میں حل کر کے نیم گرم کان میں ٹپکائیں۔

مضمضہ برائے درد دندان — جو رطوبت سے ہو مفید ہے۔ اور استر خا لثہ کو بھی فائدہ مند ہے۔ گوکنار ۱ تولہ چھالیہ ۱ تولہ مجیٹھ ۶ر بکو خشک ۱ تولہ پانی میں جوش دیکر کلیاں کریں۔

مضمضہ برائے قلاع — برگ چمبیلی ۱ تولہ پوست درخت گوندی ۱ تولہ برگ حنا سبز ۶ر مازو سبز ۱ تولہ سماق ۳ر فوفل ۶ر عدس مسلم ۳ر پانی میں جوش دیکر صاف کر کے کلیاں کریں۔

مضمضہ برائے جوشش دہن — پوست درخت گوندی ۲ تولہ برگ حنا سبز ۲ تولہ سماق ۱ تولہ گلنار فارسی ۹ر پوست انار ۹ر گزمازج ۹ر پانی میں جوش دیکر صاف کر کے لعاب اسپغول ۱ تولہ کتہ سفید ۳ر رسوت ۳ر پیس کر شامل کر کے کلیاں کریں۔

مضمضہ برائے قلاع — پوست درخت کچنال ۱ تولہ پوست درخت مولسری ۱ تولہ برگ چمبیلی ۱ تولہ برگ مولسری ۱ تولہ فوفل ۲ر گزمازج ۲ر پانی میں جوش دیکر صاف کر کے کلیاں کریں۔

مضمضہ برائے قلاع سفید وسمول — برگ حنا خشک ۱ تولہ رات کو پانی میں تر کر کے صبح آب زلال لیکر رسوت ۱ر کتہ سفید پیس کر چھڑک کر کلیاں کریں۔

مضمضہ برائے جوشش دہن — جو بسبب استعمال رسکپور یا پارہ کے ہوئے

مفید ہے۔ پوست درخت کچنال پوست درخت کنار صحرائی پوست درخت سرس پوست خشخاش پانی میں جوش دیکر صاف کرکے مضمضہ کریں۔

مضمضہ برائے جوشش دہن ولثہ جو پارہ کے استعمال کے سبب سے ہو مجرب ہے۔ پوست درخت جرونجی پانی میں جوشندہ کر صاف کرکے کلیاں کریں

مضمضہ برائے قلاع ردی سماق زرورد اقاقیا مازو سبز پانی میں جوش دیکر صاف کرکے کلیاں کریں۔

مضمضہ برائے ورم لثہ متعفنہ مجرب مکو خشک سپاری بارے بڑ نگ پوست ہلیلہ زرد عدس مسلم برگ چمیلی پانی میں جوش دیکر صاف کرکے کلیاں کریں۔

مضمضہ برائے اکلہ دہن معمول گلنار فارسی گل سرخ عدس مقشر مازو سبز پوست انار پوست ہلیلہ زرد پوست ہلیلہ کابلی پوست بلیلہ گل لبستان افروز جفت بلوط سماق برگ گاؤزبان۔ نو چھٹانک پانی میں جوش دیں۔ جب تہائی حصہ پانی کا رہ جائے صاف کرکے مرجان بسد احمر پیکر چھڑک کر کلیاں کریں۔

مضمضہ برائے درد و جنبش دندان کوکنار گلنار صندل سرخ فوفل گزمازج جوز السرو برگ حنا مکو خشک کشنیز خشک پوست انار گلسرخ بزرالبنج عدس مسلم پانی میں جوش دیکر ملکر صاف کرکے

کلیاں کریں۔

مضمضہ برائے درد دنداں — پوست درخت سرس برگ چمبیلی ہر ایک ٹنگ کوکنار ۱ تولہ پانی میں جوش دیکر صاف کرکے ۱ تولہ کلیاں کریں۔

مضمضہ برائے بثور لثہ و دہن — کوکنار اسپغول مسلم گزمازج تخم خرفہ ۵ عدد ۹ ماشہ کشنیز خشک پانی میں جوش دیکر صاف کرکے کتہ سفید زہر مہرہ خطائی غبار کیوڑہ میں کرچھڑک کر کلیاں کریں۔

مضمضہ برائے درد دنداں حار مجرب — پوست خشخاش کشنیز خشک مازو سبز مکو خشک گلنار فارسی بزرالبنج حب الآس پانی میں جوش دیکر صاف کرکے کلیاں کریں۔ درد کی شدت کے وقت افیون ۱ ماشہ اور کافور اضافہ کردیں۔

مضمضہ برائے درد دنداں نزلی و استرخاء لثہ — کوکنار اسپند مکو خشک مجیٹھ ڈیڑھ سیر پانی میں اس قدر جوش دیں کہ آدھ سیر رہ جائے صاف کرکے مضمضہ کریں۔

مضمضہ برائے درد دنداں رطوبی نزلہ ریاحی وغیرہ — عاقرقرحا بزرالبنج کوکنار عدس مسلم پانی میں جوش دیکر صاف کرکے کلیاں کریں۔

مضمضہ برائے جمیع اقسام قلاع — برگ حنا ۲ تولہ پانی میں جوش دیکر صاف کرکے کلیاں کریں اور اگر کافور ۱ ماشہ طباشیر ۳ ماشہ

پیس کر اضافہ کر کے کلیاں کریں تو زیادہ نافع ہے۔

مضمضہ برائے درد دنداں مجرب معمول | پوست درخت سرس ۴ تولہ برگ چمبیلی ۲ تولہ بائے بڑنگ ۳ ماشہ۔ پانی میں جوش دیکر کلیاں کریں

دیگر | پوست درخت سرس ۲ تولہ پانی میں اس قدر جوش دیں کہ رنگین ہو جائے۔ پس صاف کر کے کلیاں کریں۔

مضمضہ برائے قلاع | پوست درخت کیکر ۲ تولہ۔ پانی میں جوش دیکر مضمضہ کریں۔

مضمضہ برائے ورم و خون و ریم لثہ | پھٹکری بریاں نیلا تھوتہ پانی میں جوش دیکر صاف کر کے کلیاں کریں

بعدہ سفوف پوست مغیلاں استعمال کریں اور ٹھنڈے پانی سے پرہیز کریں

مضمضہ برائے ورم لثہ و درد دنداں | پھٹکری بریاں عسل خالص شیر گائے میں جوش دیکر صاف کر کے مضمضہ کریں۔

مضمضہ برائے درد و استحکام دنداں | گلنار فارسی گزمازج اقاقیا جفت بلوط نوفل گل سرخ برگ ہندار

پوست انار جوز السرو دم الاخوین صندل سرخ سعد کوفی تین پاؤ پانی میں جوش دیں اور صاف کر کے کلیاں کریں۔ اور بعد کلیوں کے یہ منجن ملیں۔ کتہ سفید گزمازج سپاری سوختہ مردار سنگ کوٹ چھان کر منجن بنائیں۔

نسخہ بخور برائے اخراج کرم دندان بزرالبنج تخم گندنا تخم پیاز کوٹ چھان کر چربی بز میں ملا کر بقدر کنار دشتی گولیاں بنائیں۔ ایک گولی آگ پر رکھ کر دھواں اُس کا دانتوں پر پہونچائیں۔

دیگر تخم پیاز آگ پر ڈال کر دھواں اُس کا نے کے ذریعہ سے آہستہ آہستہ کھینچیں تمام کرم نکل جائیں گی۔

نسخہ برائے درد دنداں بارد جو درد کو فوراً دفع کرتا ہے۔ ادرک کے باریک ورق کر کے نمک پیکر اُس پر چھڑک کر گرم کر کے دانتوں پر رکھیں۔

امراض حلق

ولہات و حنجرہ و مری و قصبہ ریہ

حب برائے بحت الصوت جو سنگی آواز کو مفید ہے۔ مغز بادام تلخ تخم کتاں بریاں مغز چلغوزہ پیس کر پانی میں ملا کر گولیاں بنائیں اور وقت حاجت منہ میں رکھکر چوسیں۔

دیگر جو آواز کو صاف کرتی اور سینہ اور جگر کو نرم کرتی ہے اور دائمی کھانسی کیلئے مفید ہے۔ شکر سفید مغز بادام شیریں

تخم کتان بریان مغز حب صنوبر کبار کتیرا صمغ عربی اصل السوس مقشر رب السوس کوٹ چھان کر آب بادیان میں حل کر کے تھوڑا شہد اضافہ کر کے گولیاں بنا کر زیر زبان رکھیں۔

حب ہندی خنازیر و سلعہ و اقسام غدد گلو کو مفید ہے۔ حکیم شاہ محمد کا مجرب ہے۔ الائچی خرد سونٹھ مرچ سیاہ فلفلدراز ہرڑ بہیڑہ آملہ خشک کوٹ چھان کر رکھیں اور ہرڑ بہیڑہ آملہ تربد سفید خراشیدہ مغز املتاس جوکوب کر کے پانچ سیر پانی میں رات کو تر کر کے صبح جوش دیں۔ جب تیسرا حصہ پانی کا رہے ملکر آب غلیظ لیکر گوگل اسمیں حل کر کے پھر آگ پر رکھیں اور جوش دیں جب مثل معجون کے غلیظ ہو جائے ادویہ کہ اول کوٹ چھان کر رکھی ہیں حل کر کے گولیاں بنائیں۔ ہر روز ۷ ماشہ سے ۱۲ ماشہ تک استعمال کریں۔

حب برائے بحتہ الصوت معمول تخم کتان بریاں مغز چلغوزہ مغز بادام تلخ مقشر پیسکر گولیاں بنائیں۔

دیگر انیسون صمغ عربی رب السوس بادیان مغز بادام تخم کتاں بریاں مغز چلغوزہ نبات سفید۔ پیس چھان کر گولیاں بنائیں۔ اور منہ میں رکھیں۔

حب جید برائے بحتہ الصوت نخود مقشر بریاں باقلا بریاں مقشر مغز حب صنوبر مقشر کتیرا مویز منقی سب کو پیس کر جنگلی بیر برابر گولیاں بنائیں۔ تین صبح تین شام ہمراہ

آب بادیان دجوشاندہ سبوس گندم دشکر سفید در روغن بادام ۲ تولہ ۲ ۲ ۲
استعمال کریں۔

دوا برائے بحتہ الصوت برگ نورستہ بہی چبا کر کھائیں۔

دیگر کبابہ ۳ جو اکھار ۳ تولہ پیس کر عسل خالص میں ملا کر چٹائیں۔

دوا برائے خناق مجرب بیخ آدھا جھاڑا انزیا حسک فلفل سیاہ دونوں کو ۹ عدد پانی میں پیس کر صاف کر کے خناق والے کے
حلق میں ڈالیں فی الفور آرام ہوگا۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔

ذرور عظیم جو حلق اور گلو اور قضیب اور تمام اعضا کے زخموں میں مفید اور مجرب ہے۔ اور زخموں کا خون بند کرتا
اور گوشت تازہ پیدا کرتا ہے اور مادہ کے انصباب کو روکتا اور ورم کو دور کرتا ہے۔ موئے آدمی سوختہ شاخ گوزن سوختہ گل ارمنی کندر سفید ۲ ۲ ۲ سنگ
توتیا کرمانی شستہ بریاں کوٹ چھان کر استعمال کریں۔ اور اگر زخم حلق ۲
و منہ میں ہو تو صبر زرد اور مردار سنگ مگر آگ پر سرخ کر کے سرکہ میں
سرد کر کے مغسول کر کے داخل کریں۔ اور سوزاک کے زخم میں فتیلہ بنا کر احلیل ۲
میں رکھیں۔

ضماد برائے خناق معمول مطب حلبہ تخم کتاں تخم شبت بابونہ ۶ ۶ ۶ ۶
برگ کرنب تخم کرنب مرزنجوش کوٹ چھان کر ۶ ۶ ۶
روغن نرگس اور چربی بط میں ملا کر خوب مخلوط کر لیں اور خارج حلق پر ضماد کریں۔ ۲

دیگر مکو خشک گل خطمی آرد جو گل بنفشہ اکلیل الملک - کوٹ چھان کر آب کشنیز سبز میں حل کر کے ضماد کریں -

ضماد جو ورم سخت کو تحلیل کرتا اور نضج دیتا ہے - مرکی بابونہ شبت زعفران اکلیل الملک کوٹ چھان کر روغن نرگس میں ملا کر ضماد کریں -

ضماد برائے خنازیر یعنی کنٹھ مالا بیخ آدھا جھاڑا اگائے کے پیشاب میں پیس کر لیپ لگا کر بنگلہ پان رکھ کر باندھیں -

دیگر مرکی صبر زرد نانخواہ ایرسا فلفل سیاہ فلغلمونیہ تخم حلبہ چرائتہ اشق گوگل راتینج ہینگ قسط تلخ فرفیون بھروزہ تخم سہاجنہ کتیاں کوٹ چھان کر تھوڑا پانی ملا کر قرص بنائیں وقت حاجت تھوڑے پانی میں ملا کر لیپ کریں -

غرغرہ برائے استرخا لہات گلنار فارسی عدس مسلم اکلیل الملک گزماج پوست ہلیلہ زرد برگ توت سبز پانی میں جوش دیکر صاف کر کے غرغرہ کریں -

غرغرہ برائے اورام حلق وذبحہ وخناق حار شیرہ عدس مقشر آب مکو سبز آب کاسنی سبز آب کشنیز سبز میں نکال کر مغز فلوس خیار شنبر حل کر کے صاف کر کے غرغرہ کریں -

غرغرہ برائے خناق حار معمول پوست خشخاش سفید کشنیز خشک گل بابونہ مکو خشک گلنار فارسی گلسرخ خشک عدس سوختہ

پانی میں جوش دیکر صاف کر کے مغز فلوس خیار شنبر اور رسوت ملکر
صاف کر کے غرغرہ کریں۔

غرغرہ برائے خناق حار | جب کہ مرض میں کمی پیدا ہو۔ تخم کاسنی کشنیز خشک تکو خشک بابونہ پانی میں جوش دیکر صاف کر کے مغز فلوس ایک تولہ ملاکر نیم گرم غرغرہ کریں۔

غرغرہ برائے خناق و درد گلو شوائی | برگ حنا گلنار فارسی زرد چوب اقاقیا برگ مورد کشنیز خشک گزماز غذبہ پوست بیخ گوندی پوست بیخ چمبیلی گل سیوتی پانی میں جوش دیکر صاف کر کے نیمگرم غرغرہ کریں۔

غرغرہ برائے ورم صلیب حلق | پودینہ مرزنجوش صعتر فارسی تخم کتان تخم حلبہ انجیر زرد خشک سپستان عناب مویز منقی تین پاؤ پانی میں جوش دیں کہ نصف رہ جائے پھر مغز فلوس خیار شنبر ملکر صاف کر کے رب انار شیریں داخل کر کے غرغرہ کریں۔

غرغرہ برائے خناق و تسکین حرارت | مازو سبز سماق گلنار طباشیر نشاستہ بزرالورد زعفران تخم کرفس شکر طبرزد کوٹ چھانکر سکنجبین قدر حاجت میں حل کر کے آب کشنیز سبز اضافہ کر کے غرغرہ کریں۔

غرغرہ برائے بحۃ الصوت | پوست خشخاش عدس مسلم گل سرخ گلنار فارسی بزرالبنج پانی میں جوش دیکر صاف کر کے غرغرہ کریں۔

لعوق حلبہ | جو بحۃ الصوت کو مفید ہے۔ اور سینہ کو نرم کرتا ہے اور

بلغم کو باآسانی خارج کرتا ہے۔ تخم کتاں حلبہ مغز بادام مقشر کتیرا اصل السوس مقشر مغز چلغوزہ نشاستہ صمغ عربی کوٹ چھان کر عسل خالص میں ملا کر لعوق بنائیں۔ اور تھوڑا تھوڑا دن میں چند بار چٹائیں۔

مرہم برائے خنازیر مجرب گل سپاری سیندور نیلہ تھوتہ سبز مرداسنگ کمیلہ موم سفید روغن زرد۔ اول روغن گرم کرکے کانسی کے برتن میں ڈالیں۔ بعدہ جملہ ادویہ کوٹ چھان کر ملا کر چوب نیم سے بارہ پہر کامل گھونٹیں کہ مثل مرہم کے ہو جائے پھر کپڑے پر لیپ لگا کر خنازیر پر چپکا دیں۔

امراض شش وصدر وجنب

دوا برائے سرفہ اصل السوس مقشر پرسیاوشاں زوفا خشک سپستاں۔ پانی میں جوش دیکر صاف کرکے شکر سفید حل کرکے نیم گرم پلائیں۔

حب زعفران جو نزلی کھانسی کے لئے مفید ہے۔ افیون زعفران مغز تخم کدوے شیریں مغز تخم خیارین مغز بادام شیریں مقشر رب السوس صمغ عربی نشاستہ کتیرا کوٹ چھان کر لعاب اسپغول میں ملا کر چنے برابر گولیاں بنائیں۔ ایک گولی

سوتے وقت منہ میں رکھیں۔

دیگر زعفران پوست بیخ لفاح ریوند چینی مصطگی رومی بزر البنج سفید کہربا شمعی کتیرا نشاستہ صمغ عربی تخم کاہو مقشر گل گاؤزبان تخم خشخاش سفید افیون صاف مغز تخم خیارین رب السوس گل ارمنی کوٹ چھان کر عصارہ پوست خشخاش میں گوندھ کر گولیاں بقدر فلفل بنائیں۔ خوراک ایک گولی اگر پوست بیخ لفاح دستیاب نہ ہو تو مغز بادام شامل کریں۔

حب جدوار جو نزلات باردہ کے لئے مفید ہے اور مقوی اعضائے رئیسہ بھی ہے۔ جدوار خطائی درونج عقربی دارچینی قرنفل طباشیر مومیائی زعفران بسباسہ مصطگی عود ہندی افیون بزر البنج سفید مشک خالص جند بیدستر کوٹ چھان کر گلاب یا آب خالص میں گوندھ کر چنے برابر گولیاں بنائیں۔

حب ہندی بچوں کی کھانسی میں مفید ہے۔ زنجبیل کاکڑا سنگی انیس دانہ ہیل خرد کوٹ چھان کر پانی میں ملا کر گولیاں بنائیں۔

حب بچوں کی کھانسی میں جو کھانستے کھانستے قے کر دیتے ہوں مفید ہے۔ نیز جوان یا بڈھوں کی خشک کھانسی جو نزلہ کے سبب سے ہو اور رات میں بوجہ زیادتی کھانسی کے نیند نہ آتی ہو مفید ہے نشاستہ صمغ عربی رب السوس خشخاش سفید افیون پیس کر

لعاب بہدانہ میں ملاکر گولیاں بقدر نخود بنائیں۔ بچوں کو پاؤ گولی اور جوان کو ایک گولی کہلائیں۔

حب ہندی جو ضیق النفس اور اکثر قسم کی کہانسی خاص کر بچوں کی کالی کہانسی میں مفید ہے۔ جواکہار ۳ فلفل سیاہ دار فلفل انار دانہ ترش فند سیاہ۔ اودیہ پیسکر قند سیاہ میں ملاکر گولیاں بنائیں۔ ۱ تولہ ۲ تولہ ۴ تولہ

حب گل پستہ جو اکثر قسم کی کہانسی میں مفید ہے۔ گل پستہ پوست بلیلہ پیسکر شیرہ ادرک میں ملاکر مونگ برابر گولیاں بنائیں اور ایک گولی منہ میں رکہیں۔ ۱ تولہ ۱ تولہ

حب برائے سرفہ و بلغم صدید نشاستہ صمغ عربی مغز تخم خیارین رب السوس مویز منقی کتیرا قند سفید خشخاش سفید پیسکر پانی میں گوندہ کر گولیاں بقدر نخود بنائیں۔ ۴ ۴ ۴ ۱۰ ۱۰ ۱۲ ۱۲

حب سعال ایسی کہانسی میں جو شب کو بیقرار کرے مفید مجرب ہے۔ رب السوس فلفل سیاہ قردمانا ہینگ ۳۵ ۳۵ ۳۵ مغز بادام شیرین پیسکر ماء العسل میں ملاکر گولیاں بنائیں۔ ۱۲ ۳۵

حب برائے سرفہ بلغمی و ضیق النفس دار فلفل کو کپڑے میں باندہ کر خاکستر گرم میں ایک گہنٹہ رکہیں بعد اسکے دار فلفل کو ہاتہ سے ملکر مقشر کریں بعدہ عقرقرحا سہاگہ بریاں خولنجان فلفل سب کو کوٹ کر کہرل میں ڈال کر شیرہ گہیکوار میں ۱ تولہ ۱ تولہ ۱ تولہ ۲ تولہ

تین چار روز سحق بلیغ کریں کہ شیرہ مذکور خشک ہو جائے۔ جسقدر سحق وشیرہ ملانے میں مبالغہ کریں گے بہتر ہے پھر بمقدار نخود گولیاں بنا کر ایک یا دو حب استعمال کریں۔

حب برائے اکثر اقسام سعال و سل شکر تیغال نشاستہ کتیرا صمغ عربی تخم خشخاش رب السوس مغز بہدانہ مغز بادام شیریں مقشر شکر طبرزد پیسکر لعاب بہدانہ میں ملا کر گولیاں بنائیں ایک ایک گولی منہ میں رکھ کر چوسیں۔

حب جواہر کافوری جو مسلول و مدقوق کے لئے مناسب ہے اور تقویت و دفع حرارت کے لئے نافع ہے اور اسہال کو روکتی ہے۔ مروارید ناسفتہ یاقوت رمانی زمرد زہر مہرہ خطائی کہربا شمعی لعل بدخشی یشب سفید کافور ریشہ پوست بیخ انجبار صندل سفید گل ارمنی رب السوس صمغ عربی کتیرا نشاستہ گل نیلوفر سرطان محرق طباشیر سفید پوست خشخاش تخم خشخاش سفید گل گاؤزبان زعفران جواہر کو گلاب میں گھونٹ کر دیگر ادویہ کو خوب باریک پیسکر لعاب بہدانہ میں ملا کر گولیاں بنائیں۔ خوراک ۱ ماشہ سے ۲ ماشہ تک ہمراہ ادویہ مناسب استعمال کریں

حب برائے سل افیون کافور زعفران رب السوس تخم خطمی گل ارمنی مغز بہدانہ شیریں صمغ عربی کتیرا سرطان محرق نشاستہ گل نیلوفر گل بنفشہ تخم خشخاش مغز تخم کدو شیریں مغز تخم خیارین مغز تخم خربزہ صندل سفید ترنجبین گل گاؤزبان

پوست خشخاش ۔ ترنجبین کو پانی میں گھول کر دیگر دوائیں کوٹ چھانکر
ملاکر لعاب اسپغول میں گولیاں مثل نخود بنائیں ۔ پانچ گولی صبح اور تین
گولی شام ہمراہ آتش جو کے استعمال کریں ۔

حب برائے سل وسرفہ وتلیین صدر وتصفیہ آواز

مغز بادام شیریں مقشر بریاں
مغز بادام تلخ مقشر بریاں
تخم کتاں قند سفید شکر سفید مغز حب صنوبر مقشر افیون صمغ عربی
ایرسا رب السوس کوٹ چھان کر آب بادیان سبز میں گوندہ کر
گولیاں بنائیں

حب تمباکو

جو سرفہ و دمہ و ہیضہ واستسقاء و درد اعضاء
و درد شکم و درد جگر و نزلہ و جملہ امراض بارد
بلغمی وسوداوی کو نافع ہے ۔ اور سانپ کے زہر کا تریاق ہے ۔
تمباکو سورتی رات کو گلاب میں بھگو کر صبح خوب پیسیں بعدہ مرچ سیاہ
جوزبوا دانہ الائچی خورد وکلاں زعفران جوتری مشک عنبر شہب
علیحدہ علیحدہ پیس کر تمباکو کے ہمراہ دوبارہ پیسکر چنے برابر گولیاں
بنا کر ایک سے دو گولی تک پان کے بیڑہ میں رکھکر کھلائیں ۔

حب برائے سرفہ

جو سینہ کو اخلاط غلیظہ سے پاک کرتی ہے ۔ بادیان
رب السوس مغز چلغوزہ مغز بادام شیریں
فلفل سیاہ تخم کتاں کوٹ چھان کر لعاب بہدانہ میں گوندھ کر
چنے کے برابر گولیاں بنائیں دو گولی سے پانچ تک استعمال کریں ۔

حب میعہ

جو بلغمی کھانسی کے لئے معمول مطب ہے۔ افیون زعفران میعہ سائلہ مرمکی رب السوس کتیرا صمغ عربی کوٹ چھان کر پانی میں گوندھ کر بقدر نخود گولیاں بنائیں

حب برائے سرفہ نزلی حار

صمغ عربی کتیرا بزرالبنج سفید شکر تیغال رب السوس نشاستہ تخم خشخاش گل بنفشہ گل گاؤزبان مغز تخم کدو شیریں مغز تخم خیارین مغز بادام مغز تخم تربز تخم کاہو مقشر کوکنار پیس کر لعاب اسغول میں گوندھ کر چنے برابر گولیاں بنائیں۔ خوراک دو گولی۔

حب غاریقون

جو ضیق النفس کو مفید ہے اور سینہ سے بلغم کا تنقیہ کرتی ہے۔ غاریقون جسکو چھلنی سے نکالا ہو۔ شحم حنظل رب السوس کوٹ چھان کر عرق بادیان میں گوندھ کر گولیاں بنائیں۔ یہ کل ایک خوراک ہے۔ ہمراہ ماء العسل کے صبح کیوقت استعمال کریں۔ ہفتہ میں ایک مرتبہ یہ گولیاں استعمال کرنا مناسب ہے

حب غاریقون

جو امراض مذکورہ میں گرم مزاج والوں کے لئے مفید ہے۔ غاریقون موصوف سیر بنفشہ رب السوس کتیرا پیسکر روغن بادام سے چرب کرکے گولیاں بنا کر استعمال کریں۔ یہ سب ایک خوراک ہے۔

حب مبارک

یہ نسخہ معمول مطب و معتمد علیہ ہے۔ اکثر امراض میں مفید ہے۔ خاص کر ڈبہ اطفال کیلئے مجرب ہے

اگر شیر خوار بچہ کو عارض ہو تو آدھی یا پاؤ گولی ماں کے دودھ میں حل کرکے سوتے وقت دیں صبح کو خاکشی پانی میں دھو کر اسکی ماں کو دیں اور بقدر ایک ماشہ خاکشی بچہ کو دیں اگر ایک بار میں نفع ہو جائے تو بہتر ہے ورنہ دو تین بار دیں۔ اور رفع قبض و تحلیل مواد کے لئے ہفتہ میں ایکبار وقت خواب ایک گولی جوان کے لئے پانی کے ساتھ دیں اور اگر رفع سدہ و قبض کے لئے ضرورت ہو تو تین گولی سے دس گولی تک موافق قوت مریض کے دیں اور صبح کو کوئی مناسب دوا مرض کے مناسب پلائیں

صبر سقوطری ۳ تولہ کتیرا ۳ تولہ گل سرخ ۳ تولہ کندر ۴ تولہ حب النیل ۴ تولہ مقل ازرق ۲ تولہ پوست ہلیلہ کابلی ۲ تولہ ریوند چینی ۱۰ تولہ کوٹ چھان کر پانی میں گوندہ کر گولیاں بنائیں بقدر نخود

حب سیماب ہندی

جوڑیہ اطفال کو نافع ہے۔ سیماب ۱/۲ گندک ۱/۲ ترید موصوف ۲ جاگلوٹہ مدبر مغز تخم سید نجیر کھرل میں خوب گھونٹیں کہ مثل مرہم کے ہو جائے۔ پس ایک ماہ کے بچہ کو بقدر مونگ گولی بنا کر ماں کے دودھ میں یا پانی میں گھولکر دیں اور چھ ماہ کے بچہ کو بقدر فلفل گرد اور ڈیڑھ سالہ بچہ کو بقدر ڈیڑھ کالی مرچ کے دیں۔

حب برائے سرفہ تر و خشک

مجرب و معمول

افیون ۱ زعفران ۱ کتیرا ۲ صمغ عربی ۲ تخم دھتورہ ۱ رب السوس ۲ زنجبیل ۲ مغز تخم کدو شیریں ۲ مغز تخم تربزہ ۲ تخم خشخاش ۲ ریوند چینی ۲ کاکڑا سنگی ۲ بیعہ سائلہ ۲ پیس کر لعاب بہدانہ میں ملا کر گولیاں بنائیں۔

حب برائے ضیق النفس بلغمی صاحب کرامت الشفاء لکھتے ہیں کہ میری والدہ ماجدہ کو ضیق بلغمی ۲۰ سال سے تھا یہ گولی بہت مفید ہوئی۔ یہاں تک کہ بحالت پیری اکثر موسم سرما میں دودھ دہی تناول فرماتی تھیں۔ لیکن قطعاً نقصان نہیں پہونچتا تھا۔ عقر قرحا لوٹا سجی پیپل دراز نمک طعام نمک سیاہ نمک سفید کچلو کوٹ چھان کر شیرہ برگ بھوگ میں گوندھ کر گولیاں بقدر نخود کے تیار کریں اور رات کو کھانا کھانے کے بعد ایک گولی اور نہار منہ صبح کے وقت دو گولی کھائیں۔

حب ضیق النفس بلغمی صبر سقوطری افیون خالص مغز تخم بہل سہاگہ مرچ سیاہ توتیا سبز گاؤ کے پتہ میں سب کو کھرل کرکے مونگ برابر گولیاں بنائیں۔ خوراک ایک گولی

حب ضیق النفس مینڈک کلاں خشک کرکے باریک پیس کر قند سیاہ کھنڈ میں ملاکر گولیاں بقدر کنار دشتی بنائیں ایک گولی سوتے وقت کھائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ اول روز میں فائدہ بیّن ظاہر ہوگا۔

حب برائے ڈبہ اطفال توتیا سبز بریاں سہاگہ بریاں پانی یا شیر مادر میں گوندھ کر باجرہ کے برابر گولیاں بناکر دو تین گولی ماں کے دودھ میں حل کرکے پلائیں۔

حب برائے ڈبہ اطفال مغز ریٹھہ ۱ عدد نیلہ تھوتھہ خام ۱ سرخ باریک پیس کر

بقدر دانہ سرسوں کے گولیاں بنا کر رکھیں ایک گولی ماں کے دودھ میں گھول کر دیں۔

حب برائے ڈبہ اطفال مغز کرنجوہ ۲ عدد توتیا سبز ۱ تولہ تازہ پانی میں پیس کر سرسوں کے برابر گولیاں بنائیں

حب ہندی برائے سرفہ پوست ہلیلہ ۲ ر مغز تخم کونچ ۲ ر فلفل گرد ۲ ر صمغ عربی اصل السوس مقشر ۲ ر کاکڑا سنگی ہر یک ۲ ر

چنے برابر گولیاں بنا کر دو گولی منہ میں رکھ کر چوسیں۔

حب برائے سرفہ تر پوست انار ۴ تولہ مرچ سیاہ ۱ تولہ قند سیاہ کہنہ سالہ ۴ تولہ فلفلدراز ۱ تولہ ادویہ کو کوٹ کر قند سیاہ میں ملا کر

بمقدار کنار دشتی گولیاں بنائیں۔ ایک گولی منہ میں رکھ کر چوسیں۔

حب برائے سرفہ خشک پوست انار ۴ تولہ ناگرموتھ ۲ تولہ فلفل سیاہ ۱ تولہ قند سیاہ کہنہ ۴ تولہ ادویہ پیس کر قند سیاہ میں ملا کر جنگلی بیر برابر

گولیاں بنا کر ایک گولی منہ میں رکھ کر چوسیں۔

حب برائے سرفہ بلغمی فلفل سیاہ ۶ گوندنا گوری ۴ پوست ہلیلہ زرد ۴ کاکڑا سنگی ۴ مغز کرنجوہ ۴ اصل السوس مقشر ۴

کوٹ چھان کر پانی میں گوندھ کر گولیاں بنائیں۔

حب برائے کوکر کھانسی گندھک آملہ سار مصفی ۳ ر ست لوبان ۳ ر سہاگہ بریاں ۳ ر دانہ فلفلدراز ۳ ر جسکو بھوبھل گرم میں دبا کر نکالی گئی ہوں ہلیلہ معہ تخم سوختہ ۳ ر عناب مع تخم سوختہ ۳ ر افیون سوختہ ۳ ر خاکستر برگ تنبول ۳ ر

کاکڑاسنگی نمک سنگ رب السوس سب کو پیس کر جوار برابر گولیاں بنائیں۔ خوراک ایک گولی سے چار تک۔ موافق عمر کے پانی کے ساتھ صبح شام دیں۔

حب ضیق النفس مجرب

سم الفار بلاڈونا افیون شیرآکہ سب کو ملا کر خوب حل کر کے ۴۸ گولیاں بنائیں اور ایک روز میں تین گولیاں صبح۔ دوپہر۔ شام کو کھلائیں۔ بعض آدمیوں کو اس سے قے بھی ہو جاتی ہے مگر گھبرانے کی بات نہیں ہے اور برابر دو گھنٹہ میں کیسا ہی زور سے دمہ اٹھتا ہو انشاءاللہ تعالیٰ فوراً دور ہو جاتا ہے۔ اور بعض لوگوں کو تو ایک ہی دن میں آرام ہو جاتا ہے۔ اور مچھلی کا تیل چھوٹے چمچے سے تین چار چمچے تک دونوں وقت پلانا بھی مناسب ہے۔

حب برائے سرفہ

تخم دھتورہ فلفلدراز کوٹ کر چھان کر لعاب صمغ عربی میں ملا کر بقدر نخود گولیاں بنا کر ایک دو گولی روزانہ کھلائیں۔

حب برائے سرفہ بلغمی مجرب

بیخ ستیاناسی جسپر پھول آچکے ہوں اور ابھی پھل نہ لگے ہوں لیکر سایہ میں خشک کر کے کوٹ چھان کر وزن کریں اور اُسکے ہموزن فلفلدراز کوٹ کر چھان کر عرق لہسن میں ایک روز تک کھرل کر کے بقدر فلفل گرد حبوب بنا کر خشک کر لیں وقت حاجت ایک گولی منہ میں رکھکر چوسیں اور ایک ایک گولی گرم پانی کے ساتھ صبح و سوتے وقت نگلیں اس سے کہنہ و بلغمی کھانسی میں

۹۰ فیصدی کو فائدہ ہوتا ہے۔ اور بلغم غلیظ پانی ہو کر روزانہ خارج ہوتا رہتا ہے

حب برائے سرفہ ونزلہ مجرب
میوہ سیاہ ملہ ۱ تولہ مرکی ۱ تولہ فلفل سیاہ ۱ تولہ رب السوس ۱ تولہ افیون ۱ تولہ پیس کر پانی میں گوندھ کر حبوب بقدر نخود بنائیں۔

حب برائے سعال بلغمی وضیق النفس
عنفر قرحا رب السوس ۳ شیر آگہ میں خوب سکر گولیاں چنے برابر بنائیں اور ایک ایک گولی منہ میں رکھ کر چوسیں۔

حریرہ برائے سرفہ
جو بلغم کو پکاتا ہے اور سرفہ خشک کو نافع ہے۔ سبوس گندم ۳ تولہ دو پہر پانی میں بھگو دیں اور صاف کر کے آرد باقلا ۵ تولہ شکر سفید ۲ تولہ نشاستہ ۲ تولہ قند سفید ۲ تولہ کتیرا مسحوق ۲ تولہ ملا کر دیگچی میں ڈال کر جوش دیں کہ مثل حریرہ کے ہو جائے۔

خمیرہ ابریشم
جو خفقان دریو وضیق النفس و سرفہ وغیرہ کو نافع ہے۔ کو یہ ابریشم ۲ تولہ برگ بادرنجبویہ ۱ تولہ برگ گاوزباں گل گاوزباں پرسیاوشاں برگ فرنجمشک۔ ۱ تولہ رات کو گرم پانی میں بھگو کر صبح جوش دیکر صاف کر کے قند سفید ۱ تولہ عسل ڈال کر قوام کریں بعدہ عود غرقی ۴ ماشہ رب السوس ۴ ماشہ شکر تیغال زرد ۴ ماشہ بہمن سفید دارچینی زرنباد مصطگی مرکی بیخ سوسن ۳ ماشہ اسگندھ ۴ ماشہ زعفران ۳ ماشہ بدستور متقدم مرتب کریں۔

خوراک ۴۰ رتی سے ۲ تک ۔

خمیرہ بالسنہ جو پرانی کھانسی و نزلہ و ضیق النفس بارد و رطوبی کے لئے اطبائے ہند کے مجربات سے ہے

برگ اڑوسہ سفید پھول کا لیکر دو سیر پانی میں اسقدر جوش دیں کہ نصف رہ جائے پس صاف کر کے نبات سفید عسل خالص داخل کر کے قوام تیار کریں بعدہ اڑوسہ کے سفید پھول سایہ میں خشک کر کے باریک پیسکر قوام مذکور میں ملادیں خوراک ۴۰ رتی ۹ ماشہ انتہا ایک تولہ تک ۔

دوا برائے سرفہ و ضیق النفس معروف بہ کالی دوا دمہ معمول مطب گندم صاف مٹی کے کورہ آبخورہ میں رکھکر آگ میں جلائیں کہ کوئلہ ہو جائے بعدہ زرد چوب کے ہمراہ باریک پیسکر رکھیں ۔ اول روز پانچ ماشہ ہمراہ آب گرم یا سرد موافق مزاج کے استعمال کریں اور ہر روز دو دو رتی اضافہ کریں ۱۵ روز تک ۔

دوا ۔ برائے دمہ گھگوار نمک شنور اجوائن دیسی فلفل دراز گھگوار کے ٹکڑہ ٹکڑہ کر کے ایک بڑی کوری ہانڈی میں ڈال کر اُس کے اوپر نمک شنور اور اجوائن و فلفل ڈالیں اور منہ ہانڈی کا ماش کے آٹے سے بند کر کے پانچ گھنٹہ تک آگ دیں تاکہ سب جلکر خاکستر ہو جائے ۔ پھر پیسکر رکھ لیں ایک ماشہ نہار منہ کھلائیں اور نمک و شیرینی سے پرہیز کریں اور روغن جسقدر چاہیں کھائیں ۔

دواء الشنجرف جو ربو اور جملہ امراض بلغمی کے لئے مفید ہے شنگرف ۱ تولہ دار فلفل ۲ تولہ دونوں کو تین روز خوب گھوٹ کر گائے کے دودھ میں خمیر کرکے قرص بنائیں بعدہ روغن گاؤ میں بقدر بریاں کریں کہ سیاہ ہو جائے پھر قرص کو الٹ کر پکائیں کہ دوسری جانب بھی سیاہ ہو جائے۔ پھر قرص کو نکال کر باریک پیسکر رکھیں اور ایک سرخ پان میں رکھکر کھائیں اور اشیا مولد بلغم سے پرہیز کریں۔

دوا برائے ضیق النفس معمول برگ اڑوسہ پوست ہلیلہ اصل السوس مقشر فلفل سیاہ فلفل دراز نمک لاہوری باریک پیس کر چنے برابر منہ میں رکھکر عرق اس کا چوسیں۔

دوا برائے سرفہ معمول حکیم محمد سلیم خاں صاحب۔ رب السوس سہاگہ حب الآس کاکڑا سنگی مساوی مٹی کے آبخورہ میں رکھ کر منہ اس کا بند کرکے رات کو تنور گرم میں رکھیں اور صبح نکال کر پیسکر رکھ لیں اور تھوڑی سی دوا پان میں رکھکر کھائیں۔

دواء ہندی جو کھانسی کے لئے معمول و مجرب ہے۔ فلفل سیاہ نانخواہ دار فلفل نمک لاہوری نمک سیاہ سہاگہ برگ اڑوسہ سب کو چلم میں رکھ کر منہ اس کا بند کرکے آگ میں رکھیں کہ جل جائے۔ بعدہ نکال کر پیسکر رکھیں ہر روز چار رتی پان میں رکھکر کھائیں۔ اور بعضے لکھتے ہیں

کر پیسنے کے بعد سب کے برابر صمغ عربی باریک پیسکر ملائیں اور ایکماشہ
کھائیں۔

دوا برائے سرفہ اطفال کاکڑا سنگی زنجبیل انیس دانہ الائچی سفید اصل السوس مقشر کوٹ چھان کر عسل خالص سہ چند میں ملاکر تھوڑا تھوڑا چٹائیں۔

دوا برائے جملہ اقسام سرفہ پوست انار خشک زردچوب شورہ قلمی پیس کر رکھیں خوردسال بچہ کو ایک چانول اور جوان کو سہ چانول پان میں رکھہ کر یا پان کے عرق میں حل کرکے پلائیں۔

دوا- برائے ضیق النفس جدید وقدیم ماہی روہو تمباکو خشک نمک سانبھر کوٹ چھان کر ٹکیہ بناکر ٹھیکری میں رکھہ کر کنڈوں کی آگ میں جلائیں۔ جب مثل خاک کے ہوجاے نکال کر خشک پیکر رکھیں تین ماشہ ہر روز کھائیں۔

دوا برائے دمہ وسرفہ بلغمی مجرب پارہ گجراتی گودنتی شاخ گوزن شاخ مرجان عقیق یمنی صدف مروارید سب کو پیسکر لعاب گھگوارمیں ملاکر گلحکمت کرکے جنگلی کنڈہ کی آگ دیں۔ بعدہ شیر آکھہ میں پیس کر آگ دیں پھر آب برگ اڑوسہ سبز میں پیس کر آگ دیں۔ خوراک ایک رتی۔ تھوڑے شہد میں ملاکر چٹائیں۔

دوا برائے ضیق النفس جو ایک شخص کی مجرب ہے۔ گندک آملہ سار

چونہ قلعی آب گھکوار میں تین روز کھرل کرکے ظرف گلی میں گلحکمت کرکے آملی کی چھال میں رکھکر جلائیں اور نصف رتی بنگلہ پان میں رکھکر کھلائیں۔

دیاقوذہ

جو خشک کھانسی اور گرم نزلہ میں مفید ہے۔ کوکنار بیخ تخم تخم خطمی تخم خبازی بہیدانہ اصل السوس مقشر اسپغول شب کو گرم پانی میں بھگوکر صبح جوشش دیں کہ نصف رہ جائے صاف کرکے نبات سفید عسل خالص حل کرکے قوام بنا کر کتیرا صمغ عربی رب السوس شکر تبغال پیس کر ملادیں۔

دوا برائے دمہ

مجرب حکیم عطاحسین صاحب۔ سرطان گل آگ پھٹکری کلیہ گلی میں رکھکر گلحکمت کرکے جنگلی کنڈوں میں آنچ دیں۔ وقت حاجت ایک ماشہ پان میں رکھکر کھلائیں

دوا برائے دمہ

از مجربات مولوی محمد علی کریم صاحب عظیم آبادی دپھلواری۔ خاکستر گل نار جو خشک ہوکر درخت سے گر گئے ہوں یا درخت پر خشک ہو گئے ہوں اور اگر پھول میسر نہ آئیں تو اُسکے پھل لیکر خاک کرلیں اور نمک لاہوری اور آنبہ ہلدی کے ہمراہ پیسکر رکھہ لیں ایک رتی سے ۴ رتی تک دن میں تین بار صبح دوپہر شام استعمال کریں۔

دوا برائے سرفہ بلغمی و مصلح معدہ

نمک سانبھر مغز گھیکوار دیگ گلی میں تہ بہ تہ رکھکر سرپوش سے سر چھپاکر گلحکمت کرکے ۲۵ ثار جنگلی کنڈوں میں آگ دیں اور سرد ہونیکے بعد نکال کر ۴ رتی سے ایک ماشہ تک کھلائیں۔

دوا نافع سرفہ بلغمی اطفال

پوست املتاس اصل السوس مقشر نمک شور کوٹ کر کوزہ گلی میں رکھکر گل حکمت کرکے آگ دیں چار رتی سے ایک ماشہ تک استعمال کریں۔

دیگر

کاکڑا سنگی پیسکر شہد میں ملاکر تھوڑا تھوڑا چاٹیں

دوا برائے مسلول

نرم نرم ارنڈ کے پتوں کو کوٹ کر لگدہ بنائیں اور اُس کے وسط میں ہرتال گودنتی کی سالم ڈلی رکھکر ہلکی کپڑوٹی دو تین تہ کی اسپر لگاکر اگر موسم گرما ہو تو سایہ میں اگر سرما ہو تو دھوپ میں خشک کرکے رات کو دس سیر پختہ یا چکدشتی کی ہوا سے بچاکر گڑھے میں آنچ دیں علی الصباح نکال کر پیس لیں اور سفید پھٹکری کو بھون کر کھیل کر لیں دو ماشہ گودنتی ایک ماشہ کھیل مذکور دونوں کو ملاکر بقدر ایک رتی یا دو رتی اور قوی ہیکل سالم مزاج آدمی کو تین رتی علی الصباح بغیر کسی بدرقہ کے کھلائیں۔ اور غذا مرغن دیں پہلے تھوڑی مقدار میں پھر حسب برداشت مزاج روغن بڑھاتے جائیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ

نفع کلی حاصل ہوگا -

دوا برائے کالی کھانسی

خاکسٹی زعفران تین پاؤ پانی میں اس قدر جوش دیں کہ ایک پاؤ پانی باقی رہے صاف کرکے روغن بادام شیریں حل کرکے رب السوس پیسکر چھڑک کر شیشہ میں رکھیں - اگر مریض بچہ ہو تو تین روز تھوڑا تھوڑا پلائیں - اور مریض جوان کو بھی یہ دوا بہت مفید ہے -

دوا برائے اسرفہ مجرب

سہاگہ بریاں سجی نمک سیاہ خوب باریک پیس کر ایک ایک چٹکی کھلائیں -

سفوف - برائے ضیق النفس مفید و مجرب

درخت مدار مع جڑ و پتی و شاخ کے لیکر ہمراہ گندم سفید تین چار سیر پانی میں پکائیں کہ گیہوں پک جائیں اور شکستہ نہ ہونے پائیں پھر نکال کر سایہ میں خشک کرکے بھون کر پیس لیں اور گیہوں کے برابر شکر سفید ملا کر رکھیں خوراک دو تولہ -

سفوف برائے اسرفہ

تخم خطمی گل ارمنی صمغ عربی طباشیر رب السوس بہیدانہ تخم خبازی نشاستہ مغز بادام شیریں تخم خشخاش آرد باقلا کوٹ چھان کر سفوف بنائیں اور تھوڑا منہ میں رکھ کر چوسیں -

سفوف برائے ضیق النفس بلغمی

برگ اکھ زرد جو درخت سے گر گئے ہوں لیکر چونہ نمک ۴ تولہ ۴ تو

دونوں کو پانی میں پیس کر پتوں پر طلا کریں اور خشک کر کے مٹی کی ہانڈی میں رکھ کر جنگلی کنڈوں کی آگ میں ایک پہر تک رکھیں کہ سوختہ ہو جائے سفوف کر کے بقدر مناسب استعمال کریں۔

سفوف سرطان

جو مسلول کے لئے نہایت نافع ہے زعفران سرطان نہری سوختہ

صندل سفید کہربا شمعی طباشیر مغز تخم خیارین مغز تخم کدو شیریں گل ارمنی عصارہ باربرتنگ گل مختوم گل سرخ تخم خبازی تخم خرفہ طین قبرسی صمغ عربی خشخاش سفید خشخاش سیاہ تخم کاہو تخم خطمی کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔ خوراک

سفوف سرطان

سل کے لئے بہت مفید ہے اور کھانسی و تقویت قلب و تفریح و تسکین سعال و تپ و تقویت بدن و ترطیب میں نافع و مجرب ہے۔

سرطان نہری مدبر صمغ عربی گل قبرسی خشخاش سفید خشخاش سیاہ کتیرا باریک پیس کر سفوف بنائیں۔ تقویت قلب کے لئے سات ماشہ ہمراہ عرق گاؤزبان نبات سفید اور تسکین بخار و کھانسی کے لئے ہمراہ آشجو و شربت خشخاش کھلائیں اور کبھی تقویت بدن و ترطیب کے لئے گدھی کے دودھ کے ہمراہ دیتے ہیں۔

سفوف برائے سل و اسہال

اسپغول تخم کنوچہ تخم ریحان ۳۵ ۳۵ ۳۵ تخم خرفہ حب الآس سویق نبق ۳۵ ۲۱

یعنی بیر کا ستو مولسری صمغ عربی کتیرا نشاستہ تخم خشخاش ۲۱ ۲۱ ۱۴
گل ارمنی سرطان محرق شاہ بلوط ۱۴ ۱۴ ۔ سوائے اسپغول و تخم
کنوچہ و تخم ریحان و تخم خشخاش کے جملہ اجزا کو کوٹ چھان کر ۱۵ عدد
سفوف بنائیں ۔ خوراک سات ماشہ ہمراہ بدرقہ مناسب ۔

سفوف برائے نفث الدم

سنگجراحت مروارید سودہ ۲ پوست خشخاش دم الاخوین ۳ ۳
کہربا شمعی ریشہ انجبار خرفہ مقشر نشاستہ کوٹ چھان کر ۹
سفوف بنائیں ۔ خوراک ساڑھے تین ماشہ سے سات ماشہ تک ۹

سفوف برائے نفث الدم

افیون طباشیر گل ارمنی گلسرخ گل مختوم تخم خرفہ شادنج عدسی ۱۷ ۱۷
بسد احمر کہربا شمعی مروارید ناسفتہ خشخاش سفید ۱۷ ۱۰
رب السوس اقاقیا عصارہ لحیۃ التیس اسپغول ۔ سوائے
اسپغول کے سب کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں ۔ خوراک ۲ ماشہ
ہمراہ آب باران یا آب برگ خرفہ سبز ۔ اگر حرارت قوی نہ ہو تو
کندر بھی اس نسخہ میں اضافہ کریں ۔

سفوف معمول و مجرب

جو نفث الدم کے لئے بہت مفید ہے
کافور زہر مہرہ ریشہ انجبار ۱ ۲ ۳

دم الاخوین صمغ عربی کہربا شمعی اقاقیا مروارید ناسفتہ بسد احمر صندل سفید صندل سرخ سرطان محرق تخم کاہو مقشر نشاستہ تخم خشخاش گل نیلوفر گل داغستانی کتیرا رب السوس گل ارمنی تخم خرفہ مقشر کوٹ چھان کر سفوف بنائیں اور چھ ماشہ سے ایک تولہ تک ہمراہ شربت موافق مزاج استعمال کریں۔

شربت اعجاز

سرفہ خشک وتر وتپ دق کے لئے معمول مطب ہے۔ عناب سپستان اصل السوس مقشر تخم خطمی تخم خبازی گل نیلوفر بہدانہ گل بنفشہ گل سفید برگ اڑوسہ سفید شب کو گرم پانی میں بھگو کر صبح جوش دیکر مل کر صاف کرکے نبات سفید حل کرکے قوام کریں۔ بعدہ صمغ عربی کتیرا رب السوس شکر تیغال ست گلو پیس کر چھڑک دیں خوراک ایک تولہ سے دو تولہ تک۔

دیگر

قلیل الاجزا مثل منافع شربت اعجاز اول کے ہے۔ عناب سپستان اصل السوس مقشر تخم خطمی تخم خبازی گل بنفشہ گل نیلوفر بہدانہ برگ اڑوسہ سفید شب کو آب گرم میں بھگو کر صبح جوش دیکر مل کر صاف کرکے نبات سفید ڈال کر قوام تیار کرکے صمغ عربی کتیرا پیسکر ملا دیں۔

شربت زوفا معتدل

جو کھانسی اور ضیق النفس کیلئے مفید ہے بہدانہ تخم حلبہ گل نیلوفر

گل بنفشہ ۱ تولہ پوست خشخاش ۱۰ تولہ تخم کتاں ۱۰ تولہ تخم خطمی ۲۰ تولہ پرسیاؤشاں

زوفا خشک ۲۰ تولہ تخم خشخاش ۵ تولہ انجیر زرد ۱۲ عدد مویز منقی ۵ دانہ عناب ۵۰ دانہ سپستاں ۵۰ دانہ

رات کو گرم پانی میں بھگو کر صبح مل کر صاف کر کے نبات سفید ۱ سیر

عسل خالص ۱ سیر ڈال کر شربت تیار کریں۔

شربت برائے سرفہ وضیق النفس جدید و کہنہ

جو بلغم کو بآسانی سینہ سے نکالتا ہے

انجیر زرد ۱۵ دانہ مویز منقی ۲۵ دانہ سپستان ۲۵ دانہ

گل بنفشہ ۱ تولہ تخم خطمی ۱ تولہ

تخم خبازی ۱ تولہ برگ اڑوسہ ۱ تولہ پرسیاؤشان ۲ تولہ زوفا خشک ۱ تولہ اصل السوس مقشر ۱۰ تولہ

رات کو گرم پانی میں بھگو کر صبح جوش دیکر صاف کر کے تخم کتاں ۲ تولہ

تخم کنوچہ ۱ تولہ بہیدانہ ۱ تولہ علیحدہ پانی میں جوشدہ کر مل کر صاف کر کے

لعاب نکالکر باہم ملائیں پھر اُس میں نبات سفید ۱ سیر ڈال کر قوام تیار کریں۔

خوراک ایک تولہ سے دو تولہ تک آب گرم یا مناسب عرقیات کے

ہمراہ استعمال کریں۔

شربت گولر

دافع نزلہ حار و سرفہ وضیق النفس۔

گولر خام چار ٹکڑہ کئے ہوئے ۱ سیر سپستان ۱ سیر

تخم پالک ۱ سیر اصل السوس مقشر نیم کوفتہ ۱ سیر عناب ولایتی ۱ سیر۔

سب کو نیم کوب کر کے تمام رات پانی میں بھگو کر صبح جوش دیکر

مل کر صاف کر کے شکر سفید ۱ سیر حل کر کے قوام تیار کریں روزانہ بلاناغہ

۲ تولہ پانی میں ملا کر صبح کے وقت استعمال کریں اور ترشی اور

اور روغن تلخ اور دردہ ہی سے پرہیز کریں۔

شربت عنصل

جو ضیق النفس کے لئے پیر علی بخش کے مجربات سے ہے اور کبھی خطا نہیں کرتا۔ گرہ عنصل کلاں

اسپغول ۲ تولہ، مویز منقی ۱ دانہ، انجیر زرد ولایتی ۷ تولہ، شہد خالص اول ۸ تولہ، پوست بالائے عنصل کا دور کرکے مانند پیاز کے باریک تراش کر باقی دوائیں کوٹ کر باہم ملا کر تمام رات پانی میں تر رکھیں صبح کو جوش دیں جب خوب جوش کھا جائے ہاتھ سے ملکر کپڑے میں چھان لیں اور شہد ملا کر پھر نرم آنچ پر رکھیں کہ مثل شربت کے قوام ہو جائے۔ صبح کو ایک تولہ معمولی جوشاندہ میں حل کرکے پلائیں۔ اگر قے ہو جائے تو کوئی خوف نہ کریں۔

شربت فریاد رس

جو کھانسی اور نزلہ کے لئے مفید و مجرب ہے۔ برگ گاؤزبان صندل سفید پرسیاوشاں عود صلیب خشخاش سفید اصل السوس مقشر بادیان ۲ تولہ، تخم خطمی ۲ تولہ، گل سرخ ۲ تولہ، مویز منقی ۲ تولہ، پوست خشخاش ۱ تولہ، قند سفید ۱ تولہ۔ شب دوا اول کو جوش دیکر مل چھان کر قند سفید حل کرکے مثل شربت کے قوام تیار کریں۔ خوراک ایکتولہ سے دو تولہ تک۔

شربت پستاں

جو نزلی کھانسی اور درد سینہ و حلق و حنجرہ ذات الجنب و ذات الصدر و ذات الریہ وحمیات صفراوی میں نہایت مفید ہے۔

سپستاں کلاں تین پاؤ پانی میں جوش دیں کہ ایک پاؤ رہجائے ملکر صاف کرکے قند سفید ۱ سیر حل کرکے قوام تیار کریں خوراک ۲ تولے سے ۴ تولہ تک۔

شربت عناب جو کھانسی و درد سینہ بخار دموی ماشرا و آبلہ و حصبہ و چیچک و دیگر امراض غلبہ خون میں مفید ہے۔ عناب ولایتی ۱ سیر ایک سیر ڈیڑھ پاؤ پانی میں بقدر جوش دیں کہ تیسرا حصہ پانی باقی رہ جائے۔ پھر مل کر چھان کر قند سفید حل کرکے مثل شربت کے قوام تیار کریں۔ خوراک ۲ تولہ

شربت شفا جو ذات الجنب کو نافع ہے۔ عناب سپستاں ۲ تولہ گل نیلوفر ۲ تولہ پانی میں جوش دیں کہ تیسرا حصہ رہ جائے مل کر صاف کرکے ترنجبین ۲ تولہ شکر سفید ۱ سیر داخل کرکے قوام تیار کریں۔ خوراک ۲ تولہ سے ۳ تولہ تک۔

شربت زوفا جو کھانسی وضیق النفس کے لئے مفید ہے۔ زوفا خشک ۱ سیر صاف کرکے خوب گرم پانی میں ایک رات دن تر کرکے جوش دیں اور مل کر صاف کرکے قند سفید ۱ سیر عسل خالص ۱ سیر حل کرکے قوام تیار کریں

شربت زوفا معتدل جو بلغم کو باسانی خارج کرتا اور کھانسی اور ضیق النفس کیلئے معمول مطب ہے۔ گل نیلوفر ۱ تولہ تخم حلبہ ۲ تولہ گل بنفشہ ۳ تولہ پوست خشخاش ۴ تولہ تخم کتان ۳ تولہ تخم خطمی ۳ تولہ پرسیاوشان ۵ تولہ زوفا خشک ۵ تولہ تخم خشخاش ۱۰ تولہ انجیر زرد ۳۵ دانہ عناب ۱۰۰ دانہ بیدانہ ۱ تولہ

مویز منقیٰ ۱۰ دانہ سپستاں ۱۰۰ دانہ عسل سفید ۳۲ تولہ قند سفید ۱ کلو بدستور مقرر شربت تیار کریں۔

ضماد برائے ذات الجنب آردجو اکلیل الملک پوست خشخاش کوٹ کر پانی میں حل کرکے نیم گرم ضماد کریں۔

ضماد برائے درد سینہ و درد مفاصل حلبہ السی تخم خطمی بابونہ اکلیل الملک آردجو پانی میں پیس کر روغن بابونہ ۱ تولہ ملا کر نیم گرم لیپ لگائیں۔

ضماد برائے ذات الجنب جو ذات الجنب کو مفید اور معمول مطب ہے۔ آردجو اکلیل الملک بنفشہ تخم خطمی کوکنار پیس کر موم زرد کو روغن گل میں پگھلا کر آب مکو سبز اضافہ کرکے ادویہ مندرجہ بالا ملا کر کپڑے پر لیپ کرکے درد کے مقام پر نیم گرم چپکائیں۔

ضماد برائے ذات الصدر موم کو روغن گل میں پگھلا کر آب مکو سبز میں ملا کر گل بابونہ اکلیل الملک گل خطمی مکو خشک بنفشہ تخم کتاں کوکنار پیس کر ملا کر کپڑے پر لیپ کرکے درد کی جگہ پر چپکائیں۔

ضماد برائے درد سینہ میدہ لکڑی گوگل تخم خطمی زعفران آب مکو سبز میں پیس کر روغن گل زردۂ تخم مرغ ۳ تولہ یک عدد

ملا کر لیپ کریں۔

قرص آس جو کھانسی و اسہال کے لئے مفید ہے۔ حب الآس
خشخاش سفید پرسیاوشاں صمغ عربی حب مورد
نشاستہ کوٹ چھان کر لعاب اسپغول میں حل کر کے قرص تیار
کریں۔ خوراک نو ماشہ ہمراہ شربت حب الآس۔

قرص خشخاش جو کھانسی اور سل کے لئے مفید ہے۔ صمغ عربی
کتیرا نشاستہ گل ارمنی تخم خطمی رب السوس
تخم کاہو طباشیر مغز پنبہ دانہ تخم خشخاش کوٹ چھان کر لعاب اسپغول
میں ملا کر قرص بنائیں۔

قرص سرطان جو سل ودق کو نافع ہے۔ سرطان محرق
گل قبرسی خشخاش سفید خشخاش سیاہ
صمغ عربی مغز تخم خیارین تخم خرفہ کتیرا رب السوس
مغز بہدانہ سریشم ماہی افیون کافور قیصوری مصطگی رومی
طباشیر زعفران سنگجراحت کوٹ چھان کر آب خالص میں
ملا کر قرص بنائیں۔

قرص سرطان جو امراض متذکرہ میں مفید ہے۔ زعفران
رب السوس خشخاش سفید خشخاش سیاہ
کتیرا طباشیر شادنج عدسی مغسول گل ارمنی گل مختوم گل رومی
نشاستہ گل سرخ سرطان محرق کوٹ چھان کر آب بارتنگ میں

ملاکر قرص بنائیں۔ خوراک ۲ ماشہ ہمراہ شربت انار۔ اور بعض اطبا عوض شادنج کے ریشہ انجبار ملاتے ہیں۔

قرص شادنج

معمول مطب سل اور دق و سرفہ حار و پھٹہ دموی و اسہال مراری و ذربانی و سیلان خون اعضاء باطنی کے لئے نافع ہے۔ بزرالبنج ۴ر افیون ۴ر زعفران ۴ر کشنیز خشک ۵ر خشخاش سفید ۵ر نشاستہ ۵ر گل سرخ ۴ر طین رومی ۵ر طین شیرازی ۵ر سرطان سوختہ ۶ر کتیرا ۱۳ر رب السوس ۱۳ر صمغ عربی ۱۳ر شادنج عدسی مغسول ۵ر شاخ گاؤکوہی سوختہ ۱۳ر انجبار ۱۳ر کوٹ چھانکر لعاب اسپغول ۱۳ر میں گوندھ کر اقراص بنائیں خوراک ۴ ماشہ۔

قرص کہربا

نفث الدم کو مفید ہے اور جریان خون ہر عضو کے لئے سودمند ہے۔ کشنیز خشک بریان ۱۷ر تخم خشخاش سیاہ ۲۱ر تخم خشخاش سفید ۲۱ر کہربا شمعی ۱۷ر بسد احمر ۱۷ر مروارید ناسفتہ ۱۷ر تخم خرفہ مقشر ۱۷ر شاخ گوزن سوختہ ۱۰ر پوست بیضہ مرغ سوختہ ۱۰ر صمغ عربی ۱۰ر کتیرا ۱۰ر خرمہرہ محرق ۱۰ر بزرالبنج سفید ۷ر کوٹ چھان کر آب بارتنگ میں ملاکر اقراص بنائیں۔

قرص گلنار

منہ سے خون آنے کو مفید ہے۔ گلنار فارسی ۳۵ر کہربا شمعی ۳۵ر بسد احمر محرق ۳۵ر کشنیز خشک ۳۵ر طباشیر ۳۵ر گل سرخ ۲۵ر سماق ۳۵ر حب الآس ۳۵ر نشاستہ ۳۵ر شاخ گوزن سوختہ مغسول ۳۵ر۔ اقاقیا ۲۴ر شب یمانی ۱۰ر افیون ۳ر کوٹ چھانکر آب خالص میں ملاکر

اقراص بنائیں۔

قرص کافوری

سل ودق کے لئے مفید ہے۔ سرطان سوختہ شاخ مرجان سوختہ عقیق سوختہ صدف مروارید سوختہ کہربا شمعی طباشیر گل ارمنی گل مختوم تخم خشخاش سفید تخم خشخاش سیاہ مغز تخم خیارین مغز تخم خربزہ مغز تخم کدو شیریں مغز تخم تربز مغز پیٹھ رب السوس صمغ عربی کتیرا افیون زعفران کافور بھیمسینی ابریشم ماہی عرق گاؤزبان میں حل کرکے دوائیں اس میں ملاکر اقراص بنائیں۔ خوراک ۵ ر

قرص سرطان معمول

جو سلول کے لئے مفید ہے۔ طباشیر کتیرا صمغ عربی نشاستہ تخم خشخاش تخم خبازی مغز بہدانہ مغز بادام مقشر گاؤزبان کہربا شمعی گل سرخ گل مختوم گل ارمنی تخم کاہو مقشر اصل السوس مقشر تخم خطمی تخم خیارین رب السوس سرطان سوختہ کوٹ چھان کر لعاب اسپغول میں گوندھ کر اقراص بنائیں۔ لعاب اسپغول کا آب انار شیریں میں نکالیں۔ خوراک ۴ ر

قیروطی مجرب

ہر قسم کے درد کو دفع کرتی ہے مثل ذات الصدر وذات الجنب ووجع الورک وعرق النساء ووجع مفاصل وغیرہ کو فوراً دفع کرتی ہے۔ گل بنفشہ کشمیری پرسیاوشاں گل سرخ برگ حنا خشک تخم کنوچہ تخم خطمی

تخم خبازی تخم کتاں میتھی موم سفید چربی گردہ بز چربی شیر روغن کنجد
سب دواؤں کو کوٹ کر رات کو ڈیڑھ پاؤ گرم پانی میں بھگو کر صبح دبیز
کپڑے میں لعاب نکال کر ثفل ادویہ کو جوش دیکر لعاب نکال کر موم و چربی کو
روغن کنجد میں پگھلا کر لعاب ادویہ اس میں ملا کر آگ پر پکائیں کہ تمام پانی
جذب ہو جائے اور پکاتے وقت برتن کا منہ بند کرنا چاہئے بعدہ چینی
کے برتن میں رکھ چھوڑیں وقت ضرورت گرم کرکے ایک روز میں تین بار
مالش کریں۔

قرص برائے نفث الدم

دم الاخوین صمغ عربی کتیرا تخم خشخاش
گل ارمنی طباشیر کہربا شمعی اقاقیا گلنار
پیسکر آب برگ خرفہ سبز میں ملا کر اقراص بنائیں۔

قیروطی برائے ذات الجنب

جو مادہ کو نضج دیتی اور تحلیل کرتی ہے
بنفشہ صندل سفید آرد جو خطمی
سبوس گندم اکلیل الملک کوٹ چھان کر موم کو روغن بنفشہ میں
پگھلا کر ادویہ اس میں ملا کر قیروطی تیار کریں اور اگر تحلیل و نضج کی ضرورت
زیادہ ہو تو آرد باقلا آرد حلبہ تخم کتاں قدر حاجت اضافہ کریں۔

قیروطی اسپغول و بنفشہ والی

جو ذات الجنب و شوصہ کے لئے مفید ہے۔ گل بنفشہ اکلیل الملک
بابونہ پانی میں جوش دیکر صاف کرکے لعاب اسپغول لعاب گل خطمی
روغن بادام شیریں موم سفید اضافہ کرکے پھر جوش دیں کہ صرف روغن

باقی رہ جائے صاف کرکے سینہ پر مالش کریں

قیروطی آرد کرسنہ درد سینہ اور ضیق النفس جو ریح غلیظ اور بلغم لزج کے سبب سے ہو نافع ہے۔ آرد کرسنہ آرد حلبہ کلونجی اصل السوس مقشر عقرقرحا موم روغن سوسن موم کو روغن میں پگھلا کر سب ادویہ باریک پیس کر اس میں ملا کر مثل مرہم بنا کر سینہ پر ملیں۔

لعوق برائے سرفہ اطفال مغز فندق مغز چلغوزہ حلبہ پیس کر عسل خالص میں ملا کر رکھیں وقت حاجت شیر مادر میں حل کرکے بچوں کو دیں

لعوق برائے سرفہ نزلی اصل السوس مقشر تخم خطمی بہدانہ رات کو پانی میں بھگو کر صبح جوش دیکر صاف کرکے قند سفید حل کرکے قوام تیار کریں۔ اور بہدانہ صمغ عربی کتیرا تخم خشخاش سفید خشخاش سیاہ باریک پیس کر ملا دیں اور دن میں چند مرتبہ تھوڑا تھوڑا چاٹیں

لعوق سپستان جو سینہ سے مادہ کو خارج کرتا اور کھانسی نزلہ ذات الجنب ذات الصدر میں نافع ہے۔ سپستان فربہ عناب پوست خشخاش اصل السوس تخم خبازی تخم خطمی تخم خیارین بہدانہ رات کو دو سیر پانی میں بھگو کر صبح اس قدر جوش دیں کہ آدھ سیر پانی رہ جائے بعدہ ملکر صاف کرکے نبات سفید حل کرکے قوام کریں اور آخر قوام میں شیرہ تخم کدو مقشر شیرہ مغز بادام مقشر شیرہ تخم خشخاش اضافہ کریں۔ بعد اسکے صمغ عربی

کتیرا۔ رب السوس پیکر ملاوین اور بقدر دو ماشہ مونہہ مین رکہہ کر لعاب اوس کا نگلین۔ روزانہ چار پانچ دفعہ استعمال کرین۔ اور سوتے وقت چار ماشہ کھائین۔

لعوق بادام

معمول مطب سرفہ و خشونت حلق و حنجرہ کو نافع ہے۔

مغز بادام شیرین۔ تخم کدو شیرین۔ صمغ عربی کتیرا۔ نشاستہ۔ رب السوس۔ قند سیاہ۔ کوٹ چھان کر روغن بادام سے چرب کرکے تھوڑا تھوڑا چاٹتے ہین۔ ۶ ماشہ

لعوق معتدل

جو بلغم کو بآسانی خارج کرتا ہے اور رقیق مادہ کو غلیظ کرتا اور کھانسی اور ضیق النفس مین مفید ہے

مویز منقے۔ انجیر زرد۔ پرسیاوشان۔ بادیان۔ زوفا۔ تخم حلبہ۔ پودینہ خشک۔ تخم کتان بھدانہ۔ کوکنار مسلم۔ تخم خطمی۔ رات کو گرم پانی مین بھگو کر صبح جوش دیکر صاف کرکے عسل خالص داخل کرکے قوام تیار کرین۔ اور آخر قوام مین شیرہ تخم خشخاش سفید۔ شیرہ مغز بادام۔ شیرہ تخم کدو شیرین اضافہ کرکے تخم باقلا۔ صمغ عربی۔ کتیرا۔ پیکر شامل کرین۔ خوراک نو ماشہ۔

لعوق سپستان خیار شنبرین

خشونت حلق و تلیین صدر اور منہ سے خون آنے کو مفید اور ملین ہے۔

سپستان۔ مویز منقے۔ مغز فلوس خیار شنبر۔ دو سیر پانی مین اسقدر جوش دین ۲۲ عدد ۱۰ دانہ ۱۲ تولہ کہ آدہ سیر رہ جائے۔ مل کر صاف کرکے قند سفید حل کرکے قوام تیار کرین ۱۲ تولہ

دوسرے نسخہ مین سپستان ۴۰۰ عدد۔ مویز منقیٰ ۱۶۰ عدد۔ مغز فلوس خیارشنبر ۳۲ تولہ اور قند سفید کا وزن ڈیڑھ سیر ہے۔

لعوق زوفا

سرفہ کہنہ و ربو کو نافع ہے۔ اور سینہ و پھیپھڑے کو خلط ردی سے پاک کرتا ہے۔ زوفا خشک۔ بیخ سوسن نیلگون۔ ایک سیر پانی مین جوش دین کہ ڈیڑھ پاؤ رہ جائے ملکر صاف کرکے عسل خالص ۳۲ تولہ صاف داخل کرکے قوام تیار کرین۔ اگر بیخ سوسن نہ ہو تو بجائے اُس کے کلونجی داخل کرین۔

لعوق تخم کتان

جو ضیق النفس اور پھیپھڑے کے ورم مین مفید ہے لعاب تخم کتان۔ عسل منصفی۔ شکر سرخ۔ سب کو جوش دین کہ قوام ہو جائے۔ خوراک تین تولہ۔

لعوق طباشیر

جو زخم پھیپھڑے و سینہ و حرارت و خشونت ریہ و سینہ کے لئے مفید ہے۔ صمغ عربی۔ نشاستہ تخم خشخاش سفید۔ مغز تخم کدو شیرین۔ مغز تخم خیارین۔ طباشیر سفید تخم خبازی۔ تخم خطمی۔ کوٹ کر چھان کر عسل خالص سہ چند مین ملا کر روغن بادام شیرین ۲ تولہ اضافہ کرکے لعوق تیار کرین۔

لعوق گولر

جو نفث الدم اور سل اور سیلان حیض کے لئے مفید ہے گولر خام خرد نیم کوب کرکے پانچ سیر پانی مین جوش دین جب نصف رہ جائے مل کر صاف کرکے کپڑے مین چھان کر قند سفید داخل کرکے قوام تیار کرین۔ ایک تولہ سے اڑھائی تولہ تک استعمال

کریں اور اگر ریشہ انجبار گرد آسیا ابریشم ماہی کندر رب السوس حب الآس نشاستہ صمغ عربی کتیرا طباشیر بسد محرق اقاقیا دم الاخوین باریک پیسکر ملادیں تو نفث الدم کو مفید ہوگا۔

لعوق نزلہ

نزلہ وزکام و سرفہ حار کے لئے اس سے بہتر کوئی لعوق نہیں ہے اور قبض و خشکی مطلق نہیں کرتا۔ اور بلغم پختہ آسانی سے نکالتا ہے۔ قند سفید عرق گاؤ زبان میں حل کر کے قوام کریں اور نشاستہ صمغ عربی کتیرا مغز تخم کدو شیریں مغز بادام شیریں پتھر پر پیس کر قوام میں ملاکر رکھیں خوراک نو ماشہ۔

لعوق برائے نزلہ و سرفہ

کوکنار با تخم پرسیاوشاں گل گاؤ زبان گل بنفشہ زوفا خشک گویہ ابریشم زرد تخم کتان تخم خطمی کشمش انجیر زرد عناب سپستان۔ جوکوب کر کے رات کو گرم پانی میں بھگو کر صبح جوش دیکر مل کر صاف کر کے قند سفید عسل خالص مصفی ڈال کر قوام تیار کریں اور صمغ عربی طباشیر کتیرا رب السوس شکر تیغال نشاستہ تخم خشخاش مغز بادام مقشر پیسکر ملائیں۔ خوراک ایک تولہ وقت خواب۔

لعوق حلبہ

خشونت سینہ کو مفید ہے اور بلغم کو آسانی سے نکالتا ہے۔ تخم کتان حلبہ مغز بادام کتیرا اصل السوس مقشر مغز چلغوزہ نشاستہ صمغ عربی کوٹ چھان کر عسل خالص میں ملاکر رکھیں۔

سرچند

لعوق انجبار

جو نفث الدم و سرفہ و حرارت و سل کے لئے مفید اور معمول ہے۔ پوست انجبار کوکنار مسلم
تخم خبازی تخم خطمی سپستان اصل السوس مقشر بہدانہ عناب۔
رات کو آب کدو مشوی آب پیٹھ مشوی میں بھگو کر صبح جوش دیں
اور مل کر چھان کر نبات سفید داخل کر کے قوام تیار کریں اور بعدہ
کہربا شمعی رب السوس گل ارمنی دم الاخوین طباشیر صمغ عربی
کتیرا پیس کر ملائیں۔ خوراک ۷ ماشہ سے ۹ ماشہ تک۔

لعوق برائے سل و سرفہ حار

کوکنار بنفشہ برگ گاوزبان
گل سیوتی گلو سبز عناب ابریشم
تخم کاہو مغز تخم کدو شیریں مغز تخم پیٹھ سپستان نیم کوفتہ
رات کو آب کدو مشوی آب پیٹھ مشوی میں بھگو صبح جوش دیکر مل کر
صاف کر کے نبات سفید ملا کر آب بہی شیریں آب انار شیریں
آب انار ترش اضافہ کر کے قوام تیار کریں۔ بعدہ کہربا شمعی طباشیر
زہر مہرہ خطائی بسد احمر دم الاخوین ست گلو شکر تیغال ابریشم مقرض
سرطان محرق کا خود پیس کر ملا دیں خوراک ۷ ماشہ سے ۹ ماشہ تک۔

لعوق ابریشم

جو کھانسی اور ضیق النفس وغیرہ کو مفید ہے۔
کویہ ابریشم عناب پرسیاوشاں تخم خطمی
تخم خبازی گل بنفشہ سپستان گل گاؤزبان برگ گاوزبان زوفا خشک مویز منقی
اصل السوس مقشر انجیر زرد ولایتی رات کو گرم پانی میں بھگو کر صبح جوشیدہ کر

حل کر صاف کر کے نبات سفید، عسل خالص داخل کر کے قوام تیار کر کے ورق نقرہ کلاں حل کر کے۔ صمغ عربی۔ کتیرا۔ بیخ سوسن۔ مغز بادام مغز چلغوزہ۔ تخم کتان بریان۔ مرکی کندر۔ میعہ سائلہ۔ مغز تخم اُٹنگن رب السوس پیسکر ملائیں۔ چھ چھ ماشہ صبح شام چٹائیں۔

لعوق برائے سل

جو سل اور درد سینہ و پھیپڑے کو مفید ہے اور کھانسی و نزلات حارہ کے لئے معمول ہے

کوکنار۔ اسپغول۔ تخم خطمی۔ تخم خبازی۔ سپستان۔ اصل السوس مقشر رات کو گرم پانی میں بھگو کر صبح جوش دے کر مل کر صاف کر کے نبات سفید عسل خالص حل کر کے قوام تیار کریں۔ بعدہٗ تخم خشخاش صمغ عربی کتیرا اسفید پیس کر ملاویں۔

لعوق برائے ضیق النفس

جو معمول و مجرب ہے۔ کو یہ ا بریشم۔ برگ گاؤزبان۔ پرسیاوشان۔ کوکنار با تخم تخم خطمی۔ اصل السوس مقشر۔ سپستان۔ زوفا خشک۔ رات کو گرم پانی میں بھگو کر صبح کو جوش دے کر مل کر صاف کر کے نبات سفید عسل خالص ملا کر قوام تیار کریں بعدہٗ گل گاؤزبان۔ صمغ عربی۔ زراوند گرد۔ رب السوس بہمن اسفید۔ بیخ سوسن۔ فلفل سیاہ۔ مغز تخم ہندوانہ۔ تخم کاہو مقشر تخم کتان پیس کر ملاویں۔ خوراک ۹ ماشہ سے ایک تولہ تک۔

لعوق خیار شنبر

طبیعت کو نرم کرتا اور اخلاط کو سینہ و پھیپڑہ سے نکالتا ہے۔ اور ذات الجنب وضیق النفس میں

سود مند ہے۔ گل بنفشہ۔ عناب۔ سپستان۔ مویز منقےٰ۔ اصل السوس
تخم خشخاش سفید۔ زوفا خشک۔ کتیرا۔ بادیان۔ ایرسا۔ صمغ عربی
پرسیاوشان۔ انجیر سفید۔ رات کو گرم پانی میں بھگو کر صبح جوش دے کر
مل کر صاف کر کے مغز فلوس خیار شنبر حل کر کے قند سفید اضافہ کر کے قوام
تیار کریں۔ بعدہ مغز بادام شیریں۔ مغز تخم خیارین۔ مغز چلغوزہ۔ مغز تخم باقلا۔ مغز
تخم کدو شیریں۔ تخم خطمی۔ تخم حلبہ پیسکر ملا دیں اور روغن بادام شیریں اضافہ کر کے رکھ چھوڑیں۔

لعوق خیار شنبر

جو فوائد مذکورہ کے لئے مفید ہے۔ مویز منقےٰ۔ انجیر زرد
عناب۔ سپستان۔ تخم خطمی۔ تخم خبازی
برگ گاؤزبان۔ پرسیاوشان۔ زوفا خشک۔ گل بنفشہ۔ اصل السوس
مقشر۔ بہدانہ۔ کوبیدہ ابریشم مقرض۔ رات کو گرم پانی میں بھگو کر
صبح کو مل کر صاف کر کے قند سفید داخل کر کے قوام تیار کریں
بعدہ۔ مغز فلوس خیار شنبر۔ مغز بادام شیریں۔ مغز چلغوزہ۔
صمغ عربی۔ کتیرا۔ رب السوس ولایتی۔ تخم خشخاش سفید پیسکر
ملا دیں۔

لعوق خیار شنبر

دافع ضیق النفس و مخرج بلغم و ملین طبع جو ایک
شاعر کے واسطے تیار کیا گیا تھا۔ اور شاعر
نے بہت نفع بتلایا۔ عناب۔ سپستان۔ تخم خطمی۔ اصل السوس مقشر
برگ سنائکی۔ مویز منقےٰ۔ گل بنفشہ۔ تخم کتان۔ رات کو گرم پانی
میں بھگو کر صبح کو مل کر صاف کر کے۔ مغز فلوس خیار شنبر۔ روغن بادام

قند سفید داخل کرکے لعوق تیار کریں۔

مطبوخ برائے ضیق النفس و ربو

جو معمول مطب ہے۔ گاؤزبان ابریشم برگ گاؤزباں گل گاؤزبان زوفا خشک اصل السوس مقشر سبوس گندم مویز منقی پانی میں جوش دیکر مل کر صاف کرکے شربت زوفا یا عسل خالص یا نبات سفید داخل کرکے استعمال کریں۔

دیگر

سبوس گندم پرسیاوشان اصل السوس مقشر انجیر زرد تخم کتان پانی میں جوش دیکر مل کر صاف کرکے شربت زوفا یا عسل یا نبات سفید حل کرکے پلائیں۔

معجون قفنی

جو ضیق النفس کیلئے مجرب اور معمول ہو۔ مرمکی میعہ سائلہ صمغ عربی کتیرا کندر زراوند گرد قردمانا یعنے کرویا زعفران خالص پرسیاوشان زوفا خشک مغز چلغوزہ ایرسا مویز منقی ہر ایک گوند کو تھوڑے جوشاندہ زوفا میں حل کرکے باقی ادویہ کوٹ چھان کر نبات سفید عسل مصفی کے قوام میں ملاکر معجون تیار کریں۔ خوراک ۴ ماشہ سے ۱۲ ماشہ تک۔ اگر قردمانا دستیاب نہو تو بجائے اُس کے اسبند داخل کریں۔

معجون برائے ضیق النفس وغیرہ

جو ضیق النفس و سرفہ کہنہ و قرحہ ریہ کو مفید و مجرب ہے۔ یہ نسخہ ابن ماسویہ کا ہے۔ زوفا خشک پرسیاوشان گاؤزبان ابریشم اصل السوس مقشر

انجیر زرد ۹ عدد کو کنار رات کو گرم پانی میں بھگو کر صبح مل کر صاف کرکے نبات سفید عسل خالص داخل کرکے قوام تیار کریں۔ بعدہ مغز پستہ مغز بادام شیریں تخم خشخاش سفید دارچینی قلمی قرنفل زنجبیل رب السوس کتیرا صمغ عربی نشاستہ مغز تخم ہندوانہ مغز تخم خیارین مغز تخم کدو شیریں بیخ سوسن کوٹ چھان کر ملائیں۔ خوراک ۴ ماشہ سے ۹ ماشہ تک۔

معجون برائے ضیق النفس

سم الفار کچلہ افیون کچھکنی یا چھڑ الائچی خرد الائچی کلاں بسباسہ سلیخہ بزر البنج فلفل دراز فلفل سیاہ زعفران کوٹ چھان کر باہم ملا کر عسل صاف خالص سہ چند میں مخلوط کرکے معجون بنائیں۔ لیکن سم الفار کو خوب باریک کھرل کرکے اول شہد میں خوب ملا لینا چاہئے۔ بعدہ باقی دوائیں ملائیں۔

نسخہ برائے سرفہ کہنہ

شلغم کو حسب حاجت لیکر گلحکمت کرکے تنور گرم میں پکائیں، پھر نکال کر پانی اسکا نچوڑ کر نبات سفید موافق ضرورت کے ملا کر تنہا نیم گرم پئیں۔

نسخہ برائے دمہ

کبوتر جنگلی کو ذبح کرکے اور شکم کو آلائش سے پاک کرکے سنکھیا سفید بالکل باریک پیسی ہوئی میں سے نصف کبوتر کے اندر چھڑکیں اوپر اُس کے نمک طعام ڈال کر پھر باقی ماندہ نصف سنکھیا سفید چھڑکیں اور ڈورہ سے باندھ کر مٹی کی ہانڈی میں رکھ کر گلحکمت کرکے ڈیڑھ من بختیا جنگلی اُپلوں کی آنچ دیں کہ جل کر

کوئلہ کی طرح ہو جائے، پیسکر حفاظت سے رکھیں۔ مریض دمہ کو ایک رتی منقی میں رکھکر روزانہ کھلایا کریں۔

نسخہ ہینگ والا ذات الجنب خالص وغیرہ کے لیئے جو مادہ بارد سے پیدا ہوا ہو مفید ومجرب ہے

خردل ۳ تولہ لوبان ۳ افیون ۲ ہینگ ۳ شاخ گوزن باریک پیسکر روغن بابونہ ۳ تولہ یا آب کو سبز میں حل کر کے لیپ کریں۔

نسخہ پلاسٹر جو درد پسلی وسینہ کے لیئے مجرب ہے۔ خردل ۶ شکر سفید ۲ پیسکر سفیدہ بیضہ مرغ ۱ عدد میں ملا کر ایک کپڑا التھیڑ کر درد کی جگہ چپکائیں

نسخہ حب سیماب جو ڈبہ اطفال کے لئے نافع ہے۔ سیماب گندک تربد موصوف مغز جمال گوٹہ ۲ مغز بید انجیر سب کو کھرل کر کے مونگ برابر گولیاں بنائیں۔ ایک مہینہ کے بچہ کو ایک گولی شیر مادر یا آب خالص میں حل کر کے دیں۔ اور چھ مہینہ کے بچہ کو دو گولی، اور ڈیڑھ سال کے بچہ کو تین گولی کھلائیں۔

امراض پستان

دوا برائے سختی پستان جو مثل گرہ کے پستان کو سخت کرتی ہے

پوست انار دلانی ۲ تولہ خراطین زندہ ۲ تولہ جونک ۲ تولہ

روغن کنجد سیاہ ۸ تولہ روغن کو آگ پر رکھ کر سرخ کریں بعدہ پوست انار کو اُس میں ڈال کر بریان کرکے نکالیں۔ پھر خراطین اور جونک کو تیل مذکور میں ڈال کر جلالیں بعدہ تینوں ادویہ کو اُسی تیل میں ڈیڑھ گھنٹہ تک کھرل کرکے چینی کے برتن میں رکھ لیں اور سوتے وقت پستان پر مالش کرکے سینہ بند کو نہایت تنگ پہنا کر سلادیں۔ کئیں روز میں ماکرہ کے مانند پستان ہوجائینگی۔

ضماد برائے سختی پستان پھٹکری کو پانی میں حل کرکے اُس میں پوست انار ترش پیسکر پستان پر لیپ کریں۔

ضماد برائے ورم پستان جو ابتدا میں مفید ہے۔ برگ مکو سبز ۱ تولہ کا بھرتہ بناکر روغن گل سے چرب کرکے پستان پر باندھیں۔

دیگر نان گندم خشک آرد جو زعفران آب برگ خطمی اور آب مکو سبز میں پیسکر زردہ بیضہ مرغ ۲ عدد روغنگل ۱ تولہ اضافہ کرکے ضماد کریں۔

دیگر آرد مونگ گیرو آرد عدس آب مکو سبز میں پیسکر روغنگل ۱ تولہ سرکہ ۱ تولہ اضافہ کرکے ضماد کریں۔

دیگر آرد جو آرد عدس آرد باقلا گل سرخ سب کو آب مکو سبز آب برگ خطمی سبز میں پیسکر روغن گل ۱ تولہ سرکہ ۱ تولہ اضافہ کرکے ضماد کریں۔

دیگر جو ورم بارد پستان کے لئے مفید ہے۔ میدہ ۴ ماشہ چوب پوست کچنار ۴ ماشہ

پوست بیخ ارنڈ تخم حلبہ گیرو سب کو آب مکو سبز آب برگ خطمی سبز میں پیسکر نیم گرم ضماد کریں۔

دیگر جو ابتدائے ورم حار میں بیحد مفید ہے۔ کشنیز خشک صندل سرخ صندل سفید کافور سب کو آب کاسنی سبز آب مکو سبز آب برگ پالک سبز آب کشنیز سبز آب خرفہ سبز میں پیسکر ضماد کریں۔

دیگر درد اور ورم اور سختی پستان کے لئے جو دودھ کے منجمد ہوجانے کی وجہ سے ہو مفید ہے۔ مونگ اور چانول کی کھچڑی پکاکر باندہیں۔

دیگر آرد کنجد آرد باقلا نان خشک پانی میں پیس کر ضماد کریں۔

دیگر مغز بادام مویز منقی کشمش سبز پانی میں پیسکر گرم کرکے لیپ کریں

دیگر زردہ بیضہ مرغ روغن گل سرکہ باہم ملاکر نیم گرم ضماد کریں

دیگر بکری کا حرام مغز لیکر تیز شراب میں پکاکر لیپ کریں۔

ضماد برائے درد پستان جو سینہ پر چوٹ لگنے کی وجہ سے ہو۔

سپیدہ چوب مونگ مقشر گل ارمنی اقاقیا صبر زرد آب مکو سبز میں پیس کر نیم گرم لیپ لگائیں۔

دیگر مونگ تخم مویز سرد کے پانی میں پیسکر نیم گرم ضماد کریں۔

دیگر چقندر کو پانی میں پکائیں اور آرد باقلا کی روٹی کا گودہ اسکے

ہموزن لیکر دونوں کو خوب پیس کر روغن کنجد اضافہ کر کے ضماد کریں

امراض قلب

جوارش برائے تقویت قلب

جو تقویت قلب و رفع خفقان و ازالہ وسواس سوداوی کے لئے بہت نفع دیتی ہے اور انجرات ردیہ معدہ سے دماغ کو جانے سے روکتی ہے۔

آملہ مربے (۵ عدد) ہلیلہ مربے (۴ عدد) کشنیز خشک (۱ تولہ) الائچی خرد (۳ ماشہ) عرق بید مشک (قدر حاجت) نبات سفید (دو چند)

مربوں کو پانی میں ایک رات دن بھگو کر بعد اسکے دھو کر مع دیگر ادویہ پیس کر عرق بید مشک میں حل کر کے مصری کے قوام میں ملا کر جوارش تیار کریں۔

کبھی مصطگی (۱ تولہ) بھی اضافہ کر دیتے ہیں۔ خوراک ایک تولہ۔

جواہر مہرہ

جو تقویت قلب و رفع خفقان و توحش و دیگر امراض کے لیے مفید ہے اور اسکے خواص بہت ہیں۔

لعل بدخشانی (۴ سرخ) یاقوت سرخ (۴ سرخ) یاقوت زرد (۴ سرخ) یاقوت کبود (۴ سرخ) ورق طلا (۱ ر) عقیق یمنی (۴ سرخ) یشب سبز (۴ سرخ) بسد احمر (۱ ر) فیروزہ (۱ ر) جدوار خطائی (۱ ر) دہنہ فرنگ (۲ ر) کہربا شمعی (۲ ر) مروارید ناسفتہ (۱ ر) نارجیل دریائی (۱ ر) لاجورد مغسول (۱ ر) فادزہر معدنی (۲ ر) مشک خالص (۱ ر) عنبر اشہب (۱ ر) ورق نقرہ (۶ سرخ) کافور (۶ سرخ) مومیائی (۳ ر) افیون (۲ سرخ) زمرد (۳ ر) ۔ سب اجزا کو سماق کے کھرل میں گلاب کے ساتھ خوب گھونٹ کر آب صمغ عربی سے گوندھ کر مہرے بنالیں اور ورق طلا لپیٹ کر خشک کر کے رکھیں خوراک دو رتی سے چار رتی تک

ہمراہ عرق کیوڑہ ۵ تولہ بعضے اس مرکب میں قرص افعی چھ ماشہ داخل کرتے ہیں۔

جواہر مہرہ معمول مطب جو تقویت قلب و دماغ و رفع خفقان حسیٔ توحش و حزن و جنون و افزائش حرارت غریزی کے لئے مفید ہے اور زہروں کا تریاق ہے اور حمیات و طاعون وحصبہ و جدری کے لئے نافع ہے۔ مشک خالص ۳ ر ورق نقرہ ۳ ر ورق طلا ۳ ر عنبر اشہب ۳ ر مومیائی بحی خاص ۶ ر زمرد سبز کہربا شمعی ابریشم سوختہ مروارید ناسفتہ یاقوت رمانی ۶ تولہ حجر الیتیس ۱ تولہ جدوار خطائی ۱ تولہ یشب سبز ۱ تولہ دندان فیل سوختہ ۱ تولہ شاخ گوزن محکوک ۱ تولہ مرجان سفید ۱ تولہ نارجیل دریائی ۱ تولہ۔ سب کو جدا جدا خوب کھرل کرکے عنبر اشہب ۲ تولہ اور مشک ۲ تولہ داخل کریں اور آخر میں ورق شامل کرکے رکھ لیں۔ خوراک ۲ چاول سے ۶ رتی تک۔

جواہر مہرہ نسخہ سہل مقوی دل۔ زہر مہرہ خطائی ۲ ر عقیق یمنی سنگ یشب ۲ ر یسد احمر ۲ ر مرجان ۲ ر جدوار خطائی ۱ ر نارجیل دریائی ۱ ر طباشیر ۱ ر گلاب میں گھونٹ کر غلولہ باندھ کر ورق طلا لپیٹ کر رکھیں۔ خوراک ۴ سرخ۔

حب مقوی اعضائے رئیسہ کشتہ مرجان کشتہ صدف مروارید ۱ تولہ کشتہ شاخ گوزن ۱ تولہ کشتہ عقیق ۱ تولہ ورق طلا زعفران ۱ تولہ۔ سب کو عرق کیوڑہ میں خوب سحق کرکے مشک خالص ۱ ماشہ شامل کرکے گولیاں بقدر نخود بنا کر رکھیں۔

ترکیب کشتہ جات بنانے کی حسب ذیل ہے :۔

عقیق ۴ تولہ مرجان ۴ تولہ صدف ۴ تولہ مروارید ۴ تولہ شاخ گوزن ۴ تولہ۔ جو کوب کر کے سکورہ ہائے گلی میں علیحدہ علیحدہ بند کر کے تیس سیر جنگلی کنڈہ میں آگ دیں کہ کشتہ ہو جائے ایک سکورہ میں چار تولہ سے زائد کشتہ عمدہ نہیں ہوگا۔ اگر اول بار میں کشتہ سفید نہ ہو تو دوسری بار اسی طرح تیس سیر کنڈہ کی آنچ دیں کہ سفید ہو جائے۔ اور کبھی اس نسخہ میں ورق طلا ڈالنے کی ضرورت نہیں ہوتی ہے۔ مگر دیگر اشیاء ڈالنا ضروری ہے۔ اور بندہ نے بغیر مشک کے بھی تیار کیا ہے اور فائدہ میں بے نظیر پایا۔

حب برائے تقویت قلب و نزلہ

مشک تحفہ عنبر اشہب کہربا شمعی بسد احمر مغز بادام شیریں زعفران بسباسہ عود غرقی مروارید ناسفتہ یاقوت رب السوس صمغ عربی نبات سفید تخم بنفشہ افیون خالص پیسکر آب بنفشہ میں گوندھیں۔ اور بقدر نخود گولیاں بنائیں۔

خمیرہ مروارید

مروارید ناسفتہ برادہ صندل سفید ورق نقرہ ورق طلا زہر مہرہ خطائی عنبر اشہب عرق بید مشک گلاب نبات سفید بدستور مقرر مرتب کریں

خمیرہ گاؤزبان عنبری

تقویت قلب و خفقان و مالیخولیا و سوداوی وحشت کو مفید ہے اور دل غمگین پریشان کو نفع بخشتا ہے اور جملہ قوتوں کی معاونت کرتا ہے۔ مجرب و معمول ہے۔

برگ گاؤزبان گل گاؤزبان برگ بادرنجبویہ برگ فرنجمشک تخم فرنجمشک
تخم بالنگو تخم شربتی تودری سفید کوبہ ابریشم درونج عقربی
رات کو عرق گاؤزبان میں بھگو کر صبح جوش دیں کہ تیسرا حصہ رہ جائے
بس ملکر صاف کرکے نبات سفید حل کرکے خمیرہ کا قوام کریں۔ پھر
عنبر اشہب مشک خالص ورق نقرہ حل کرکے خمیرہ تیار کریں۔

خمیرہ گاؤزبان عنبری

تقویت قلب و دماغ وخفقان ونزلہ کیلئے معمول ہے۔ برگ گاؤزبان گل گاؤزبان ۲ تولہ
برگ فرنجمشک تخم فرنجمشک تخم بالنگو بہمن سفید برگ بادرنجبویہ ۱ تولہ
کوبہ ابریشم ۱ تولہ شب کو عرق گاؤزبان میں بھگو کر صبح جوش دیں کہ ثلث
رہ جائے ملکر صاف کرکے قند سفید حل کرکے خمیرہ کا قوام کریں۔ بعدہ
عنبر اشہب ورق نقرہ ورق طلا حل کریں۔ خوراک ساڑھے چار ماشہ۔

خمیرہ صندل سادہ

خفقان کے لئے معمول ہے۔ برادہ صندل
کشنیز خشک گل گاؤزبان شب کو گلاب میں
بھگو کر صبح کو جوش دیں کہ نصف رہ جائے۔ مل کر صاف کرکے نبات سفید
حل کرکے قوام بنا کر ثفل کو پتھر پر پیس کر کپڑے میں چھان کر اس میں ملا دیں
خوراک ۶ ماشہ سے ایک تولہ تک۔

خمیرہ صندل ترش

ضعف قلب وخفقان وحمیات صفراوی
واسہال مراری وابکائی دقے صفراوی
کو نافع ہے۔ صندل سفید تولہ کشنیز خشک مقشر ۱۷ ر آب انگور ۲۹ تولہ سرکہ انگوری ۳۵ ر

آب بادیان گلاب عرق بیدمشک ایک رات دن بھگو کر جوش

دیں کہ نصف رہ جائے ملکر صاف کر کے قند سفید داخل کر کے قوام

تیار کریں بعدہ صندل سفید طباشیر مروارید ناسفتہ یشب سبز

زعفران کافور قیصوری ورق طلا ورق نقرہ سب کو کھرل کر کے

ملادیں۔ خوراک چھ ماشہ سے ایک تولہ تک۔

خمیرہ مروارید

معمول مطب مقوی قلب دماغ اور دیگر منافع رکھتا ہے۔ منقول از علاج الامراض فارسی

ابریشم گل گاؤزبان عود قماری مرجان صندل سفید مصطگی

کہربا شمعی مروارید یاقوت زہر مہرہ عرق گاؤزبان عرق بیدمشک

گلاب نبات سفید شربت سیب شیریں ورق نقرہ بطریق متقرر

خمیرہ تیار کریں۔ خوراک چھ ماشہ۔

دواء المسک حلو حار

جو تقویت قلب و خفقان و فالج و لقوہ و فزع و خبث نفس و استرخائ

و کزاز امتلائی کے لئے نافع ہے اور معدہ کو پاک و صاف کرتا ہے اور

رطوبت معدہ کو جذب کرتا ہے اور ہاضمہ کو مدد دیتا ہے۔ زرنباد درونج عقربی

مروارید ناسفتہ کہربا شمعی بسد احمر ابریشم مقرض بہمن سفید بہمن سرخ

سنبل الطیب ساذج ہندی الائچی خرد قرنفل اشنہ دار فلفل

زنجبیل مشک خالص ابریشم کو مقرض کریں کہ مثل غبار کے ہو جائے

پس جواہر کو کھرل سماق میں خوب باریک کریں اور باقی ادویہ کوٹ

چھان کر عسل خالص مصفی میں خوب مخلوط کر لیں ۔ خوراک ۳ ماشہ ۔

دواء المسک

باوجود منافع مذکورہ کے باہ کو بھی قوت دیتی ہے
سنبل الطیب بہمن سرخ الائچی خرد الائچی کلاں
قرنفل گاؤزبان کہربا شمعی کشنیز خشک بسد ورق نقرہ
ثعلب مصری طباشیر گلسرخ صندل سرخ صندل سفید تودری سفید تودری سرخ
پوست ترنج ابریشم خام بسباسہ زعفران مشک خالص
دارچینی قلمی عنبر اشہب ساذج ہندی زرنباد ورق طلا گلاب
عرق بید مشک عسل سفید نبات سفید بطریق معروف معجون تیار کریں

دواء المسک معتدل جواہر والی

معمول مطب خفقان سوداوی و مالیخولیائے
مراقی کو نافع اور مقوی قلب و جگر و معدہ
ہے اور خبث نفس و وسواس سوداوی کو
زائل کرتی اور سوداوی ابخرات کو دماغ پر
چڑھنے نہیں دیتی مجرب ہے ۔ زرشک منقی طباشیر سفید صندل سفید
صندل سرخ کشنیز خشک مقشر گل گاؤزباں آملہ منقی بسد احمر تخم خرفہ مقشر
ورق نقرہ مروارید ناسفتہ کہربا شمعی ورق گلسرخ ابریشم مقرض دارچینی قلمی
بہمن سرخ بہمن سفید درونج عقربی زعفران عود ہندی برگ بادرنجبویہ
مصطگی رومی اشنہ الائچی خرد عنبر اشہب مشک شربت سیب شیریں
قند سفید عسل سفید بدستور مقرر معجون تیار کریں بعد چالیس روز کے
استعمال کریں ۔ خوراک ۴ ماشہ

دوالمسک بارد

مفرح ومقوی اعضاء رئیسہ معمول۔ مروارید ناسفتہ
کہربا شمعی ابریشم مقرض طباشیر صندل سفید
غنچہ گل سرخ کشنیز خشک مغز تخم کدو شیریں گل گاؤزبان مشک خطائی
عنبر اشہب آب سیب شیریں قند سفید گلاب عرق کیوڑہ بدستور
مفرح تیار کریں۔ خوراک ۴ ماشہ سے ۷ ماشہ تک۔

دواء المسک حامض

خفقان وضعف قلب وتقویت معدہ وجگر
کے لئے مفید ہے۔ اور توحش کو دفع کرتی
اور اشتہا پیدا کرتی ہے۔ مجرب ہے۔ مروارید ناسفتہ کہربا شمعی گل سرخ
صندل سفید طباشیر سفید ابریشم مقرض کشنیز خشک گل گاؤزبان تخم خرفہ
مشک عنبر اشہب شربت انار ترش قند سفید بدستور مفرح تیار کریں۔
بعضے قند سفید ۱ تولہ اور شربت انار ترش سوا چھ تولہ ڈالتے ہیں۔

سفوف مقوی قلب وغیرہ

دافع جملہ امراض بارد ومفرح ومقوی قلب
وحافظ صحت ہے۔ دارچینی مصطگی رومی
زرنباد انیسون بادیان نبات سفید کوٹ چھان کر سفوف بنائیں خوراک
۲ ماشہ سے ۴ ماشہ تک۔

سفوف برائے خفقان

دافع حرارت قلب وجملہ بدن ودافع
خفقان ہے۔ آملہ خشک کشنیز خشک
گاؤزبان صندل سفید گل سرخ نبات سفید باریک پیسکر سفوف بنائیں
خوراک ایک تولہ ہمراہ آب خالص۔

شربت انار شیریں

دل و جگر کو قوت دیتا اور پیاس کو دفع کرتا ہے۔ آب انار شیریں ۱ سیر قند سفید ۱ سیر بدستور قوام تیار کریں۔

شربت انار ترش

قلب و معدہ گرم کو قوت دیتا ہے اور قے روکتا ہے اور صفرا دفع کرتا ہے۔

آب انار ترش ۱ سیر پودینہ سبز عودخام ۲ تولہ مصطگی آملہ مقشر پوست بیرون پستہ ۔ سب دواؤں کو سوائے مصطگی کے آب انار میں جوش دیں کہ نصف رہ جائے مل کر صاف کر کے قند سفید حل کر کے قوام تیار کریں۔ بعد اُسکے مصطگی پیس کر ملا دیں۔

شربت انارین منعنع

دل و جگر و معدہ کو قوت دیتا اور ہچکی کو دفع کرتا ہے اور قے کو روکتا ہے۔

معمول مطب - انار ترش انار شیریں کوٹ کر پانی نکالیں بعدہ قند سفید آب پودینہ حل کر کے قوام تیار کریں

شربت لیموں

معمول مطب تقویت قلب و ہاضمہ کے لئے مفید ہے۔ اور معدہ و جگر کی گرمی کو دور کرتا ہے

آب بہ شیریں آب لیمو شکر سفید بدستور مقرر شربت تیار کریں۔

شربت صندل ترش

جو خفقان اور دل کی سوزش کو دور کرتا اور تپ محرقہ کو نافع ہے۔

صندل سفید ایک رات دن انگور کے پانی اور سرکہ اور آب خالص میں بھگو کر جوش دیں کہ نصف رہ جائے۔ صاف کر کے شکر سفید داخل کر کے قوام تیار کریں۔

شربت گاؤزبان

جو خفقان کو دفع کرتا اور دل کو طاقت بخشتا ہے اور سوداوی مزاج والوں کے موافق ہے۔ برگ گاؤزبان پانی میں بھگو کر صاف کر کے قند سفید حل کر کے جوش دیں اور قوام تیار کر کے گلاب داخل کریں۔

شربت گڑہل

معروف بہ شراب الصالحین صاحب لقائی نے اسکی بہت تعریف کی ہے۔ خفقان حار و بارد کے لئے مفید ہے اور بخارات کو دماغ پر چڑھنے سے روکتا ہے، اور توحش و جنون کو دفع کرتا ہے اور چہرہ کا رنگ سرخ کرتا ہے اور جملہ قوتوں کو قوی کرتا ہے۔ گل گڑہل سرخ رنگ سبزی دور کر کے رات کو آب لیمو کاغذی کے ہمراہ چینی کے پیالہ میں بھگو کر صبح مل کر چھان کر نبات سفید اور آب باراں ملا کر قوام تیار کریں بڑی بوتل میں بھر دیں اور شیشہ کسیقدر خالی رکھیں اور شیشہ کا منہ مضبوط باندھ کر ظرف پر آب میں چھوڑ دیں تین چار روز کے بعد جب جوش کھا جائے نکال کر صاف کر کے رکھ لیں خوراک دو تولہ سے چھ تولہ تک۔

عرق گذر سادہ

جو مفرح اور مقوی قلب و باہ ہے۔ گذر پوست و استخوان سے صاف کی ہوئی گاذر بان ۲۴ تولہ

گل گاؤزبان صندل سفید بہمن سفید تودری گلگون بطریق معروف عرق کشید کریں۔

عرق عنبر

تقویت دل و دماغ و اعضاء رئیسہ کے لئے مفید ہے اور غشی کو دفع کرتا ہے اور قوت واپس لانے میں سریع الاثر ہے چنانچہ جو عورتیں کثرت طمث سے اور زیادتی اجراء خون بواسیر سے ضعیف ہوگئی ہوں بمجرد استعمال اس عرق کے قوت ان کی بحال ہوجاتی ہے اور فواید عجیب و غریب اس عرق کے لکھے گئے ہیں۔

مشک خالص عنبر اشہب مصطگی رومی برگ ریحان تازہ سعد کوفی تخم کشنیز خشک گل گاؤزبان گیلانی انیسون درونج عقربی پوست بیرون پستہ زرنجور عود غرقی کبابہ خنداں اشنہ سنبل الطیب بہمن سفید بہمن سرخ شقاقل مصری ساذج ہندی دارچینی زعفران قرنفل بوزیدان گل سرخ طباشیر سفید الائچی کلاں الائچی خورد پوست ترنج ابریشم مقرض صندل سفید۔ آب سیب ولایتی آب انار ترش عرق بید مشک عرق گاؤزبان عرق بادرنجبویہ گلاب قسم اول دواؤں کو کوٹ کر سب کو عرقوں میں ملا کر تمام شب تر رکھیں صبح کو آب سیب آب انار بھی داخل کر کے دیگ میں ڈال کر عنبر و مشک نیچہ کے منہ سے باندھ کر عرق کھینچیں۔ خوراک پانچ تولہ۔

معجون صندل

فواید عجیب و غریب رکھتی ہے۔ بندگان جناب اقدس بادشاہ زادہ بلند اختر کو خفقان دائمی تھا

اور حکیم علوی خاں مرحوم اور دیگر اطبا، نے ہر قسم کے علاج کئے مگر مرض میں کمی پیدا نہ ہوئی پھر اس نسخہ کے ذریعہ سے علاج کیا گیا شافی برحق نے شفا کامل و صحت عاجل عطا فرمائی۔ صندل سفید آب شیریں میں گھسا ہوا آب تمر ہندی آب انار شیریں تخم سفید شکر سفید کا قوام کر کے صندل سفید صافی سے چھنا ہوا ملا دیں۔ پھر آب انار آب تمر ہندی داخل کر کے معجون کا قوام کریں اور اتارنے کے وقت طباشیر عود غرقی زعفران پیس کر اضافہ کریں اور چاندی یا شیشہ کے ظرف میں رکھ چھوڑیں۔ خوراک ۷ رتی سے ۱۴ ماشہ تک۔

معجون طلا

مقوی دل و دافع خفقان و غشی و مقوی معدہ وجمیع اعضا رئیسہ۔ عنبر اشہب مشک خالص مروارید ناسفتہ یاقوت زمرد ورق طلا عسل سفید آب سیب شیریں آب انار شیریں نبات سفید گلاب عرق بید مشک عرق گاؤزبان بدستور مقرر معجون بنائیں۔ اگر عوض ورق طلا کے ورق نقرہ ڈالیں تو معجون نقرہ کے نام سے موسوم ہو گی۔

مفرح

جو خفقان حار کے لئے نافع و معمول ہے۔ گل سرخ طباشیر برادہ صندل سفید گل سیوتی گل گاؤزبان زرشک گل نیلوفر کشنیز خشک تخم خرفہ زہر مہرہ خطائی ورق نقرہ مربی سیب ۵ تولہ مربے آملہ ۵ تولہ نبات سفید ۵ تولہ گلاب بدستور مقرر تیار کریں۔ خوراک نو ماشہ۔

مفرح بارد

مقوی اعضاء رئیسہ۔ مروارید ناسفتہ کہربا شمعی طباشیر گل گاؤزبان غنچہ گل سرخ صندل سفید مغز تخم کدو شیریں تخم خرفہ سیاہ عنبر اشہب ورق طلا ورق نقرہ آب سیب شیریں یا مربے سیب رب بہ شیریں یا مربے بہ شیریں نبات سفید اول مصری کو گلاب اور عرق بید مشک میں حل کرکے قوام تیار کریں بعدہ ادویہ مسحوقہ ملادیں

مفرح معتدل

جو دل کو قوت دیتا ہے اور خفقان و توحش کو نافع ہے اور باوجود ان فواید کے مقوی باہ بھی ہے۔ مروارید ناسفتہ کہربا شمعی گل گاؤزبان گل سرخ پوست ترنج تخم خرفہ کشنیز خشک بہمن سرخ بہمن سفید ہلیلہ مربے نبات سفید شربت انار شیریں مشک خالص عنبر اشہب ورق نقرہ ورق طلا بدستور مفرح مرتب کریں۔ خوراک ۳ ر سے ۹ ماشہ تک۔

مفرح شیخ الرئیس

جو گرم مزاج والوں کو نہایت نافع ہے اور دواء المسک بارد و یاقوتی بارد سے بہتر ہے اور تہبین و تپ دق و خفقان والوں کے لئے نافع ہے۔ اور بخار سوداوی کو دفع کرتا ہے۔ مروارید ناسفتہ کہربا شمعی سرطان سوختہ ابریشم محرق بسد احمر صندل سفید صندل سرخ طباشیر دانہ ہیل خرد عود غرقی درونج عقربی زرنباد بہمن سفید بہمن سرخ گلسرخ تخم کاہو مقشر تخم خرفہ مغز تخم خربزہ مغز تخم کدو شیریں

مغز تخم خیارین گل گاؤزبان زعفران ۹ ماشہ مشک عنبر اشہب ۱ ماشہ
شربت سیب ۱۴ تولہ شربت انار شیریں ۱۴ تولہ شربت بہی ۱۴ تولہ ورق نقرہ ۷ عدد بدستور
مرتب کریں اور کبھی کافور بڑھاتے ہیں۔

معجون احمدی دل و دماغ و معدہ گرم کو قوت دیتی ہے۔
اور گرم خفقان کو نافع ہے اور گرمی جگر اور
ناقہین حار مزاج والے کو اور مریضان تپہائے گرم کو بہت مفید ہے
طباشیر صندل سفید آملہ مقشر دودہ میں پرورده کیا ہوا گلسرخ
کشنیز خشک مقشر ۱ تولہ ۲ تولہ نبات سفید ۳۹ تولہ گلاب ۱۳ تولہ بدستور مقرر معجون بنائیں۔ اگر مشک و
کافور موافق مزاج کے اضافہ کریں تو زیادہ نافع ہے۔ اور اگر آب سیب
دوچند و نبات سفید یک چند ملادیں تو بہتر ہے۔ خوراک ۹ ماشہ اور
کبھی زہر مہرہ خطائی و یشب سبز بھی اضافہ کرتے ہیں۔

معجون خفقان جسکو معجون صحت بھی کہتے ہیں۔ دل و دماغ کو
قوت دیتی ہے اور ضعف دماغ کے لئے نہایت
سود مند ہے اور بھوک خوب پیدا کرتی ہے۔ ہلیلہ سیاہ پوست ہلیلہ زرد
پوست ہلیلہ کابلی پوست بلیلہ آملہ منقی گل گاؤزبان گلسرخ
انیسون کشنیز خشک قند سفید گلاب خالص عرق بید مشک
بدستور معروف معجون بنائیں۔

مفرح ابریشم لولوی مائل بہ گرمی دل و جگر و معدہ کو قوت دیتا ہے
خفقان و غشی و توحش کو زائل کرتا ہے، اور

نشاط و فرحت پیدا کرتا ہے۔ ابریشم آب طلاتاب و نقرہ تاب میں بھگو دیں اور ایک رات دن کے بعد جوش دیں اور مل کر صاف کر کے رکھیں اور برگ گاؤزبان تخم فرنجمشک ورق گلسرخ سنبل الطیب افتنتین گلاب خالص میں بھگو دیں۔ بعدہ جوش دیکر مل کر صاف کر کے ابریشم کے پانی میں داخل کریں اور قند سفید دو چند ملا کر قوام کرلیں اور صندل سفید گلاب میں گھسا ہوا مروارید ناسفتہ کہربا شمعی یشب سبز طباشیر سفید عنبر اشہب مشک داخل کر کے خوب باہم ملائیں اور چینی کے برتن میں رکھ چھوڑیں۔ خوراک نو ماشہ ہمراہ گلاب عرق گاؤزبان عرق بیدمشک۔

مفرح دلکشا بارد دل اور بدن کو قوت دیتا اور نشاط پیدا کرتا ہے اور خفقان و وسواس سوداوی کو زائل کرتا ہے۔ معمول مطب ہے۔ ورق طلا محلول ورق نقرہ محلول بیرون پستہ طباشیر بہمن سفید بہمن سرخ گل سرخ بسد احمر کہربا شمعی مروارید ناسفتہ صندل سفید گشنیز خشک تخم خرفہ زرشک مصفی آب ترنج قند سفید بدستور مقرر تیار کریں۔

امراض مری و معدہ و امعاء

نوشدارو سادہ جو مقوی معدہ و اعضاء رئیسہ ہے۔ گلسرخ سعد کوفی قرنفل مصطگی رومی آسارون

سنبل الطیب الائچی خرد الائچی کلاں زرنب بسباسہ جوزبوا
دارچینی قلمی قرفہ زعفران آملہ منقی قند سفید عسل خالص
آملہ کو دودھ میں ایک رات دن بھگو کر آب گرم سے دھو دیں اور
سوا سیر پانی میں جوش دیں کہ گل جائے۔ پشت غربال سے چھان کر نکال لیں
بعدہ قند و عسل کا قوام کریں اور ادویہ کوٹ چھان کر اس میں ملا دیں۔ اور
اگر آملہ نصف رطل شامل کریں تو زیادہ لذیذ ہوگا۔ اور قرابادین قادری میں
بجائے آملہ کے سفرجل داخل ہے اور اگر بجائے آملہ کے مربے آملہ داخل کریں تو بہت مفید ہوگا

دیگر

طباشیر ابریشم مقرض مصطگی رومی گل سرخ ریوند چینی
آسارون سعد کوفی عود غرقی اذخر مکی صندل سفید
پوست زرد ترنج ساذج ہندی برگ بادرنجبویہ درونج عقربی
دانہ ہیل زرشک کوٹ چھان کر آملہ منقی خشک آملہ کو شیر گاؤ میں
تر کر کے گرم پانی سے دھو کر گلاب میں جوش دیں کہ تمام گلاب جذب
ہو جائے۔ پھر سل پر پیسکر صافی سے چھان کر قند سفید عسل خالص گلاب میں
حل کر کے قوام تیار کریں بعدہ آملہ کو داخل کر کے پکائیں۔ پھر ادویہ مسحوقہ
ملا دیں اور چینی کے برتن میں رکھیں خوراک ۴ ماشہ۔

نوشدارو لولوی

منقول از تحفہ جسکو تمام نسخوں سے بہتر لکھا ہے
تقویت معدہ کے لئے مفید ہے اور اشتہا
پیدا کرتی اور اعضاء رئیسہ اور بدن کو قوت دیتی ہے۔ یاقوت احمر
مروارید ناسفتہ کہربا شمعی یشب سبز بسد احمر ریوند چینی سعد کوفی

اذخر مکی عود خام صندل سفید پوست زرد ترنج ساذج ہندی
تخم بادرنجبویہ درونج عقربی دانہ ہیل خرد زرنبک طباشیر
ابریشم مقرض زعفران سنبل الطیب گلسرخ عنبر اشہب ورق نقرہ
ورق طلا آملہ منقی رات کو آملہ شیر گاؤ میں تر کرکے صبح آب گرم سے
دھو کر گلاب میں پکائیں کہ تمام گلاب جذب ہو جائے پھر پتھر پر پیسکر
قند سفید عسل مصفی گلاب میں حل کرکے قوام تیار کریں۔ لعدہ آملہ کو
شامل کرکے پکائیں۔ پھر دیگر ادویہ ملاکر بدستور معجون تیار کریں۔
اگر مزاج میں گرمی ہو تو بجائے شہد کے شربت انار شیریں شربت سیب شیریں
داخل کریں۔

اطریفل مخرج دیدان شکم

جو پیٹ کے کیڑے مار کر خارج کرتا ہے
پوست ہلیلہ کابلی پوست بلیلہ آملہ خشک
ہلیلہ سیاہ بائے برنگ تربد مجوف حب النیل کمیلہ قسط تلخ نمک ہندی
کوٹ چھان کر عسل خالص میں ملاکر رکھ چھوڑیں۔ خوراک ایک تولہ سے
۱۴ ماشہ تک۔

اطریفل بختیشوع

جو اکثر امراض امعاء کے لئے مجرب ہے
ہلیلہ سیاہ ہلیلہ کابلی ہلیلہ زرد آملہ خشک
گل سرخ حب السلاطین مدبر روغن بادام عسل خالص۔ بطریق
معمول تیار کریں۔ اور چینی کے برتن میں رکھ کر چالیس روز دھوپ
میں رکھیں بعد چالیس روز کے سات روز جو میں دفن کریں پھر نکال کر

استعمال کریں۔ خوراک ۲ ماشہ سے ۴ ماشہ تک۔

جوارش آملہ

جو ہچکی کے لئے مفید ہے اور ابخرات چڑھنے کو روکتی ہے۔ اور دوران سر اور خفقان کو نافع ہے۔ آملہ مربے ہلیلہ مربے گلاب میں دھو کر گٹھلی دور کرکے عرق گاؤزبان اور گلاب میں پیسکر قند سفید اضافہ کرکے قوام کریں بعدہ مروارید ناسفتہ طباشیر صندل سفید دانہ ہیل خرد پوست بیرون پستہ مرجان احمر کشنیز مقشر گل سرخ ابریشم مقرض گل گاؤزبان پوست زرد ترنج مشک خالص ترکی عنبر اشہب ورق نقرہ ۲۵ عدد بدستور مقرر مرتب کریں۔ خوراک ۳ ماشہ سے ۹ ماشہ تک۔

جوارش آملہ

جو مفرح و مقوی معدہ و حابس اسہال ہے۔ آملہ منقی دودھ میں ایک رات دن بھگو کر دھو ڈالیں اور پانی میں پکا کر باریک پیسکر چھلنی میں چھان لیں بعدہ شکر سفید داخل کرکے قوام تیار کریں پس طباشیر صندل سفید مصطگی رومی دانہ ہیل خرد پوست ترنج پوست بیرون پستہ پیسکر چھان کر ملا لیں۔

جوارش عنبر

تالیف حکیم علوی خان اسہال ذرب و خلفہ کو نافع ہے اور باہ اور اعضاء رئیسہ کو قوت دیتا ہے۔ الائچی خرد الائچی کلاں بسباسہ دارچینی قلمی زنجبیل دارفلفل طباشیر ساذج ہندی پوست زرد ترنج مصطگی رومی

عنبر اشہب قرنفل زعفران قرفۃ الطیب جوزبوا مشک ترکی مروارید ناسفتہ عسل خالص ۵ تولہ بدستور مقرر جوارش تیار کریں۔ خوراک ۵ ماشہ۔

جوارش آملہ حار

قریب باعتدال معدہ کو قوت دیتی اور اشتہا لانے اور سردی معدہ کو مفید ہے اور دل کو قوت دیتی اور فرحت دیتی ہے۔ آملہ خشک ۵ تولہ گائے کے دودھ میں ایک رات دن بھگو کر گرم پانی میں دہو کر گلاب میں پکائیں تاکہ پختہ ہو جائے پتھر پر باریک پیسیں اور مربے بھی پتھر پر پیسکر غربال مسی قلعیدار میں چھان کر قند سفید گلاب میں گھول کر قوام کریں اور آملہ مربے وہی کو داخل کر کے پکالیں بعدہ مصطگی رومی پوست بیروں پستہ عود غرقی پوست ترنج زرشک سنبل الطیب عنبر اشہب مشک خالص ورق نقرہ ورق طلا بدستور مقرر ادویہ کوٹ چھان کر ملائیں۔ خوراک ۳ ماشہ سے ۷ ماشہ تک۔

جوارش آملہ لولوی

به نسخہ کلاں

معدہ کو قوت دیتی ہے اور اسہال مراری کو نافع ہے اور بھوک لگاتی ہے اور حرارت جگر کو تسکین دیتی، اور دل کو قوت دیتی اور معدہ کی اصلاح کرتی ہے۔ آملہ خشک منقی ۵ تولہ رات کو شیر گاو میں بھگو کر صبح گرم پانی سے دہو کر گلاب میں پکائیں کہ تمام گلاب جذب ہو جائے۔ پس پتھر پر پیس کر صافی میں چھان کر قند سفید کو

گلاب میں حل کرکے تیار کرکے رب بہی یا مربے بہی پیکر ملاکر خفیف
آگ پر رکھیں۔ بعدہ مروارید ناسفتہ عنبر اشہب مشک خطائی
ورق نقرہ ورق طلا طباشیر صندل سفید سماق منقی زرشک
گل سرخ برگ بادرنجبویہ پوست بیرون پستہ تخم خرفہ کشنیز خشک
مروارید کو ہمراہ عرق کیوڑہ کھرل میں گھوٹ کر عنبر و ورق کو بھی ہمراہ قدرے
نبات سفید کھرل کرکے باقی ادویہ کوٹ چھان کر قوام میں ڈالیں اور
حل کریں اور چینی کے برتن میں رکھ لیں۔ خوراک ۳ سے ۷ ماشہ تک
اور کبھی اسہال کی حالت میں حب الآس مصطگی پوست ترنج ہیل خرد دانہ
بیلگری بھی اضافہ کرتے ہیں۔

جوارش کمونی

جو تحلیل ریاح و درد شکم و قولنج کے لئے مفید ہے
زیرہ سیاہ سرکہ میں بھگو کر سایہ میں خشک کرکے
بریاں کریں بعدہ زنجبیل برگ سداب فلفل سیاہ بورہ ارمنی
سلیخہ سنبل الطیب عود بلساں حب بلسان دار چینی قلمی سب کو
پیس کر نبات سفید عسل خالص دونوں کو عرق بادیان میں قوام
کرکے ادویہ مسحوقہ ملاکر جوارش تیار کریں اور چینی کے برتن میں رکھکر
جو میں دفن کریں تین ہفتہ کے بعد نکال کر استعمال کریں اگر سب ادویہ
کے برابر تربد سفید پیکر روغن بادام سے چرب کرکے اضافہ کریں تو جوارش
کمونی ملین ہوجاتی ہے۔ خوراک جوارش کمونی سادہ کی ۵ ماشہ سے
نو ماشہ تک اور ملین کی ایک تولہ سے ڈیڑھ تولہ تک۔

جوارش کمونی اکبر

تالیف حکیم ارزانی ۔ تقویت معدہ و دل و دماغ کو قوت دیتی اور طبیعت کو نرم رکھتی ہے اور آروغ دخانی کو دفع کرتی ہے۔ اور جو شخص درد معدہ و قولنج کا عادی ہو اُسکی مضرت سے محفوظ رہتا ہے۔ زیرہ کرمانی فلفل سیاہ فلفل سفید سداب تازہ سایہ میں خشک کرکے دارچینی بورہ ارمنی زنجبیل مربے ہلیلہ مربے گلقند ہر دو مربوں کو مع گلقند کے پیس کر دیگر ادویہ کوٹ چھان کر اس میں ملادیں۔ اگر خوش ذائقہ کرنا چاہیں تو قند سفید اور عسل خالص کا قوام کرکے شامل کریں۔ خوراک ۴ ماشہ سے ۱۲ ماشہ تک۔ اور یہ جوارش حدت میں کم اور قوت میں قوی ہے اگر اس ترکیب میں روغن بادام اضافہ کریں تو حدت و یبوست بہت کم ہوجائیگی۔

جوارش کمونی مسہل

معمول مطب تنقیہ و تقویت معدہ وامراض باردہ و بطلان ذوق کے لئے مفید ہے۔ اور کثرت لعاب دہن کے لئے جو بسبب رطوبت معدہ کے ہو مفید ہے زیرہ کرمانی مدبر بریان تربد سفید مدبر افتیمون ولایتی فلفل زنجبیل دارفلفل پودینہ خشک سداب صعتر بورہ ارمنی عسل خالص مصفی بدستور مقرر تیار کریں۔ خوراک ۹ ماشہ سے ۱۲ ماشہ تک۔

جوارش مصطگی مرکب

قے و اُبکائی و متلی و تقویت معدہ کے لیے مجرب و معمول ہے۔ مصطگی رومی دانہ ہیل خرد خشک پیس کر قند سفید گلاب خالص اور عرق پودینہ خشک

یا آب پودینہ سبز مروق میں قوام کر کے ادویہ مسحوقہ ملا کر جوارش تیار کریں۔ خوراک ۴ ماشہ۔

جوارش مصطگی سادہ

سردی معدہ جگر و ریاح و سیلان لعاب دہن کو مفید ہے۔ مصطگی رومی کوٹ چھان کر ۱۳ شکر سفید کو گلاب میں قوام کر کے اس میں ملا کر رکھ چھوڑیں۔ خوراک چھ ماشہ سے نو ماشہ تک۔

جوارش قابضہ

ضعف معدہ بارد و اسہال کے لئے مفید و مجرب و معمول مطب ہے۔ پوست سنگدانہ مرغ طباشیر پودینہ خشک دانہ ہیل پوست زرد ترنج پوست بیرون پستہ گل سرخ ساذج ہندی سعد کوفی سنبل الطیب مصطگی رومی زرشک عود غرقی قلفل سیاہ قرنفل کوٹ چھان کر آملہ مربے ہلیلہ مربے ہر دو کو گلاب میں پیس کر قند سفید شربت انار شیریں کا قوام کر کے ادویہ مسحوقہ ملا دیں۔ خوراک ۴ ماشہ سے ۷ ماشہ تک۔ اور کبھی اس ترکیب میں زہر مہرہ خطائی بھی اضافہ کرتے ہیں۔

جوارش قابضہ

ضعف معدہ و اسہال ذرب و خلفہ کو مجرب ہے۔ مروارید ناسفتہ طباشیر پوست سنگدانہ بسد احمر محرق زہر مہرہ خطائی جوزبوا بسباسہ قرنفل دارچینی سلیخہ پودینہ خشک پوست بیروں پستہ دانہ الائچی کلاں غنچہ گل سرخ دانہ الائچی خرد صندل سرخ صندل سفید کشنیز خشک بریاں حب الآس

پوست ہلیلہ زرد آملہ منقی کوٹ چھان کر شربت سیب شربت بہی شربت انار شیریں میں ملا کر رکھ لیں ۔ ماشہ ہمراہ آب آہن تاب نقرہ کے استعمال کریں۔

جوارش لبابہ سردی معدہ و سوء ہضم و بواسیر کو نافع اور ریاح کو دفع کرتی ہے۔ لبابہ قرفہ قاقلہ صغار زنجبیل دار فلفل دار چینی قلمی آسارون قرنفل فلفل سیاہ دانہ الائچی کلاں قند سفید کوٹ چھان کر عسل خالص میں ملا کر رکھ لیں۔ خوراک ماشہ۔

جوارش بقراط معدہ و باہ کو قوت دیتی کھانا ہضم کرتی اور بھوک پیدا کرتی اور نفخ شکم دور کرتی ہے اور معدہ و گردہ و مثانہ کی سردی دفع کرتی ہے۔ اور منہ سے پانی و تھوک آنے کو روکتی ہے۔ اور ہچکی کے لیے مفید ہے۔ تخم کرفس تخم گندنا تخم شبت بادیان کشنیز خشک نانخواہ مصطگی عقرقرحا عود قماری خام قرنفل۔ کوٹ چھان کر عسل خالص سہ چند اور قند سفید ہموزن کا قوام کر کے ملا دیں۔

جوارش جالینوس اس کے خواص بہت ہیں جملہ اعضا کو قوت دیتی اور منہ کی بدبو دور کرتی اور ریاح کو تحلیل کرتی ہے اور کثرت پیشاب کو جو سردی سے ہو دفع کرتی ہے۔ اور باہ کو قوت دیتی ہے اور دیوانگی رفع کرتی اور درد سر و کھانسی و بواسیر و درد اعضا و نقرس و بہق و ریگ مثانہ و گردہ کو نافع ہے اور بالوں کو

سیاہ رکھتی ہے اور جو شخص ۲۰ بیس روز اس جوارش کو متواتر استعمال کرے جمیع امراض مذکورہ سے محفوظ رہیگا۔ سنبل الطیب الائچی خرد سلیخہ دارچینی قلمی خولنجان قرنفل سعد کوفی زنجبیل فلفل سیاہ دارفلفل قسط شیریں عود بلسان آسارون چرائتہ زعفران حب الآس مصطگی رومی قند سفید سب کو کوٹ چھان کر عسل خالص میں حل کر کے رکھ لیں۔ خوراک ۶ ماشہ سے ۱۲ ماشہ تک۔ قبل یا بعد طعام استعمال کریں۔

جوارش دارچینی

ضعف معدہ و گردہ و مثانہ کو نافع ہے اور ریاح غلیظ کو تحلیل کرتی ہے۔ الائچی خرد نانخواہ مصطگی انیسون بادیان سلیخہ قرنفل فلفل سیاہ دارفلفل سنبل الطیب آسارون دارچینی قلمی عود ہندی راسن پودینہ خشک زنجبیل کوٹ چھان کر عسل خالص میں ملا کر رکھ لیں۔

جوارش شہریاران

برودت معدہ و جگر کو نافع ہے اور قولنج اور عسر البول کو مفید ہے۔ سقمونیا قرنفل قرفہ دارچینی سنبل الطیب جوز بوا دانہ ہیل خرد مصطگی دانہ ہیل کلاں حب بلسان زعفران تربد سفید حب النیل قند سفید کوٹ چھان کر عسل خالص میں ملا کر رکھ لیں۔ خوراک ۱۰ تولہ سے ۱ ۳۰ تک ہمراہ آبگرم

جوارش طباشیر

مقوی معدہ و مانع صعود ابخرہ صفراویہ و دوار و صداع۔ گل سرخ صندل سفید آملہ منقی طباشیر سفید کشنیز خشک حب الآس پوست اترج

سماق منقی مصطگی رومی کافور قیصوری آب بہ شیریں قند سفید گلاب بدستور مقرر جوارش تیار کریں۔ خوراک ۹ ماشہ۔

جوارش عود معدہ بارد کو گرم کرتی ہے اور اشتہا پیدا کرتی ہے اور ہاضمہ کو قوت دیتی ہے۔ عود غرقی کوٹ چھانکر قند سفید کا قوام کرکے ملا دیں اور قرنفل دانہ ہیل زعفران پیسکر بوقت قوام شامل کرکے رکھ لیں۔ خوراک چھ ماشہ

جوارش مسہل جو صفرا کو باآسانی خارج کرتی ہے۔ سقمونیا عود خام مصطگی رومی تربد سفید کوٹ چھانکر عسل خالص میں ملا کر رکھیں۔ خوراک ۷ رماشہ ہمراہ آب گرم۔

جوارش عود شیریں مقوی معدہ و مشتہی و ہاضم و دیگر فواید رکھتی ہے۔ عود ہندی قرنفل الائچی کلاں الائچی خرد سنبل الطیب زعفران کوٹ چھان کر عسل مصفی میں ملاکر جوارش تیار کریں۔ خوراک چھ ماشہ۔

جوارش عود ترش مقوی معدہ و ہاضم و مشتہی و دیگر فواید رکھتی ہے رب سیب ترش رب بہ ترش رب زرشک آب انارین آب ترنج آب لیموں کاغذی عسل مصفی عود ہندی نبات سفید زعفران مرداربد ناسفتہ سودہ پوست بیرون پستہ مصطگی رومی طباشیر سفید صندل سفید کہربا شمعی سازج ہندی پوست زرد ترنج برگ بادرنج بویہ دارچینی قلمی دانہ ہیل خرد۔ بطریق

معروف تیار کریں۔

جوارش فواکہ ضعف معدہ و خفقان کو نافع ہے۔
آب انار ترش آب انار شیریں آب امرود آب انگور آب زرشک آب سماق قند سفید باہم ملا کر قوام تیار کریں بعدہ مصطگی رومی دارچینی برگ بادرنجبویہ مشک۔ کوٹ چھان کر اسمیں ملا دیں خوراک ۱۰ ماشہ۔

جوارش قرطم حافظ صحت و ملین طبع و مقوی معدہ ہے۔
تخم قرطم مقشر مغز بادام شیریں انیسون بسفائج عسل مصفی بدستور مقرر مرتب کریں۔ اور اگر دو حصہ مصطگی رومی اضافہ کریں تو زیادہ قوی ہوگی۔ خوراک ۲ تولہ سے ۴ تولہ تک۔

چٹکی ہاضم نفخ شکم و سوء ہضمی کے لئے نہایت مفید ہے۔ خاصکر بچوں کے لئے بہت نافع و معمول مطب ہے۔ پوست ہلیلہ زرد پوست ہلیلہ کابلی ہلیلہ سیاہ چاکسو گل سرخ پوست بلیلہ زیرہ سفید زیرہ سیاہ دانہ الائچی خرد دانہ الائچی کلاں آملہ خشک بادیان انیسون اصل السوس مقشر نمک طعام نمک لاہوری نمک سیاہ کچلون نمک شور سہاگہ بریاں نوشادر ترنجبور بابے برنگ سب دوائیں مساوی الوزن لیکر کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔ خوراک ۳ ماشہ سے ۶ ماشہ تک۔

حب قابض حبس اسہال کے لئے مجرب ہے۔ افیون خربا

نبات سفید ۲ پیسکر پانی میں گوندھ کر گولیاں بقدر نخود بنائیں۔

حب شنگرف پیچش و زخم آنتوں کے لئے اور خونی دستوں کے لئے مفید و بے نظیر ہے۔ شنگرف سہاگہ افیون پیسکر پانی میں ملاکر ساٹھ گولیاں بناکر جوان مریض کو ایک گولی اور چھوٹے کو بقدر طاقت دیں۔

حب اقاقیا اسہال معدی و کبدی کو ایک ساعت میں بند کرتی ہے۔ افیون اقاقیا گرد سماق حب الآس، گربازج صمغ عربی کوٹ چھان کر پانی میں گوندہ کر گولیاں بقدر فلفل بنائیں۔ خوراک ایک ماشہ جوان کو اور بچوں کو موافق سن کے دیں۔

حب خشخاش اسہال خونی و پیچش و اسہال کبدی و معدی و دماغی کو مجرب ہے۔ مازو سبز گز بازج کو کنار صمغ عربی پیسکر لعاب اسپغول میں جو آب بارتنگ میں نکالا ہو ملاکر حبوب بقدر نخود بنائیں۔ ایک گولی سے ۵ تک ہمراہ شیرہ حب الآس شیرہ پوست بیخ انجبار عرق بارتنگ میں نکال کر آب بھی حل کر کے استعمال کریں۔

حب قابض کمر تجربہ میں آئی ہے۔ ہلیلہ بید رال سفید بیلگری زرنباد آملہ خشک افیون گیرو پیسکر چنے برابر گولیاں بنائیں۔ ایک صبح ایک شام استعمال کریں۔

حب قشر الرمان

ہر قسم کے دستوں میں مفید ہے۔ پوست انار ترش
ہلیلہ سیاہ روغن زرد میں بریاں کیا ہوا
مغز تخم انبہ مغز تخم جامن جفت بلوط مصطگی رومی دانہ ہیل خرد
سگند بالا نرکچور کوٹ چھان کر گولیاں بنا کر بقدر مناسب دیویں۔

حب بیلگری

اسہال کثیر معدی و زحیر کہنہ کو مجرب اور مقوی
معدہ ہے۔ مغز بیلگری تازہ خشک دارچینی قلمی
ناگرموتھ افیون پیسکر پانی میں گوندہ کر بقدر نخود و فالسہ و مونگ گولیاں
بنائیں اطفال شیر خوار و یکسالہ کو بقدر مونگ اور دو سالہ کو بقدر نخود اور جوان
کو بقدر فالسہ مناسب بدرقہ کے ساتھ دیویں

حب قابض قوی

مغز بیلگری زرنباد آملہ خشک افیون صمغ عربی بریاں
ہلیلہ بریاں مائیں خرد گیرو دانہ مویز بریاں
اجوائن گلنار فارسی پیسکر پانی ملا کر گولیاں بنائیں۔

حب قابض مجرب

افیون نیل بڑی دانہ انار ترش دانہ انار شیریں
دانہ ہیل حب الآس سنگدانہ مرغ دانہ مویز
سب کو پیسکر آب پوست خشخاش میں گوندھ کر گولیاں بقدر نخود بنائیں
بعد فراغت اجابت کے ایک گولی سے دو گولی تک استعمال کریں۔

حب برائے اسہال اطفال

جو برنگ سبز و سفید ہوتے ہوں مفید ہے۔
انار دانہ ۳ تولہ تخم خرفہ ۴ تولہ سماق منقی ۲ تولہ زرشک ۲ تولہ صمغ عربی بریاں
طباشیر کتیرا بریاں نشاستہ بریاں گلنار حب الآس زہر مہرہ خطائی

صندلین پوست بیرون پستہ مغز بادام پیس کر لعاب بالنگو میں گوندھ کر

۱۴ر حبوب بقدر فلفل بنائیں۔ ایک گولی روزانہ کھلائیں۔ ۲ دانہ ۳ر

حب قابض ہندی

جس اسہال کے لیے نہایت قوی ہے۔ اور شاہ ارزانی کے مجربات سے ہے۔ سہاگہ بریان

۸ر شنگرف افیون باریک پیس کر نصف دوا کو شہد میں گوندھ کر گولیاں بقدر ۴ر

فلفل تیار کریں اور نصف دوا کو آب لیموں میں گوندھ کر گولیاں بنائیں۔ ۱۶ر قدر حاجت

اگر رات میں دست زیادہ آتے ہوں تو شہد والی گولی کھلائیں۔ اگر دن میں دست زاید آتے ہوں تو لیموں والی گولی دیں۔

حب ترنج

جو بچوں کے دستوں کو بند کرتی ہے اور مجرب ہے۔ بادیان بریان زیرہ سفید بریان جوز بوا افیون

سرخ ۴ ۲ر اجوائن دیسی پوست ترنج کوٹ چھان کر گولیاں بنا کر موافق سن و سال ۹ر ۹ر ۲

۱ر کے استعمال کریں۔

حب اسہال

براے اسہال اطفال ہر قسم

گلنار ناشگفتہ جوز بوا افیون چاکسو مقشر ۲ر ۱ر اعدد اعدد

رسوت نرکچور زیرہ سفید بریان ہلدی مقشر بریان ۲ر ۲ر

کونپل و شاخ نیم کونپل ببول کونپل بکائن ۲ر ۲ر ۲ر ۲ر

کوٹ چھان کر گولیاں بقدر مونگ بنائیں۔ خوراک ایک گولی سے دو تک۔

حب براے اسہال معدی وغیرہ

جو نہایت مفید و مجرب ہے۔ برگ قنب بریان زنجبیل بریان دار فلفل انار دانہ بریان ۴ر ۴ر ۶ر ۴ر

کشنیز خشک مصطگی رومی صمغ عربی بریان کونار بریان کوٹ چھان کر گلاب میں ۶ر ۶ر ۶ر ۹ر

گوندھ کر حبوب بقدر نخود بنا کر ایک گولی سے پانچ تک انتہا سات تک ہمراہ آب آہن تاب کھلائیں۔

حب برائے اسہال اطفال

از مجربات میاں فوجدار محمد خان صاحب مرحوم جو اطفال شیر خوار کے سبز رنگ کے دستوں میں اور قبض کے لئے مفید ہے۔ سہاگہ برگ پسنا کی چاکسو مقشر دھماسا زنجبیل ہلیلہ سیاہ مرہٹی پودینہ خشک زیرہ سفید سونف نرکچور ہینگ کوٹ چھان کر آب ادرک سبز میں گھونٹ کر گولیاں مثل نخود کے بنائیں۔ ایک گولی صبح ایک شام کھلائیں۔

حب حابس خون

جو اسہال خونی وغیرہ میں مفید ہے۔ کہربا شمعی گل ارمنی دم الاخوین طباشیر حب الآس نشاستہ بریاں ریشہ پوست بیخ انجبار ہیبکر آب بارتنگ میں گوندھ کر حبوب بقدر نخود بنائیں۔ خوراک ۵ گولی سے ۱۰ گولی تک

حب حابس دم

کہربا شمعی گل ارمنی دم الاخوین کتیرا صمغ عربی حب الآس ریشہ پوست انجبار نشاستہ کوٹ چھان کر لعاب بہدانہ میں ملا کر حبوب بقدر نخود تیار کریں۔ خوراک ۵ گولی سے دس گولی تک ہمراہ بدرقہ مناسب۔

حب حابس اسہال

عود غرقی کندر نشاستہ مصطگی رومی دانہ موبز دانہ ہیل خرد طباشیر کہربا شمعی حب الآس بیلگری زرشک پوست بیرون پستہ صمغ عربی کوٹ چھان

آب پودینہ سبز میں گوندھ کر چنے برابر گولیاں بنائیں خوراک ایک ایک ماشہ ہمراہ آب آہن تاب۔

حب جبات رافع قبض صبر زرد کو تین روز گلاب اور عرق کاسنی اور عرق بادیان میں بھگوئیں۔ بعدہ مصطگی رومی ترید موصوف رب السوس پیسکر گولیاں بقدر نخود بنائیں ایک گولی صبح کو کھلا کر ایک گھنٹہ کے بعد غذا دیں۔ اور تنقیہ دماغ کے لئے سوتے وقت کھلائیں اور نزلہ و زکام و درد سر کے لئے بھی سوتے وقت ہمراہ آب گرم کے استعمال کریں مجرب ہے۔

حب دافع قبض جو دفع قبض و تقویت معدہ و اشتہا کیلئے معمول ہے۔ ترید سفید برگ سنا مکی پودینہ خشک دارچینی رب السوس انیسون عود مصطگی رومی زعفران کوٹ چھان کر شربت ورد میں گوندھ کر گولیاں بقدر نخود بنائیں خوراک دو گولی سے ۵ تک ہمراہ عرق بادیان

حب جالینوس جو تنقیہ معدہ و اخراج بلغم کے لئے مجرب مفید ہے۔ گلسرخ مصطگی رومی صبر سقوطری ترید سفید کوٹ چھان کر پانی میں گوندھ کر گولیاں بقدر نخود بنائیں دو گولی سے گیارہ گولی تک۔ سوتے وقت گرم پانی کے ہمراہ استعمال کریں

حب ذہب جو معدہ کو رطوبت غلیظہ سے پاک کرتی اور قوت دیتی ہے۔ نانخواہ زیرہ سیاہ مصطگی رومی

صبر سقوطری ۶ ر کوٹ چھان کر آب برگ ترنج سبز میں گوندھ کر چنے برابر گولیاں بنائیں۔

حب قابض

جو بچوں کے اسہال اور پیاس کی شدت کو دفع کرتی ہے۔ زیرہ سفید بریان بادیان جوزبوا نانخواہ افیون سب کو کوٹ چھان کر انار خام میں بھر کر آٹے کی خمیر میں لپیٹ کر گرم راکھ میں دبائیں تاکہ پختہ ہو جائے۔ پس بعد ٹھنڈا ہونے کے خمیر دور کر کے دوا کو مع انار کے پیس کر گولیاں مثل باجرہ یا مونگ یا فلفل یا نخود کے بنائیں اور سایہ میں خشک کر کے رکھیں موافق سن و سال بچہ کے دیویں اور تجربہ ہوا ہے کہ جوان کو ۵ عدد بڑی گولی مثل نخود کے صبح اور ۳ گولی شام کو اور اطفال کو چھوٹی گولی ایک سے تین گولی تک دینے سے ایک ہی روز میں آرام ہو جاتا ہے۔

حب مسہل

برگ سنا مکی ۳ تولہ مویز منقی ۲ تولہ نبات سفید ۲ تولہ باریک پیس کر گولیاں بنا کر ایک تولہ سوتے وقت کھلائیں اوپر سے عرق بادیان گلاب ۵ تولہ گرم کر کے پلائیں۔ تین رات اسی طرح استعمال کریں۔ غذا کھچڑی مونگ گھی ۲ تولہ کے ساتھ یا پلاؤ دیں۔ یا نرم روٹی شوربے کے سات کھلائیں۔

حب تنکار

بھوک لگاتی ہے اور درد معدہ و گرانی و بزرگی شکم کو دور کرتی ہے۔ صبر سقوطری فلفل سیاہ تنکار بزرالبنج کوٹ چھان کر لعاب گھیگوار میں گوندھ کر چنے برابر گولیاں بنائیں۔ تحلیل

ریاح ومواد کے لئے دو گولی سے تین تک اور رفع قبض کے لئے زیادہ دیں اس کی مداومت سے ریاح بالکل نہیں پیدا ہوتی مجرب سے ہے اور اکثر معمول مولف کا ہے۔ خصوصاً اطفال شیر خوار کے لئے مجرب ہے۔

حب ملین دافع قبض وبلغم وریاح وسردی معدہ خصوصاً اطفال شیر خوار کے لئے مجرب ہے۔ ہلیلہ سیاہ ۴ ماشہ زرنجور ۲ ماشہ بادیان ۲ ماشہ سہاگہ بریان ۱ ماشہ پیسکر گولیاں بناکر بچوں کو نصف ماشہ کھلائیں۔

حب ہاضم مقوی معدہ ہے۔ اور غذا ہضم کرتی ہے۔ مجرب ومعمول مطب ہے۔ پوست زرد ترنج ۵ ماشہ پوست بیخ ترنج ۴ ماشہ زنجبیل الائچی کلاں الائچی خرد بادیان ساذج ہندی عود غرقی طباشیر زرنجور زیرہ سیاہ فلفل سیاہ دار فلفل پودینہ خشک مصطگی رومی نانخواہ انیسون تخم کرفس گلسرخ برگ سداب صعتر فارسی انگوزہ یعنی ہینگ پوست ہلیلہ زرد پوست ہلیلہ آملہ خشک انار دانہ سماق زرشک نمک لاہوری نمک سیاہ نمک ترب نمک طعام جوا کھار کوٹ چھان کر آب لیموں کاغذی آب پودینہ سبز آب ادرک سبز میں گوندھ کر گولیاں بقدر نخود تیار کریں خوراک ۳ گولی سے ۵ گولی تک بعد طعام یا قبل طعام استعمال کریں۔

حب تریاق الاوجاع یہ ترکیب جلیل النفع ہے۔ دردہای ریحی

وبلغمی کو جو بغیر حرارت کے ہوں مفید ہے۔ خصوصاً درد معدہ وطحال وجگر وگردہ وغیرہ میں

بارہا تجربہ ہوا ہے۔ اسی سبب سے نام اس کا تریاق الاوجاع مناسب ہے

زنجبیل فلفل سیاہ بائی بڑنگ نمک لاہوری زیرہ سفید تج قلمی قسط تیزپات

پوست ہلیلہ کابلی تخم کرفس ہینگ کوٹ چھان کر قند سیاہ میں ملا کر جنگلی

بیر برابر گولیاں بنائیں ایک گولی سے پانچ تک ہمراہ عرق بادیان استعمال کریں

حب ہاضم

درد شکم وتحلیل ریاح کے لئے مفید ومجرب ہے۔

گل آکھ فلفل سیاہ زنجبیل نمک سیاہ۔

کوٹ چھان کر آب لیمون کاغذی میں گوندھ کر ایک ایک ماشہ کی مقدار میں

گولیاں بنا کر ہمراہ عرق بادیان کھلائیں۔

حب حلتیت

ریاح معدہ ونفخ شکم کے لئے عجیب الاثر ہے۔

زنجبیل سہاگہ بریان پوست ہلیلہ زرد نمک لاہوری

ہینگ کوٹ چھانکر آب بیخ یا برگ سہجنہ میں گوندھ کر بقدر کنار دشتی کی

گولیاں بنائیں۔

حب زرنباد

متلی وقے کو نافع ہے۔ کپور کچری کوٹ چھانکر

گلاب میں گوندھ کر چنے برابر گولیاں بنائیں اور

دو گولیاں کھلائیں اگر قے نہ تو بعد ایک گھڑی کے پھر دو گولی دیں۔

حب کمیلہ

کینچوے اور کدو دانہ شکم سے نکالتی ہے۔ کمیلہ

پودینہ خشک بابڑنگ ہلیلہ زرد۔ کوٹ

چھان کر گولیاں بنائیں۔ خوراک ۱۰ ر اور کبھی تربد سفید مجوف اضافہ کرتے ہیں

حب نافع دیدان صغار یعنے چنچنے جو بچوں کی مقعد میں پڑتے ہیں اسکو دور کرتی ہے۔ رسوت چاکسو مقشر ۲ ماشہ ہینگ ۲ ماشہ صبر زرد ۱ ماشہ فلفل سیاہ ۲ ماشہ برگ نیم سبز ۴ ماشہ گگروندہ کے رس میں پیس کر جوار برابر گولیاں بنائیں روزانہ ایک گولی کھلاتے رہیں۔

دیگر بلیم کتہ سفید افیون برگ کنار نارجیل کہنہ جیکر ۳ ماشہ گولیاں مونگ برابر بنا کر روزانہ ایک گولی کھلائیں۔

حب نافع کرم شکم مغز کرنجوہ پلاس پاپڑا نانخواہ کمیلہ بائے برنگ گوکرو ایک ایک تولہ کوٹ چھان کر قند سیاہ ۴ تولہ میں ملا کر چنے برابر گولیاں بنا کر ۷ ماشہ استعمال کریں۔

حب ہیضہ وبائی مجرب حکیم فرزند علی صاحب مرحوم سابق افسر الاطبا ریاست بھوپال۔ پوست بیخ مدار فلفل سیاہ ہیرا ہینگ تخم لیموں کاغذی کافور پپیتہ انگریزی نارجیل دریائی ۳ تولہ صبر زرد ۲ تولہ مرکی زعفران جوہر پپرمنٹ آب ادرک سبز میں پیس کر ۳ تولہ جبوب بقدر نخود بنائیں اور بعد ہر دست وقے کے ایک ایک گولی کھلائیں۔ اور وقت پیاس کے ہر وقت یہ عرق پلائیں۔ **نسخہ**۔ عرق پیاز برگ سنائی پودینہ سبز پوست ہلیلہ برگ نیم سبز الائچی سفید مع پوست پوست انگوری نیم برگ آملہ برگ تمر ہندی برگ لیموں کاغذی نارنگی خام مسلم پوست ہلیلہ کابلی گل نیم گل سرخ پوست ہلیلہ زرد برگ نیوار رات کو پانی میں بھگو کر صبح عرق کشید کریں۔

دیگر جو درد معدہ وہاضمہ وتحلیل ریاح وتولید اشتہا واصلاح فساد معدہ وسوہضم کو نافع ہے اور ہیضہ وبائی کے لئے بھی بہت مفید ہے۔ غنچہ مدار فلفل سیاہ نمک طعام قرنفل گلدار نوشادر مصعد آہک آب نارسیدہ افیون یسب وائیں ایک وزن آب ادرک سبز میں پیسکر خشک کریں۔ بعدہ آب لیموں کاغذی میں حل کر کے حبوب بقدر نخود اور کنار دشتی بنائیں۔ دس سال تک کے بچوں کو چھوٹی گولی ایک گولی سے دو تک۔ اور جوان کو بڑی گولی دیں اور اگر ہیضہ میں پیاس غالب ہو تو بعد استعمال حب کے گلاب میں پانی ملا کر پلائیں۔ اگر حیات باقی ہے تو صحت کامل ہوگی اور جملہ عوارض ردیہ ہیضہ کے دفع ہوجائیں گے۔

دیگر جو ہیضہ و درد معدہ کے لئے مجرب ہے۔ از مجربات حکیم نورالدین صاحب۔ گل مدار نمک سیاہ سہاگہ بریاں فلفل دراز فلفل سیاہ باریک پیسکر پانی میں گوندھ کر گولیاں بنائیں۔

دیگر جو ہیضہ وبائی کو مفید ہے۔ میٹھہ تیلیہ افیون شنگرف عقرقرحا دارفلفل سہاگہ قرنفل فلفل سیاہ۔ عرق ادرک میں کھرل کر کے جنگلی بیر برابر گولیاں بنائیں۔ ایک گولی ہمراہ عرق پودینہ سبز کھلائیں۔ اور پیاس کے وقت الائچی سفید نیم کوب کر کے پانی میں جوش دیکر تھوڑا تھوڑا پلائیں۔

حب عشر جو ہیضہ میں مستعمل ہے۔ پوست مدار فلفل سیاہ۔ دونو نکو

پیسکر چنے برابر گولیاں بناکر ایک ایک گولی ایک ایک گھنٹہ کے فاصلہ سے کھلائیں۔

حب برائے سنگرہنی

مجرب حکیم حیدر حسن صاحب مرحوم۔ مغز خستہ انبہ مغز خستہ ہنگوٹ مغز تخم کنگج یعنی بال جس سے وزن کرتے ہیں۔ ایگ آب نارسیدہ افیون۔ پیسکر گولیاں بقدر کنار دشتی کے بناکر ایک صبح ایک دوپہر ایک شام کو کھلائیں۔

دیگر

جو سنگرہنی کے لئے تلسی رام وید کی مجرب ہے۔ گندک آملہ سار سیماب مصفیٰ دونوں کی کجلی کریں تخم دہتورہ شنگرف مدبر افیون مدبر زہر تیلیہ مدبر پیسکر آب بھنگرہ میں تین روز کھرل کرکے گولیاں بقدر نخود بنائیں۔ افیون مدبر کرنے کی ترکیب یہ ہے کہ افیون کو آب ادرک میں حل کرکے خشک کرلیں۔

حب گوگل

مجرب تلسی رام وید۔ جملہ امراض بلغمی و بادی کو مفید ہے۔ سونٹھ پیپل چاپ فلفلمویہ پوست بیخ چترک ہینگ بریان اجمود سرسوں زرد زیرہ سفید زیرہ سیاہ تخم سنبھالو اندرجو شیریں بابے برنگ گج پیپل کٹکی اتیس بھارنگی بچھ مرڑور پھلی کوٹ چھان کر سب چند ادویہ سے ترپھلہ لیکر آٹھ سیر پانی میں جوشدیں جب ایک سیر رہجائے تو گوگل برابر جملہ ادویہ مع ترپھلہ کے یعنی چہار چند لیکر آب ترپھلہ میں پکائیں کہ مثل شہد کے ہوجائے۔ پھر ادویہ مسحوقہ ملاکر گولیاں بقدر کنار دشتی بنائیں۔ خوراک ایک گولی صبح ایک شام۔

حب حابس اسہال

مجرب تلسی رام وید۔ افیون اتیس موچرس بیلگری اندرجو شیریں لودھ پٹھانی گل دہادہ آسارون شیر گولر لجالو یعنی چھوئی موئی جائفل زنجبیل بھنگ چھال کڑا غنچہ انار خستہ انبہ خستہ جامن سعد کوفی کوٹ کر ایک روز آب پوست جامن میں اور ایک روز آب پوست بیخ انبہ میں پیسکر حبوب بقدر نخود بنائیں۔ خوراک ایک ایک گولی صبح شام۔

حب ملین

قبض واخراج رطوبات بلغمی و درد معدہ کیلئے مجرب ہے۔ زنجبیل ۲ تولہ برگ سنا مکی ۱ تولہ باریک پیس کر مویز منقی کے ہمراہ پتھر پر اس قدر پیسیں کہ مثل معجون کے ہو جائے۔ پھر جائفل کے برابر بڑی گولیاں بنا کر سوتے وقت ایک گولی کھلائیں۔ صبح ایک اجابت کھل کر آئیگی۔ اگر دن میں بقدر ایک تولہ استعمال کریں اور تھوڑا تھوڑا آب گرم پیتے رہیں تو چار پانچ مرتبہ اجابت مواد لزجہ کیساتھ آجائے گی۔

حب - برائے اسہال

جو ضعف معدہ کے سبب آتی ہوں اور غیر منہضم غذا خارج ہو جاتی ہو مفید ہے۔ مغز تخم انبہ کہنہ زیرہ سفید بادیان جوز بوا تخم جامن نانخواہ مصری افیون سب کو باریک پیسکر دو عدد انار ترش میں بھر کر آرد گندم میں لپیٹ کر گلحکمت کرکے خاکستر گرم میں رکھیں جب پختہ ہو جائے نکال کر بلا آمیزش پانی کے پیسکر گولیاں بقدر نخود بنائیں اور سایہ میں خشک

کرکے رکھیں دو گولی صبح دو شام کھلائیں اور بعد تین روز کے تین تین گولی دو وقت کھلائیں اس کے بعد روزانہ چار گولی کھلاتے ہیں نہایت مجرب ہے۔

حب حلتیت باد گولہ و درد شکم کو مفید ہے۔ اور کلانی شکم کو دور کرتی ہے۔ اور کاسر ریاح ہے۔ مقل ازرق
۱ تولہ
مصطگی رومی سہاگہ بریان حلتیت خالص پیسکر لعاب گھگوار میں
۶ ر ۱ تولہ
ملاکر بقدر نخود کلاں بنالیں۔ ایک گولی صبح ایک شام استعمال کریں۔

حب برائے کثرت اسہال افیون نارجیل کہنہ جائفل کہنہ
۲ ر ۳ ر ۳ ر
کتہ پاپڑیا آب برگ کنار سبز میں پیس کر
۳ ر
موٹھ کے برابر گولیاں بنا کر روزانہ تین چار گولی استعمال کریں۔

حب ہاضم و مقوی معدہ بہت نافع ہے۔ ہرسہ ہلیلہ پوست بلیلہ
۱۰ تولہ ۵ تولہ
آملہ منقی سماق انار دانہ زرشک
۵ تولہ ۵ تولہ ۵ دانہ ۵ دانہ
زرنباد درونج عقربی فلفل سیاہ دارفلفل پودینہ خشک پوست لیموں ترش
۳ تولہ ۲ تولہ ۱ تولہ ۱ تولہ ۵ تولہ ۵ تولہ
پوست چکوترہ بسباسہ زرنب سازج ہندی برگ مرزنجوش
۵ تولہ ۱ تولہ ۱ تولہ ۱ تولہ ۳ تولہ
سلیخہ دارچینی قلمی مصطگی رومی سنبل الطیب زنجبیل نانخواہ بادیان
۱ تولہ ۱ تولہ ۱ تولہ ۲ تولہ ۳ تولہ ۳ تولہ
تخم کرفس برگ سداب ولایتی زیرہ سفید زیرہ سیاہ ہینگ
۲ تولہ ۲ تولہ ۱ تولہ ۳ تولہ ۲ ر
نمک طعام اذخر مکی گل سرخ مویز منقی کشمش سبز انجیر ولایتی
۳ تولہ ۱ تولہ ۲ تولہ ۱ تولہ ۵ تولہ ۹ عدد
کشنیز خشک املی ہندی خردل بورہ ارمنی نمک سیاہ نمک شیشہ
۱ تولہ ۵ تولہ ۵ تولہ ۵ تولہ ۲ تولہ ۲ ر
نمک دریا نمک سونچر نمک لاہوری۔ سب کو اسقدر سرکہ انگوری میں
۲ تولہ ۲ تولہ ۶ مار
ترکریں کہ تمام دوائیں سرکہ میں تر ہو جائیں۔ پھر آب لیموں ترش میں

پیسکر گولیاں بقدر نخود بنائیں۔

حب برائے حب القرع

یعنے کدو دانہ کے لئے مجرب ہے۔ سیسہ سیماب سیسہ کو پگھلاکر سیماب اُسمیں ڈال کر گرہ دیں۔ بعدہ نوشادر بابے برنگ کمیلہ سب کو باریک پیسکر آب برگ شفتالو سبز میں گولیاں چنے برابر بنائیں۔ چار چھ گولی کھلاکر اُس کے اوپر پوست بیخ انار ترش پوست بیخ توت پانی میں جوشدیکر مل چھان کر پلائیں۔

حب ترش

ہضم طعام و تقویت معدہ کے لئے نہایت مفید خوش ذائقہ ہے۔ زنجبیل سفید بے ریشہ نہایت باریک پیس چھان کر پانی میں ایک رات دن بھگوئیں بعدہ پانی اس کا دور کر کے سات آٹھ مرتبہ اسی طرح کریں۔ تاکہ خوب سفید و شستہ ہو جائے بعد اُسکے نمک لاہوری پیسکر دونوں کو اس قدر آب لیموں میں تر کریں کہ دوا سے دو انگل اوپر ہوجائے اور سب پانی جذب ہو جائے۔ اگر نمک کم ہو تو ڈہائی تولہ نمک اور پیس کر دوبارہ آب لیموں میں تر کریں۔ اسیطرح چار مرتبہ کریں۔ اگر نمک کم ہو تو صرف آب لیموں کا اضافہ کریں۔ چوتھی مرتبہ جب کہ آب لیموں خشک ہو جائے گولیاں بقدر نخود بنالیں۔

حب ترش

مشہور بہ حب الکبریت۔ ہضم طعام و تقویت معدہ و دفع ریاح بواسیر کے لئے مجرب ہے۔ زنجبیل نمک سیاہ نمک سنگ قرنفل دار فلفل گندک آملہ سار الائچی خرد سب کو علیحدہ علیحدہ

آب لیموں میں سات مرتبہ تر کر کے چنے برابر گولیاں بناکر دو تین گولیاں کھلائیں اور چھ گولیوں سے زائد نہ دیں۔ اور گندک کو روغن گاؤ میں بریاں کر لیں خام نہ داخل کریں۔

حب تنکار بھوک پیدا کرتی اور درد معدہ و بزرگی شکم کو دور کرتی ہے۔ تنکار یعنے سہاگہ بزرالبنج فلفل سیاہ صبر سقوطری مصطگی رومی عصارہ ریوند چینی لعاب گھیگوار میں حل کر کے چنے برابر گولیاں بنائیں۔ تحلیل ریاح و مواد کے لئے دو تین گولیاں کھلائیں اور رفع قبض کے لئے زیادہ دیں۔ اسکی مداومت سے ریاح کی تولید موقوف ہو جاتی ہے اور بزرگی شکم کی دفع ہوتی ہے۔

حب کبریت مشتہی و ہاضم ہے اور خارش و درد گوزا مل کرتی ہے۔ امراض بلغمی میں مفید ہے۔ گندک آملہ سار فلفل سیاہ نمک ہندی کوٹ چھان کر آب لیموں میں گوندھ کر جنگلی بیر برابر گولیاں بنائیں۔ خوراک دو گولی سے تین تک۔

حب ہاضم طعام جو ہضم و تحلیل ریاح و نفخ شکم و قولنج کو مفید و مجرب ہے۔ زنجبیل ۱ تولہ ہلیلہ زرد ترپد سفید مقشر آملہ منقی فلفل گرد نمک سنگ۔ باریک پیس کر آب تمر ہندی میں گوندھ کر بقدر دو ماشہ گولیاں بنائیں۔ خوراک ۲ گولی سے ایک۔

دوا مقوی معدہ و امعا جو معدہ و امعا کی چاروں قوتوں کو قوت دیتی اور بھوک پیدا کرتی اور ہاضم ہے

اگر اسہال ہوتے ہوں تو قبض کی تاثیر کرتی ہے اور اگر قبض ہو تو تلین کرتی ہے۔ بہرحال جو قوت کمزور ہو اسکو قوی کرتی ہے۔ مجرب ہے۔ انار دانہ ترش تازہ ۵ تولہ نمک سنگ ۵ زنجبیل ۲٫۸ زیرہ سفید ۲٫۸ تربد سفید ۱۴ زیرہ سیاہ ۱۴ پوست ہلیلہ زرد ۱۴ پوست ہلیلہ کابلی ۱۴ سب کو کوٹ چھان کر غذا سے پہلے اور بعد ۷ ماشہ سے ۱۰ تک استعمال کریں۔ خواہ دو وقت یا ایک وقت۔

دوا برائے سنگرہنی

جو مجرب ہے۔ پوست سنگدانہ خروس قرنفل ۱ تولہ کوٹ چھان کر سب ایک مرتبہ میں کھلائیں ۱ تولہ اسیطرح تین روز استعمال کریں۔ ذرب مزمن کو دفع کرتی ہے۔ اگر مریض برداشت نہ کرسکے تو ایک تولہ ہر روز کھلائیں۔ یا اسقدر دوا کو تین روز کریں۔ صرف نوروز تک استعمال کریں۔

دوا برائے قے ہر قسم

دانہ الائچی خرد ۶ قرنفل ۶ ناگیسر ۶ مغز گٹھلی ۶ موتھہ ۶ صندل سفید ۶ فلفل دراز ۶ کھیل دھان ۶ سب کو پیس چھان کر تھوڑا تھوڑا شہد میں ملاکر چٹائیں۔

دیگر

جو قے بلغمی و سوداوی کو روکتی ہے۔ زرشک بیدانہ ۱۲ گلسرخ ۱۸ پودینہ خشک ۳٫۵ پوست بیرون پستہ ۳٫۵ مصطگی ۳٫۵ عود غرقی ۳٫۵ تج ۳٫۵ سنبل الطیب ۳٫۵ قرنفل ۳٫۵ تخم فرنجمشک ۳٫۵ زیرہ کرمانی ۳٫۵ مدبر کوٹ چھان کر نو ماشہ لیکر تین تولہ سکنجبین سفرجلی میں ملاکر چٹائیں۔

دوا برائے اسہال بلغم

جو بہت خوشگوار و مجرب ہے۔ جلپ دیسی ۱ گلسرخ ۱ سنا مکی ۱ پیسکر عسل خالص ۲ تولہ میں ملاکر چٹائیں۔

دوا برائے حب القرع یعنی دو آکدو دانہ کے لئے مفید و مجرب ہے۔ کمیلہ ۱ر باے برنگ ۱ر پیسکر گلقند ۴ تولہ میں ملاکر کھلائیں۔

روغن مصطگی معدہ کو قوت دیتا ہے۔ روغن زیت ۱۰ تولہ شیشی میں رکھکر مصطگی رومی ۵ تولہ پیسکر اس میں ملاکر خوب حل کریں اور ایک دیگچی کو نصف پانی سے بھر دیں اور آگ پر رکھکر اس میں شیشی ڈالیں اور اس قدر جوش دیں کہ مصطگی پگھل جائے۔

سفوف حب الرمان سنگرہنی کو مفید ہے۔ انار دانہ بریان ۳۵ر جفت بلوط سماق زیرہ کرمانی مدبر ۱۷ر حب الاس ۱۰ر کشنیز خشک بریاں ۱۷ر تخم مویز بریاں ۱۰ر آرد کنار ۱۷ر عود خام ۱۰ر آملہ منقی ۴ر کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔ خوراک ۱۰ر ہمراہ آب خالص۔

سفوف مقوی معدہ انار دانہ ۶ر پودینہ خشک ۶ر فلفل سیاہ ۲ر مصطگی رومی ۲ر کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔ خوراک چھ ماشہ۔

سفوف حب العنب معدہ کو قوت دیتا اور دستوں کو بند کرتا ہے۔ دانہ انگور ۱۴ر صمغ عربی ۱۴ر حب الاس ۷ر سماق ۷ر مصطگی رومی ۲ر گلنار فارسی ۳ر کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔

سفوف برائے اسہال معدی تخم حماض ۳ر زرشک ۲ر بیدانہ ۳ر تخم مویز ۳ر کشنیز خشک بریاں ۳ر گلسرخ ۳ر خرنوب ۳ر شاہ بلوط ۳ر طباشیر ۳ر سماق ۶ر حب الاس ۶ر انار دانہ ۱ تولہ کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔

سفوف برائے سنگرہنی ہڑ زنگی ۶ر تج ۶ر بیلگری ۶ر بادیان ۶ر کوکنار ۲ر

رال مرداڑ بہلی اسپغول پوست ترنج کشنیز خشک جوزبوا سعد کوفی
مغز انبہ کہنہ سب دوائیں نصف پختہ نصف خام کر کے سوائے اسپغول کے
باقی سب دوائیں کوٹ چھان کر شکر سفید و اسپغول ملا کر تین تین ماشہ
ہموزن
صبح شام کھلائیں۔

سفوف شیرین

یہ ہندی نسخہ ہے جو بہت سے امراض میں مفید ہے
یہ بھوک لگاتا ہے۔ اور ذرب کو مفید ہے
اور رنگِ بدن سرخ کرتا ہے اور تپ ہائے کہنہ میں مفید ہے۔ چند شخصوں کو
ضعف معدہ کے ساتھ حمی مرکب بلغمی تھا یہ سفوف استعمال کرایا گیا ضعف
معدہ و حمی بفضلہ تعالیٰ دفع ہو گیا۔ قرنفل دانہ الاچی خرد ناگیسر مرچ کنکول
دارچینی قلمی زنجبیل فلفل دراز صندل سفید اگر تگر طباشیر کنول گٹہ
زیرہ سفید زیرہ سیاہ پترج کافور بھیم سینی نبات سفید کوٹ چھان کر
ہموزن
سفوف بنائیں خوراک پانچ ماشہ۔ ہمراہ آب تازہ یا ہمراہ شیر گاؤ۔

سفوف قرنفل

ضعف معدہ کے لئے مجرب ہے۔ قرنفل بادیان
انیسون مصطگی زنجبیل نبات سفید کوٹ چھان کر
سفوف بنائیں غذا سے پہلے ۷ ماشہ کھلائیں۔

سفوف شیخ الرئیس

معدہ و جگر و اوجاع مفاصل کو نافع ہے۔
نمک طعام ۱۲ تولہ فلفل سفید ۹ تولہ نوشادر ۶ تولہ زنجبیل ۶ تولہ
فلفل سیاہ ۶ تولہ پودینہ نہری ۶ تولہ تخم کرفس بری ۳ تولہ انیسون ۳ تولہ تخم جرجیر ۳ تولہ نانخواہ ۳ تولہ
سنبل الطیب ۳ تولہ کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔ خوراک ۹ ر ہمراہ آب گرم۔

سفوف نعناع

معدہ کو قوت دیتا اور ریاح کو تحلیل کرتا نفخ شکم دور کرتا ہے۔ غذا سے اول یا بعد استعمال کرنا چاہیئے۔ بادیان انار دانہ بریاں نوشادر سماق پودینہ خشک نمک سیاہ نمک لاہوری زنجبیل نمک اندرانی مرچ سیاہ ہینگ بریاں کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔

سفوف ملین

جو منقی معدہ ہے۔ تربد سفید مجوف خرشید مصطگی رومی روغن بادام شیریں میں چرب کیا ہوا شکر سفید قدر حاجت سب کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔ خوراک ۴ماشہ ہمراہ آب گرم۔

سفوف برائے قے وغثیان

جو گرم مزاج والوں کی متلی وقے کو دفع کرتا ہے عود غرقی پوست بیرون پستہ پودینہ خشک گل سرخ طباشیر زرشک سماق انار دانہ ترش کوٹ چھانکر سفوف بنائیں خوراک ۴ ماشہ ہمراہ آب انار و شربت پودینہ۔

سفوف شیریں

بھوک بہت پیدا کرتا ہے۔ گردسماق آملہ منقی اجوائن زنجبیل فلفل سیاہ الائچی سفید زیرہ سفید قرنفل نبات سفید کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔ خوراک ۴ ماشہ سے ۹ ماشہ تک۔

سفوف برائے اکثر امراض اطفال

صرع وام الصبیان و ڈبہ وضیق النفس وسرفہ وامراض معدی ورحی دباوی شل درد معدہ و نفخ و قبض شدید و قولنج و مغص وغیرہ جو بچوں کو

عارض ہو بہت نافع ہے۔ پوست ہلیلہ زرد ۱ تولہ پودینہ خشک ۱ تولہ تربد مجوف ۱ تولہ کوٹ چھان کر بقدر سن و سال شیر مادر میں حل کر کے پلائیں۔

سفوف انار دانہ ملین و ہاضم و محلل ریاح معمول مطب۔ انار دانہ کوہی ۳ تولہ پودینہ خشک آملہ منقی سنا مکی گلسرخ پوست ہلیلہ زرد پوست بلیلہ ۲ تولہ نمک سنگ ۹ ماشہ نمک سیاہ کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔ خوراک ۴ ماشہ۔

سفوف قابضہ تقویت معدہ و حبس اسہال معدی کیلئے مجرب ہے۔ پوست سنگدانہ خروس ۹ ماشہ پوست بیرون پستہ دانہ ہیل زیرہ سیاہ مدبر کشنیز خشک بریان مصطگی رومی پوست زرد ترنج آملہ منقی بیلگری غنچہ گلسرخ انار دانہ کہربا شمعی طباشیر زرورد تخم مورد عود غرقی ۳ ماشہ کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔ خوراک ۳ ماشہ ہمراہ آب آہن تاب۔

سفوف مقوی معدہ و دافع اسہال اطفال مصطگی رومی پوست ہلیلہ زرد بروغن زرد بریان کردہ پوست بیروں پستہ بادیان بر پوست نارنج پوست انار ۳ ماشہ کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔ خوراک بقدر سن و سال۔ ایک ماشہ سے دو ماشہ تک ہمراہ آب آہن تاب۔

سفوف قنب پرانے دستوں میں بہت مفید ہے۔ برگ بھنگ بریان ۳ ماشہ مصطگی رومی انار دانہ کوہی کشنیز خشک بریان صمغ عربی بریان کوکنار بریاں حب الآس ۴ ماشہ کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔

خوراک ۴ ماشہ ہمراہ آب آہن تاب۔

سفوف برائے اسہال و پیچش سخت

پوست خشخاش بریاں ۶ر انار دانہ بریاں ۶ر زیرہ سیاہ بریاں ۶ر عود غرقی ۶ر دانہ ہیل خرد ۶ر تخم حماض ۶ر گلنار فارسی ۶ر مصطگی ۳ر کوٹ چھان کر سفوف بنائیں خوراک ۴ ماشہ ہمراہ آب آہن تاب۔

سفوف برائے اسہال مریضان چیچک

پوست خشخاش ۲ر صمغ عربی بریاں ۲ر گلنار فارسی ۲ر غنچہ گلسرخ ۴ر طباشیر ۲ر تخم حماض ۴ر زرشک ۴ر سماق ۴ر گل ارمنی ۲ر کوٹ چھان کر ۴ ماشہ ہمراہ عرق بارتنگ استعمال کرائیں۔

سفوف برائے اسہال ہر قسم

کندر ۲ر سعد کوفی ۲ر خولنجان ۶ر زیرہ سیاہ بریاں ۶ر جفت بلوط ۲ر کوٹ چھان کر سفوف بنائیں

سفوف برائے اسہال ذرب خلفہ

تخم حماض ۳ر زرشک ۳ر تخم مویز کشنیز خشک بریاں ۳ر غنچہ گل سرخ ۳ر خرنوب شامی ۳ر بلوط ۳ر طباشیر ۳ر سماق ۲ر منقی ۲ر حب الآس ۶ر انار دانہ ۳ر کوہی کوٹ چھانکر سفوف بنائیں۔ خوراک ۴ ماشہ ہمراہ گلاب مدبر ۱ تولہ استعمال کریں۔ گلاب کے مدبر کرنیکی ترکیب یہ ہے کہ سات تولہ چاندی آگ میں سرخ کرکے آدھ سیر گلاب میں سرد کریں اسی طرح تین مرتبہ چاندی کو سرخ کرکے گلاب کو بجھالیں۔ بعدہٗ سات تولہ سونے کو تین مرتبہ آگ میں سرخ کرکے بجھائیں بعدہٗ سات تولہ ٹکڑا لوہے کا سرخ کرکے تین مرتبہ بجھائیں۔

سفوف قابض

اسہال معدی کو مفید ہے۔ اور ضعف معدہ کو سود مند ہے۔ زرشک انار دانہ پوست زرد ترنج پوست بیرون پستہ پوست سنگدانہ مرغ تخم حماض بریاں حب الآس بریاں دانہ ہیل خرد دانہ مویز مغز خستہ انبہ مغز خستہ جامن آرد کنار مصطگی رومی عود خام زیرہ سیاہ بریاں خرنوب شامی مازو سبز گزمازج گلنار فارسی کوکنار کوٹ چھان کر ۹ ہمراہ آب آہن تاب استعمال کرائیں۔

سفوف برائے اسہال ذرب و سنگرہنی۔

گل دھاوہ موچرس گزمازج بیلگری کوکنار زیرہ سیاہ بریاں رال سفید مصطگی رومی کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔ ۴ ماشہ ہمراہ آب آہن تاب کے استعمال کرائیں۔

سفوف مقوی معدہ و دافع اسہال

کہربا شمعی دارچینی قلمی قرنفل جوزبوا دارفلفل صندل سفید سنبل الطیب مغز کنول گٹہ اذخر مکی آبارون عود غرقی طباشیر زنجبیل فلفل سیاہ زعفران نبات سفید کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔ خوراک ۴ ماشہ سے ۱ تولہ تک

سفوف برائے اسہال معدی و معوی

زیرہ سیاہ بریاں انار دانہ کوہی بریاں پوست بیرون پستہ پوست خشخاش عود غرقی مصطگی رومی دانہ ہیل خرد تخم حماض گلنار فارسی کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔ خوراک ۴ ماشہ ہمراہ آب آہن تاب۔

سفوف سبعہ

جو تمام بدن کا تنقیہ کرتا ہے۔ پوست ہلیلہ زرد

ہلیلہ سیاہ افتیمون لسفائج فستقی حب النیل سنا مکی تربد سفید کوٹ چھان کر روغن بادام سے چرب کر کے سفوف بنائیں۔ خوراک ۹ ماشہ سے ۱۴ ماشہ تک

سفوف ہاضم ملین

پوست ہلیلہ پوست ہلیلہ زرد آملہ خشک زیرہ سفید بادیان نمک سیاہ سنا مکی زنجبیل کوٹ چھان کر سفوف بنائیں چھ ماشہ سوتے وقت ہمراہ آب گرم کھلائیں

سفوف ہاضم و ملین

جو باوجود تلیین کے معدہ کو بھی قوت دیتا ہے
انار دانہ برگ سنا مکی نمک ہندی زنجبیل تربد سفید بادیان کوٹ چھان کر صبح اور سوتے وقت گرم پانی کے ہمراہ ۹ ماشہ کھلائیں۔

سفوف برائے زحیر صادق

گل ارمنی نشاستہ بریاں صمغ عربی بریاں پوست خشخاش بریاں تخم خرفہ بریاں خرنوب شامی طباشیر جفت بلوط حب الآس کوٹ چھان کر چہار تخم مسلم بریاں ملا کر سفوف بنائیں۔ خوراک ۴۰ ماشہ روغن گل سے چکنا کر کے ہمراہ آب آہن تاب استعمال کریں۔

سفوف لطین

زحیر صادق و سحج کے لئے مفید ہے۔ گل ارمنی صمغ عربی بریان تخم خشخاش کوٹ چھان کر اسبغول تخم ریحان بارتنگ تخم کنوچہ مسلم ملا کر سفوف بنائیں خوراک ۴۰ سے ۱۴ ماشہ تک۔ روغن گل سے چکنا کر کے ہمراہ لعاب ریشہ خطمی

لعاب بہدانہ عرق بکو آہن تاب میں نکال کر شربت حب الاس یا
شربت انجبار یا رب بہ حل کرکے پلائیں۔

سفوف الطین

سحج صفراوی و دموی کو نافع اور مجرب ہے۔
گل ارمنی نشاستہ بریان تخم خرفہ بریان
تخم حماض صمغ عربی بریان کوٹ چھان کر بارتنگ تخم کنوچہ
تخم ریحان اسپغول مسلم بریان ملاکر سفوف بنائیں۔ خوراک ۷ ماشہ
ہمراہ لعاب بہدانہ شیرہ حب الاس آب آہن تاب میں نکال کر شربت انجبار
ملاکر پلائیں۔

سفوف الطین

ذحیر صادق وسحج کے لئے مجرب ہے۔ گل ارمنی
صمغ عربی بریان نشاستہ بریاں شاہ بلوط
حب الاس تخم حماض طباشیر تخم خرفہ بریان تخم خشخاش
کوٹ چھان کر اسپغول مسلم بریان تخم کنوچہ بریان تخم ریحان بریاں
بارتنگ بریان ہر چہار تخم ملاکر سفوف بنائیں۔ خوراک ۵ سے ۷ ماشہ تک
روغن گل سے چرب کرکے ہمراہ لعاب بہدانہ شیرہ حب الاس آب آہن تاب
میں نکال کر شربت انجبار یا رب بہ یا رب جامن حل کرکے پلائیں۔

سفوف برائے اسہال معدی

دکبدی و ذحیر صادق۔
ربوند چینی اقاقیا پوست بیرون پستہ
طباشیر گل نار فارسی صمغ عربی بریان
تخم حماض تخم مویز
حب الاس خرنوب شامی گل سرخ انار دانہ کوہی کوٹ چھان کر سفوف

بنائیں۔ خوراک ۴م. ہمراہ آب آہن تاب۔

سفوف ترش دافع قبض جو رفع قبض و حرارت و اخراج مواد فاسد و ریح و بلغم و اشتہا و روشنی چشم کے لیے مفید ہے۔ پوست ہلیلہ زرد انار دانہ برگ سنا مکی نمک سیاہ نمک سنگ زیرہ سفید آملہ خشک پودینہ خشک کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔ سوتے وقت ساڑھی چار ماشہ ہمراہ آب گرم اور اسیقدر صبح تین روز تک کھلائیں۔ اور کھچڑی مونگ یا دال خشکہ کم روغن کا دیں۔

سفوف حابس دستوں کو بند کرنے میں مفید ہے۔ ہلیلہ سیاہ روغن زرد میں بریاں کیا ہوا زیرہ سفید بریاں موچرس کوٹ چھان کر سفوف بنائیں چھ ماشہ دہی میں ملاکر کھلائیں۔

سفوف برائے پیچش جو پیچش خونی و بلغمی و درد و نفخ شکم کو جو مع حرارت کے ہو بے مثل ہے۔ ہلیلہ سیاہ کو روغن زرد سے چرب کر کے کڑاہی میں بریاں کیا ہوا زنجبیل بے ریشہ خاکستر گرم میں بھونا ہوا بادیان بریاں کشنیز خشک بریاں مرڈر پھلی نبات سفید پیسکر ۶ ماشہ یا زیادہ ہمراہ لعاب ریشہ خطمی شیرہ بارتنگ وغیرہ جو مناسب حال ہو استعمال کریں۔

سفوف برائے زحیر زنجبیل بادیان مغز بیل نبات سفید کوٹ چھان کر اول روز ے ماشہ دوسرے دن

۱۰ ار تیسری روز ۱۴ ار ہمراہ پانی کے استعمال کریں۔

سفوف برائے پیچش و سنگرہنی کہنہ اندر جو تلخ ۶ ار موچرس ۶ ار گل دہاوہ سونٹھ برگ تنبہ بریاں ۶ ار کوٹ چھانکر سفوف بنائیں۔ بقدر ۲۰ ماشہ ہر صبح ہمراہ آب خالص سات روز استعمال کریں۔ غذا دال مسور وخشکہ یا دیگر غذا مناسب حال کھلائیں۔ اسہال دموی و بلغمی و صفراوی کو بھی یہ سفوف مفید ہے۔

سفوف مسہل علویخانی اسکو ایک ماشہ کھانے سے ایک دست آتا ہے۔ تربد سفید برگ سناکی ۱ تولہ حب النیل افتیمون ۱ تولہ کوٹ چھان کر روغن بادام سے چرب کر کے سفوف بنائیں چھ ماشہ سے ایک تولہ تک ہمراہ آب گرم استعمال کریں

سفوف مسہل سریع العمل تربد سفید ۱ تولہ زنجبیل ۱ تولہ ہلیلہ سیاہ ۱ تولہ جلپ ولایتی ۱ تولہ نمک سیاہ ۱ تولہ حب النیل ۱ تولہ کوٹ چھان کر سفوف بنائیں اسکے ایک ماشہ سے ایک دست آتا ہے۔

سفوف ہاضم و ملین جو غذا ہضم کرتا اور بھوک پیدا کرتا اور قبض اور نفخ شکم کو دور کرتا ہے۔ بادیان انیسون فلفل سفید سنبل الطیب الائچی خرد آملہ دارچینی زنجبیل ۱۴ ار زیرہ سیاہ ۱۴ ار جواکھار ۱۴ ار نمک ہندی نمک سنگ نمک نفطی سماق گلسرخ ۱۴ ار تربد موصوف برگ سناکی ۳۵ ار ۴۲ ار سب کو آب لیموں میں تر کر کے خشک کریں ۲۴ ار بعدہ آب زرشک میں تر کر کے خشک کر کے کوٹ چھان کر سفوف

بنائیں اور حسب مزاج استعمال کریں۔

سفوف ہاضم و مشتہی و ملین

پوست ہلیلہ زرد ۱ تولہ زنجبیل ۱ تولہ بادیان ۱ تولہ نانخواہ ۱ تولہ نمک لاہوری ۱ تولہ نمک سانبھر ۱ تولہ جواکھار ۱ تولہ نمک سیاہ ۱ تولہ برگ سناءکی ۱ تولہ تربد موصوف ۱ تولہ گلسرخ ۱ تولہ آملہ خشک ۱ تولہ پکھری ۹ ماشہ زیرہ سفید دانہ الائچی کلاں ہلیلہ سیاہ پوست بلیلہ ساذج ہندی ۹ ماشہ فلفل سیاہ ۹ ماشہ زیرہ سیاہ ۶ ماشہ سہاگہ بریاں ۶ ماشہ نوشادر برگ پودینہ ۶ ماشہ پوست ترنج ۶ ماشہ الائچی خرد ۶ ماشہ قرنفل ۲ ماشہ ہینگ بریاں ۳ ماشہ کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔ خوراک ۲ ماشہ۔

سفوف ہاضم و خوش ذائقہ

مجرب و ماخوذ از رموز الاطباء

جو قائم مقام نمک سلیمانی کے ہے۔

پوست ہلیلہ زرد ۲ تولہ پوست بلیلہ ۲ تولہ آملہ منقی ۲ تولہ زنجبیل ۱ تولہ بادیان ۲ تولہ نانخواہ ۲ تولہ زیرہ سفید ۲ تولہ نمک لاہوری ۲ تولہ نمک سیاہ ۲ تولہ نمک ہندی ۱ تولہ جواکھار ۱ تولہ سہاگہ بریان ۱ تولہ نوشادر ۱ تولہ فلفل سیاہ ۲ تولہ دانہ الائچی خورد ۱ تولہ دارفلفل ۱ تولہ۔ کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔

سفوف کثیر الفوائد

دماغ اور معدہ کو قوت دیتا اور پیٹ کی سختی دور کرتا آنکھ سے آنسو جانے کو روکتا اور آنکھوں کی روشنی بڑھاتا دردسر اور تبخیر کو دور کرتا ہے۔ اور نیند بھی لاتا اور درد گردہ کو نافع ہے۔ اور منہ کو خوشبودار کرتا ہے۔

کشنیز خشک ایک رات دن سرکہ میں ترکیا ہوا ۱۲ تولہ دارچینی ۲ تولہ اصل السوس مقشر ۲ تولہ بادیان ۲ تولہ زیرہ سفید ۲ تولہ زیرہ سیاہ ۲ تولہ مصری ۲۴ تولہ خوب باریک مع کشنیز کے

پیس چھان کر باہم ملاکر شیشہ میں رکھ لیں - ایک ایک تولہ دن میں تین مرتبہ یعنی صبح دوپہر شام استعمال کریں -

سفوف اسہبل اسہال و پیچش کہنہ کو مفید و مجرب ہے - اسپغول بریاں اسپغول بریاں

زیرہ سیاہ بریان تخم گندنا تخم شبت تخم خشخاش انیسون تخم کرفس بزرالبنج افیون - سوائے اسپغول کے سب کو کوٹ چھان کر سفوف بنائیں - خوراک ایک ماشہ سے دو ماشہ تک -

سفوف ہاضم جو ہضم غذا کے لئے مجرب اور بے نظیر اور نہایت خوش ذائقہ ہے - نمک سینگ نمک سانبھر نمک اندرانی نوشادر معدنی اجمود نانخواہ مرچ سیاہ سونٹھ لونگ زیرہ سیاہ جائفل جوتری سب کو نیمکوب کرکے سرکہ میں ڈال کر جوشدیں کہ سرکہ خشک ہو جائے پھر پیس کر سفوف بنائیں - خوراک ارتی سے ۲ ماشہ تک -

سفوف دافع تبخیر جو سوزش معدہ و تبخیر کے لئے مجرب ہے - بادیان زنجبیل دانہ الائچی کلاں اصل السوس مقشر فلفل سیاہ نمک لاہوری نمک سیاہ نوشادر کوٹ چھان کر سفوف بنائیں - خوراک ۹ ماشہ بعد طعام -

سفوف برائے اسہال اطفال جو دانتوں کے نکلنے کے وقت عارض ہوتے ہیں - مغز بیلگری کتہ سفید

آملہ خشک ۶ پوست انار ۶ کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔

سفوف برائے سنگرہنی ہلیلہ سیاہ بریان تخم بیلگری بریان بادیان بریان ۶ کوکنار بریان ۶ رال سفید مرّوڑپھلی کشنیز خشک بریان ۶ جوزبوا سعد کوفی ۶ ختنہ ۶ انبہ کہنہ اسپغول مسلم ۶ سوائے اسپغول کے سب کو پیس چھان کر اسپغول مسلم ملا کر سفوف بنائیں۔ خوراک دو دو ماشہ صبح شام۔

سفوف قنب قابض اسہال و دافع سنگرہنی و ہاضم و مشتہی مجرب ہے۔ گندک آملہ سار پارہ فلفل سیاہ دار فلفل زنجبیل زیرہ سفید زیرہ سیاہ ہینگ نمک سنگ نمک طعام نمک سیاہ قنب بریاں۔ اول گندک اور پارہ کو آٹھ گھنٹہ تک کھرل کریں بعدہ دیگر ادویہ کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔

سفوف ہاضم و مشتہی جو مجرب و معمول مطب ہے۔ فلفل سیاہ فلفل دراز پوست ہلیلہ زرد پوست بلیلہ گلسرخ بادیان پودینہ خشک شیطرج ہندی برگ سناکی ترید سفید نمک سیاہ نمک لاہوری انار دانہ زرشک پپرمنٹ جوہر اجوائن نبات سفید۔ کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔

سفوف ہاضم و ملیّن کہ بہتر اس سے دوسرا سفوف نہیں ہے۔ گل سرخ پوست ہلیلہ زرد ہلیلہ سیاہ

پوست ہلیلہ کابلی ۱ تولہ آملہ خشک ۱ تولہ برگ سناکی ۵ تولہ زنجبیل ۱ تولہ تربد سفید ۵ تولہ شیطرج ہندی ۱ تولہ
نانخواہ ۱ تولہ زیرہ سفید ۱ تولہ زیرہ سیاہ ۱ تولہ بادیان ۱ تولہ الائچی خورد ۱ تولہ الائچی کلاں ۱ تولہ
نمک طعام ۱ تولہ پودینہ خشک ۱ تولہ سہاگہ بریان ۱ تولہ کچری ۱ تولہ فلفلدراز ۱ تولہ ساذج ہندی ۱ تولہ
نمک سیاہ ۱ تولہ نمک لاہوری ۱ تولہ نمک چوڑی ۱ تولہ نمک طعام ۲ تولہ جواکھار ۱ تولہ نوشادر ۱ تولہ
پیس چھان کر سفوف بنائیں۔

سفوف برائے پیچش کہنہ

زنجبیل ۱/۲ تولہ ہلیلہ سیاہ ۱/۲ تولہ بادیان ۱/۲ تولہ اول ہلیلہ کو روغن گاؤ میں بریان کریں پھر بادیان کو روغن گاؤ میں بریان کریں پھر زنجبیل کو بریاں کریں لیکن اول زنجبیل کو بارہ گھنٹہ تک پانی میں تر کریں اور پھر پانی سے نکال کر کپڑے سے خوب پونچھکر تھوڑے روغن گاؤ میں چرب کرکے بریاں کریں کہ سرخ ہو جائے بعدہ مازو سبز ۳ عدد مائیں خرد مائیں کلاں پوست کوکنار بریاں اسپغول نصف بریاں نصف خام رال سفید زیرہ سفید بریان صمغ عربی ۳ تولہ کوٹ چھان کر شکر سفید ہموزن ملا کر سفوف بنائیں اور ایک کف دست ۱ تولہ صبح کو کھلائیں۔

سفوف رال

جو اسہال کے لئے مجرب ہے خصوصاً جو لوگ افیون کے عادی ہوں اُنکے دستوں کو بند کرتا ہے۔ رال سفید ۲ تولہ گل دھاوا ۲ تولہ کوٹ چھان کر ایک تولہ کی مقدار میں دہی کے ہمراہ استعمال کریں۔

سفوف برائے پیچش کہنہ

موچرس کو باریک پیس چھان کر بقدر دو ماشہ ہمراہ دہی ۴ تولہ کھلانا نہایت مجرب ہے۔

سفوف ہاضم وملیّن

پوست ہلیلہ زرد ۱۷ ماشہ برگ سناکی ۱۷ ماشہ زیرہ سیاہ ۳ ماشہ

گل سرخ ۲ تولہ پودینہ خشک ۲ تولہ مصطگی رومی ۳ تولہ زنجبیل ۲ تولہ سب دواؤں کو علیحدہ علیحدہ کوٹ چھان کر وزن کر کے سفوف بنائیں۔ وقت حاجت ۷ ماشہ گرم پانی کے ہمراہ کھلائیں۔

سفوف دافع قبض

ہلیلہ سیاہ ۱ تولہ نمک سیاہ ۱ تولہ باریک پیس کر سفوف بنائیں۔ چھ ماشہ پانی کے ہمراہ کھلائیں۔

شربت ورد سادہ

مقوی معدہ و مسکن تشنگی و سوزش احشائ و مقوی قلب و ملین و نافع تپ ہے۔

گل سرخ تازہ کو تین پاؤ پانی میں جوش دیکر حل کر کے چھان کر قند سفید ۱ سیر حل کر کے قوام تیار کریں۔

شربت ورد مکرر

ضعف معدہ و گردہ و تپ خالص و حمیات مرکبہ و اسہال صفراویہ و بلغمیہ و تسکین سوزش معدہ و احتراق خون و جرب و حکہ و امراض جگر و طحال وغیرہ میں مستعمل ہے۔ گل سرخ تازہ ساڑھے چار سیر پانی میں جوش دیں کہ تین پاؤ جل جائے۔ پھر دو سیر گلسرخ تازہ اُس میں ڈال کر جوش دیں کہ آدھ سیر پانی جل جائے۔ پھر گلسرخ تازہ ۱ سیر ڈال کر جوش دیں کہ آدھ سیر پانی جل جائے پھر گل سرخ تازہ ڈال کر جوش دیں کہ آدھ سیر پانی جل جائے اور ڈیڑھ سیر پانی رہ جائے۔ پھر قند سفید ۲ سیر حل کر کے شربت کا قوام تیار کریں۔ خوراک ۲ تولہ سے ۸ تولہ تک۔ برف کے پانی میں حل کر کے پلائیں اور اگر سکنجبین ملائیں تو تقطیع صفرا و بلغم کے لئے نافع ہے اور شربت ورد کا خاصہ ہے ۳ تولہ

کہ جسقدر ٹھنڈے پانی کا استعمال ہوگا خوب عمل کرے گا۔

شافہ مسہل قولنج کے لئے مجرب ہے۔ شحم حنظل ۱ تولہ صابون ۲ تولہ مویز منقی ۲ تولہ پیس کر گائے کے پتہ میں گوندہ کر شیاف بنا کر استعمال کریں۔

شافہ مسہل جو جلد عمل کرتا ہے۔ صابون بقدر ختہ خرما تراش کر روغن گل سے چرب کر کے مقعد میں رکھیں

شافہ مسہل جو مسہل میں استعمال کیا جاتا ہے جب کہ مسہل سے دست نہ آئیں۔ گل خطمی صابون نمک طعام شکر سفید ترنجبین خراسانی سب کو باہم ملا کر شیاف بنا کر روغن بادام سے چرب کر کے بدستور استعمال کریں۔

شیاف برائے قولنج حب النیل ۳ ر صعتر فارسی ۳ ر جاؤشیر ۲ ر گوگل نمک ہندی ۳ ر بورہ ارمنی شحم حنظل ۳ ر سقمونیا ۳ ر تخم مغز بیدانجیر۔ جاؤشیر اور گوگل کو آب سداب میں حل کر کے باقی دوائیں کوٹ چھان کر اس میں ملا کر خند سیاہ ۲ تولہ اضافہ کر کے شیاف بنا کر روغن بیدانجیر سے چکنا کر کے مقعد میں رکھیں

ضماد اورام صلبہ معدہ و جگر کو نافع ہے۔ صبر زرد ۳ زعفران ۳ افسنتین رومی ۵ ر سنبل الطیب ۵ ر آب مکو سبز میں پیس کر نیم گرم ضماد کریں۔

ضماد برائے صلابت معدہ و عضلات شکم۔ زنجبیل ۷ ر جاؤشیر ۷ ر

صبر زرد ۶ ماشہ تولہ بہروزہ ۶ ماشہ تولہ اشق ۶ ماشہ تولہ موم ۱۷ تولہ روغن سوسن ۲۳ تولہ بطریق معروف مرہم بناکر استعمال کریں۔

ضماد۔ برائے صلابت کہنہ معدہ وجگر آرد جو ۱۰ بنفشہ ۱۰ تخم خطمی گل سرخ ۵ صبر زرد ۳ مرکی ۳ رسوت زرد ۳ مصطگی رومی ۲ افسنتین رومی ۳ زعفران ۲ سعد کوفی اذخرمکی تخم حلبہ کوٹ چھان کر آب مکوسبز ولعاب تخم کتان میں ملاکر روغنگل سرکہ اضافہ کرکے اول معدہ کو روغن گل سے چرب کرکے نیم گرم ضماد کریں۔

ضماد۔ دافع قبض وسدہ شکم اطفال بادیان پشک موش کوٹ کر پانی میں ملاکر گرم کرکے زیر ناف لیپ کریں۔ اور پان گرم کرکے باندھ دیں۔

ضماد برائے وجع الفواد دارچینی عودصلیب صندل سفید عود زرنباد مصطگی رومی گلاب میں پیسکر روغنگل اضافہ کرکے فم معدہ پر ضماد کریں۔

ضماد خنزی جو قولنج کے لئے معمول ہے۔ آرد ماش کو پانی میں گوندھ کر بادیان زنجبیل تخم شبت ہینگ نمک سیاہ پیسکر ملائیں اور ایک روٹی پکائیں ایک طرف خام رکھی جائے خام جانب کو روغن بید انجیر سے چرب کرکے مقام درد پر باندھیں۔

طبیخ برائے دیدان جو کینچوہ وکدو دانہ کو خارج کرتا ہے۔ پوست بیخ بکائن ۲ تولہ

آدھ سیر پانی میں جوش دیں کہ ایک چھٹانک رہ جائے قند سیاہ حل کر کے
استعمال کریں۔ تین روز یہی عمل کریں۔

دیگر پوست انار ترش ۲ تولہ پوست توت سیاہ ۲ تولہ پانی میں جوش دیکر
استعمال کریں۔

عرق زرشک

مقوی معدہ و جگر قاطع صفرا ہے اور بھوک پیدا کرتا ہے۔ زرشک کو ایک رات دن
پانی میں بھگو کر قرنفل کوٹ کر اس میں ملا دیں اور سرکہ انگوری داخل
کر کے بدستور عرق کھینچیں۔

عرق پان

درد معدہ و شکم و قولنج ریحی وغیرہ دردہائے ریاحی کیلئے
مجرب ہے۔ گل سرخ گاؤزبان پودینہ سبز برگ تنبول سبز
نانخواہ صعتر فارسی دارچینی قلمی قرنفل خولنجان زنجبیل الائچی خرد
گلاب خالص عرق بید مشک ۲ شیشہ آب باران ۲ شیشہ۔ بدستور مقرر
عرق کشید کریں۔

عرق هاضم و مشتہی

نوشادر نمک طعام نمک لاہوری
الائچی خرد دارچینی قلمی اجوائن بادیان
پودینہ خشک نیم کوب کر کے شب کو پانی میں بھگو کر صبح چار سیر
عرق کشید کریں۔

عرق قابض

جو اسہال معدی و کبدی کیلئے مجرب
و معمول ہے۔ بارتنگ الائچی کلاں کوٹ کر

پوٹلی میں باندھ کر رات کو آب آہن تاب میں بھگو کر صبح پانچ سیر عرق کشید کریں۔ خوراک ۵ تولہ ہمراہ شربت انجبار ۲ تولہ یا شربت خشخاش ۲ تولہ یا شربت حب الاس ۲ تولہ۔

عرق ہیضہ وبائی

پیاز ۱ سیر لہسن ۱۰ تولہ اکاس بیل ۲ سیر زیرہ سیاہ ۱ سیر زنجبیل ۵ تولہ الائچی سفید پودینہ خشک دارفلفل دارچینی ۵ تولہ

کوٹ چھان کر سب کو بارہ سیر پانی میں بھگو کر صبح عرق کشید کریں اور ایک تولہ سے دو تولہ تک استعمال کریں۔

عرق کافور

جو ہیضہ کے لئے مفید ہے۔ پھول اجوائن کافور ۶ تولہ باہم حل کر کے رکھیں اور پانچ قطرہ بتاشہ میں ڈالکر کھلائیں۔

علاج ناف کے ٹل جانے کا

پنجنکشی ۱ تولہ قند سیاہ ۲ تولہ میں ملا کر کھلائیں۔

دیگر

زنجبیل ۲ تولہ شکرتری ۲ تولہ کے ساتھ استعمال کریں۔

دیگر

پوکھرمول پوست ہلیلہ زرد ۱ تولہ کوٹ چھان کر عسل خالص میں حل کر کے سات ماشہ ہر روز کھلائیں۔ ناف اپنی جگہ پر آجائیگی اور بخار یا دست جو اُس کے سبب ہوں دفع ہو جائیں گے۔ مجرب ہے۔

دیگر

روغن ناف پر ملیں۔ اور پنجنکشی زنجبیل ۱ تولہ نانخواہ ۱ تولہ پیسکر قند سیاہ ۶ تولہ میں لپیٹ کر کھلائیں۔

دیگر

لیموں کاغذی کے دو ٹکڑے کر کے سہاگہ بریاں اُسمیں بھر کر اور کسیقدر گرم کر کے چوسیں۔

قرص عود جو معدہ کو قوت دیتی کھانا ہضم کرتی اور اشتہا پیدا کرتی ہے۔ قرنفل مصطگی رومی الائچی سفید سنبل الطیب بسباسہ زعفران جوزبوا زنجبیل دارفلفل پوست ترنج عود خام تج خوشبو قند سفید کوٹ چھان کر پانی میں گوندھ کر قرص بنائیں۔ خوراک ۷ ر ہمراہ آب بہ یا آب سیب شیریں۔

قرص برائے قے و فواق عود غرقی مصطگی رومی پوست بیرون پستہ گل سرخ زرشک کوٹ چھان کر پانی میں ملا کر قرص بنائیں۔ خوراک ۷ ر

قرص مقل معدہ و جگر کی صلابت کو دور کرتا اور بواسیر کو نفع دیتا ہے۔ گلسرخ مقل ارزق سنبل الطیب مصطگی رومی قسط تلخ مغز بادام تلخ زعفران سب کو کوٹ چھان کر پانی میں گوندھ کر اقراص بنائیں۔ خوراک ۱۰ ر صلابت معدہ کے لئے ہمراہ عرق بادرنجبویہ اور صلابت جگر کے لئے ہمراہ آب کاسنی تازہ یا آب کرفس یا آب بادیان اور بواسیر کے لئے آب گندنا کے ہمراہ استعمال کرنا چاہئے۔

قرص برائے ذرب و اسہال مغز خستہ انبہ کہنہ ۱ تولہ مغز خستہ جامن کہنہ ہلیلہ زرد روغن کنجد میں بریاں کیا ہوا سب کو کوٹ چھان کر پانی میں گوندھ کر قرص بنائیں۔ خوراک ۵ ماشہ ہمراہ آب سرد

کماد برائے درد ریاحی نمک طعام جاورس تخم شبت ابہل مصطگی رومی کوٹ چھان کر پوٹلی بنا کر تکمید کریں

کماد برائے تحلیل ریاح معدہ و درد معدہ

ریہ جس سے دھوبی کپڑے دھوتے ہیں ۱ تولہ زنجبیل ۱ تولہ نانخواہ نمک سیاہ زیرہ سیاہ افسنتین رومی پودینہ خشک باہم ملا کر پوٹلی میں باندھ کر نیم گرم سینکیں۔

معجون ہلالی

تقویت معدہ و باہ و قوت مجامعت و اشتہا کے لئے بہت مجرب ہے۔ الائچی سفید کندر اشنہ جوز بوا قرنفل بسباسہ لسان العصافیر بیخ اذخر زنجبیل دار چینی مصطگی رومی زعفران عود قند گلاب قند کو گلاب میں حل کر کے قوام تیار کر کے ادویہ کوٹ چھان کر داخل کر کے معجون بنائیں۔ خوراک ۴ ماشہ۔

معجون نانخواہ

معدہ و دماغ و گردوں کو قوت دیتی اور کھانا ہضم کرتی اور ریاح تحلیل کرتی اور کرم شکم نکالتی اور رنگ کو صاف کرتی اور منہ کو خوشبودار کرتی اور دانتوں کی جڑوں کو مضبوط کرتی اور آب دہن کو دور کرتی اور مثانہ کو پاک کرتی اور قضیب کو سخت کرتی ہے۔ تخم کرفس ۳۵ نانخواہ ۳۵ تخم شبت ۳۵ تخم گندر ۳۵ تخم گندنا ۳۵ علک رومی قرنفل نیج عقرقرحا آساردن بسباسہ عود غرقی مشک خالص سب کو کوٹ کر چھان کر شکر سفید ۲۹ تولہ کا قوام کر کے ادویہ کو ملا کر معجون بنائیں۔ خوراک ساڑھے چار چار ماشہ صبح شام۔

دیگر

جو معدہ و جگر کو قوی کرتا اور بلغم کو نکالتا اور گردہ کو قوت دیتا اور ریگ گردہ و مثانہ کو پاک کرتا اور باہ کو بڑھاتا ہے۔

نانخواہ تخم گذر زنجبیل بیخ کرنس مصطگی رومی عود خام
عقرقرحا زعفران بسفائج فنتقی کوٹ چھان کر عسل خالص ۳ چند
میں ملاکر معجون بنائیں۔ خوراک ۱۰ ماشہ۔

معجون قنب

معدہ اور آنتوں کو قوت دیتی اور اسہال معدی و کبدی کو بند کرتی ہے۔ قنب بریان ۱ تولہ
کوکنار بریان عود خام زرورد زرشک غنچہ گلسرخ پوست زرد ترنج
حب الآس مصطگی تخم مویز پوست بیرون پستہ الائچی کلاں
الائچی خرد زیرہ سیاہ بریاں طباشیر سفید بیلگری تخم خشخاش
کشنیز خشک بریاں صندل سفید پودینہ خشک کوٹ چھان کر
نبات سفید کا گلاب اور عرق بادرنگ میں قوام کرکے شربت انار ۱۰ تولہ
ملاکر مربے بہی ۷ تولہ پیکر داخل کرکے ادویہ مسحوقہ مخلوط کرکے معجون تیار
کریں۔ خوراک ۳ ماشہ سے ۹ ماشہ تک ہمراہ عرق بادرنگ یا آب آہن تاب
و نقرہ تاب استعمال کریں اور اگر دست گرم مادہ سے ہوں تو تخم خرفہ
بریاں انار دانہ کوھی زہر مہرہ خطائی اضافہ کریں۔

معجون کمونی

جو تحلیل ریاح و تسکین درد بارد ریحی معدہ کے لئے مستعمل و معمول ہے۔ زیرہ سیاہ
تیز سرکہ میں تر کرکے سایہ میں خشک کریں اور بریاں کریں زنجبیل
برگ سداب تازہ سایہ میں خشک کیا ہوا فلفل سیاہ بورہ ارمنی
سنبل الطیب عود بلساں حب بلساں دارچینی سلیخہ

کوٹ چھان کر روغن بادام سے چرب کر کے نبات سفید ۱۸ تولہ عسل خالص ۳۶ تولہ دونوں کا قوام کر کے ادویہ مسحوقہ ملا کر چینی کے برتن میں رکھکر جو میں دفن کریں اور بعد تین ہفتہ کے نکال کر استعمال کریں۔ خوراک ۴ ماشہ سے ۹ رتک اگر برابر سب دواؤں کے سوا شیرینی کے تربد سفید ۱۷ تولہ داخل کریں تو معجون کمونی ملین ہو جائے گی۔

ملح ہاضم

جو نمک سلیمانی سے زیادہ فوائد رکھتا ہے۔ مجربہ حکیم علوی خاں مرحوم۔ نمک سیاہ نمک لاہوری نمک جوڑی نمک طعام ہینگ اجوائن ۴ تولہ فلفل سیاہ ۴ تولہ نوشادر عقرقرحا ۴ تولہ سہاگہ ۲ تولہ شورہ قلمی ۲ تولہ آب ادرک سبز ۲ تولہ آب لیموں کاغذی ۲ تولہ سب کو کوٹ چھان کر آب ادرک اور آب لیموں اور تھوڑا آب خالص بھی شامل کر کے قلعی دار دیگچہ میں ڈال کر آگ پر رکھیں اور جوش دیں کہ سب پانی جلکر صرف نمک رہ جائے۔ پس نکال کر شیشہ میں رکھ لیں وقت حاجت قبل از غذا یا بعد از غذا ۴ رتی سے ایک ماشہ تک کھلائیں مجرب ہے۔

نمک سلیمانی

تخمہ و درد معدہ و نفخ شکم و جملہ دردوں کو مفید ہے اور مسخن گردہ و محرک باہ ہے۔ نمک طعام نمک سیاہ نوشادر ۳ تولہ کوٹ چھان کر ظرف گلی میں رکھ کر گلحکمت کر کے رات کو تنور میں رکھیں اور صبح نکال کر تخم کرفس ۳ تولہ فلفل سیاہ فلفل سفید اذخر مکی ۱۰ تولہ افتیمون ۹ ر سنبل الطیب ۵ ر زیرہ سیاہ ۱۰ ر دارچینی قلمی ۲۰۳ ر زنجبیل ۲۰۳ ر

مغز تخم قرطم ہینگ انیسون اصل السوس مقشر ہر ایک کو جدا جدا کوٹ چھان کر نمک محرق میں ملا کر ظرف چینی میں رکھہ چھوڑیں - خوراک چھہ ماشہ -

نسخہ برائے ہیضہ ہلدی چونہ مرچ سرخ باریک پیسکر پانی میں گوندھ کر گولیاں بقدر نخود بنا کر ایک گھنٹہ میں چار گولیاں کھلائیں اور عرق ذیل بجائے پانی کے پلائیں -

الائچی خرد مسلم برگ بھنگ برگ پودینہ خشک سوا سیر پانی میں شیرہ نکال کر رکھہ لیں وقت شدت پیاس کے چار پانچ تولہ پلائیں -

نسخہ برائے پیچش و سنگرہنی کہنہ اندر جو شیریں موچرس گل دھاوہ سونٹھ برگ قنب بریان باریک پیسکر ڈہائی ماشہ ہر روز صبح کو پانی کے ہمراہ سات روز تک کھلائیں غذا دال مسور و خشکہ یا دیگر غذا مناسب حال کھلائیں - یہ دوا خونی و صفرادی و بلغمی دستوں میں بھی مفید ہے -

نسخہ برائے قی و غثیان ہر قسم آملہ منقی پوست بیروں پستہ زہر مہرہ خطائی صندل سفید طباشیر تخم حماض سماق زرشک دانہ ہیل زرد پوست زرد ترنج مصطگی رومی انار دانہ ناردجیل کی یا کوٹ چھان کر شربت انار یا رب انگور میں ملا کر تھوڑا تھوڑا چاٹیں یا گولیاں بنا کر منہ میں رکھکر چوسیں - اگر قے زنگاری یا وبائی ہو تو کافور بھی اضافہ کریں -

نسخہ برائے اسہال و پیچش اطفال گل دھاوہ بیلگری اندر جو خس گجراتی کوٹ چھان کر ایک ماشہ یا کم و زیادہ

تھوڑے شہد میں ملا کر چاٹیں اور بعضے آملہ خشک بجائے گل دہاوہ کے ملاتے ہیں۔

نسخہ حالتی لبنت

ورق طلا ۱ر مروارید ناسفتہ ۲ر شنگرف ۳ر سنگبصری ۶ فلفل سیاہ ۱ر سب کو باریک پیس کر روغن گاؤ ۲۰ تولہ اور عرق لیمون کاغذی میں اسقدر گھونٹیں کہ روغن کی چکنائی دفع ہو جائے بعدہ قرص بنا کر رکھ لیں۔ خوراک ۲ چانول۔

نسخہ برائے ہیضہ بے نظیر

زہر مہرہ خطائی ۱ تولہ ہلی نارجیل دریائی ۱ تولہ پپیتا ۱ تولہ فلفل گرد سفید صندل سفید مسحوق ۱ تولہ پوست بیخ مدار سب کو کوٹ چھان کر تین چار روز عرق کیوڑہ عرق بیدمشک ۱ تولہ گلاب میں کھرل کر کے ایک ایک رتی کی گولیاں بنالی جائیں اور مریض کو ایک ایک گولی ایک ایک گھنٹہ کے بعد دیں۔ انشاءاللہ شفا ہوگی۔

نسخہ برائے اسہال اطفال

یہ دوا بچوں کے اسہال میں جو رنگ برنگ کے آتے ہوں مفید ہے۔ ایک چھوارہ سے گٹھلی نکال کر افیون بھر دیں اور گرم راکھ میں دبا دیں جب پختہ ہو جائے۔ تو نکال کر سہاگہ بریاں ۳ر رسوت ۱ر کتہ سفید ۳ر غنچہ انار ۲ر برگ نیم ۳ر برگ نگائن ۲ر برگ ببول نورستہ ۳ر زیرہ سفید ۲ر پودینہ باغی ۳ر نرکچور ۱ر ملا کر سب کو پیس کر دانہ جوار یا نخود برابر گولیاں بنائیں۔ خوراک ایک گولی سے دو گولی تک حسب عمر شیر مادر یا پانی کے ہمراہ کھلائیں۔

نسخہ ہاضم

نمک لاہوری ۱ تولہ نمک سیاہ ۱ تولہ نمک شور ۱ تولہ نمک منہاری ۱ تولہ

نمک طعام لوہچون سجی کھار جواکھار خالص گندک آملہ سار مصفی سہاگہ خام
شورہ قلمی سونٹھ مرچ سیاہ پیپل ہینگ عمدہ خالص نوشادر دیسی
عرق لیمون آب پودینہ آب ادرک آب گھیکوار سب کو ایک کشادہ
منہ کی بوتل میں ڈال کر دھوپ میں رکھیں اور شیشہ کا منہ کپڑا ایک ہفتہ تک
بند رکھیں اور کچھ روز تک منہ کشادہ رکھیں پس نکال کر دو رتی سے
ایک ماشہ تک استعمال کریں۔

نسخہ برائے درد شکم و قبض و نفخ وغیرہ ایلوا مصطگی رومی عصارہ ریوند
باریک تھوڑا پانی ملا کر گولیاں مرچ سیاہ
کے برابر بنائیں قبض کے لئے ایک گولی اور نفخ کے واسطے دو گولیاں کھلائیں

نسخہ برائے زحیر صادق افیون ہینگ لونگ موچرس
باریک پیس کر محفوظ رکھیں مقدار خوراک
ایک رتی سے ۲ رتی تک میٹھے یا کیلے کے پانی یا چاولوں کے پیچ کے ہمراہ
استعمال کرائیں۔

نسخہ برائے کثرت قی و اسہال و تشنگی و ہیضہ پوست بالائے نارجیل سوختہ پوست لیموں سوختہ
بانات سرخ سوختہ پانی میں حل کرکے دہ پانی
دو تین بار پلائیں اور اسقدر دوسری ورچند بار دیں عجیب النفع ہے۔

نسخہ برائے فواق نبات سفید سبوس اسپغول گرم پانی میں
ڈال کر اسقدر رکھیں کہ شکل فالودہ کی ہو جائے
پس روغن بادام شیریں ملا کر استعمال کریں اور ٹھنڈے پانی کا پینا یا برف پینا

اور آب گرم و سکنجبین پلا کر قے کرانا اقسام قے کو رد کرتا ہے۔

نسخہ برائے فواق عود قماری سوختہ ۶ رتی پیسکر عسل خالص ۱ تولہ میں ملا کر تین چار مرتبہ چٹائیں۔ فوراً ہچکی بند ہو جائیگی۔

دیگر اصل السوس مقشر ۱ تولہ نبات سفید ۹ تولہ پیسکر چھ پوڑی بنائیں۔ ایک ایک پوڑی ایک ایک گھنٹہ کے بعد پلائیں۔

دیگر نکچھکنی پیسکر سونگھیں۔

امراض کبد و طحال و مرارہ

جوہر طحال جو طحال و ہضم طعام کے لئے مجرب ہے۔ نوشادر ۱ ماشہ جواکھار ۱ ماشہ نمک چوڑی ۱ ماشہ نمک لاہوری ۱ ماشہ نمک سیاہ ۱ ماشہ سب کو پیسکر عرق لیمون کاغذی میں بھگو کر چینی کی ظرف میں رکھ کر دھوپ میں رکھیں کہ عرق مذکور خشک ہو جائے پھر اسکو خوب باریک پیسکر ہانڈی میں ڈالیں اسکے اوپر دوسری ہانڈی اوندھی رکھکر گلحکمت کر کر چولھے پر رکھکر جوہر اڑائیں۔ خوراک ایک ماشہ۔

حب برائے طحال نوشادر ۱ تولہ سہاگہ خام ۱ تولہ لوٹا سجی ۱ تولہ ہیرا کسیس ۱ تولہ مویز منقی ۱ تولہ پیسکر جنگلی بیر برابر گولیاں بنائیں خوراک ایک گولی صبح ایک شام۔

دیگر فلفل سیاہ زنجبیل خردل طوطیا بریاں ہینگ بروغن زرد بریان نوشادر سہاگہ بریان شورہ قلمی نمک سلیمانی نمک سیاہ نمک لاہوری نمک سانبھر کوٹ چھانکر سرکہ میں حل کرکے گولیاں جنگلی بیر برابر تیار کریں۔ ایک گولی صبح ایک شام کھلائیں۔

دیگر الائچی خرد اجمود کالی زیری پھٹکری سجی انبہ ہلدی مرچ سیاہ نمک سیاہ قند سیاہ کہنہ۔ دوائیں باریک پیسکر چنے برابر گولیاں بناکر دو گولی صبح دو گولی شام کھلائیں۔

دیگر جو طحال کی سختی کو دور کرتی ہے۔ ریوند چینی زرد چوب صبر سقوطری مرمکی کوٹ چھان کر لعاب گھیکوار میں ملاکر چنے برابر گولیاں بناکر بچوں کو ایک سے دو گولی تک اور جوان کو دو گولی سے پانچ تک استعمال کرائیں۔

حب اشجار زنجبیل پوست ہلیلہ زرد شیطرج ہندی سجی تنکار بریان زیرہ سفید نمک سنگ کوٹ چھانکر قند سیاہ میں ملاکر گولیاں بنائیں۔ خوراک ۲ ماشہ سے ۴ ماشہ تک۔

حب طحال پوست ہلیلہ زرد زنجبیل سہاگہ بریان سجی شورہ قلمی بابے بڑنگ زیرہ سیاہ زیرہ سفید نمک سیندھ کوٹ چھان کر قند سیاہ میں ملاکر گولیاں بقدر نخود بناکر ایک ماشہ سے دو ماشہ تک ہمراہ آب گرم استعمال کریں۔

دیگر زردچوب شیطرج ہندی کمیلہ جوا کھار کوٹ چھانکر لعاب گھیگوار میں ملاکر جنگلی بیر برابر گولیاں بنائیں۔ ایک گولی ہر روز استعمال کریں۔

دیگر کفدریا خردل نوشادر شورہ قلمی کٹکی سفید گندک آملہ سار مرچ سیاہ سہاگہ بریاں کوٹ چھان کر لعاب گھیگوار میں ملاکر بقدر کنار دشتی گولیاں بنائیں ایک گولی صبح کو کھلائیں۔

حب برائے استسقاء برگ سنا مکی کٹکی سفید مصطگی رومی بہاگی کوٹ چھان کر بقدر نخود گولیاں بناکر ایک یا دو گولی ہمراہ عرق بادیان استعمال کریں۔

دیگر مجرب بہادر شاہ خاں۔ ایلوا بیخ اندرائن مرکی سونٹھ سنا مکی آنبہ ہلدی پوست ہلیلہ زرد ریوند چینی تربد سفید۔ کوٹ چھان کر لعاب گھیگوار میں گوندھ کر حبوب بقدر کنار دشتی بنائیں ایک گولی سے تین گولی تک استعمال کریں۔

حب ہندی سوء القنیہ کو مفید ہے۔ بشرطیکہ حرارت و اسہال نہ ہوں ریوند چینی تربد سفید پوست ہلیلہ زرد برگ سنا مکی زنجبیل مرکی شحم حنظل زردچوب صبر زرد کوٹ چھان کر لعاب گھیگوار میں گوندھ کر حبوب بقدر نخود بنائیں تین گولی سے دس گولی تک۔ ہمراہ عرق بادیان عرق مکو استعمال کریں۔

حب برائے استسقاء زقی یعنے جلندھر کے لئے فائدہ مند ہے۔ حب گولی

دوا مفید نہو اُس وقت استعمال کریں۔ سنکھیا سفید ۱ تولہ ریوند چینی جدوار خطائی ۹ ماشہ عقرقرحا کتہ سفید ادرک ۱ ماشہ سب کو پیکر ادرک کے عرق میں خوب کھرل کرکے چنے برابر گولیاں بنا کر ایک صبح ایک شام کھلائیں۔

حب روناس استسقاء کے لئے معمول ہے۔ مجیٹھ افنتین رومی عصارہ غافث لک مغسول مرکی تربد سفید صبر زرد ریوند چینی پوست ہلیلہ زرد انیسون زنجبیل مصطگی رومی گلسرخ کوٹ چھان کر عرق بادیان میں گوندھ کر حبوب بقدر نخود بنائیں۔ خوراک ۱ رتی سے ۴ ماشہ تک ہمراہ شربت بزوری معتدل دمرفین یعنی بیاڑہ مکو و کاسنی اور کبھی شیر شتر کے ساتھ دیتے ہیں۔ ہر روز ۲ تولہ شیر بڑھا کر ۲۰ تولہ تک پہونچاتے ہیں اور پھر اسیطرح گھٹاتے ہیں۔

حب برائے استسقاء زقی و لحمی کمیلہ پارہ گندک آملہ سار تربد سفید شحم حنظل پوست ہلیلہ زرد نمک قلمی جمال گوٹہ مدبر سب دواؤں کو تھوہر ڈنڈھ دار کے دودھ میں گھونٹ کر چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔ ایک صبح ایک شام ہمراہ شیر شتر کے کھلائیں۔

حب برائے استسقاء صبر سقوطری ست لیمون نوشادر مصفی شورہ قلمی تنکار بریان عصارہ ریوند ست پودینہ لعاب گھیکوار میں ایک ہفتہ تک کھرل کرکے بقدر کنار صحرائی گولیاں تیار کریں ایک یا دو گولی صبح ہمراہ عرق مکو عرق بادیان کے استعمال کریں۔

حب برائے استسقاء سنگین مچھلی ثمر کریل ریوند چینی قند سیاہ کہنہ

اول مچھلی کو دہی میں آلودہ کر کے دہوپ میں رکھیں کہ خشک ہو جائے پس سب کو کوٹ چھان کر قند سیاہ میں ملا کر جنگلی بیر برابر گولیاں بنائیں۔

حب غافث

ورم جگر و یرقان کے لئے مفید ہے۔ گل غافث پوست ہلیلہ زرد صبر زرد کوٹ چھان کر چنے برابر گولیاں بنائیں۔ خوراک سات ماشہ ہمراہ عرق بادیان

دبید الورد

استسقاء میں بہت مفید ہے۔ اور دیگر فوائد بھی رکھتی ہے۔ معمول و مجرب ہے۔ سنبل الطیب مصطگی رومی زعفران طباشیر دارچینی اذخر مکی اسارون قسط شیریں گل غافث تخم کشوث مجیٹھ لک مغسول تخم کاسنی تخم کرفس زراوند طویل حب بلسان عود غرقی قرنفل دانہ ہیل خرد ورق گلسرخ عسل سفید سہ چند بدستور معمول تیار کریں۔ خوراک ۳ ماشہ سے ۷ ماشہ تک۔

دوائے طحال

سہاگہ بریاں ۱ تولہ خردل ۳ تولہ پیس چھان کر ایک ماشہ ہر روز کھلائیں۔

دوا برائے صلابت طحال

برگ آگ جو خود بخود درخت سے گر گئی ہوں ۱۰ عدد نمک سنگ اشنجار سہاگہ زرد چوب نمک سیاہ نمک سفید جواکہار ہینگ باریک پیس کر روغن سرسوں و شیر آگ میں ملا کر پتوں پر دونوں طرف طلا کریں۔ اور ہانڈی گلی میں تہ بہ تہ رکھکر سر ہانڈی کا گلحکمت کر کے پاچک دشتی میں رکھ کر تیز آگ جلادیں

بعد سرد ہونے کے کھول کر جملہ اجزا خاکستر شدہ کو نکال کر ہر روز تین انگلی باسی پانی کے ساتھ استعمال کریں۔ ترشی و شیرینی و دیگر اشیاء و مچھلی سے پرہیز کرنا چاہیئے۔

دواء الکرکم

سوء القنیہ و استسقاء بارد کے لئے مفید اور مجرب ہے۔ زعفران ۱ سلیخہ ۱ سنبل الطیب ۱ اذخر مکی ۱ قسط شیریں ۱ دار چینی قلمی ۱ مر مکی ۱ محلول بہ شراب انگوری کوٹ چھان کر عسل خالص مصفی میں ملا کر رکھیں۔ خوراک ۳ سے ۴ ماشہ تک ہمراہ عرق کاسنی ۹ تولہ عرق مکو ۵ تولہ۔

ڈھورا

جو استسقاء لحمی و زقی میں مفید ہے۔ آرد منڈوا ۵ تولہ آرد ارہر ۲ تولہ آرد باجرا ۲ تولہ آرد نخود بریان ۲ تولہ خاکستر چوب انگور ۲ تولہ خاکستر چوب انجیر ۲ تولہ خاکستر پشک شتر ۲ تولہ خاکستر پاچلد شتی ۲ تولہ پشک آہو ۲ تولہ خاکستر پشک ستر ۲ تولہ ریہ گاذران ۲ تولہ بورہ ارمنی ۲ تولہ نمک شور ۲ تولہ زنجبیل ۲ تولہ کائیفل ۵ تولہ کوٹ چھان کر ورم پر ملیں۔

دواء طحال

جو طحال کے لئے بے نظیر ہے۔ تیزاب گندک ایک دو قطرہ پانی میں گھول کر پلائیں۔

دوا بڑے طحال

ریہ گاذران ۱ تولہ پیالہ میں ڈال کر تمام شب زیر آسمان رکھیں اور صبح آب صاف اس کا نتھرا نوش کریں بڑی طحال اس سے گھل جاویگی اگرچہ قریب استسقاء کے ہوگئی ہو اور کوئی دوا اس سے بہتر نہیں ہے۔

دوا برائے صلابت طحال جو طحال کے لئے مفید ہے۔ اور اشتہا پیدا کرتی اور بلغم کو دور کرتی ہے۔ نوشادر کا جوہر اڑا کر اسکے ہموزن گندک آملہ سار لیں اور آب بیخ ترب میں کھرل کر کے خشک کریں اسیطرح سرکہ منقطر میں کھرل کریں اور پیسکر رکھ چھوڑیں روزانہ ایک رتی استعمال کریں۔

دیگر نوشادر ۱ تولہ شورہ قلمی ۱ تولہ جوا کھار ۱ تولہ سہاگہ ۱ تولہ آب لیموں کاغذی نیم شیشہ میں کھرل کر کے پندرہ روز تک دھوپ میں رکھکر استعمال کریں۔

دوا برائے یرقان مجرب قاضی صاحب۔ گل ببول ۳ ماشہ زیرہ سفید ۱ ماشہ نہیں پیسکر پلائیں ایک روز میں فائدہ ہوگا۔ اور اگر بغیر زیرہ کے استعمال کریں تو تین روز میں فائدہ ہوگا۔

دوا دافع یرقان گل پلاس ۳۸ رات کو گرم پانی میں بھگو کر صبح مل چھان کر پلائیں

دیگر زیرہ سفید ۳ ماشہ فلفل سیاہ ۲ عدد ڈنڈی نیم ۷ عدد ایک چھٹانک پانی میں پیسکر بغیر چھانے ہوئے پلائیں۔

دوا برائے استسقاء جو ایک سیاح کامل کی مجرب ہے۔ مینڈک خرد آبی یا چاہی یا حوضی لیکر آلائش وغیرہ سے پاک کر کے سل پر قیمہ کر کے کباب بنائیں یا آرد گندم یا آرد منڈوہ میں ملا کر روٹی پکا کر مریض کو کھلائیں۔ صرف ایک مرتبہ کھلانا کافی ہے اور اگر مادہ کا غلبہ ہو تو تین روز کھلائیں اور بجائے پانی کے پوست کچنال کو پانی میں جوش دیکر پلائیں

دیگر عصارہ ریوند چینی ۱ سرخ صبر سقوطری ۱ سرخ دانہ ہیل خرد ۳ سرخ نک مغسول ۱ ر

سنبل الطیب تربد سفید گل سرخ بابے بڑنگ کوٹ چھان کر نبات سفید ملا کر کھلائیں۔ یا شہد میں ملا کر چٹائیں اور اوپر سے تخم کاسنی بادیان ناگیسر بابے بڑنگ انجیر زرد زنجبیل بکو خشک تخم خربزہ عرق بادیان میں جوش دیکر صاف کرکے شربت دینار یا شربت بزوری معتدل ملا کر پلائیں۔

دیگر

پوست بیخ ہاتھی سونڈ جسکو دوتھنی اور دودھی بھی کہتے ہیں لیکر سایہ میں خشک کرکے رکھیں وقت ضرورت سفوف کرکے بقدر دو ماشہ شیر شتر میں ملا کر پلائیں دو تین دست آکر اسی وقت سے مرض میں فرق پیدا ہوگا۔ تین روز یہ دوا استعمال کریں اور ایک ہفتہ تک غذا بجز نان نخود بے نمک و روغن زرد کے دوسری نہ دیں۔

سکنجبین بزوری برائے ورم طحال

بادیان پوست بیخ بادیان پوست بیخ کبر انیسون تخم کاسنی پوست بیخ کاسنی گل غافث افسنتین رومی تخم کرفس بیخ کرفس تخم کشوث بصرہ بستہ پرسیاوشان سنبل الطیب آسارون ریوند چینی گزمازج انجیر زرد مویز منقی جوکوب کرکے رات کو پانی میں بھگو کر صبح جوش دیکر مل کر صاف کرکے آب برگ گز مروق سرکہ انگوری شکر سفید حل کرکے قوام تیار کریں۔

سفوف برائے استسقاء

ریوند چینی تربد سفید پوست ہلیلہ زرد غاریقون نرم زنجبیل کوٹ چھان کر شکر سفید ملا کر سفوف بنائیں۔ خوراک ۷ر ہمراہ شیر شتر۔

سفوف استسقا

جو استسقاء کے لئے مفید و معمول ہے۔ بادیان ۶ر تخم کرفس ۶ر تخم کاسنی ۶ر تخم کشوث ۶ر انیسون ۶ر تخم گذر ۶ر آسارون ۶ر سلیخہ ۶ر شگوفہ اذخر ۶ر ریوند چینی ۶ر گل غافث ۶ر افسنتین رومی ۶ر لک مغسول ۱۰ر مصطگی رومی ۳ر سنبل الطیب ۳ر پودینہ خشک ۳ر کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔

سفوف برائے اسہال

جو اسہال کبدی کو مفید و مجرب ہے۔ معمول مطب اور تہیج کو نافع ہے۔ گلسرخ ۶ر لک مغسول ۳ر گل ارمنی ۳ر تخم خشخاش ۳ر زرشک ۳ر نشاستہ بریان ۳ر صمغ عربی بریان ۳ر صندل سفید ۳ر ریوند چینی ۲ر زعفران ۱ر کوٹ چھان کر خوراک ۵ماشہ ہمراہ شیرہ حب الاس ۵ماشہ شیرہ تخم مویز ۵ماشہ شیرہ الائچی سفید ۳ماشہ عرق بادرنجبویہ ۵ تولہ عرق کاسنی ۵ تولہ میں نکال کر شربت بزوری ۲ تولہ حل کر کے استعمال کریں۔

سفوف برائے ورم طحال

جو ورم طحال کے لئے مفید و مجرب اور خطا نہیں کرتا۔ برگ اکہ زرد ۱۰۰ عدد نمک سنگ ۶ تولہ اشخار ۶ تولہ سہاگہ ۶ تولہ زرد چوب ۶ تولہ نمک سیاہ ۶ تولہ جوا کھار ۳ تولہ انگوزہ ۳ تولہ باریک پیس کر روغن سرسوں ۲ تولہ و شیر اکہ ۲ تولہ ملا کر پتوں پر ہر دو طرف طلا کر کے دیگ گلی میں تہ بتہ رکھیں اور سر دیگ گلحکمت کر کے درمیان پاچلد شتی کے رکھیں اور تیز آنچ دیں جس وقت سوختہ ہو کر خاکستر ہو جائے نکال کر رکھیں اور ہر روز سہ انگشت ہمراہ آب شبانہ استعمال کریں اور ترشی و شیرینی سے پرہیز کریں۔

سفوف برائے طحال

خبث الحدید ۳ تولہ جوا کھار ۳ تولہ سجی ۳ تولہ پوست ہلیلہ زرد ۲ تولہ شیطرج ہندی ۲ تولہ فلفل دراز ۲ تولہ فلفل گرد ۲ تولہ کوڑی سفید ۲ تولہ

پودینہ خشک نمک سیاہ نمک لاہوری بادیان اجوائن خراسانی

زیرہ سیاہ قسط شیریں برگ سناکی اندرجو شیریں تربد سفید ہینگ

قند سیاہ جملہ ادویہ کوٹ کر ظرف گلی مشتمل میں ڈال کر اسقدر لعاب گھیگوار ڈالیں کہ چند انگل ادویہ آجاوے۔ پھر مٹکی کا منہ بند کرکے گھوڑے کی لید یا زمین میں دفن کرکے سات روز رہنے دیں بعدہ نکال کر تین ماشہ سے نو ماشہ تک استعمال کریں۔ گھی زیادہ کھلائیں۔ چالیس روز تک استعمال کرنے سے انشاءاللہ تعالیٰ صحت کلی حاصل ہوگی۔

سفوف طحال

نوشادر سہاگہ بریان خردل شورہ قلمی جوکھار کلونجی سجی نمک سیاہ نمک چوڑی نمک لاہوری نمک تربہ کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔ خوراک ۲ ماشہ۔

سفوف برائے استسقا

مجربہ پیرجی حکیم عبدالقادر خان صاحب افسرالاطبا ریاست بھوپال۔ بن کچری برگ سناکی زنجبیل بابڑنگ پیپل خرد نمک سیاہ کوٹ چھان کر سفوف بنائیں چھ چھ ماشہ دن میں تین مرتبہ پانی کے ہمراہ کھلائیں۔

شربت بزوری معتدل

دافع سوء القنیہ و استسقا۔ سنبل الطیب سعد کوفی حب بلسان مصطگی رومی عود بلسان

آسارون دارچینی قلمی سلیخہ اذخر مکی گل غافث افتیمون رومی بادیان

تخم کاسنی پوست بیخ کاسنی تخم خربزہ خارخسک خرد تخم خیارین بیخ بادیان

تخم کشوث بصرہ بستہ انیسون مجیٹھ بادآورد شکاعی برنجاسف کوبہ ابریشم مقرض

رات کو عرق مکو گرم میں تر کر کے صبح جوش دیکر زلال لیکر آب مکو سبز مروق آب کگرونده سبز مروق آب کسوندی سبز مروق نبات سفید حل کر کے شربت تیار کریں۔ ایک تولہ شربت کو دو تولہ عرق آسو کے ہمراہ صبح شام پلائیں تین چار روز کے بعد تین تولہ عرق اور ڈیڑھ تولہ شربت کریں اسطرح بتدریج اضافہ کر کے چھ تولہ عرق اور دو تولہ شربت تک پہونچا دیں اور ۱۴ روز تک صبح شام پلاتے رہیں۔ عرق مذکور کا نسخہ اپنی جگہہ پر لکھا جائے گا۔

شربت زرشک

جو استسقا کے لئے مجرب و معمول مطب ہے۔

زرشک تخم کاسنی بادیان بیخ اذخر تخم کشوث بصرہ بستہ سنبل الطیب اسارون شگوفہ اذخر گل غافث تخم خیارین پوست بیخ کاسنی تخم خربزہ سلیخہ حب بلسان لک جنام عود بلسان باداورد جوکوب کر کے رات کو عرق کاسنی عرق مکو میں بھگو کر صبح جوشدیں اور مل چھان کر آب مرو قین آب انار شیریں نبات سفید حل کر کے قوام تیار کریں۔ بعدہ مصطگی رومی پیسکر ملا دیں۔

شربت برائے استسقا

پوست بیخ بادیان پوست بیخ کاسنی پوست بیخ کبر پوست بیخ کرفس بادیان تخم کرفس تخم کاسنی تخم کشوث بصرہ بستہ تخم خربزہ گل سرخ گل غافث اذخر مکی سنبل الطیب اسارون سلیخہ ریوند چینی حب بلسان عود بلسان شب کو عرق مکو عرق کاسنی میں بھگو کر صبح جوشدیکر صاف کر کے شکر سفید حل کر کے قوام تیار کریں۔ بعدہ مصطگی رومی لک مغسول پیسکر ملا دیں۔

شربت دینار

ملین طبع و مفتح سدہ و نافع سوء القنیہ و استسقاء و ذات الجنب و مسکن درد شلم و جگر و رم و مثانہ و بدر بول۔ تخم کاسنی غنچہ گل سرخ پوست بیخ کاسنی گل نیلوفر گاؤزبان ریوند چینی تخم کشوث بصرہ بستہ رات کو گرم پانی میں بھگو کر صبح جوش دیکر صاف کرکے شکر سفید حل کرکے قوام تیار کریں۔ بعدہ ریوند چینی پیسکر اچھی طرح ملا کر رکھ چھوڑیں خوراک دو تولہ سے ۴ تولہ تک۔

شربت برائے ورم جگر و طحال

تخم کاسنی پوست بیخ کاسنی تخم خیارین تخم خربزہ بادیان پوست بیخ بادیان تخم کشوث بصرہ بستہ بیخ کرفس مجیٹھ تخم کرفس گزمازج خار خسک خرد جوکوب کرکے رات کو گرم پانی میں بھگو کر صبح جوش دیکر صاف کرکے شکر سفید ملا کر قوام تیار کریں۔ خوراک ۲ تولہ ہمراہ عرق چھاؤ۔ اور صلابت جگر کے لئے ہمراہ مروقین استعمال کرائیں۔

شربت بزوری حار

استسقاء و امراض جگر و معدہ میں مفید ہے۔ پوست بیخ کاسنی تخم کاسنی پوست بیخ بادیان بادیان تخم کرفس پوست بیخ کرفس تخم کشوث بصرہ بستہ۔ سب کو پانی میں جوش دیکر مل کر چھان کر قند سفید حل کرکے قوام شربت کا کریں۔

شربت کشوث

اصفہان میں بہت شہرت پذیر ہے۔ مقوی جگر و معدہ ہے اور سدہ کھولتا ہے اور ملین ہے اور سوء القنیہ و تپ ہائے مرکبہ میں مفید ہے۔ بیخ بادیان گل سرخ

انیسون ۹ ماشہ تخم کشوث بصرہ بستہ ۱۳ تولہ تخم کاسنی ۱۳ تولہ گل غافث ۱۳ تولہ تخم خیارین ۱۳ تولہ تخم خربزہ ۱۳ تولہ پوست بیخ کاسنی ۱۳ تولہ قند سفید ۳۲ تولہ بطریق معمول شربت تیار کریں۔ اور ساڑھے تین تولہ کی مقدار میں ہمراہ شیرہ تخم کاسنی ۶ ماشہ شیرہ تخم خربزہ ۶ ماشہ آب کاسنی مروق ۳ تولہ کے ہمراہ استعمال کریں۔

شربت برائے ورم جگر و استسقا

بیخ کرفس بیخ بادیان تخم کاسنی گاؤزبان تخم کرفس شکاعی ریوند چینی مکوخشک گل نیلوفر گلسرخ خارخسک خرد بیخ کاسنی تخم خربزہ عصارہ زرشک انیسون تخم خیارین تخم کشوث بصرہ بستہ بیخ سوسن سب کو عرق کاسنی عرق بادیان عرق مکو عرق گاؤزبان عرق شاہترہ میں رات کو بھگو کر صبح جوش دیکر صاف کرکے ترنجبین خراسانی حل کرکے قوام تیار کریں۔

ضماد لک مغسول

ورم جگر کے لئے بہت مفید ہے۔ لک مغسول آسارون ریوند چینی چرایتہ بیخ اذخر افسنتین رومی مصطگی رومی گل ارمنی گل خطمی سنبل الطیب مرکی صبر زرد گل سرخ تخم کشوث گل بنفشہ گل بابونہ بیخ خطمی اکلیل الملک کوٹ کر آب مکو سبز اور گلاب میں پکا کر کپڑے پر طلا کرکے ورم کی جگہ پر چسپاں کریں۔

ضماد برائے ورم دست و پا مستسقی

پشک بز خشک سرگین گاؤ زیرہ سیاہ گل ارمنی سعد کوفی بابونہ مکو خشک مرکی صبر زرد ریوند چینی اکلیل الملک بورہ ارمنی کوٹ کر آب مکو سبز میں پکا کر نیم گرم ضماد کریں۔

ضماد اشق

صلابت طحال کو نافع ہے۔ سداب ۲۸ر اشنہ ۲۱ر گزمازج ۲۱ر اشق ۱۴ر مقل ۱۴ر بورہ ارمنی ۱۴ر نمک ہندی ۱۴ر گوگرد ۷ر انجیرزرد ۱۰ عدد اشق اور گوگل کو سرکہ میں بھگوئیں اور انجیر کو سرکہ میں پکائیں اور باقی دوائیں کوٹ چھان کر اضافہ کرکے ضماد لگائیں۔

ضماد انجیر

سختی و نفخ طحال کے لیے مفید ہے۔ اشق ۳ر مقل ازرق ۷ر باقلا مصری ۱۰۷ر کرسنہ ۱۰۷ر نخود ۱۰۷ر اکلیل الملک ۱۰۷ر تخم حلبہ ۱۰۷ر بابونہ ترمس سنبل الطیب ۱۰۷ر انجیرزرد ۹ تولہ۔ انجیر کو سرکہ میں پکائیں۔ اور مقل و اشق اس میں ڈالیں اور باہم ملائیں پھر دیگر ادویہ کوٹ چھان کر اضافہ کرکے روغن بابونہ میں ملاکر نیم گرم ضماد کریں۔

ضماد برائے ورم و صلابت طحال

آرد جو ۲ تولہ خاکستر چوب انگور ۹ر مکو خشک ۷ر گل بابونہ ۷ر اکلیل الملک ۷ر اشق ۷ر برگ جھاؤ ۹ر آب سداب میں پیکر سرکہ اضافہ کرکے طحال پر لیپ کریں۔

ضماد برائے استسقا طبلی

گل بابونہ ۱ تولہ ۷ر اکلیل الملک ۷ر مرزنجوش ۲ تولہ ۷ر صعتر فارسی ۷ر تخم شبت ۷ر زیرہ سیاہ ۹ر۔ آب برگ سداب میں پیکر ضماد کریں۔

ضماد برائے ورم کبد ضربی

جو فصد باسلیق کے بعد استعمال کیا جاتا ہے۔ عود غرقی ۲ر زعفران ۳ر ریوند چینی ۳ر مصطگی رومی ۳ر حب الآس ۳ر گلاب میں پیکر موم کو روغن گل میں پگھلا کر اُسمیں ملادیں۔

ضماد برائے استسقاء زقی

آرد جو ۹ر ۱ تولہ گل ارمنی ۳ر ۲ تولہ سرگین گاؤ خشک ۱ تولہ اشک بز خشک ۱ تولہ

خاکستر چوب انگور۔ سب کو اونٹ کے پیشاب یا آب مکو سبز میں پیس کر سرکہ انگوری ۱ تولہ اضافہ کرکے ضماد کریں۔ ۱ تولہ

ضماد برائے ورم و صلابت طحال — خاکستر چوب گز خاکستر چوب زرد خاکستر شاخ آہو تخم سنبھالو ۱ تولہ

تخم خطمی گل بابونہ پوست بیخ گز انجیر زرد ۱ عدد مجیٹھ آب مکو سبز میں پیسکر مغز فلوس خیار شنبر سرکہ تند ۱ تولہ اضافہ کرکے نیم گرم ضماد کریں۔

ضماد برائے درد جگر بارد — زعفران حب بلسان عود بلسان مصطگی رومی سنبل الطیب اسارون قسط سلیخہ اکلیل الملک صبر زرد افسنتین رومی بورہ ارمنی۔ گلاب میں پیس کر موم کو روغن گل میں پگھلا کر اضافہ کرکے ضماد کریں۔

ضماد برائے درد جگر حار — گل ارمنی نوفل گل نیلوفر گل بنفشہ صندل سفید صندل سرخ مصطگی رومی ساذج ہندی کافور کوٹ چھان کر موم کو روغن گل میں پگھلا کر گلاب ۵ تولہ اضافہ کرکے ضماد کریں۔

ضماد برائے طحال — پوست بیخ گز برگ جھاؤ تخم سداب اشق فرابیون سبوس گندم نمک شور سب کو سرکہ میں پیسکر گرم کرکے طحال پر ضماد کریں۔

عرق آسو اختراعی — استسقاء زقی کے لئے مفید اور مجرب ہے۔

مغز گھگوار ۲ آثار، برادہ فولاد — آثار، قند سیاہ کہنہ ۱ آثار، فلفل سیاہ ۳ تولہ، فلفل دراز ۳ تولہ، زنجبیل ۲ تولہ، سلیخہ ۳ تولہ، الائچی خرد ۳ تولہ، جوزبوا ۳ تولہ، سعد کوفی ۳ تولہ، دارچینی قلمی ۳ تولہ، سنبل الطیب ۳ تولہ، اذخر مکی ۳ تولہ، ادرک سبز — آثار، تخم کرفس ۳ تولہ، انیسون ۳ تولہ، نانخواہ ۳ تولہ، آب مکو سبز مروق ۱ آثار، آب انگور دہ سبز مروق ۱ آثار۔ گلاب خالص ۲ آثار، عرق مکو ۲ آثار، آب کسوندی سبز مروق ۱ آثار۔ تمام دوائیں

کوٹ لیں اور قند سیاہ کو عرقیات میں حل کر کے مٹی کے پرانے شکہ میں بھر کر منہ اس کا مضبوط بند کر کے گھوڑے کی لید میں دفن کریں اور کم از کم ایک ہفتہ کے بعد نکال کر استعمال کریں۔ اگر ایک ہفتہ سے زیادہ دفن کریں تو اچھا ہے لیکن مدت زیادتی ۲۱ روز انتہا ۴۰ روز ہے۔

عرق دافع طحال

سجی، پھٹکری، شورہ قلمی، نوشادر ۵ تولہ، سہاگہ ۵ تولہ، چوکیا خام ۵ تولہ۔ سب کو قرع انبیق میں ڈال کر عرق کھینچیں چھ ماشہ ۵ تولہ پانی میں حل کر کے استعمال کریں۔

عرق برائے مستسقی

بادیان، انیسون رومی — آثار، رات کو پانی میں ۱۵ آثار بھگو کر صبح سات سیر عرق کشید کریں۔ اس عرق کو پانی کی جگہ استعمال کریں اور اسی عرق کو کھانا پکانے کے کام میں لائیں۔

دیگر

شگوفہ اذخر — آثار، پوست بیخ کاسنی ۱ آثار، تخم کاسنی، بادیان — آثار، پوست بیخ بادیان، تخم کشوث بصرہ لبستہ — آثار، انیسون، فلفل سیاہ، دارچینی قلمی، مکو خشک — آثار۔ رات پانی میں بھگو کر صبح عرق کشید کریں۔ اور یہی عرق بجائے پانی کے استعمال کرائیں۔

دیگر

جو استسقاء کے لئے مجرب و معمول ہے۔ شگوفہ اذخر — آثار

بکو خشک تخم کاسنی بیخ کاسنی فلفل سیاہ کشادہ تھیلی میں باندھ کر رات کو پانی میں بھگو کر صبح سات سیر عرق کشید کریں۔

عرق گھیکوار

جو استسقاء طبلی و صلابت جگر و طحال و معدہ کیلئے مفید ہے۔ زنجبیل فلفل سیاہ دار فلفل سلیخہ تیزپات الائچی جائفل سعد کوفی نمک سنگ مغز گھیکوار ۶ تولہ ۶ تولہ ۶ تولہ ۶ تولہ ۶ تولہ ۶ تولہ ۶ تولہ ۶ تولہ ۴ تولہ پانی قدر حاجت سب دواؤں کو بھگو کر عرق کشید کریں۔

دیگر

جو تقویت جگر کے لئے نافع ہے اور استسقاء کے لئے مفید ہے۔ مغز گنوار پاٹھا ادرک سبز پوست ہلیلہ زرد زنجبیل فلفل سیاہ آملہ خشک برادہ آہن دار فلفل قند سیاہ گڑ کا پانی میں شربت کر کے باقی ادویہ کوٹ کر شربت میں گھول کر ایک پرانے مٹکہ میں بھر کر زمین میں دفن کریں اور گرداگرد اور نیچے مٹکہ کے گھوڑے کی لید رکھیں اور اسکے منہ پر کپڑا باندھ دیں۔ ایک ہفتہ کے بعد جب دوا کا جوش رفع ہو جائے نکال کر صاف کر کے بقدر ۴ تولہ استعمال کریں اور غذا میں دال موٹھ کو پانی میں پکا کر خوب گلا کر بلا نمک کے رقیق مثل شوربے کے گھونٹ کر استعمال کریں۔ اور اگر پیاس زیادہ ہو تو عرق بادیاں میں دو تین قطرہ سرکہ انگوری ڈال کر پلائیں اس سے سختی رفع ہو جائیگی۔

عرق بارتنگ مرکب

اسہال سعدی و کبدی دموی کے لئے مجرب و معمول ہے۔ بارتنگ حب الآس زرورد الائچی کلاں الائچی خرد زرشک جوکوب کر کے کشادہ تھیلی میں بھر کے رات کو آب آہن تاب میں بھگو کر صبح سات بوتل عرق کشید کریں۔

اور اسہال دموی میں آب بارتنگ سبز مروق اضافہ کریں اور طباشیر برادہ صندل سفید کو پوٹلی میں باندھ کر نیچہ کے منہ میں لٹکا کر عرق کشید کریں خوراک ۵ تولہ ہمراہ شربت انجبار۔

قرص گل

اسہال کہنہ کے لئے مجرب ہے۔ گل ارمنی گل سرخ لک مغسول تخم حماض بریاں زرشک نشاستہ بریاں صمغ عربی بریاں صندل سفید ریوند چینی زعفران کوٹ چھان کر عرق کاسنی میں گوندھ کر اقراص بنائیں۔ خوراک ہمراہ شیرہ زرشک عرق بارتنگ میں نکال کر شربت حب الآس ملا کر پلائیں۔

قرص گزمازج

سختی طحال کے لئے مفید ہے۔ گزمازج فلفل سیاہ سنبل الطیب اسارون اشق کوٹ چھان کر اول اشق کو سرکہ انگوری میں حل کر کے ادویہ مسحوقہ ملا کر اقراص بنائیں خوراک ہمراہ سکنجبین سادہ یا سکنجبین بزوری یا عرقیات مناسب کے ہمراہ استعمال کرائیں۔

قرص برائے ورم طحال

جو بخار کے ساتھ ہو مفید ہے۔ گل سرخ مغز تخم کدو شیریں مغز تخم تربز تخم خرفہ لک مغسول ریوند چینی زراوند گرد زعفران کافور کوٹ چھان کر آب برگ جھاؤ سبز میں گوندھ کر اقراص بنائیں۔ خوراک ہمراہ سکنجبین بزوری وآب مرو قین۔

قرص برائے استسقاء

از مجربات حکیم محمد باقر۔ عصارہ افسنتین سنبل الطیب

مصطگی رومی فوہ لک مغسول اسارون شگوفہ اذخر تخم کاسنی تخم شاہترہ تخم کشوث ریوند چینی زعفران طباشیر مغز تخم خیارین گل سرخ رب السوس زرشک کوٹ چھان کر ترنجبین خراسانی کو عرق کاسنی میں حل کر کے ادویہ مسحوقہ ملا کر اقراص بنائیں۔ خوراک ۴ م ہمراہ آب مروقین۔

قرص برائے استسقاء و حرارت جگر جسکو بعد مسہلات کے استعمال کرنا چاہئے۔

عصارہ غافث مصطگی رومی ریوند چینی فوہ زعفران طباشیر رب السوس زرشک گل سرخ مغز تخم خیارین مغز تخم خربزہ تخم کشوث تخم کاسنی کوٹ چھان کر ترنجبین خراسانی کو عرق کاسنی میں حل کر کے ادویہ مسحوقہ ملا کر قرص بنائیں۔ خوراک ۴ ماشہ ہمراہ شربت انار شیریں ۲ تولہ یا سکنجبین بزوری یا آب مروقین یا عرق ہائے مناسبہ۔

قرص برائے استسقاء حار سنبل الطیب مغز تخم خیارین تخم خرفہ تخم کشوث تخم کرفس مصطگی رومی لک مغسول ریوند چینی گل سرخ زرشک سب کوٹ چھان کر عرق کاسنی میں گوندھ کر قرص بنائیں۔ خوراک ساڑھے چار ماشہ۔ ہمراہ سکنجبین سادہ و آب مروقین یا شربت بزوری بارد۔

قرص گل غافث درد معدہ و تپہائے مزمنہ مرکبہ و درد جگر و یرقان و سدہ جگر کے لئے مفید ہے۔ گل سرخ عصارہ غافث طباشیر رب السوس سنبل الطیب انیسون مصطگی رومی کوٹ چھان کر

ترنجبین خراسانی کو گلاب میں حل کرکے صاف کرکے ادویہ مسحوقہ اسمیں ملا کر اقراص بنائیں۔ خوراک ۴ ماشہ سے ۹ ماشہ تک ہمراہ شربت بزوری معتدل عرق کاسنی عرق مکو عرق بادیان یا ہمراہ سکنجبین بزوری و آب مروقین استعمال کرائیں۔

قرص زرشک بارد حرارت جگر اور بخار کے لئے مفید ہے۔ زرشک بیدانہ ۱۷ مغز خیارین تخم خرفہ تخم کاسنی رب السوس کوٹ چھان کر گلاب میں گوندھ کر قرص بنائیں خوراک ۹ ماشہ ہمراہ سکنجبین و آب مروقین

قرص پنجنگشت درد جگر سختی و ورم جگر و درد طحال کے لئے مفید ہے لک مغسول ریوند چینی طباشیر تخم کشوث تخم پنجنگشت پوست بیخ کبر زراوند طویل گز مازج غافث فوہ گلسرخ تخم کاسنی کوٹ چھان کر پانی میں گوندھ کر اقراص بنائیں خوراک ۷ سے ۱۰ تک ہمراہ شربت کاسنی

نطول برائے استسقا چھال سرس گندک نوشادر بورہ ارمنی پھٹکری نمک شور سہاگہ پانی میں جوش دیکر نطول کریں۔

نسخہ برائے استسقا سیماب گندک آملہ سار کجلی کرکے آرد بیخ حنظل پوست ہلیلہ زرد گیلہ آر د تربد سجی حب الملوک پیسکر تھوہڑ کے دودھ میں گوندھ کر گولیاں بنا کر ڈھائی رتی کی مقدار میں انیٹ کے

دودھ کے ساتھ کھلائیں۔

دیگر آردِ گندم کو ڈنڈہ دار تھوہڑ کے دودھ میں گوندھ کر لوہے کی سیخ پر کباب کی طرح پکائیں کہ سرخ ہو جائے، بعدہ پیس کر استعمال کریں اس دوا کے استعمال سے مادہ بذریعہ قے و دستوں کے خوب خارج ہوگا۔ غذا دودھ چاول کھلائیں۔

نسخہ یرقان کے لئے مفید ہے۔ گل حنا رات کو پانی میں بھگو کر صباح صاف کر کے سکنجبین لیمو یا شربت انار میں حل کر کے ایک ہفتہ تک استعمال کریں۔

نسخہ استسقاء زقی کو نہایت مفید ہے۔ تمباکو خوردنی سنکھیا سفید شیر آکھ میں تر کر کے باریک مثل سرمہ کے پیسیں اور حفاظت سے رکھیں اول روز آدھی رتی اس میں سے لیکر تھوڑے عرق بادیان کے ساتھ استعمال کرائیں۔ دوسرے روز ایک رتی دیں غذا وقت چاشت جلیبی وبعد سہ پہر کھچڑی مونگ کم روغن کی کھلائیں۔ دو روز دوا استعمال کرانے کے بعد دو روز ناغہ کریں اور اس درمیانی دنوں میں غذا شوربا و نان گندم کھلائیں اسطرح دو روز دوا کھلائیں اور دو روز ناغہ کریں

امراض مقعد

اطریفل مقل بواسیر کے لئے نفع عظیم رکھتا ہے۔ پوست ہلیلہ زرد

پوست بلیلہ ۳۵ تولہ آملہ منقی ۳۵ تولہ گوگل ۵۰ تولہ ادویہ کو کوٹ چھان کر گوگل کو آب گندنا میں تر کرکے عسل خالص سفید میں مخلوط کر کے رکھ چھوڑیں۔ خوراک ایک تولہ۔

اطریفل کثیر المنافع

بواسیر خونی و بادی و ضیق النفس و نزلہ و زکام و درد شکم و سوءہضمی و اخراج مواد سوداوی و بلغمی کے لئے مفید ہے۔ اور درد اعضاء کو بھی نافع ہے۔

پوست ہلیلہ زرد ۱ تولہ پوست ہلیلہ کابلی ۱ تولہ ہلیلہ سیاہ ۱ تولہ رسوت ۱ تولہ تربد سفید ۱ تولہ مقل ازرق ۱ تولہ بھنگرہ سیاہ ۱ تولہ پوست بلیلہ ۱ تولہ آملہ خشک ۱ تولہ تخم کتان بریاں ۵ تولہ افتیموں ولایتی ۱ تولہ کوٹ چھان کر ہلیلہ جات کو روغن بادام یا روغن گاؤ ۵ تولہ سے چرب کر کے عسل خالص میں ملا کر معجون بنائیں۔ ایک تولہ سے دو تولہ تک

بخور برائے بواسیر خونی

گیرو ۱ تولہ مقل ازرق ۱ تولہ تخم گندنا ۱ تولہ شاخ گوزن ہموزن سب کو آب کشنیز سبز میں پیسکر قرص بمقدار ۶ ماشہ بنا کر رکھ چھوڑیں۔ وقت حاجت آگ پر ڈال کر دہونی لیں۔

بخور برائے درد بواسیر

خو بکلان ۱ تولہ تخم گندنا ۱ تولہ کشنیز خشک ۱ تولہ آگ پر ڈالکر دہواں اُس کا مقعد پر پہونچائیں۔

تدبیر برائے اسقاط مسہ ہائے بواسیر

از مجربات جناب پیرجی عبدالقادر خانصاحب

گل بانمی مار لیکر پانی میں گھول کر ٹکیہ بنا کر مٹی یا تانبہ کے برتن قلعیدار پر گرم کر کے نیم گرم مقعد پر بذریعہ لنگوٹ کی باندھیں اور بعد فراغت ہر استنجے کے ٹکیہ تبدیل کر دیں ہفتہ عشرہ میں تمام مسہ خشک ہو کر ساقط ہو جائیں گے اگرچہ مسہ اندر مقعد کے ہوں لیکن اسکے استعمال سے

باہر اگر بلا اذیت ساقط ہو جائیں گے

حب مقل

درد امعاء و معدہ و بواسیر کو نافع ہے۔ ہلیلہ سیاہ ۱ تولہ پوست ہلیلہ آملہ مقشر مقل ازرق مقل کو آب گندنا میں تر کر کے دیگر ادویہ باریک پیس کر ملا کر گولیاں چنے برابر بنائیں۔ خوراک ۹

دیگر

جو بواسیر کو نافع ہے۔ پوست ہلیلہ زرد پوست ہلیلہ کابلی مقل ازرق تربد سفید سکنجبین خردل مقل و سکبینج کو آب گندنا میں تر کریں کہ حل ہو جائے بعدہ دیگر دواؤں کو کوٹ چھان کر اس میں ملائیں اور گولیاں بنائیں۔

دیگر

جو بواسیر و قبض کے لئے مجرب ہے۔ مقل ازرق آملہ منقی ہلیلہ زرد ہلیلہ سیاہ پوست ہلیلہ کابلی پوست بلیلہ تخم گندنا مقل کو نیم کوب کر کے آب گندنا میں بھگو کر دوسرے دن پتھر پر کوٹ کر مثل مرہم کے کریں بعدہ دیگر ادویہ اس میں ملا کر بقدر نخود گولیاں بنائیں اور ہر روز خلو معدہ میں ۹ عدد سے ۱۸ عدد تک کھلائیں اور سوداوی اشیاء سے پرہیز کریں۔

حب پوست بیضہ

جو بواسیر خونی کیلئے مجرب ہے۔ پوست بیضہ مرغ سوختہ چندرس شیطرج ہندی نوشادر کوٹ چھان کر پانی میں گوندھ کر قند کے برابر گولیاں بنائیں۔ خوراک ۲ گولی۔

حب مقل قابض

اجراء خون بواسیر کے لئے مفید ہے۔ ہلیلہ سیاہ پوست ہلیلہ کابلی پوست بلیلہ آملہ خشک گوگل خرمہرہ سوختہ مرجان کہربا

مقل کو آب آہنگراں میں حل کریں۔ باقی دواؤں کو صلایہ کرکے باہم ملادیں اور گولیاں بنائیں۔ خوراک سات ماشہ۔

حب رسوت خونی بواسیر کے لئے مجرب ہے۔ رسوت مصفی ۱ تولہ روغن بادام یا روغن گاؤ سے چرب کرکے گولیاں بنائیں اور حسب حاجت ۳ ماشہ تک دیں۔ اگر کوئی امر مانع نہو تو دوران استعمال میں گھی زیادہ کھلائیں۔

حب برائے بواسیر جو معمول مطب ہے ایک گولی سے شروع کرکے روزانہ ایک گولی بڑھا کر بیس گولی تک کھلائیں۔ بعدہ روزانہ ایک ایک گولی کم کرکے ایک گولی پر پہونچا کر موقوف کردیں۔ پوست ہلیلہ زرد پوست بلیلہ ہلیلہ سیاہ آملہ مصفی پوست ہلیلہ کابلی مقل ارزق زرنباد انیسون ریوند چینی تخم گندنا کوٹ چھان کر ترنجبین یا مویز منقی کو آب گندنا میں حل کرکے ادویہ مسحوقہ گوندھ کر حبوب بقدر نخود بنائیں۔

حب برائے بواسیر جو معمول مطب و مجرب ہے ازالہ قبض دائمی و قمع ریاح بواسیر و معدہ و مراقیہ کے لئے نافع ہے۔

پوست ہلیلہ زرد پوست ہلیلہ کابلی پوست بلیلہ آملہ منقی انیسون بادیان حضض مکی تخم گندنا مقل ارزق مغز فلوس خیارشنبر۔ ہلیلہ جات کو روغن بادام سے چرب کرکے مقل کو آب گندنا میں حل کرکے باقی دوائیں کوٹ چھان کر ہتیلی کو روغن بادام سے چرب کرکے چنے برابر گولیاں بنائیں اور ورق نقرہ میں لپیٹ کر سایہ میں خشک کرکے رکھ لیں۔ خوراک ۲ سے ۳

۴۰ ماشہ تک - اگر اس ترکیب میں مویز منقی اضافہ کریں تو بہتر ہے -

حب بواسیر ہلیلہ کابلی رسوت مصفی - اول مٹی کی ہانڈی کو آگ پر خوب سرخ کریں بعدہ ہلیلہ کابلی کو روغن گاؤ سے چرب کر کے اس میں ڈالیں تاکہ بریاں ہو کر پوست و استخواں علیحدہ ہو جائے پھر کوٹ چھان کر رسوت ملا کر گولیاں بقدر ماش بنالیں روزانہ دس گولی صبح دس گولی شام استعمال کریں -

حب برائے بواسیر خونی مقل ازرق رال سفید پوست ہلیلہ کابلی ہلیلہ سیاہ ۳ تولہ آملہ منقی پوست ہلیلہ زرد اندر جو شیریں کوٹ چھان کر آب گندنا سبز میں گوندھ کر حبوب بقدر نخود بنائیں پانچ گولی سے سات تک کھلائیں -

حب برائے بواسیر معمول نواب قاسم علیخاں جو بواسیر بادی اور خونی کو نافع ہے - رسوت گیرو لتہ سفید مرچ سیاہ آب گندنا سبز میں پیکر جنگلی بیر برابر گولیاں بنائیں ایک صبح ایک شام کھلائیں -

حب برائے بواسیر خونی معمول حکیم محمود خاں صاحب مرحوم - دو تولہ گیرو کو لیکر ایک سیر کو کر بھنگرہ کے پانی میں اسقدر حل کریں کہ تمام پانی خشک ہو کر گولی بننے کے قابل ہو جائے - پس چنے برابر گولیاں بنا کر روزانہ پانچ گولی کھلائیں -

حب برائے بواسیر بادی و خونی مغز تخم نیم رسوت فلفل سیاہ پیسکر

آب برگ ترب سبز میں ملا کر گولیاں بنائیں چھ ماشہ ہر روز شیرہ زیرہ سفید ۳ر شیرہ بادیان ۶ر کے ہمراہ استعمال کریں۔

دیگر پکھان بید ۲ر گیرو ۳ر مردار سنگ ۲ر صندل سرخ ۲ر رسوت ۳ر زیرہ سفید ۳ر شب یمانی بریاں ۳ر کات سفید ۳ر ہلیلہ زنگی ۳ر آملہ خشک مقشر ۳ر مقل ازرق ۳ر مغز تخم نیم ۳ر شیرہ برگ نیم میں آٹھ گھنٹہ تک سماق کے سینگ سے حل کرکے گولیاں بنالیں وقت حاجت آب تازہ میں پیسکر رات اور دن میں طلا کرتے رہیں اور کھانے کے لیے اس نسخہ میں سے مردار سنگ موقوف کرکے اس کے عوض پوست ہلیلہ زرد ۳ر داخل کرکے استعمال کریں۔

حب برائے بواسیر خونی تخم ہارسنگار مقشر مرچ سیاہ ۲ر ۲ تولہ کوٹ چھان کر گولیاں بنا کر رکھ چھوڑیں بقدر تین ماشہ آب تازہ کے ساتھ استعمال کریں۔

حب نیم بواسیر بادی وخونی کے لیے معمول ہے مغز تخم نیم ۵ تولہ فلفل سیاہ ۱۴ر مقل ازرق ۱۴ر پیسکر بقدر فلفل گولیاں بنا کر ہر صبح چھ ماشہ ہمراہ شیرہ بادیان ۶ر شیرہ زیرہ سفید ۳ر کھلائیں۔ نہایت مفید ہے۔

حب برائے بواسیر خونی مغز تخم نیم رسوت زرد ۶ر ۲ تولہ پیسکر آب گلو سبز یا آب بارتنگ میں گوندھ کر گولیاں بقدر نخود بنائیں۔ سات گولی بالائی جغرات میں لپیٹ کر تین روز انتہا سات روز

استعمال کریں۔

حب برائے بواسیر بادی پوست ہلیلہ کابلی پوست ہلیلہ زرد پوست بلیلہ آملہ خشک مغز تخم نیم مغز تخم بکائن پوست درخت نیم پوست درخت بکائن بادیان انیسون تخم ترب گل سرخ گل بنفشہ تخم گندنا زرنباد مقل ازرق کوٹ چھان کر آب گندنا سبز میں ملا کر گولیاں بقدر نخود بنائیں۔

حب مقل بواسیر کے خون کو روکتی ہے۔ ہلیلہ کابلی بریاں کہربا شمعی مقل ازرق۔ مقل کو آب گندنا میں حل کر کے دیگر ادویہ کوٹ چھان کر اس میں ملا کر گولیاں بقدر نخود بنائیں۔ خوراک تین گولی سے دس تک۔

حب بواسیر خونی ہلیلہ سیاہ بلیلہ آملہ خشک تینوں کو روغن گاؤ میں بریاں کر کے کہربا شمعی صدف سوختہ پھٹکری سفید مقل ازرق کوٹ چھان کر مقل کو آب گندنا میں حل کر کے ادویہ باہم ملا کر گولیاں بنا لیں خوراک ۷ رتی سے ۱۰ رتی تک ہمراہ آب سرد استعمال کریں۔

دیگر رسوت مویز مع تخم کتیرا کوٹ چھان کر مویز میں گوندھ کر گولیاں جنگلی بیر برابر تیار کر کے ایک صبح ایک شام کھلائیں اوپر سے روٹی کے دو لقمہ گھی میں چور کر کھلائیں۔

حلوا معیار البدن برابر تریاق کے ہے۔ بواسیر خونی و

بادی کو دو چلہ میں دور کرتا ہے اور زکام نزلہ کو فائدہ دیتا ہے اور قوت باہ پیدا کرتا ہے۔ اور زبان کی لکنت کو دور کرتا ہے جو رطوبت کے سبب سے ہو اور درد دنداں کو دور کرتا ہے اور حافظہ کو قوت بخشتا ہے اور گوشت بدن کو سخت کرتا ہے اور جماع کے بعد سستی کو رفع کرتا ہے اور سامعہ باصرہ کو قوت دیتا ہے اور اخلاط بلغمیہ کا اخراج کرتا ہے۔ پوست ہلیلہ زرد ۲ تولہ ہلیلہ سیاہ ۲ تولہ آملہ خشک ۲ تولہ طباشیر ۲ تولہ فلفل سیاہ ۱۰ تولہ فلفل سفید ۱۰ تولہ فلفلمویہ ۳ تولہ صعتر رومی ۳ تولہ دار فلفل ۳ تولہ مغز فلوس خیار شنبر ۳ تولہ نبات سفید ۲۰ تولہ۔ مغز فلوس کو پانی میں ملا کر شیرہ لیکر نبات ڈال کر قوام کریں اور دیگر اجزا کو پیس چھان کر روغن گاؤ اضافہ کرکے حلوہ تیار کریں۔ اگر مغز فلوس کی جگہہ مغز بادام داخل کریں توکوئی ہرج نہیں ہے۔ خوراک ایام سرما میں ۸ تولہ اور گرما میں ۴ تولہ ہے۔

حب برائے بواسیر خونی
برگ تپاری سبز فلفل سیاہ پیسکر جنگلی بیر برابر گولیاں بناکر ایک گولی سے دو گولی تک کھلائیں

حب انجیر
قبض بواسیری کے لیئے معمول ہے۔ رسوت صبر زرد انجیر زرد سب کو آب گندنہ سبز میں پیسکر جنگلی بیر برابر گولیاں بناکر ایک گولی شام کو غذا سے آدھ گھنٹہ پہلے کھلائیں۔

حب برائے بواسیر خونی
کہربا شمعی رسوت گوگل برگ تپاری سبز تمر بکائن فلفل سیاہ سب کو آب گندنہ سبز میں پیسکر جنگلی بیر برابر گولیاں بناکر ایک گولی صبح ایک شام کھلائیں

حب برائے بواسیر خونی و بادی
قند سیاہ گل ارمنی فلفل سیاہ تخم بھنگ برگ بھنگ کوٹ چھان کر حبوب بقدر

دو نخود بناکر ایک گولی صبح ایک دوپہر ایک شام استعمال کریں۔

دیگر چاکسو مقشر مغز تخم بکائن مغز تخم نیم رسوت مصفی گوگل فلفل سیاہ آب گکروندہ سبز میں خوب گھونٹ کر حبوب بقدر نخود بنائیں ایک صبح ایک شام کھلائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ شفا حاصل ہوگی۔

حب مویز جو بواسیر بادی و رفع قبض و ریاح کے لئے میرے اُستاد کی مجرب ہے۔ رسوت مصفی مصطگی رومی ثمر کچور مقل ازرق ثمر بکائن صبر زرد تخم گندنا مغز بادام مویز منقی آب گکروندہ سبز میں گوندھ کر گولیاں بقدر نخود بنائیں دو گولی سے تین گولی تک استعمال کریں۔

حب برائے درد امعاء و معدہ و بواسیر ہلیلہ سیاہ پوست ہلیلہ کابلی آملہ منقی مقل ازرق تربد سفید کوٹ چھان کر روغن بادام سے چرب کر کے آب گندنا میں گوندہ کر گولیاں بقدر نخود بنائیں۔

حب برائے درد بواسیر ہلیلہ سیاہ پوست ہلیلہ زرد آملہ منقی مقل ازرق تربد سفید نمک ہندی سنبل الطیب زعفران سلیخہ دارچینی قلمی مقل کو آب گندنا میں چالیس روز تر کریں بعدہ باقی ادویہ کوٹ چھان کر شامل کر کے گولیاں بنائیں۔ خوراک ۹ ماشہ۔

حب برائے بواسیر خونی گوندھ ڈھاک لودھ پٹھانی مازو سبز ہلیلہ سیاہ پیسکر پانی میں گوندھ کر بقدر کنار صحرائی گولیاں

بنائیں ایک گولی صبح ایک شام استعمال کریں۔ خون کتنا ہی کثرت سے آتا ہو انشاءاللہ تعالیٰ بند ہو جائے گا

دوا برائے کرم احا برگ نیم سبز ۵ ماشہ بائے بڑنگ ۵ ماشہ کمیلہ ۵ ماشہ کوٹ چھان کر عسل خالص میں ملا کر کھلائیں۔ یہ سب دو خوراک ہے

دیگر نمک ہندی ۶ ماشہ شحم حنظل قدر حاجت ایارج فیقرا ۹ ماشہ در منہ ترکی ۳ ماشہ افستین رومی ۳ ماشہ کوٹ چھان کر کھلائیں یہ ایک خوراک ہے۔

دوا برائے بواسیر خونی جو بواسیر کا خون بند کرنے میں مجرب ہے۔ کہربا ۲ ماشہ گل مختوم ۲ ماشہ انیس ۲ ماشہ باریک پیسکر کھلائیں۔ یہ ایک خوراک ہے۔ اسطرح تین روز متواتر استعمال کریں۔

دیگر برائے بواسیر جو بواسیر کے مسہ ساقط کرتی ہے سیماب یعنے پارہ ۱ ماشہ نوشادر ۱ ماشہ زنگار ۱ ماشہ آہک آب نا دیدہ ۱ ماشہ اسپغار ۱ ماشہ کندر ۲ ماشہ زرنیخ زرد ۱ ماشہ سب دواؤں کو سرکہ میں پیسیں کہ سیماب کشتہ ہو جائے، پھر خشک کریں اور دوسری مرتبہ آب سرد میں گھونٹیں اور اسکو ایک ہانڈی گلی میں ڈال کر دوسری ہانڈی اسکے منہ پر اوندھی جماکر گل حکمت کرکے دھیمی آنچ پر جوہر اڑالیں جو دوا اوپر کی ہانڈی میں اڑکر جمع ہو جائے اسکو آہستگی سے نکال کر رکھ چھوڑیں اور مسوں پر لگائیں۔ محمد ذکریا کا قول ہے کہ یہ دوا اور ہر ایک تیز دوا صرف ایک روز مسہ پر لگانا چاہیے اور اگر ضرورت ہو تو ایک روز وقفہ دیکر دوسرے روز پھر لگائیں۔ بعدہ برگ کرنب کو پانی میں پکاکر روغن گاؤ ملاکر لطور مرہم استعمال کریں۔

دوا مسقط بواسیر

آدھ پاؤ پھٹکری کو ایک تختے کاغذ سفید میں لپیٹ کر جنگلی کنڈوں کی آگ پر رکھیں تاکہ جوش کھاکر خشک ہوجائے، پھر اسکو لیکر پاؤبھر روغن گاؤ کے ہمراہ اُس برتن میں ڈالیں جس میں دو تین مرتبہ دہی جمایا ہو بعدہ نیم کے دستہ سے خوب حل کریں کہ سرخ ہوجائے اور خوشبو اچھی دینے لگے اُس وقت نکال کر رکھ چھوڑیں وقت حاجت تخم شبت پانی میں پکاکر سیکر مقعد پر دو روز صبح سے شام تک اور شام سے صبح تک باندہیں بعد اُس کے روئی کو مرہم مذکور میں آلودہ کرکے مقعد پر رکھیں اور لنگوٹ باندھ دیں اور صبح سے شام تک اور شام سے صبح تک بندھا رکھیں اسطرح سات روز عمل کریں جملہ مسے گھل کر گرجائیں گے۔ مجرب ہے۔

دوا برائے بواسیر خونی

ہرتال گؤدنتی جو ابرک کی طرح چمکدار ہو لیکر نیم کے نرم کونپلوں کے ۲ تولہ ایک پاؤ پانی میں کھرل کریں اور غلولہ بناکر خشک کرکے دس سیر جنگلی اُپلوں میں آگ دیں جب سرد ہوجائے تو کپڑے میں چھانکر ایک رتی ہمراہ بدرقہ مناسب استعمال کریں۔

دوا برائے دفع بواسیر

زیخ عباسی ۲۰ تولہ پوست بیخ کچنال ۱۳ تولہ نگر کوٹی ۱۴ - اول زیخ عباسی کو چھری یا چاقو سے ریزہ ریزہ کرکے دوسری دونوں ادویہ کو نیمکوب کرکے تینوں کو مخلوط کرکے تین حصہ کریں اور ایک حصہ کو آدھ سیر پانی میں ڈال کر چینے کے برتن میں رکھ کر رات کو شبنم میں رکھیں اور صبح کو ہاتھ سے ملکر کپڑے میں چھان کر پئیں اور چار گھنٹہ کے بعد ایک پاؤ برنج ساٹھی کو ایک پاؤ پانی میں اسقدر ملیں کہ چانول کا شیرہ نکل آئے بعدہ سات ماشہ پکھان بید

پیسکر تین حصہ کر لیں اور ایک حصہ کو آب برنج مذکور میں ملاکر پئیں اور دو پہر کو گیہوں کا دلیہ بے نمک کا دودھ میں پکاکر روغن زرد داخل کرکے کھالیں اور دوسری غذا سے پرہیز کریں بعد تین روز کے مسہ از خود گر جائیں گے تین روز ایسی غذا پر اکتفا کریں اور بعد اس کے سات روز تک گوشت نہ کھائیں اور برنج و روغن جو کچھ مناسب ہو کھائیں

دیگر گوگل ۱ تولہ کچلہ ۱ تولہ گیرو ۱ تولہ رسوت ۱ تولہ پنبہ دانہ ۱ تولہ جدا جدا باریک پیسکر آپس میں ملاکر پانی میں پیس کر قدر حاجت کپڑے پر لگاکر بواسیر پر باندھیں ہر روز تین چار بار بعونہ تعالیٰ مسہ دفع ہو جائینگی

دوا۔ برائے بواسیر جو بواسیر بادی و خونی کو مفید اور مجرب ہے۔ جلیبی کو آب ترب مع برگ و بیخ میں رات کو بھگو کر صبح سفوف ذیل ایک ماشہ ملاکر ۲ عدد کھلائیں۔ **نسخہ سفوف۔** نمک چرچرہ ۴ تولہ شب یمانی گلابی بریاں پیسکر سفوف بنائیں۔

دوا برائے بواسیر خونی مجرب سہاگہ چوکیا ۱ تولہ برگ نیم سبز ۲ تولہ رسوت ۱ چاکسو ۲ فلفل سیاہ ۲ تولہ۔ سب کو پیسکر آب لیموں کاغذی ۲ میں گھونٹ کر کنار دشتی کے برابر گولیاں بنائیں ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ مسکہ یا روغن زرد یا حلوہ یا شیرہ مغز بادام استعمال کریں اور اگر گولی کو ۵ دانہ کو پانی میں پیسکر مسہ پر ضماد کریں تو درد و تکلیف کو دور کرتی ہے

دوا برائے دفع بواسیر اول مینڈھی یعنی بھیڑ کے بال پانی میں دھو کر باریک تراش کر ظرف گلی میں رکھکر جلائیں اور اس کے

بموزن باریک برنگ ملاکر سفوف بنائیں، روزانہ صبح کو ایک ماشہ کھٹے دہی میں ملاکر صبح کھائیں، اول ہفتہ میں مسہ بڑے ہوجائیں گے، دوسرے ہفتہ میں نرم پڑجائیں گے، تیسرے ہفتہ میں بالکل گرجائیں گے

دوا۔ برائے بواسیر خونی جو خناق کے لیئے بھی مفید ہے۔ برگ شہدئی ۱ تولہ فلفل سیاہ ۷ عدد پانی میں پیسکر پئیں اسہال خونی بواسیری بند ہوجائیں گے

دوا برائے بواسیر ایک ٹکڑا گنوار پاٹھہ کا لیکر ایک جانب سے پوست اوپر کا دور کرکے سہاگہ خام پیسکر چھڑکیں اور اسی جانب سے توے پر گرم کرکے مقعد پر رکھ کر پرانی روئی رکھ کر باندہیں

دوا۔ برائے بواسیر جو مجرب اور بے نظیر ہے اور مثل اسکے دیکھنے میں نہیں آئی سنکھیا سفید خاکستر سوختہ برگ مدار ریختہ باہم ملاکر کھرل کریں جب ایک ذات ہوجائے ۶ تولے آب گنوار پاٹھہ ملاکر کھرل کرکے قرص تیار کریں۔ وقت ضرورت پانی میں پیسکر مسوں پر خفیف لیپ کریں اگر مسہ چھوٹے ہوں تو صرف ایک مرتبہ اور اگر بڑے ہوں تو تین روز تک ضماد کریں تین روز میں تمام مسے خشک ہوجائیں گے یعنی جملہ مسے سیاہی مائل ہوجائیں گے۔ اس کے بعد کتھہ سفید اور برنج ۳ تولہ پانی میں پیسکر مثل ملٹس پکاکر ٹکیہ بناکر ایک کپڑے پر رکھکر ٹکیہ کے اوپر تھوڑا دہی رکھ کر لنگوٹ سے ایک رات دن باندھیں دوسرے اور تیسرے روز اسیطرح پلٹس باندھیں جسوقت مسہ مردار ہوجائیں ناخن سے علحدہ کردیں۔

دوا برائے بواسیر خونی و بادی
کالا کوڑا پیسکر روزانہ چھہ ماشہ چھہ روز تک دہی میں ملا کر کھلائیں۔

دوا برائے بواسیر
چھتہ زنبور زرد جو نیم کے درخت پر لگا ہو لیکر جلائیں اُس میں سے ایک چانول برابر بالائی میں ملا کر کھلائیں۔

دیگر برائے بواسیر
جس سے مواد نکلتا ہو۔ رسوت آب بیخ چولائی ناگیسر پیسکر فندق کے برابر گولیاں بناکر روزانہ ایک گولی باسی پانی کے ہمراہ استعمال کریں اور مضر چیزوں سے پرہیز کریں۔

دوا برائے بواسیر مجرب
ثمر بندال ایک گھڑا پانی میں جوشدیکر بھپارہ دیں یہاں تک کہ تلخی دوا کی مُنہ میں محسوس ہو اسوقت موقوف کردیں پھر دوسرے وقت اسی دوا اور پانی کو جوشدیکر انکباب کریں تین چار مرتبہ بھپارہ دینے سے تکلیف رفع ہوجاتی ہے اگر زیادہ ضرورت ہو تو آبزن بھی کریں تمام مسوں سے پانی جاری ہوکر آخر کار زائل ہوجائیں گے۔ اور اس دوا کا فضلہ باندھنے سے بھی بواسیر کا مادہ خارج ہو جاتا ہے۔

دوا برائے بواسیر خونی
برگ گوبھی جنگلی ۲ تولہ روغن زرد میں بریاں کرکے کھائیں۔

دوا برائے درد بواسیر
برگ مدار زرد ریختہ روغن گاؤ سے چرب کرکے آگ کے شعلہ پر یا چراغ کی لو پر گرم کرکے باندھیں۔

دوا برائے بواسیر خونی
کتہ سفید طباشیر نبات سفید پیسکر سفوف بناکر پونے دو ماشہ ہر روز صبح کو پانی کے ہمراہ استعمال کریں۔

دوا برائے بواسیر بنگلہ پان چونہ کتہ سفید چھالیہ تمباکو خوردنی بھنگ
باریک پیسکر ٹکیہ بنا کر مسہ پر رکھ کر لنگوٹ کسی باندھیں
رات کے وقت تین چار روز بلا ناغہ یہ عمل کریں مسہ ساقط ہو جائیں گے۔

روغن برائے بواسیر بادی جو اہل تجربہ سے ملا ہے۔ رسوت زرد کمیلہ
کمیلہ ڈیکا مالی پیسکر روغن کتاں یعنے
السی کے تیل میں جلا کر لوہے کی کڑاہی میں ڈال کر ایک جوش دیکر خوب حل
کریں پھر شیشہ میں ڈال کر رکھ لیں وقت حاجت پنبہ کہنہ آلودہ کر کے سوتے وقت
مسوں پر رکھ کر باندھیں۔ گوشت گاؤ گوشت شکار و قند سیاہ و بینگن وغیرہ
سے پرہیز کریں۔ اگر روغن کتاں کو آب گندنا میں ڈال کر اسقدر جوش دیں کہ
پانی جذب ہو کر روغن رہ جائے اور پھر اجزا مذکورہ اس تیل میں ملا کر مرتب
کریں تو قوی تر ہوگا۔ اور بجائے کمیلہ کے مقل ازرق یعنے گوگل اضافہ کریں تو
بھی مفید ہوگا۔

روغن کافوری جو بواسیر کے مسوں کو خشک کرتا اور تکلیف دفع کرتا ہے۔
روغن بید انجیر ولایتی قسم اعلیٰ کافور دونوں کو ظرف
مسی بے قلعی میں ڈال کر سرپوش مسی بے قلعی سے ڈھانک کر ملائم آگ پر جوش دیں
کہ کافور حل جائے سوتے وقت مسہ پر طلا کر کے پیاز گرم کر کے باندھیں۔

سفوف طباشیر اسہال اطفال وغیرہ اطفال کو نافع ہے۔ طباشیر
انار دانہ بریاں صمغ عربی کتیرا مصطگی رومی حب الآس
گل سرخ گل ارمنی کوٹ چھانکر سفوف بنائیں بچوں کو صبح شام دو دو ماشہ شربت بہی

یا شربت سیب ترش میں ملاکر کھلائیں۔

سفوف الطین جو اسہال مزمن صفراوی و دموی کو نافع ہے۔ بزرقطونا تخم ریحاں تخم کنوچہ نشاستہ صمغ عربی گل ارمنی طباشیر تخم حماض بریاں سوائے سہ تخم اول کے سب کو کوٹ چھان کر پھر تخم ملاکر سفوف بنائیں خوراک ساڑھے دس ماشہ روغن بادام یا روغن گل سے چرب کر کے ہمراہ گلاب استعمال کریں۔ یا ہمراہ ادویہ یا عرقہائے مناسب استعمال کریں۔

سفوف قنب دستوں کے لیئے مفید ہے۔ پوست خشخاش برگ بھنگ بریاں زنجبیل نیمرشت دار فلفل مصطگی رومی انار دانہ بریاں کشنیز خشک بریاں صمغ عربی کوٹ چھان کر سفوف بنائیں ہر روز ساڑھے تین ماشہ ہمراہ آب سرد استعمال کریں۔

سفوف رال اسہال کے لیئے مجرب ہے خاص کر جو لوگ افیون کے عادی ہوں جنکا علاج دشوار ہوتا ہے۔ گل دھاوا رال ہر دو کو میسکر دہی کے ہمراہ جو لوہے سے بجھایا ہو استعمال کریں۔

سفوف لولوی جسکو حکیم علوی خاں نے اپنی واسطے اسہال دموی بواسیری و حرارت جگر و بخار و تہیج اطراف و خفقان و نفخہ مراق میں تیار کیا تھا اور نفع کثیر ہوا تھا۔ عنبر اشہب ورق طلا مصطگی رومی مروارید ناسفتہ یشب سبز زہر مہرہ خطائی زرشک مصفی سماق مصفی انار دانہ دار چینی قلمی ورق نقرہ صندل سفید ابریشم مقرض طباشیر سفید تخم بارتنگ

آملہ منقی دانہ ہیل بریان کشنیز خشک بریان بادیان بریان ہلیلہ سیاہ بروغن گاؤ بریان کوٹ چھان کر سفوف بنائیں - خوراک تین تین ماشہ صبح و شام کے

سفوف مخترع

جو ہر قسم کے اسہال خونی بواسیری وغیرہ کے لیئے مجرب ہے - نشاستہ بریان صمغ عربی بریان تخم ریحان بریان بارتنگ بریان زیرہ سفید بریان گل ارمنی پوست تخم مرغ گلنار دم الاخوین جفت بلوط گل سرخ بسباسہ شاخ گوزن سوختہ پوست بیرون پستہ عود غرقی طباشیر سفید حب الآس کشنیز خشک انجبار مغز بیل کہربا شمعی انار دانہ بریان مرداسنگ بیدانہ سفتہ بسد احمر شاذنج مغسول کوٹ چھان کر سفوف بنائیں - خوراک دو ماشہ سے ساڑھے تین ماشہ تک -

سفوف برائے بواسیر خونی

جو بہت مجرب ہے - رسوت زرد مغز تخم نیم شکر تری کوٹ چھان کر سفوف بنائیں اور ہمراہ آب گرم استعمال کریں یہ ایک خوراک ہے -

سفوف ہندی

بواسیر خونی کے لیئے مفید و مجرب ہے - رسوت ناگر کوتھہ ہلیلہ سیاہ تخم بکائن خشک کوٹ چھان کر سفوف بنائیں دو ماشہ سے چھ ماشہ تک ہمراہ آب خالص استعمال کریں بعد اُسکے تھوڑے چنے کی دال بریاں کھالیں - غذا نان مرغن بے نمک یا کم نمک و دال وخشکہ کھائیں -

سفوف برائے بواسیر

زبانی ولایتی مامیران فروش - پوست ہلیلہ زرد مغز تخم نیم نوشادر مامیران چینی سب کو پیسکر سات پڑیاں بنائیں

ایک پوڑی صبح کھلا کر اسکے اوپر تازہ پانی پلائیں۔

سفوف برائے بواسیر خونی جو مجرب ہے اور فوراً خون بند کرتا ہے۔ کہربا شمعی ۳ ر، بسد احمر، طباشیر، گل ارمنی، دم الاخوین، چندرس، کندر، سنگجراحت، پوست بیخ انجبار، صمغ عربی، ہلیلہ سیاہ بروغن گاؤ بریاں کوٹ چھان کر بارتنگ ملا کر سفوف بنائیں۔ خوراک ۴ ماشہ سے ۷ ماشہ تک ہمراہ عرق بارتنگ۔

سفوف برائے بواسیر بادی و خونی پوست ہلیلہ زرد، پوست بلیلہ، مائیں کلاں، مغز تخم بکائن، شکر سفید کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔ خوراک ۷ ماشہ سے ۹ ماشہ تک ہمراہ آب آہن تاب۔

سفوف حابس دم جو ہر جگہ کے خون کو بند کرتا ہے خواہ بواسیر سے خون آتا ہو یا رحم سے یا شکم سے یا قے سے یا نکسیر سے یا پیشاب سے۔ ریوند چینی، مامیران چینی، رسوت زرد، کہربا شمعی، گلنار فارسی، ہلیلہ سیاہ بروغن زرد بریان کوٹ چھان کر ساڑھے تین تین ماشہ صبح شام استعمال کریں۔

سفوف برائے بواسیر بادی و خونی نمک سیاہ، نمک سفید، نمک سانبھر، ہلیلہ سیاہ، آملہ خشک مقشر، پوست ہلیلہ زرد، پوست بلیلہ، برگ سنائکی کوٹ چھان کر شکر سفید ملا کر سفوف بنائیں۔ ایک تولہ صبح کے وقت کھا کر اوپر سے پانی تازہ پئیں۔

شربت انجبار

جو اسہال خونی کے لئے مفید ہے اور ہر جگہہ کے خون کو جو اندرونی اعصاب سے آتا ہو بند کرتا ہے

پوست بیخ انجبار خرنوب شامی برادہ صندل سرخ برادہ صندل سفید حب الاس سب کو ایک رات دن پانی میں بھگو کر دوسرے روز جوش دیکر مل چھان کر شکر سفید حل کر کے شربت تیار کریں۔

شیاف ملین

رافع قبض و دافع سدہ اطفال مجرب۔ پودینہ خشک تربد سفید پشک ہر ایک کوٹ کر عسل خیار شنبر میں گوندھکر شیاف بنا کر روغن زیتون سے چرب کر کے مقعد میں رکھیں

شیاف برائے پیچش و اسہال خونی

صمغ عربی اقاقیا افیون مازو سبز بزرالبنج کندر گل ارمنی برنج بریاں کردہ زیرہ سفید بریاں پیس کر آب کشنیز سبز میں گوندھ کر شیاف بنائیں

شیاف حابس خون

جو بواسیر اور حیض کے خون کو بند کرتا ہے۔ مازو سبز رسوت زرد کندر شب یمانی کاغذ سوختہ گل ارمنی صمغ عربی سرمہ سیاہ پیسکر بدستور تر کر شیاف بنائیں۔

شیاف مسہل

اگر مسہل میں دست کم آویں تو یہ شیاف استعمال کرتے ہیں ترنجبین شکر سرخ صابون خطمی نمک طعام بدستور شیاف بنائیں۔

ضماد آسی والہ

بواسیر و شقاق مقعد و زخم مقعد و اسہال بواسیری و خون حیض کے لیے مفید و مجرب ہے۔ سفیدہ کاشغری

رسوت زرد ٦ ر موم گل خطمی مقل ازرق ٦ ر روغن گل ٥ تولہ روغن السی ٥ تولہ۔ موم کو تیل میں پگھلا کر دیگر ادویہ پیسکر شامل کرکے رکھ چھوڑیں اور استعمال کریں

ضماد برائے درد بواسیر — مقل ٦ ر کوہان شتر مغز ساق گاؤ ٦ ر ختہ زرد آلو ٦ ر میعہ سائلہ ٦ ر زردہ تخم مرغ ٦ ر روغن گل ٣ تولہ اول ایک عدد پیاز کو کوٹ کر روغن گل میں ڈال کر جوش دیں پھر دیگر ادویہ مخلوط کرکے ضماد کریں۔ اور صرف پیاز کو روغن گاؤ میں بریاں کرکے باندھنا بھی مفید ہے۔

ضماد برائے خروج مقعد — عدس مقشر ٣ ر جفت بلوط ٣ ر پوست انار ٣ ر جوز السرو ٣ ر سب کو آب برگ آس میں بخوبی جوش دیں اور روغن گل ٦ ر ڈال کر رکھ چھوڑیں اور ضماد کریں۔

ضماد افیون والا — مقعد کے زخم کو نافع ہے افیون ٣ ماشہ زعفران ٣ ماشہ سفیدہ کاشغری ٥ ر روغن گل ١٠ ر مردار سنگ بطریق معمول ضماد تیار کریں۔

ضماد برائے بواسیر — برگ قنب ١٠ ر برگ مکو سبز ٦ ر گل خطمی ١٠ ر سفیدہ کاشغری ٤ ر رسوت ٤ ر کوٹ کر آب برگ کاسنی سبز میں ملاکر روغن گل ٢ تولہ لعاب اسپغول ٦ ر سفیدہ بیضہ مرغ اضافہ کرکے ضماد کریں۔

ضماد برائے سوزش و ورم بواسیر — روغن گل ٢ تولہ یا روغن گاؤ ٢ تولہ اکیس بار پانی سے دہو کر اس میں رسوت ٤ ر پسی ہوئی ملاکر ضماد کریں۔

ضماد برائے سوزش بواسیر — رسوت زرد ٦ ر مغز تخم نیم ٦ ر کافور ٣ ر آب برگ نیم سبز میں پیس کر پنبہ کہنہ اس میں آلودہ کرکے حمول کریں

دیگر — رسوت زرد ٦ ر برگ قنب ٦ ر آب مکو سبز میں پیسکر لعاب اسغول ٦ ر کافور ١ ر

اضافہ کر کے ضماد کریں۔

طلا برائے بواسیر رسوت صاف ۳ ر افیون ۳ ر روغن زرد سب کو نیم گرم کر کے دستہ جس پر سیسہ چسپاں کیا گیا ہو ایک پہر تک خوب گھونٹ کر مسہ پر طلا کریں۔

طلا مسقط بواسیر جو مسوں کو جڑ سے اکھاڑتا ہے۔ بورہ بونہ زرنیخ سنبل الفار زنگار کوٹ کر چربی مرغ کو پگھلا کر اُس میں ملا کر تھوڑا اسا اُس میں سے طلا کریں۔ اگر مسے ضعیف ہوں تو تین روز تک ہر روز دو مرتبہ طلا کریں اور اگر مسہ سخت ہوں تو پانچ روز تک طلا کریں بعدہ پیاز سرخ اور روغن گاؤ کا مرہم بنا کر لگائیں تاکہ مسہ گر جائیں اور دوران علاج میں مقعد پر پانی نہ لگنے دیں تاوقتیکہ صحت نہ ہو جائے۔

قرص خشخاش اسہال دموی و صفراوی و پیچش و بواسیر و دفع عفونت و تسکین حرارت و اوجاع امعاء کے لیے مفید و مجرب ہے۔

زعفران کافور دم الاخوین مصطگی رومی خرنوب۔ پوست خشخاش گل مختوم گل ارمنی طباشیر صمغ عربی نشاستہ بدستور اقراص بنائیں۔ یہ سب ایک خوراک ہے۔

قرص برائے بواسیر خونی جو خون بند کرنے کے لیے مجرب ہے۔ پوست بلیلہ زرد پوست بلیلہ آملہ منقی ہلیلہ سیاہ۔ جملہ بروغن بادام بریاں اندر جو شیر ریں رسوت زرد گھونگہ سوختہ بھوج پتر سوختہ مقل ازرق حب الآس صمغ عربی گل ارمنی آب گندنا سبز میں دو پہر کھرل کر کے اقراص بنائیں

خوراک ۷ ماشہ ہمراہ شیرہ الائچی کلاں شیرہ بادیاں۔

معجون کمونی (اختراعی)

جو ریاح بواسیر و قبض دائمی کے لئے مفید ہے۔ زیرہ سیاہ سرکہ میں ایک رات دن تر کر کے بریاں کیا ہوا ۲ تولہ

تخم گندنا ترنجور ریوند چینی دارچینی قلمی بورہ ارمنی ۵ تولہ برگ سداب تازہ سایہ میں خشک کیا ہوا گوگل مصطگی رومی فلفل سیاہ زنجبیل درونج عقربی اذخر مکی فنتین رومی مویز منقی گلقند عسل خالص بدستور معجون بنا کر بعد ایک ہفتہ کے ۶ ماشہ سے ایک تولہ تک کھلائیں۔

معجون خبث الحدید

بواسیر خونی کو مفید ہے۔ عود الطیب سعد زنجبیل فلفل نانخواہ اذخر مکی ہلیلہ سیاہ پوست بلیلہ خبث الحدید سب کو خوب باریک پیس چھان کر عسل خالص میں ملا کر معجون بنائیں خوراک ایک تولہ

دیگر

خبث الحدید مدبر ہلیلہ سیاہ پوست ہلیلہ آملہ منقی گزمازج سنبل الطیب اذخر مکی سعد کوفی زنجبیل فلفل کندر کوٹ چھان کر عسل آملہ مربی سہ چند میں ملا کر بدستور مقرر معجون تیار کریں۔ خوراک بڑے جائفل کے موافق ہے۔

معجون مقل

ریح البواسیر اور ورم مقعد و سیلان خون مقعد کو مفید ہے آملہ منقی ہلیلہ کابلی پوست بلیلہ تخم سپندان تخم گندنا تخم شاہ سفرم مقل ازرق ۳۵ مقل کو آب گندنا میں حل کریں اور دیگر ادویہ پیس کر اس میں ملا کر معجون بنائیں۔ خوراک سات ماشہ۔

دیگر

جو بواسیر کے لئے مفید ہے اور قبض کو دور کرتی ہے۔ کتیرا

مقل ازرق انجیر یا مویز بدستور مقرر معجون بنائیں۔ خوراک ساڑھے تیرہ ماشہ غذا
گوشت مرغ وزردہ بیضہ مرغ دیں۔ خوراک ۶ ماشہ سے ایک تولہ تک ہمراہ شربت انجبار

معجون سرخس

کدو دانہ وکرم شکم کے لئے مجرب ہے۔ سرخس بڑنگ کابلی
تربد سفید مقل ازرق دوائیں کوٹ چھان کر عسل خالص
میں ملاکر استعمال کریں۔ یہ سب ایک خوراک ہے مگر مناسب یہ ہے کہ قبل استعمال چند
اس دوا کے تین روز تک دودھ پلائیں بعدہ معجون مذکور کھلائیں۔ اور کمیلہ پیس کر گلقند
میں ملاکر سوتے وقت کھلانا بھی کدو دانہ کے لئے مفید ہے۔ کمیلہ کو ۴ ماشہ تک دے سکتے ہیں

مرہم بواسیر

جو درد بواسیر و نواصیر و شقاق مقعد و درد مقعد کو مفید ہے
مغز تخم کدو شیریں بریاں مغز تخم خربزہ بریاں چربی گردہ بز
سفیدہ کاشغری مغز ساق گاؤ روغن گل برگ قنب ہاون دستہ میں خوب
گھونٹ کر مرہم تیار کریں۔

دیگر

موم مغز ساق گاؤ روغن گل میں پگھلا کر رسوت کو گل سفیدہ کاشغری
تخم گندنا پیس کر اضافہ کر کے ضماد کریں اگر حرارت اور سوزش
زیادہ ہو تو کافور سفیدہ اضافہ کریں۔ اگر درد کی شدت ہو تو روغن قنب بھی
شامل کریں

دیگر

میعہ سائلہ موم سفید روغن گل مغز ساق گاؤ تینوں کو گرم کریں
کہ ایک ذات ہو جائے، پس گل بابونہ اکلیل الملک۔ کوٹ
چھان کر اضافہ کر کے دستہ آہنی سے خوب گھونٹ کر مرہم تیار کریں۔

دیگر

سفیدہ کاشغری رسوت زرد گل خطمی مقل ازرق روغن گل روغن السی

دوائیں کوٹ چھان کر ہر دو تیلوں میں ملا کر جوش دیں کہ نصف رہ جائے پھر بطور مرہم استعمال کریں۔

دیگر جو درد شدید بواسیر و اصحاب بواسیر کو مفید ہے۔ مغز ساق گاؤ یا شتر چربی بط یا قاز موم زرد روغن گل میں پگھلا کر مردار سنگ ٦ رتی اقاقیا دم الاخوین گوگل افیون زعفران سب کو پیس کر ملا کر مرہم تیار کریں۔

دیگر آب برگ مکو سبز آب برگ دھتورہ سیاہ سیسہ سفیدہ کاشغری رسوت افیون روغن بادام سب کو کھرل میں خوب حل کریں۔ جب مثل مرہم کے حل ہو جائے استعمال کریں۔

مرہم سائیدہ چوب نیم جو بواسیر کے لئے مفید ہے۔ سائیدہ چوب نیم مسکہ گاؤ سہاگہ چوکیہ سوختہ۔ تینوں کو پھول کی تھالی میں ڈال کر بقدر نیم کے ڈنڈے سے گھوٹیں کہ سیاہ ہو جائے بعدہ پنبہ آلودہ کر کے مسوں پر رکھیں۔

مرہم برائے بواسیر میعہ سائلہ چربی مرغ چربی بط۔ موم سفید روغن مغز زرد آلو تلخ روغن مغز شفتالو روغن گل گوگل مغز ساق گاؤ آب گندنا گوگل کو آب گندنا میں حل کریں اور روغنوں میں ڈال کر پگھلائیں اور پھر سب ادویہ کو یکجا کر کے ہاون دستہ میں ممزوج کر کے استعمال کریں۔

مرہم برائے بواسیر جو رطوبات لزجہ کا اخراج کر کے بواسیر کے مادہ کا استیصال کرتا ہے خواہ خارج ہوں یا داخل ہوں

ثمر بنڈال افیون خالص کتہ سفید روغن گاؤ شہد - اول شہد اور روغن باہم ملائیں پس افیون پیسکر ملا دیں پھر بنڈال و کتہ پیسکر شامل کریں اور انگشت سے حل کر کے مسوں پر صبح کے وقت لگائیں - اگر صبح - دوپہر - شام - دن میں تین مرتبہ لگائیں تو بہتر ہے - درد کی شدت ہو تو چھاچھ میں دارفلفل پیسکر پلائیں

نسخہ برائے نواسیر برگ ہرن کھری سیاہ مرچ پانی میں پیس کر پلائیں یہ دوا مصفی خون بھی ہے اور ہر جگہ کے خون کو بند کرتی ہے -

نسخہ برائے بواسیر بادی سقل ازرق رسوت زرد پیسکر جوارش جالینوس میں ملا کر سوتے وقت کھایا کریں -

امراض گردہ ومثانہ

آبزن برائے بول الدم یعنی پیشاب سے خون آنے کو مفید ہے - مازو سبز برگ آس گلنار جوز السرو پوست انار گل سرخ سب دواؤں کو پانی میں جوش دیکر اس میں مریض کو بٹھائیں -

جوارش زرعونی بہ نسخہ کلاں جو گردہ و جگر و دماغ و پشت و معدہ و باہ کو قوی اور بلغم کو دفع کرتی ہے اور جو شخص کیس روز یہ جوارش کھائے تو تمام سرد بیماریوں اور بلغمی و سوداوی

امراض مثلاً کثرت پیشاب و سرفہ بلغمی و دیوانگی و درد سر بارد و نقرس و بہق و بواسیر سے محفوظ رہیگا۔ نیز یہ جوارش رنگ بدن کا صاف کرتی اور بالوں کی سیاہی کو قائم رکھتی ہی اور ریاح و سردی بدن کو نافع ہے۔ اور بقراط کا قول ہی کہ جو شخص سالمیں تین روز یہ جوارش کھایا کرے اُسکو کسی طبیب کی حاجت نہ ہوگی اور اگر دس عوزیں رکھتا ہو سب کو خوش کر سکتا ہی۔ تخم کرفس تخم گزر تخم اسپست نانخواہ بادیان مغز تخم خرپزہ مغز تخم خیارین پوست بیخ کرفس عقرقرحا زعفران سلیخہ مصطگی رومی عود خام بسباسہ قرنفل کباب چینی فلفل سیاہ عنبر اشہب۔ سب ادویہ کو کوٹ چھان کر عسل کفگرفتہ میں ملاکر رکھ لیں۔ بعد دو ماہ کے استعمال کریں۔ خوراک سات ماشہ سے نو ماشہ تک۔

حب البزور

قرحہ مثانہ و قضیب کو مفید ہے اور پیشاب جاری کرتا ہی تخم خطمی مغز تخم خیارین مغز تخم خرپزہ تخم خرفہ تخم خشخاش سفید کوٹ چھان کر لعاب اسپغول میں گوندھ کر گولیاں بنائیں اور ساڑھے چار ماشہ صبح کیوقت کھائیں۔

حب برائے سوزاک

بہروزہ مصفی کو رکابی میں رکھ کر نرم آگ پر پگلائیں اور آرد نخود بریان اسقدر چھڑکیں کہ گولی بنانے کے قابل ہو جائے رکابی آگ سے اُتار کر بقدر کنار دشتی گولیاں بنائیں۔ ایک گولی دہی کے پانی کے ہمراہ کھلائیں۔ اگر مرض قوی ہو تو دو وقت استعمال کریں۔

دیگر

پھٹکری ست گلو شورہ قلمی الائچی خرد کتھ سفید کوٹ چھان کر مصری کے قوام میں ملاکر گولیاں بقدر نخود بنائیں تین گولی سے شروع کر کے

سات گولی تک پہونچائیں روزانہ صبح کو کھایا کریں۔

دیگر پکھان بید فلفلدراز الائچی خرد پوست ہلیلہ زرد پوست ہلیلہ آملہ سقمونیا ست سلاجیت کوٹ چھان کر شیرہ برگ بکائن میں گوندھ کر گولیاں بنائیں ساڑھے تین ماشہ ہر روز کھائیں۔ اکثر دو تین روز بعد احلیل سے ایک شے مثل پردۂ عنکبوت کے باہر نکلتی ہے اُسوقت گولی کا استعمال موقوف کر دیں ورنہ نقصان کا اندیشہ ہے۔

حب زراقہ جو سوزاک کے زخم کو اچھا کرتی ہے۔ سفیدہ کاشغری کندر پھٹکری بریاں صمغ عربی نشاستہ دم الاخوین کوٹ چھان کر آب برگ نیم سبز میں گوندھ کر گولیاں بنائیں وقت ضرورت کے شیر دختر یا شیر خر یا شیر بز میں حل کر کے پچکاری لیں۔

حب سوزاک یہ عجیب ترکیب متاخرین تجربہ کاروں کی ہے جسکے استعمال سے ایک روز میں سوزاک دور ہو جاتا ہے عطر صندل ۲ تولہ طباشیر ۲ تولہ مشک خطائی ۱ ر۔ سب کو کھرل میں خوب گھونٹ کر گولیاں بنائیں اور ایک سبو چہ گلی کورہ کو پانی سے بھر کر اُس کے مُنہ پر کپڑا باندھ کر اُس پر گولیاں رکھ کر تمام رات شبنم میں رکھیں۔ وقت صبح اول ایک گولی کھا کر اوپر سے ایک پیالہ پانی گھڑے کا پی لیں بعد اُس کے ایک ایک گھنٹہ کے وقفہ سے ایک ایک گولی کھا کر ایک ایک پیالہ پانی کا پیتے رہیں ایک روز میں تمام گولیاں ختم کر دیں اور دن میں غذا کچھ نہ کھائیں وقت شام خشکہ مونگ کی دال کے ہمراہ استعمال کریں بعدہ چند روز تک مضر چیزوں سے پرہیز کریں۔

حب برائے سنگ گردہ و مثانہ

جو سنگ گردہ و مثانہ کے لئے معمول و مجرب ہے۔ حجر الیہود نمک ترب نمک نخود سیاہ ۔ جوا کھار سنگ سرماہی مغز بادام تلخ تخم کرفس انیسون فوہ مغز تخم معصفر مغز تخم خربوزہ کوٹ چھان کر لعاب بہیدانہ میں گوندھ کر حبوب بقدر نخود بنائیں۔ ایک گولی سے نو گولی تک ہمراہ عرق پتھری کے استعمال کریں۔

نسخہ عرق پتھری

خار خسک خرد پتھری ترب۔ بدستور مقرر عرق کشید کریں۔

حب سوزاک

مجرب حکیم محمد اسمعیل صاحب۔ کباب چینی دانہ الائچی خرد کتیرا روغن بلسان کوٹ چھان کر روغن میں حل کر کے گولیاں جنگلی بیر برابر بنا کر تین گولی سے ۵ گولی تک دودھ کے ہمراہ کھلائیں اور بعد ایک گھنٹہ کے کافور پانی میں حل کر کے پلائیں۔

حب سوزاک

جو نئے اور پرانے سوزاک میں مفید ہے۔ ست گلو ست سلاجیت ست بہروزہ پکھان بید خار خسک خرد کاکنج دانہ ہیل خرد طباشیر کوٹ چھان کر روغن صندل میں ملا کر گولیاں بقدر نخود بنا کر رکھیں ایک گولی صبح ایک دوپہر ایک شام شربت کاکنج کے ہمراہ کھائیں۔

حب سوزاک کہنہ

از تلسی رام وید۔ قلعی کشتہ ست سلاجیت دانہ ہیل خرد ست گلو نبات سفید ست بہروزہ چوب چینی صدف مروارید ورق نقرہ پیس کر آب انار شیریں میں گوندھ کر ایک ایک ماشہ کی گولیاں بنا کر ایک گولی صبح شام کھلائیں۔

حب سوزاک کہنہ

صدف مروارید ناسفتہ شاخ مرجان سوختہ خرمہرہ زرد سوختہ شاخ گوزن سوختہ پائے مرغ خاردار سوختہ ست بہروزہ ست سلاجیت قلعی کشتہ پکھان بید دانہ الائچی خرد اصل السوس مقشر تال مکھانا طباشیر ست گلو پوست بلیلہ زرد پوست بلیلہ آملہ خشک۔ ہر سہ روغن بادام سے چرب کئے ہوئے حجر الیہود سنگ ماہی کا کیخ تخم کتان بریان کباب چینی مغز تخم خربزہ مغز تخم خیارین بزرالبنج صمغ عربی جواکھار سہاگہ بریان کندر پھٹکری بریان دم الاخوین ریوند چینی چوب چینی گل ارمنی۔ نبات سفید نصف وزن ادویہ پیسکر روغن بلسان انگریزی میں قدر حاجت ملاکر ایک ایک ماشہ کی گولیاں بنائیں۔ خوراک ایک ایک گولی صبح شام۔

حب برائے سوزاک

سوزاک قدیم و جدید کے لئے مجرب ہے۔ از حکیم احمد خان پشاوری۔ پھٹکری بریان نوشادر سہاگہ چوکیہ بریان ابرک محلول شورہ قلمی قلعی کشتہ ست بہروزہ ریوت زرد دم الاخوین گیرو سنگ جراحت باریک پیسکر چھان کر روغن بلسان یا روغن بہروزہ قدر حاجت میں گوندہ کر گولیاں کابلی نخود کے برابر بنائیں۔

حب برائے درد گردہ

جو نہایت مفید ہے خواہ درد مذکور احتباس ریاح کی وجہ سے یا پتھری کی وجہ سے ہو۔ اکسٹریکٹ ہائی سائی مس شورہ قلمی پیسکر لعاب صمغ عربی میں گوندہ کر تین تین رتی کی مقدار میں گولیاں بنائیں بحالت دورہ آدھ آدھ گھنٹہ کے فاصلہ سے ایک ایک گولی ہمراہ آب گرم کھلائیں اور ہلدی پیسکر زردہ بیضہ مرغ میں ملاکر تھوڑا پانی شامل کرکے نرم آنچ پر پکائیں کہ مثل لیئی کے ہو جائے پس

بڑہ کے پتہ پر ضماد کرکے درد کی جگہہ پر باندھیں اور دوپہر سے پرانی روئی نیم گرم باندھیں اور ہوا سے محفوظ رکھیں اور درد گردہ کہنہ میں ایک گولی صبح ایک دوپہر ایک شام کو کھلاتے رہیں۔

دوا برائے سنگ گردہ و مثانہ بجردنتی کے پھول اور پتہ اور شاخ کو پانی میں پیسکر صاف کرکے حجر الیہود پیسکر اس میں حل کرکے استعمال کریں سنگ گردہ و مثانہ کے لئے بہتر دوا ہے۔ ۳ ماشہ

دوا برائے سنگ گردہ و مثانہ سنگ سرماہی حجر الیہود شورہ قلمی سب کو آب بیخ ترب میں پیسکر مٹی کے آبخورہ میں رکھکر گلحکمت کرکے پانچ سیر اپلوں میں آگ دیں اسیطرح سات مرتبہ آگ دیں اور ہر مرتبہ میں دو تولہ شورہ کو پانچ تولہ آب بیخ ترب میں پیسکر شامل کریں خوراک ایک رتی سے ایک ماشہ تک ہمراہ شربت بزوری معتدل ۲ تولہ ۲ تولہ ۵ تولہ

دیگر کشتہ کانچ سفید سنگ سرماہی حجر الیہود سب کو پیس چھان کر ایک رتی ذیل کے شربت میں ملاکر چٹائیں **نسخہ شربت** گل سرخ مویز منقی گاؤزبان نبات سفید بطریق معروف تیار کریں۔ ۳ ۳ ۳ ۵ ۵ ۵ ۱۰

دوا برائے ذیابطیس برگ گھونگچی سفید فلفل سیاہ پانی میں پیسکر صاف کرکے پلائیں ۶ ۱۱ ۲۱ عدد

دوا برائے ذیابطیس بیضہ مرغ وقت عصر تیز سرکہ میں ایک رات دن بھگوئیں تاکہ اوپر کا چھلکا نرم ہوجائے۔ دوسرے روز بوقت عصر چھلکا دور کرکے سفیدی اور زردی کہالیں اور صبح کے وقت دو تولہ مغز پنبہ دانہ پانی میں پیسکر بلا شیرینی کے پئیں۔ ایک ہفتہ یا کم و زیادہ حسب مرض استعمال ۲ عدد قدرحاجت

جاری رکھیں

دوا برائے سوزاک چنبیلی کی جڑ تازہ ۱ تولہ برگ شیشم سبز ۱ تولہ پانی میں پیس کر تین روز یا ایک ہفتہ تک پئیں انشاء اللہ صحت کامل ہو جائیگی

دوا برائے درد گردہ ریحی کنگنی کو پانی میں جوش دیں کہ تیسرا حصہ باقی رہ جائے صاف کر کے پئیں

دیگر جوارش کمونی ہمراہ شیرہ بادیان شیرہ تخم کشوث شیرہ تخم کرفس پانی میں پیس کر گلقند اور شربت بزوری معتدل حل کر کے پئیں

دوا برائے سنگ گردہ و مثانہ از مجربات جناب حکیم عبدالقادر خاں صاحب افسر الاطباء ریاست۔ شورہ قلمی گندک آملہ سار بطریق مقرر پگھلا کر تھالی میں پھیلا کر رکھ لیں ایک ماشہ سے تین ماشہ تک ہمراہ آب برگ ترب سبز استعمال کریں۔

حب سوزاک کہنہ از حکیم رحیم عطا صاحب۔ ست گلو ست سلاجیت ست بہروزہ پکھان بید طباشیر سبوس اسپغول دانہ الائچی سفید مغز تخم خیارین اندر جو شیرین حب کاکنج تخم خرفہ کتیرا روغن صندل روغن بلسان انگریزی باہم ملا کر بقدر نخود ایک صبح ایک دوپہر ایک شام استعمال کریں۔

دوا برائے درد گردہ مغز تخم قرطم قند سفید پیس کر ایک تولہ صبح ایک تولہ شام کھائیں۔

دیگر آب برگ بیوٹن مروق جس کا درخت ہمشکل بکوکے ہوتا ہے دو

بارش کے موسم میں ملتا ہے لیکر تھوڑی مصری یا نمک ملا کر پلائیں - اور جو شخص درد گردہ کا عادی ہو بسبب ریگ یا پتھری کے اگر ہر موسم میں کل ایک ہفتہ استعمال کر لیا کرے تو درد گردہ سے محفوظ رہیگا -

دوا برائے درد قولنج و گردہ کرنجوہ لیکر اس کا مغز نکالیں اور مغز کے برابر زرد چوب ۳ عدد بریاں کرکے دونوں کو پیس چھان کر قدرے نمک طعام ملا کر دو حصہ کرکے ایک حصہ آب گرم کے ہمراہ کھلائیں - تھوڑی دیر کے بعد دوسرا حصہ کھلائیں -

دوا برائے سنگ گردہ و مثانہ برگ شہدئی پانی میں پیسکر شورہ قلمی ۱ تولہ ملا کر پلائیں - چند روز پلانے سے فائدہ ہو جاتا ہے

دوا برائے سلس البول شاماخ یعنی کودوں جو غلہ کی قسم سے ہے اُسکو بھاڑ میں بھون کر پیس لیں اور شکر برابر ملا کر ہر روز ایک ہتیلی بھر کر صبح شام پھانکیں

دوا برائے حبس بول یعنے پیشاب بند ہونیکو مفید ہے - کائی پیس کر پیڑو پر ضماد کریں -

دیگر ٹکڑا برف کا دونوں پاؤں کے تلوؤں میں باندھیں اور چہل قدمی کریں -

دوا برائے بول الدم یعنے پیشاب میں خون آنے کو مفید ہے - دوب سفید ۱ تولہ فلفل سفید پانی میں پیس کر پلائیں -

دوا برائے قرحہ گردہ و سوزاک بیخ کیلہ ۱۱ عدد ۱ تولہ پوست بیخ فالسہ ۱ تولہ تخم خیارین ۱ تولہ اصل السوس مقشر ۱ تولہ

سوائے اصل السوس کی تینوں دواؤں کو بطور بھنگ پیس کر اور اصل السوس کا لعاب نکال کر صبح کو پئیں بفضلہ تعالیٰ صحت ہوگی

دوا برائے سوزش بول وسوزاک گیرو ۴ ماشہ نخود ۱۲ عدد مع پوست رات کو ڈیڑھ پاؤ پانی میں تر کر کے صبح بطور بھنگ پیس کر پئیں وقت تشنگی لسی شیر گاؤ پئیں تین روز میں بفضلہ تعالیٰ فائدہ ہوگا

دیگر پوست بیخ فالسہ ۱ تولہ جو کوب کر کے شب کو پانی میں بھگو کر صبح صاف کر کے نبات سفید ۲ تولہ ملا کر پلائیں۔

دیگر کونپل درخت بڑھ سایہ میں خشک کریں بعدہ پیس چھان کر شکر خام ملا کر صبح کو ہمراہ لسی شیر گاؤ پلائیں

دوا برائے بول الدم (مجرب) تشمیزج ۲۱ عدد کوٹ کر باریک کر کے کھائیں اوپر سے آب برادہ صندل پئیں۔

دوا مقوی گردہ وباہ مغز پنبہ دانہ ۱ تولہ مغز جبتہ الخضرا ۱ تولہ مغز حب الصنوبر ۱ تولہ مغز پستہ ۱ تولہ مغز نارجیل ۱ تولہ مغز حب قلقل ۱ تولہ مغز اخروٹ ۱ تولہ تخم ہلیوق ۱ تولہ شقاقل مصری ۶ ماشہ زنجبیل ۶ ماشہ حب الزلم ۶ ماشہ لسان العصافیر ۶ ماشہ کوٹ چھان کر عسل میں ملا کر اخروٹ کے برابر کھلائیں۔ اور اگر مغز کنجشک نر ۱ تولہ پودینہ ۶ ماشہ دار فلفل ۳ ماشہ اضافہ کریں تو زیادہ مفید ہے۔

دوا برائے سوزاک مغز کرنجوہ ۱۵ ماشہ نبات سفید ۱۴ ماشہ ہر دو کو پیس کر تین حصہ کر کے ہر روز ہمراہ لسی شیر بز استعمال کریں۔ غذا دال خشکہ۔

دوا برائے سوزاک کہنہ بیخ کیلہ ۸ تولہ سایہ میں خشک کر کے تال مکھانا ۲ تولہ ۴ ماشہ سرمہ سیاہ ۱ تولہ ۲ ماشہ

زیرہ سفید خشت کہنہ زرد شکر سفید کوٹ چھان کر شکر ملا کر ایک کفدست
ہمراہ آب شبینہ کے استعمال کریں اور بادی و ترشی سے پرہیز کریں۔

روغن بہروزہ

جو سوزاک کہنہ کے لیے مفید ہے۔ لوبان کوڑ بلیلہ کباب چینی
اصل السوس مقشر دم الاخوین دانہ ہیل خرد بہروزہ
سوائے بہروزہ کے جملہ ادویہ کوٹ کر بہروزہ میں ملا کر بدستور مقرر روغن کشید کریں
ترکیب استعمال یہ ہے کہ اول دانہ ہیل خرد بنسلوچن ست گلو پیس کر کھلائیں۔ اسکے اوپر
پانچ قطرے روغن مذکور کے شربت بزوری کا کنجی میں ملا کر پلائیں یا روغن مذکور بتاشہ
میں ڈال کر دودھ کے ہمراہ کھلائیں۔

زروق برائے سوزش بول

مغز تخم کدو شیریں مغز تخم تربز ہر دو بقدر حاجت شیر خر
میں پیس کر سوراخ ذکر میں بطور پچکاری کے پہونچائیں۔

زروق سوزاک

منقی و مدمل زخم مجرائے بول۔ گل ارمنی کتھ سفید
دم الاخوین انزروت نیلا تھوتھا شادنج مغسول
کندر افیون پھٹکری سفیدہ کاشغری کافور زبان سگ سب دوائیں باریک
مثل سرمہ کے پیس کر رکھیں پھر قدرے اس میں سے پانی میں حل کر کے بدستور مقرر
دن میں تین چار مرتبہ پچکاری لیں اور سوزش پیشاب کے لیے بھنگ کو پانی میں
جوش دیکر مٹی کے نئے لوٹہ میں ڈال کر اس میں پیشاب کرنا مفید ہے۔

زروق سوزاک

جو جلیل الاثر ہے اور کبھی خطا نہیں کرتا۔ ہڑ بہیڑہ
آملہ تین پاؤ پانی میں ایک رات دن تر کر کے
صاف کر کے بوتل میں رکھ لیں بعدہ گل ارمنی دم الاخوین انزروت سفید

رسوت سفیدہ کاشغری کتیرا نشاستہ مرداسنگ کاغذ سوختہ نیل ولایتی کافور۔ سب کو مثل سرمہ کے باریک پیسکر بقدر یک تولہ لیکر بوتل مذکور میں ڈالکر خوب مخلوط کرکے پچکاری کریں۔ اور وقت استعمال بوتل کو اچھی طرح ہلالیا کریں۔ تاکہ دوا اور پانی خوب حل ہوجائے۔

زروق سوزاک رسوت ایلوا شیر بز باہم ملاکر صبح دوپہر شام پچکاری لیں۔

دیگر جو بارہا تجربہ میں آئی ہے اور اس سے بہتر دوا کم دیکھی گئی ہے۔ رسوت کتہ سفید افیون ایک سیر پانی میں بارہ گھنٹہ بھگوکر ملکر صاف کرکے کافور سپکور پھٹکری بریاں نیلا تھوتھہ بریان سب کو باریک پیسکر پانی مذکور میں ملاکر ہر روز تین چار بار پچکاری لیں۔

دیگر گل ارمنی افیون خالص نیلا تھوتھہ سفیدہ کاشغری باریک پیسکر شیر دختران یا پانی میں حل کرکے دن میں چار مرتبہ پچکاری لیں۔

دیگر جو سوزاک کے لیے مجرب ہے۔ ہر مرتبہ بعد فراغت پیشاب کے پچکاری کا استعمال کریں اس سے ایک روز میں فائدہ ہوجاتا ہے ورنہ تین چار روز استعمال کرنا چاہئے۔ سفیدہ کاشغری کتہ سفید پھٹکری خام نیلا تھوتھہ تالمکھانا سوائے تال مکھانے کے سب کو پیسکر تال مکھانا مسلم ملاکر رکھ لیں پھر اسکو کھٹے دہی میں ملاکر پانی اس کا ٹپکاکر پچکاری لیں۔

سفوف برائے سنگ گردہ و مثانہ حجر الیہود سنگ سرماہی نمک ترب جوکھار بادیان نخود سیاہ خارخسک خرد مغز تخم خربزہ

مغز تخم خیارین بادام مقشر شیرین نبات سفید کوٹ چھان کر سفوف بنائیں
وقت حاجت چھ ماشہ ہمراہ عرق خارخسک استعمال کریں۔

سفوف بقیت حصات جو پتھری کو توڑتا ہے۔ نانخواہ تخم کرفس
تخم جرجیر باریک پیسکر ہر روز سات ماشہ
ہمراہ آب خالص استعمال کریں

سفوف برائے حرقت بول جو پیشاب کی پرانی جلن اور سوزاک کیلئے
مفید ہے اور تقطیر البول اور سلس البول
اور درو منی کے لئے مفید ہے۔ صاحب تحفہ کا قول ہے کہ امراض مذکورہ میں
چند بار تجربہ کیا گیا ہے بہت موثر ہوا ہے۔ بلوط گل ارمنی کشنیز خشک
صمغ عربی کندر تخم حماض کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔ خوراک ۹ ماشہ
ہمراہ آب سرد استعمال کریں۔

سفوف برائے احتباس بول جو پیشاب بند ہو جانے میں مفید ہے شورہ قلمی
خردل باریک پیسکر نہار منہ کھائیں۔

سفوف ماسک البول جو کثرت پیشاب و سلس البول بے سوزش
و بول فی الفراش کے لیئے نافع ہے گلنار فارسی
گز مازج کشنیز خشک بریان صمغ عربی گل ارمنی کندر جفت بلوط
کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔ خوراک ساڑھے دس ماشہ۔ ہمراہ آب خالص
استعمال کریں۔

سفوف برائے تقویت گردہ گوندببول کتیرا طباشیر گل ارمنی گل قبرسی

گُل مختوم صندل سفید گلنار فارسی اقاقیا بسد احمر رب السوس گلسرخ
شادنج عدسی مغسول تخم خرفہ مقشر خارخسک خرد ست گلو ست سلاجیت
قلعی کشتہ مروارید نشاستہ مغز تخم کدو شیریں مغز بادام مغز فندق
مغز چلغوزہ موچرس تخم خشخاش مغز تخم خیارین کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔
خوراک چھ ماشہ سے ایک تولہ تک۔

سفوف صندل والہ

ذیابطیس کے لیے مفید ہے۔ صندل سفید نشاستہ
کتیرا تخم کاہو مقشر تخم خرفہ صمغ عربی گل ارمنی
گلنار سماق جفت بلوط کوٹ چھان کر نو ماشہ ہمراہ عرق مناسب استعمال کریں۔
دوسرے نسخہ میں کتیرا اور تخم خرفہ کا وزن سوا پانچ پانچ ماشہ ہے۔

سفوف برائے قروح کلیہ

حب صنوبر مقشر تخم کتان تخم کاکنج مغز تخم خربزہ
مغز تخم خیارین مغز تخم کدو شیریں تخم خشخاش سیاہ
صمغ عربی مغز بادام شیریں کتیرا نشاستہ تخم خرفہ مقشر تخم خبازی تخم خطمی
لک مغسول ریوند چینی گل ارمنی رب السوس کوٹ چھان کر اسپغول مسلم ملا کر
سفوف بنائیں۔ خوراک ساڑھے سترہ ماشہ ہمراہ آبجوش شکر سے شیریں کر کے استعمال کریں۔

سفوف برائے جرب کلیہ

جو بعد استفراغ کے مفید ہے۔ رب السوس نشاستہ صمغ عربی
کتیرا تخم خشخاش سفید بزرالبنج سفید مغز تخم خیارین
مغز خربزہ تخم خرفہ کوٹ چھان کر بزرقطونا اضافہ کر کے سفوف بنائیں۔ خوراک ۱۰ ماشہ۔

سفوف مامیران

جو سوزاک کے لیے بہت مفید ہے۔ طباشیر گندھک زرد
مغز تخم خیارین تخم خرفہ صمغ عربی کتیرا مامیران چینی

گلنار فارسی زرشک بیدانہ افیون زراوند مدحرج کنجد سفید شکر سفید کوٹ چھان کر
۹ ماشہ ۱ ماشہ ۱ ماشہ ۱ ماشہ ۹ ماشہ ۱۳ ماشہ ہموزن
سفوف بنائیں۔

سفوف بارزد سوزاک کہنہ کے لئے مجرب ہے۔ بہروزہ گلو خشک
۳ تولہ ۱ تولہ
اصل السوس مقشر ہر دو کو پیسکر بہروزہ ملاکر ایک برتن میں
۲ تولہ
کہ نصف پانی سے پُر ہو معلق لٹکا کر بطریق مشہور ٹپکالیں اسکو ست بہروزہ کہتے ہیں
پھر اس میں سے ایک تولہ لیکر ہمراہ طباشیر سنگجراحت دانہ ہیل خار خسک خرد
۱ تولہ ۱ تولہ ۶ ماشہ ۲ تولہ
کوٹ چھان کر سفوف بنائیں خوراک ۴ ماشہ سے ۷ ماشہ تک۔ ہمراہ شربت بزوری
۲ تولہ

سفوف برائے سوزاک سوزاک اور سیلان ریم کے لئے مجرب ہے۔
شورہ قلمی دانہ الائچی کلاں باریک پیسکر چھ حصہ
۱۲ ماشہ ۱ تولہ
کریں اور تین روز تک ایک ایک حصہ صبح شام پانی کے ہمراہ کھلائیں بعدہ
تین روز تک ساٹھی کے چاولوں کے پانی کے ہمراہ کھلائیں۔ اور غذا درمیان استعمال
دوا اور بعد دوا دو تین روز تک بے نمک اور بلا شیرینی کھلائیں۔

دیگر دارچینی گوند ببول کوٹ چھان کر سات پوڑی بنائیں روزانہ ایک
پوڑی بکری کے دودھ کے ہمراہ کھلائیں۔

دیگر از ٹاٹ شاہ صاحب مرحوم۔ کاکنج فطراسالیون حجر الیہود
۴ تولہ ۳ تولہ ۴ تولہ ۴ تولہ
زیرہ سفید دم الاخوین طباشیر خار خسک خرد سنگجراحت
۳ تولہ ۱ تولہ ۳ تولہ ۷ تولہ ۲ تولہ
الائچی سفید قلمی کشتہ نبات سفید کوٹ چھان کر سفوف بنائیں روزانہ
۱ تولہ ۱ تولہ ۵ تولہ ۲ تولہ
چھ ماشہ لیکر دودھ یا پانی کے ہمراہ کھلائیں۔

دیگر شورہ قلمی میدہ لکڑی زیرہ سفید کباب چینی پوست درخت فالسہ
۱ تولہ ۱ تولہ ۱ تولہ ۱ تولہ ۱ تولہ

نبات سفید کوٹ چھان کر سفوف بنا کر سات ماشہ ہمراہ شربت نبات سفید استعمال کریں۔

دیگر جو سوزاک قدیم و جدید کے لیئے مجرب ہے۔ دانہ الائچی کلان تخم قلمی رال سفید طباشیر کوٹ چھان کر شکر سفید ہموزن ملا کر سفوف بنائیں خوراک ۹ ماشہ ہمراہ شیر گاؤ تازہ کھلائیں۔

دیگر جو قرحہ سوزاک کے لیے معمول و مجرب ہے اور ہرگز خطا نہیں کرتا طباشیر دانہ ہیل خرد ست گلو کباب چینی ست سلاجیت ست بہروزہ قلعی کشتہ کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔ روزانہ تین ماشہ ہمراہ شیرہ تخم خیارین استعمال کریں۔

دیگر ست بہروزہ گل ارمنی شاخ گوزن سوختہ طباشیر دانہ الائچی خرد کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔

دیگر چوب چینی مدبر طباشیر دانہ ہیل خرد کندش یعنی نکچھکنی کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔ اور دو دو ماشہ صبح شام ہمراہ شیر گاؤ یا آب سرد کھلائیں

سفوف برائے سوزاک جو ابتدائے سوزاک میں مستعمل ہے اور سوزش دور کرتا ہے تخم کتان بریان صمغ عربی کتیرا کباب چینی ست بہروزہ دانہ ہیل کلان شب یمانی بریاں بزرالبنج کندر سوڈا نبات سفید کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔

سفوف ثعلب جو سوزاک کہنہ اور جریان منی اور تقویت مثانہ کے لیئے مجرب ہے۔ مروارید ناسفتہ یا صدف مروارید طباشیر

حجر الیہود ۲ تولہ گل ارمنی ۲ تولہ کتیرا ۳ تولہ صمغ عربی ۳ تولہ خارخسک ۲ تولہ تخم کاسنی ۳ تولہ گل نوفل ۳ تولہ مغز تخم خربزہ ۳ تولہ مغز تخم خیارین ۳ تولہ گل خطمی ۳ تولہ گل نیلوفر ۳ تولہ ثعلب مصری ہموزن ادویہ نبات سفید نصف وزن ادویہ کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔ خوراک چھ ماشہ۔

سفوف برائے ذیابیطس

صمغ عربی ۹ گل ارمنی ۹ گلنار ۲ گردسماق ۲ نشاستہ ۴ کتیرا ۴ تخم کاہو ۴ تخم خرفہ ۴ صندل سفید ۴ کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔ خوراک ساڑھی چار ماشہ۔

سفوف پارہ والا

جو ذیابیطس کیلئے مجرب ہے۔ پارہ گجراتی نیلگون یا سیماب طباشیر کبود قلعی دانہ الائچی ۱ تولہ سرخ ۱ تولہ یشب سبز ۱ تولہ۔ اول سیماب کو قلعی کے ساتھ منعقد کریں بعدہ تمام ادویہ کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔ پارہ گجراتی کو اس طور سے ٹھیکری میں شگفتہ کریں کہ آبلہ نہ ٹوٹے اور اگر آبلہ ٹوٹ جاوے تو پارہ کارآمد نہیں ہوسکتی دوسری تیار کرنا چاہئے۔ یہ سفوف چھاچھ یا دہی کے پانی کے ہمراہ استعمال کیا جاتا ہے ترکیب استعمال یہ ہے کہ ایک ماشہ سے شروع کرکے ایک ایک رتی روزانہ اضافہ کرکے تین ماشہ تک پہونچائیں۔

سفوف قلعی کشتہ برائے ذیابیطس

قلعی کشتہ ۲ مروارید ناسفتہ ۲ مرجان ۲ صدف مروارید ۲ اصل السوس مقشر ۲ برگ جامن ۲ صمغ عربی ۲ کتیرا ۲ طباشیر ۲ کشنیز خشک ۲ گل گاؤزبان ۲ تخم خرفہ ۲ تخم خشخاش ۲ صندل سفید ۲ گلنار فارسی ۲ گل ارمنی ۲ مغز چلغوزہ ۲ موصلی سیاہ ۲ تخم سرداری ۲ کافور ۲ کوٹ چھان کر سفوف بنائیں خوراک ساڑھے چار ماشہ ہمراہ

آب پیٹھہ شوی ۵ ار

دیگر پاہ سبز بریان طباشیر سفید تشب سبز دانہ الائچی کلان قلمی سیماب بموجب نسخہ بالا تیار کرکے استعمال کریں۔

سفوف پائے مرغ سوزاک کہنہ کے لیے مفید ہے۔ پائے مرغ جوان خاردار اگر اصیل کے ہوں تو بہتر ہے۔ دونوں پاؤں جلاکر

وج ترکی یعنی گھڑ بچہ کے ہمراہ پیسکر نو پوڑی بنائیں۔ ایک پوڑی صبح ایک دوپہر ایک شام ہمراہ لسی شیر گاؤ استعمال کریں اور تین روز تک غذا میں صرف دودھ چانول کھلائیں۔

سفوف برائے سوزاک پھٹکری بریاں گیرو پیسکر سفوف بنائیں۔ اسمیں سے دو ماشہ لیکر شکر خام ملاکر ہمراہ شربت بزوری معتدل استعمال کریں۔

سفوف سوزاک جو معمول و مجرب ہے۔ کندر سنگجراحت رال سفید نبات سفید کوٹ چھان کر چودہ پوڑی بنائیں۔ روزانہ ایک پوڑی کھلاکر اُسکے اوپر آدہ پاؤ دودھ اور آدہ پاؤ پانی میں ملاکر پلائیں

شربت کاکنج جو پیشاب کی سوزش دور کرتا ہے۔ کاکنج خارخسک خرد اصل السوس مقشر تخم خربزہ شکر سفید بدستور مقدر شربت تیار کریں۔

شربت فالسہ جو پیشاب کی سوزش اور سوزاک کے لیے مفید ہے۔ پوست بیخ فالسہ ایک رات دن پانی میں بھگوکر صبح

خفیف جوش دیکر ملکر صاف کرکے قند سفید ڈال کر شربت کا قوام کریں اور آخر قوام میں روغن صندل روغن کباب چینی روغن بلسان اضافہ کرکے رکھ چھوڑیں دو تولہ سے چار تولہ تک پانی میں حل کرکے پلائیں۔

ضماد برائے درد گردہ ریحی

بیخ کبر سرکہ میں پیس کر ضماد کریں اور آگ سے قدرے سینک کر خشک کریں۔

طلا پان والہ

جو درد ریحی حوالی گردہ کو مفید ہے اور اکثر قسم کے ریحی دردوں میں خاص کر جوڑوں کے درد اور پاؤں کی موچ میں مفید ہے۔

زردہ بیضہ مرغ جسقدر مطلوب ہو تانبہ کے برتن میں ڈال کر آگ پر رکھیں تھوڑی ہلدی پیسکر اس پر چھڑکیں اور تھوڑا پانی ڈال کر آگ پر پکائیں اور خوب دستہ سے ہلائیں تاکہ یکذات وگاڑھا ہوجائے پھر درد کی جگہ پر ضماد کریں اور برگ پان اس پر رکھکر کپڑا سے باندھ دیں دو تین روز میں درد برطرف ہوجائیگا۔

عرق برائے ذیابطیس

گلو سبز برگ بید سادہ برگ جامن گلنار فارسی تخم کاہو مغز تخم کدو شیریں مغز تخم پیٹھہ تخم خرفہ مغز تخم تربز تخم کاسنی گل نیلوفر برادہ صندل سفید برادہ صندل سرخ خس گجراتی آملہ خشک گزمازج رات کو پانی میں بھگو کر صبح آب کدو مشوی آب خیار مشوی دوغ بز آب برگ کاسنی مروق آب خالص اضافہ کرکے طباشیر صندل سفید نیچہ کے منہ میں باندھ کر عرق کشید کریں۔

عرق برائے ذیابطیس حار

گل نیلوفر گل گاوزبان گل سرخ سر بنفشہ تخم کاہو مقشر تخم خرفہ مغز تخم کدو شیریں

مغز تخم تربز مغز تخم پیٹھہ تخم خیارین تخم خشخاش سیاہ تخم خشخاش سفید بزر البنج گلو سبز برادہ صندل سرخ برادہ صندل سفید گلنار فارسی پوست درخت پوست اندرون درخت گونڈی پوست درخت جامن پوست درخت شاخ گولر شیر بز سیاہ ماء الرائب آب کدو مشوی آب برگ خرفہ سبز آب گرہ مار آب برگ پالک آب پیٹھہ آب نارنج آب کشنیز سبز آب لیموں سبز آب نار شیریں آب آملہ سبز اضافہ کرکے طباشیر صندل سفید نیچہ کے منہ سے باندھ کر بدستور مقرر عرق کشید کریں - خوراک پانچ تولہ

فتیلہ برائے سوزاک

روئی کی بتی بنا کر سوت کو آب برگ نیم سبز میں آلودہ کر کے خشک کریں بعدہ فتیلہ کو مرہم سفیدہ کاشغری میں لت کر کے سوراخ ذکر میں رکھیں - زخم مندمل ہو جائے گا پیشاب کے وقت بتی کو نکال کر پھر مرہم میں لت کر کے رکھیں

دیگر

صبر زرد شیر خشت زعفران پیشکر لعاب بہیدانہ میں حل کر کے باریک بتیان بنا کر رکھ لیں وقت حاجت ایک بتی کو سوراخ ذکر میں رکھیں اور جب نکل جائے تو دوسری بتی رکھ دیں اسیطرح تمام دن میں پانچ چھہ بتیاں رکھیں -

قرص برائے ذیابطیس

کافور اقاقیا صمغ عربی صندل زرد صندل سرخ گلنار فارسی کشنیز خشک بریان گلسرخ گل ارمنی طباشیر رب السوس تخم خرفہ تخم کاہو - پیسکر آب انار ترش میں گوندھکر اقراص بنائیں - خوراک ساڑھے چار ماشہ سے سات ماشہ تک - ہمراہ گلاب و آب انار ترش

دیگر جو گرم مزاج والوں کے لئے مفید ہے۔ صندل سفید جفت بلوط تخم کاہو مقشر سماق تخم خرفہ تخم خشخاش کتیرا صمغ عربی نشاستہ بریان رب السوس گل ارمنی گل سرخ اقاقیا گلنار فارسی عدس مقشر طباشیر کبود کوٹ چھان کر لعاب اسپغول میں ملا کر اقراص بنائیں خوراک ۴ ماشہ

قرص برائے سوزاک قلعی کشتہ جو خار خسک میں تیار کیا گیا ہو ست سلاجیت ست بہروزہ کتیرا صمغ عربی گل ارمنی تخم خشخاش مغز تخم تربز مغز تخم خیارین مغز تخم کدوے شیریں تخم خرفہ مغز بہدانہ کوٹ چھان کر لعاب اسپغول میں ملا کر اقراص بنائیں۔ خوراک ساڑھے چار ماشہ ہمراہ شیرہ کاکنج شیرہ خیارین نبات سفید

قرص کاکنج جو سوزاک کو مفید ہے۔ کاکنج تخم خشخاش صمغ عربی کتیرا تخم خرفہ مغز تخم خیارین تخم خطمی تخم خبازی مغز بہدانہ مغز تخم خربزہ نشاستہ مغز تخم کدو شیریں کوٹ کر پانی میں گوندھ کر اقراص بنائیں بعضے اس میں افیون ایک ماشہ بھی داخل کرتے ہیں۔ خوراک ۴ ماشہ ہمراہ بدرقہ مناسب۔

دیگر جو قروح کلیہ و مثانہ و بول الدم کے لئے نافع ہے۔ مغز تخم خیارین حب کاکنج مغز بادام مقشر رب السوس نشاستہ صمغ عربی دم الاخوین کتیرا کندر تخم کرفس افیون کوٹ چھان کر صاف پانی میں گوندھ کر اقراص بنائیں۔ خوراک ساڑھے تین ماشہ سے ساڑھے چار ماشہ تک۔

قرص لبوب جو قروح گردہ و مثانہ کے لئے مفید ہے۔ مغز فندق

مغز پستہ مغز بادام شیریں مغز تخم خیارین مغز تخم کدو شیریں مغز بہدانہ مغز تخم خربزہ مغز تخم تربز تخم خشخاش سفید مغز حب المحلب نشاستہ تخم خطمی سفید تخم خبازی رب السوس گل ارمنی مغز چلغوزہ دوقو بادیان تخم کرفس کوٹ چھان کر لعاب تخم کتان میں گوندھ کر اقراص بنائیں اور سایہ میں خشک کرکے ہر روز چار ماشہ ہمراہ بدرقہ مناسب استعمال کریں۔

دیگر بمنافع مذکورہ گل ارمنی مویز منقی مغز تخم خیارین مغز تخم خربزہ مغز تخم کدو شیریں رب السوس تخم خماض مغز چلغوزہ مغز فندق بادیان مغز پستہ مغز بادام شیریں مغز بادام تلخ حب محلب مقشر نشاستہ دوقو تخم خبازی تخم خرفہ تخم کرفس انیسون بزرالبنج کوٹ چھان کر لعاب تخم کتان میں گوندھ کر اقراص بنائیں۔ خوراک ساڑھے تین ماشہ سے سات ماشہ تک ہمراہ بدرقہ مناسب۔

قرص طین قروح مثانہ و بول الدم کے لیے نافع ہے۔ گل مختوم طباشیر کتیرا صمغ عربی تخم خرفہ مغز تخم خیارین مغز تخم خربزہ کوٹ چھان کر لعاب اسپغول میں گوندھ کر اقراص بنائیں۔ خوراک چھ ماشہ۔

قرص کہربا جو قروح مثانہ کو نافع ہے۔ عصارہ لحیۃ التیس طین مختوم بسد احمر کہربا شمعی نشاستہ فطراسالیون کاکنج تخم خیارین مغز تخم خربزہ تخم خطمی سفید تخم گندہ شتی تخم کرفس کوٹ چھان کر پانی میں گوندھ کر اقراص بنائیں۔ خوراک سات ماشہ۔

معجون برائے تقویت گردہ و مثانہ عنبر اشہب سنبل الطیب زعفران

شقاقل مصری لسان العصافیر پودینہ خشک درونج عقربی مصطگی رومی ۲/۱
طباشیر سفید تالمکھانا کباب چینی بسباسہ زنجبیل دارفلفل پوست ترنج خشک ۲/۱
زرنباد ترفلفل فوہ تخم کرفس مغاث بغدادی تخم شلغم تخم گزر تخم ہلیون تخم کونچ ۲/۱
مغز بادام مغز پستہ مغز چلغوزہ مغز حب الزلم مغز فندق مغز حب القلقل ۳/۱
مغز حب الخضرا تخم خشخاش سفید کنجد مقشر دارچینی قلمی موچرس ۳/۱
مغز نارجیل تودری سفید تودری سرخ بہمن سفید بہمن سرخ دانہ الائچی خرد ۳/۱
دانہ الائچی کلاں کشمش سبز مویز منقی خرما چوب چینی قند سفید عسل سفید ۱۶ تولہ
ترنجبین سفید بدستور مقرر معجون بنائیں۔ خوراک نو ماشہ۔

معجون قسط

مجرب حکیم وصل خاں صاحب مرحوم جو سلس البول کے لئے مفید و مجرب ہے۔ ایک شخص کو دن بھر میں تقریباً پچاس بار پیشاب آتا تھا اس معجون کی مداومت سے اُس کا مرض رفع ہوگیا۔ فلفل سیاہ زنجبیل کندر قسط شیریں سعد کوفی جفت بلوط دارفلفل ۵/۱ عسل خالص سہ چند بدستور مقرر معجون بنائیں۔ چھ چھ ماشہ صبح شام کھلائیں۔

معجون ماسک البول

ذیابیطس و بول فی الفراش و سیلان منی و ودی و مذی کے لئے کہ ان امراض کے علاج سے مایوسی ہوگئی ہو یہ معجون مفید ہوگی اور تجربہ میں آئی ہے۔ تالیف حکیم علوی خاں۔ ہلیلہ سیاہ پوست کابلی ہر دو کو روغن گاؤ میں بریاں کریں ۹/۱ کتیرہ سفید جفت بلوط کندر ثعلب مصری کہربا شمعی ۲/۱ ۴/۱ ۷/۱

تخم بھنگ ۱۸ عدد حب الاس ۱۸ عدد کوٹ چھان کر مویز منقی ۲ تولہ کوٹ کر گلاب میں پکا کر قوام کرکے ادویہ مذکورہ بالا اسمیں ملا کر معجون تیار کریں اور ہر روز سات ماشہ استعمال کریں اوپر سے شربت صندل ۳ تولہ اور گلاب ۳ تولہ میں تخم بالنگو ۷ ماشہ چھڑک کر پئیں

نسخہ برائے سوزش حبس بول

تخم کھرنی ۷ عدد قند سفید ۲ تولہ پانی میں شیرہ نکال کر پئیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ پیشاب فوراً جاری ہوگا ❖

شمسی
محمد اکرم
الدین

محمد اکرم الدین شمسی
15.8.67

مختصر فہرست کتب خانہ

یعنے مشہور و مقبول عام تصانیف

حکیم، ڈاکٹر سید عبد الحمید صاحب طبیب گورنمنٹ بھوپال

مرج البحرین

عالیجناب مسیح الملک صاحب دہلوی کی معمولات مطب، اور عالیجناب حکیم سید محمد نور الحسن صاحب مرحوم افسر الاطباء ریاست بھوپال کی تمام عمر کے مجربات اسمیں موجود ہیں۔ یہ کتاب چار مرتبہ طبع ہو چکی ہے۔ اسمیں یونانی، ڈاکٹری کے مجربات، اور چیدہ چیدہ نسخے موجود ہیں ہر مرض کی اسباب علامات اور معالجات یونانی و ڈاکٹری طریقہ سے علیحدہ علیحدہ ایسی اسلوب کیساتھ لکھے گئے ہیں جو مبتدی منتہی طبیب۔ ڈاکٹر۔ عام شائقین سب کیلئے برابر مفید اور یکساں سودمند ہیں اسکے مجرب نسخے کسی دوسری کتاب میں نہیں ملسکتے یہ ڈاکٹری و یونانی کا مجموعہ ڈاکٹروں اور طبیبوں کی تبادلہ خیالات کا بھی اچھا ذریعہ ہے، معمولات اور مجربات کا سلسلہ ایسے سہل طریقہ سے رکھا گیا ہے کہ ہر شخص اُس سے فائدہ اُٹھا سکتا ہے۔ قیمت ہر سہ حصہ علاوہ محصول مے ر

حصہ اول عہ ر، حصہ دوم عہ ر، حصہ سوم للعہ ر

طب جدید

یہ بالکل جدید طرز کا رسالہ ہے جسمیں یونانی و ڈاکٹری کی باہمی ترکیب سے نسخوں کی ترتیب دیگئی ہے اسکے ذریعہ سے ہمعصر اطباء اسیطرح فائدہ اُٹھا سکتے ہیں جسطرح پہلے اطباء نے ویدک کو اپنے یہاں لیکر اُس سے

فائدہ اُٹھایا اور وہ ادویہ اکثر ہمارے نسخوں میں آجتک موجود ہیں اور ہم اُنکو بلا تامل استعمال کرتے ہیں اسیطرح یہ رسالہ بھی اطباء کے لیے ڈاکٹری زود اثر ادویہ سے یونانی طرز پر فائدہ اٹھانے کا بہترین ذریعہ ہے۔ اس کتاب کے چھ حصے ہیں قیمت فی حصہ علاوہ محصول ۵ر

تکمیل الطب

یہ کتاب دو حصوں میں منقسم ہے حصہ اول میں کلیات یونانی و ڈاکٹری نہایت شرح و بسط سے لکھی گئی ہیں گویا تمام قانون شیخ الرئیس کے مضامین اردو سلیس عبارت میں نہایت تحقیق کیساتھ جمع کئے گئے ہیں جنکے مدنظر رکھنے سے علاج و تشخیص امراض میں کبھی غلطی نہیں ہوسکتی اور جسکے بغیر طب علمی و عملی کی تکمیل نہیں ہوسکتی حصہ دوم میں انگریزی ادویہ کا بیان ہے جسمیں انگریزی ادویہ کے اردو نام ماہیت اور صفات و مقدار خوراک و خواص و فوائد مخزن الادویہ کے طریق پر ہیں اور برٹش فارماکوپیا کی تمام مفرد اور مرکب ادویہ کا مفصل بیان درج ہے۔ ادویہ کے ذیل میں جابجا ماہرین فن کے مجربات۔ چیدہ نسخے اور مفید نوٹ ہیں اور آخر کتاب میں ضمیمہ کے طور پر فارمیسی یعنی فن دواسازی شامل ہے۔ اس کتاب کے دونوں حصوں میں ڈاکٹری اصطلاحات کے ساتھ بریکٹ میں طبی اصطلاحات بھی لکھی ہیں تاکہ اردو خواں اطبا بآسانی سمجھ سکیں۔ مذکورہ بالا صفات کے لحاظ سے اُردو میں یہ ایک ایسی ضروری اور مفید کتاب ہے جسے ہر ایک ڈاکٹر۔ حکیم۔ وید۔ کمپونڈر۔ عطار۔ اور عام شائقین کو ضرور اپنے پاس رکھنا چاہئے قیمت ہر دو حصہ علاوہ محصول چار روپیہ للعہ۔

تیر بہدف

اس کتاب میں عمدہ عمدہ بے ضرر اور آسان گشتہ جات یونانی اور ڈاکٹری تیر بہدف اکسیر الاثر نسخے جمع کئے گئے ہیں اس کتاب کے دو حصے ہیں اور ہر ایک کا حجم سو سو صفحات ہیں قیمت فی حصہ علاوہ محصول عہ ر

سارٹیفکیٹ

تقریظ عالیجناب مسیح الملک حکیم محمد اجمل خانصاحب رئیس اعظم دھلی

مین نے کتاب مرج البحرین کے حصۂ اول کو جس مین سر کے امراض سے قصبہ ریہ کے امراض تک کا بیان ہے اور جسمیں اون کے معالجات بھی ڈاکٹری اور یونانی طریقہ کے مطابق اوسکے لایق مولف حکیم سید عبد الحمید صاحب نے محنت کے ساتھ جمع کئے ہیں، جستہ جستہ دیکھا - ڈاکٹری حصہ کے متعلق میں کوئی رائے نہیں دیسکتا، لیکن یونانی حصہ کے متعلق میرا یہ خیال ہے کہ وہ عام طور پر مفید ہے، اس حصہ میں جو مجربات جمع کئے ہیں اُن میں ایک معتد بہ حصہ ہمارے خاندانی نسخون کا بھی ہے، مجھے امید ہے کہ یہ کتاب مفید ثابت ہوگی اور پبلک اسکی قدر کر کے اُس کے لائق مولف کی جانفشانی کی داد دیگی -

تقریظ جناب حکیم حاجی سید محمد نور الحسن صاحب مرحوم افسر الاطباء بھوپال

مین بہت خوش ہون کہ میرے شاگرد حکیم سید عبد الحمید صاحب نے میری ہدایت کے مطابق نہایت عرق ریزی اور جانفشانی کے ساتھ اردو سلیس عبارت میں کتاب مرج البحرین کو تالیف کر کے رفاہ عام کے لیئے چھپوایا ہے - اس کتاب کی صورت ترتیب بہت اچھی رکھی گئی ہے - ابتداے کتاب میں مولف نے مطب کے ضروری اور کار آمد اصول و قواعد جن کا یاد رکھنا طبیب کے لیئے ضروری ہے اور وہ باتین جو ایک

حاذق طبیب کے مطب میں مدتوں بیٹھنے سے حاصل ہو سکتی ہیں واضح طور پر درج کردی ہیں اسکے بعد ہر مرض کے اسباب و علامات و معالجات یونانی اور ڈاکٹری طریقہ سے علحدہ علحدہ ایسے اسلوب کے ساتھ لکھا ہے کہ دونون فریق اپنے مذاق کے خلاف اسکو نہیں پائیں گے بلکہ یہ ڈاکٹری اور طب یونانی کا مجموعہ ڈاکٹروں اور طبیبون کے تبادلۂ خیالات کا بھی بہت اچھا ذریعہ ثابت ہوگا اس کتاب میں ایک یہ بات بھی بڑی خوبی کی ہے کہ اس میں کوئی نسخہ لغو اور غیر مروج نہیں لکھا گیا بلکہ وہی نسخے لکھے گئے ہیں جو میرے اور میرے والد مرحوم حکیم سید حسن صاحب بخاری، اور میرے اساتذہ کرام حاذق الملک **حکیم محمد عبد المجید خاں** صاحب مرحوم دہلوی اور **حکیم محمد محسن** صاحب مرحوم کے معمولات مطب ہیں اور سیکڑوں مرتبہ تجربہ میں آچکے ہیں۔ نیز بعض خاص خاص مجرب نسخے جو نہایت جستجو اور تلاش سے بہت سی معتبر کتابون اور طبی رسالون اور پرانی قلمی بیاضون سے انتخاب کئے گئے تھے اُن کو معمولات کے بعد منتخبات میں لکھدیے ہیں تاکہ طبیب کو ضرورت کے وقت زیادہ جستجو نہ کرنی پڑے۔ ڈاکٹری علاج میں بھی اس امر کا بڑا لحاظ رکھا گیا ہے کہ کوئی ضروری بات فروگزاشت نہ ہو۔ پس ان وجوہ سے مرج البحرین اس قابل ہے کہ اس زمانہ کے اطبا اسکو اپنا دستور العمل بنالیں۔ اس کتاب کے ہوتے ہوئے دوسری کتاب معالجات میں مدد لینے کی ضرورت نہیں رہتی۔ میں امید کرتا ہوں کہ یہ کتاب مفید عام ثابت ہوکر بہت جلد مقبول ہوگی اور اس فن کی دیگر کتابوں سے سبقت لیجائے گی ؎

تقریظ جناب شفاء الملک حکیم رضی الدین احمد خاں صاحب مرحوم انصاری رئیس دھلی

میں نے کتاب مرج البحرین جسکا دوسرا نام "یادگار آصفیہ" ہے دیکھا مجھے تاسف ہے کہ بوجہ ہجوم کار میں اس کتاب کو بالاستیعاب دیکھکر رائے نہ لکھ سکا، تاہم سرسری طور پر جسقدر میں نے اسکو پڑھا اس سے مجھے اس کی نسبت رائے دینی کی گنجائش ملی ہے۔

یہ کتاب ڈاکٹر حکیم سید عبدالحمید صاحب بھوپالی کی تالیف ہے اور تین حصوں پر مشتمل ہے۔ اس میں طب قدیم اور طب جدید کے مُسلّمہ اصول کے موافق امراض اور اُن کے اسباب وعلامات کی تفسیر کر کے باقاعدہ و بااصولی معالجات لکھے گئے ہیں اور اُن نسخوں کو شامل علاج کیا گیا ہے جو حذاق اطباء کے معمولات ومجربات ہیں۔ علاج کا سلسلہ نہایت سلیقہ مندی سے مکمل کیا گیا ہے اور تمام امور کو پیش نظر رکھ کر ایسے سہل طریقہ سے اس کا انکشاف ہوا ہے کہ ہر شخص اُس سے فائدہ اُٹھا سکتا ہے۔ سب سے زیادہ قابل قدر یہ بات ہے کہ دو فنوں کے بیان میں ایسی سلاست سے کام لیا ہے کہ جو فی زمنا ملکی مذاق کے مطابق ہے اور اس سے کہا جا سکتا ہے کہ یہ تالیف ایک مقبول اضافہ ذخیرہ طب کی کتب میں ہے میں سمجھتا ہوں کہ یہ تالیف اپنی مجموعی خوبیوں کی وجہ سے ملک میں نہ صرف پسندیدہ نظروں ہی سے دیکھی جائیگی بلکہ مفید ثابت ہوگی۔

سرٹفکیٹ قرابادین حمیدیہ

منجانب جناب مولانا حکیم محمد عبدالقادر صاحب شاہجہانپوری

افسرالاطباء گورنمنٹ بھوپال

میں نے "قرابادین حمیدیہ" جسکو حکیم ڈاکٹر حافظ سید عبدالحمید صاحب مصنف مرج البحرین وغیرہ نے تالیف کی ہے، دیکھا، اس کتاب میں مولف نے نہایت عرق ریزی کی ہے۔ یہ کل قرابادینوں کا جو اس وقت تک طبع ہو چکی ہیں بہترین مجموعہ ہے۔

اس میں سر سے پاؤں تک امراض کے صدہا مجرب نسخے لکھے ہیں ان میں معتدبہ حصہ مسیح الملک جناب حکیم حافظ محمد اجمل خاں صاحب دہلوی کے خاندانی نسخوں کا بھی ہے۔ اس میں وہ نسخے بھی درج ہیں جو سینہ بسینہ چلے آرہے تھے۔ اور وہ نسخے بھی درج ہیں جو نہایت معتبر کتابوں سے انتخاب کئے گئے تھے اور جسقدر نسخے حکیم سید محمد نورالحسن صاحب مرحوم سابق افسرالاطباء ریاست نے اپنی تمام عمر میں ایک مطب کی صورت میں جمع کئے تھے وہ تمام نسخے بھی درج کئے گئے ہیں اسلئے میرے نزدیک یہ قرابادین دوسری تمام قرابادینوں سے بہتر اور مفید ہے اور امید ہے کہ جسطرح مولف کی دوسری تصانیف مقبول ہوئیں اُن سے بڑھ کر دیسی اطباء اور شائقین کیلئے یہ کتاب بھی مفید ثابت ہوگی اور پبلک مولف کی اس محنت و جانفشانی کی داد دیگی فقط۔

عزّ اسمہٗ سبحانہ

خاندان کے فخر کا خیال تو عہد جاہلیت کی رسم ہے۔ اسلام نے اس خیال کو قائم فرمایا ہے "ان اکرمکم عند اللہ اتقاکم" دنیا میں ہم دیکھ رہے ہیں کہ عمل کا فرشتہ کتنے بڑوں کو چھوٹا اور چھوٹوں کو بڑا بنا رہا ہے۔

بلال حبشی و صہیب رومی کی اس سے بڑھ کر کیا حقیقت قابل بیان ہو سکتی ہے، کہ وہ مسلمان تھے لیکن اخلاص عمل کی غیر معمولی شرافت اسقدر زیادہ ہے کہ عالم اسلام نے اُن کی اعلےٰ شرافت کا اعتراف کیا ہے "لیس لاحد فضل علی احد الا بالدین والتقویٰ والناس کلھم بنو آدم و آدم من تراب"

تاہم حسب و نسب کا تحفظ شعار اسلام رہا اور شریف و رذیل کا فرق ہر قوم و طبقہ نے تسلیم کیا ہے۔ مجھے صرف یہ خیال تھا کہ میں اپنے نسب کی تحقیق کرتے ہوئے نسب نامہ شائع کردوں تاکہ نسب کے ساتھ ساتھ اس کی حفاظت بھی رہے۔

انتساب واقعی غرور نسب و خاندان نہیں ہے بلکہ اظہار حال ہے۔ الحمد للہ کہ سعادت کبرےٰ و نعمت عظمےٰ یہ ہے کہ ناچیز سید زادہ ہے اور اہل بیت کرام علیہم السلام سے انتساب خاندانی پیش کرتے ہوئے اس کا داعی ہے کہ فیوض و انوار و توفیق اتباع حضرت سرور اکرم صلے اللہ علیہ وسلم و اہل بیت کرام علیہ الصلوٰۃ والسلام کے شرف خاص سے باری تعالےٰ ممتاز فرمائے۔

عبد الحمید

NAME
Md. Ehramuddin Shams,
PATNA-4.

نسب نامہ حکیم ڈاکٹر حافظ سید عبد الحمید طبیب گورنمنٹ ریاست بھوپال مصنف مرج البحرین وتکمیل الطب وتیر بہدف وطب جدید وقرابادین حمیدیہ

سیّد عبد الحمید ابن حافظ سیّد محمد[1] ملقب بہ حافظ سورتی مرحوم سابق مہتمم وظائف (اوستاد جناب نواب سلطان جہاں بیگم صاحبہ دالیہ عالیہ ریاست بھوپال) ابن حافظ سیّد رحمت اللہ ابن حافظ سیّد عبد اللطیف ابن حافظ سیّد فقیر اللہ ابن سیّد محمد کاظم ابن سیّد ابراہیم ابن سیّد عبد الکریم[2] ابن سیّد قادر علی ابن سیّد رکن الدین یوسف ابن حسام الملۃ والدین سیّد درویش ابن سیّد نہنا میاں ابن سیّد حسن ابن سیّد نظام الدین سلیمان ابن سیّد ابو الفتح اسحٰق ابن سیّد ابو محمد عبد اللہ ابن سیّد علاء الدین آدم ابن سیّد ابراہیم ابن سیّد قطب الدین موسیٰ ابن سیّد ہاشم ابن سیّد غیاث الدین قاسم ابن سیّد صالح ابن سیّد فتح اللہ ابن سیّد نصر اللہ ابن سیّد داؤد ابن سیّد صدیق ابن سیّدنا القطب ابو محمد عبد الخالق ابن سیّدنا الامام ومرشدنا الانام شیخ الانس والجن سلطان الاولیاء السبحانی محی الدین سیّد عبد القادر جیلانی الحسنی والحسینی قدس اللہ سرہٗ ابن سیّد ابو صالح موسیٰ جنگی دوست ابن سیّد عبد اللہ ابن سیّد یحیٰی الزاہد ابن سیّد محمد ابن سیّد داؤد الامین ابن سیّد موسیٰ الامم ابن سیّد عبد اللہ ثانی ابن سیّد موسیٰ الجون ابن سیّد عبد اللہ المحض ابن سیّد حسن المثنیٰ ابن سیّدنا الامام السبط سیدنا حسن المسموم رضی اللہ تعالےٰ عنہ ابن علی مرتضیٰ اسد اللہ ابن ابو طالب الہاشمی اسد ثانی رضی اللہ علیہم اجمعین۔

[1] ناچیز کے والد حافظ سیّد محمد صاحب مرحوم کے بڑے بھائی سید احمد اللہ صاحب مرحوم تھے اُن کے صاحبزادے قاضی سیّد رحمت اللہ صاحب مرحوم سابق پرنسپل مدرسہ اشرفیہ راندیر ضلع سورت تھے جن کے تین صاحبزادے بالفعل زندہ ہیں سیّد عبد اللطیف سیّد عبد الخالق۔ سیّد عبد الحق۔

[2] سیّد عبد الکریم صاحب کے دوسرے صاحبزادے سیّد درویش آزاد تھے اُن کے صاحبزادے سیّد محمد شاہ صاحب اُن کے صاحبزادے سیّد میر شرف الدین صاحب اُن کے صاحبزادے سیّد عظیم الدین شاہ صاحب اُن کے صاحبزادے پیر سیّد فضل شاہ صاحب قاضی ضلع میانوالی پنجاب میں سکونت پذیر ہیں اُنکے پانچ صاحبزادے موجود ہیں سیّد قطب عالم شاہ۔ حافظ حکیم سیّد شاہ عالم۔ سیّد سراج الدین شاہ سیّد محمد غوث شاہ۔ سیّد محمد شاہ۔

شجرۂ خاندان حافظ سید محمد صاحب سورتی [illegible] حیات ہیں